آپ ان دونوں سے محبت کرتے ہیں؟ آپ نے فرمایا: میں ان دونوں سے محبت کیوں نہ کروں! یہ دونوں میرے دنیا کے پھول ہیں' میں ان کو سونگھتا ہوں (یا دوسرا معنی ہے: میں ان سے راحت پاتا ہوں)۔

## اَبُو صِرْمَةَ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ رَحِمَهُ اللّٰهُ

## حضرت ابوصرمہ' حضرت ابوایوب سے روایت کرتے ہیں

3893 - حَدَّثَنَا مُطَّلِبُ بْنُ شُعَيْبٍ الْاَزْدِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ قَيْسٍ قَاصُّ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ كَعْبٍ الْقُرَظِيِّ، عَنْ اَبِي صِرْمَةَ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَوْلَا اَنَّكُمْ تُذْنِبُونَ، لَخَلَقَ اللّٰهُ خَلْقًا يُذْنِبُونَ يَغْفِرُ لَهُمْ

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: اگر تم گناہ نہیں کرو گے تو اللہ عزوجل ایسی مخلوق کو لائے گا جو گناہ کریں گے (اور اللہ عزوجل سے بخشش مانگیں گے تو) اللہ عزوجل ان کو معاف کرے گا۔

## مُحَمَّدُ بْنُ كَعْبٍ الْقُرَظِيُّ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ

## حضرت محمد بن کعب القرظی' حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

3894 - حَدَّثَنَا مُصْعَبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں



---

3893- أخرجه مسلم في صحيحه جلد4صفحه2105' رقم الحديث: 2748 عن أبي صرمة عن أبي أيوب به .

حَمْزَةَ الزُّبَيْرِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، حَدَّثَنِي عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ عُمَرَ مَوْلَى غُفْرَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ كَعْبِ الْقُرَظِيِّ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْ لَمْ تُذْنِبُوا لَجَاءَ اللّٰهُ بِقَوْمٍ يُذْنِبُونَ وَيَغْفِرُ لَهُمْ

نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: اگر تم گناہ نہیں کرو گے تو اللہ عزوجل ایسی مخلوق کو لائے گا جو گناہ کریں گے (اور اللہ عزوجل سے بخشش مانگیں گے تو) اللہ عزوجل ان کو معاف کرے گا۔

3895 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْخَلَّالُ الْمَكِّيُّ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ حُمَيْدٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ، عَنِ ابْنِ اَبِي ذِئْبٍ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ عَيَّاشٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ كَعْبِ الْقُرَظِيِّ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ، اَنَّهُ كَانَ خَالَفَ مَرْوَانَ بْنَ الْحَكَمِ فِي صَلَاتِهِ، فَقَالَ لَهُ مَرْوَانُ: مَا يَحْمِلُكَ عَلَى هَذَا؟ فَقَالَ: اِنِّي رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي صَلَاةً اِنْ وَافَقْتَهُ وَافَقْتُكَ، وَاِنْ خَالَفْتَهُ صَلَّيْتُ وانقَلَبْتُ اِلَى اَهْلِي

حضرت محمد بن کعب القرظی سے روایت ہے کہ حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ مروان بن حکم کی نماز کے متعلق مخالفت کرتے تھے' مروان نے آپ سے کہا: آپ ایسا کیوں کرتے ہیں؟ حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو نماز پڑھتے ہوئے دیکھا' اگر تو آپ کے نقش قدم سے ملے گا تو میں تیری موافقت کروں گا' اگر تو مخالفت کرے گا تو میں اپنی نماز پڑھوں گا اور اپنے گھر چلا جاؤں گا۔

## عَاصِمُ بْنُ سُفْيَانَ الثَّقَفِيُّ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ

## حضرت عاصم بن سفیان ثقفی' حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

3896 - حَدَّثَنَا مُطَّلِبُ بْنُ شُعَيْبٍ الْاَزْدِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ، ثنا لَيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ اَبِي

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جس نے ایسے وضو کیا جس طرح حکم دیا گیا ہے اور ایسے ہی نماز پڑھی جس طرح کہ حکم دیا گیا ہے تو اس کے پہلے گناہ



3895- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد2صفحه68 وقال: رواه الطبراني في الكبير ورجاله ثقات .

3896- أورده الدارمي في سننه جلد1صفحه197' رقم الحديث: 717 عن عاصم بن سفيان عن أبي أيوب به .

الزُّبَيْرِ، عَنْ سُفْيَانَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ سُفْيَانَ، عَنْ اَبِی اَیُّوبَ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ تَوَضَّاَ كَمَا اُمِرَ وَصَلَّى كَمَا اُمِرَ غُفِرَ لَهُ مَا قَدَّمَ مِنْ عَمَلٍ اَكَذَلِكَ يَا عُقْبَةُ بْنُ عَامِرٍ؟ قَالَ: نَعَمْ

معاف کیے جائیں گے' اے علقمہ بن عامر! کیا ایسے ہی ہے؟ حضرت علقمہ نے عرض کی: جی ہاں!

**3897** - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْاَسْفَاطِیُّ، ثنا اَبُو ثَابِتٍ مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ الْمَدِينِیُّ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ اِبْرَاهِيمَ بْنِ اِسْمَاعِيلَ، عَنْ اَبِی الزُّبَيْرِ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ سُفْيَانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الثَّقَفِيِّ الطَّائِفِيِّ، عَنْ اَبِی اَیُّوبَ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ تَوَضَّاَ كَمَا اُمِرَ وَصَلَّى كَمَا اُمِرَ غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذُنُوبِهِ، اَكَذَلِكَ يَا عُقْبَةُ بْنُ عَامِرٍ؟ قَالَ: نَعَمْ

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: جس نے ایسے وضو کیا جس طرح حکم دیا گیا ہے اور ایسے ہی نماز پڑھی جس طرح کہ حکم دیا گیا ہے تو اس کے پہلے گناہ معاف کیے جائیں گے' اے علقمہ بن عامر! کیا ایسے ہی ہے؟ حضرت علقمہ نے عرض کی: جی ہاں!

## سُفْيَانُ بْنُ وَهْبٍ الْخَوْلَانِیُّ لَهُ صُحْبَةٌ، عَنْ اَبِی اَیُّوبَ

## حضرت سفیان بن وہب خولانی' حضرت ابوایوب سے روایت کرتے ہیں' حضرت سفیان کو صحابی ہونے کا شرف حاصل ہے



**3898** - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، ثنا اَصْبَغُ، ح وَحَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ، قَالَا: ثنا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِی عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ بَكْرِ بْنِ سَوَادَةَ، اَنَّ

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہمارے لیے کھانا بھیجا اس کھانے میں لہسن یا پیاز تھا' اس کھانے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی انگلیوں کے نشانات نہ تھے' تو میں نے کھانے سے

سُفْيَانَ بْنَ وَهْبٍ حَدَّثَهُ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَرْسَلَ اِلَيْهِ بِطَعَامٍ مَعَ خَضِرَةٍ فِيهِ بَصَلٌ اَوْ كُرَّاثٌ لَمْ يَرَ فِيهِ اَثَرَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَبَى اَنْ يَاْكُلَهُ، فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا مَنَعَكَ اَنْ تَاْكُلَ؟ قَالَ: لَمْ اَرَ فِيهِ اَثَرَكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَسْتَحْيِي مِنْ مَلَائِكَةِ اللّٰهِ وَلَيْسَ بِمُحَرَّمٍ

انکار کر دیا۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تمہیں کھانے سے کیا رکاوٹ ہے؟ میں نے عرض کی: میں نے اس میں آپ کی انگلیوں کے نشانات نہیں دیکھے' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں اللہ کے فرشتوں سے حیا کرتا ہوں' یہ حرام نہیں۔

حَدَّثَنَا ابْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: ثنا عَبْدُ الْاَعْلَى، عَنْ سَعِيدٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، قَالَ: لِلرَّجُلِ مِنَ امْرَاَتِهِ كُلُّ شَيْءٍ مَا خَلَا الْفَرْجَ- يَعْنِي وَهِيَ حَائِضٌ- قَالَ: يَبِيتَانِ فِي لِحَافٍ وَاحِدٍ، يَعْنِي الْحَائِضَ اِذَا كَانَ عَلَى الْفَرْجِ ثَوْبٌ

حضرت حسن فرماتے ہیں: ایک آدمی کے لیے جائز ہے' اس کی عورت سے سوائے اس کی فرج کے' یعنی اس حال میں کہ وہ حیض والی ہو' فرمایا: وہ دونوں ایک ہی بستر میں لیٹ کر رات گزار سکتے ہیں۔ مراد یہ ہے کہ عورت حیض والی ہو اور اس نے اپنے فرج پر کوئی کپڑا ڈالا ہوا ہو۔

## يَعْقُوبُ بْنُ عَفِيفِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ

## حضرت یعقوب بن عفیف بن مسیّب' حضرت ابوایوب سے روایت کرتے ہیں

3899 - حَدَّثَنَا مُطَّلِبُ بْنُ شُعَيْبٍ الْاَزْدِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَيُّوبَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ بُكَيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْاَشَجِّ، عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ عَفِيفِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، اَنَّهُ سَاَلَ اَبَا اَيُّوبَ صَاحِبَ

حضرت یعقوب بن عفیف بن میّب سے روایت ہے کہ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صحابی حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ سے پوچھا کہ آدمی اپنے گھر میں نماز پڑھ لے پھر مسجد میں آئے اور لوگوں کو نماز پڑھتا ہوا پائے تو کیا لوگوں کے ساتھ نماز دوبارہ پڑھے

رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَرَضِيَ عَنْهُ، عَنِ الرَّجُلِ يُصَلِّي فِي بَيْتِهِ، ثُمَّ يَأْتِي الْمَسْجِدَ فَيُدْرِكُ تِلْكَ الصَّلَاةَ أَيُعِيدُهَا مَعَ النَّاسِ أَمْ لَا؟، قَدْ سَأَلْنَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ ذٰلِكَ، فَقَالَ: نَعَمْ يُعِيدُهَا ذٰلِكَ لَهُ سَهْمُ جَمْعٍ

گا یا نہیں؟ حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ہم نے رسول اللہ ﷺ سے اس کے متعلق پوچھا تھا تو آپ ﷺ نے فرمایا تھا: ہاں! لوٹائے گا' یہ اس کو دُگنا ثواب ملے گا۔

**3900** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ، ثنا ابْنُ وَهْبٍ، أَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ بُكَيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْأَشَجِّ، أَنَّهُ سَمِعَ عَفِيفَ بْنَ عُمَرَ بْنِ الْمُسَيَّبِ، يَقُولُ: حَدَّثَنِي رَجُلٌ، مِنْ أَسَدِ خُزَيْمَةَ، أَنَّهُ سَأَلَ أَبَا أَيُّوبَ الْأَنْصَارِيَّ، قَالَ: أُصَلِّي فِي مَنْزِلِي الصَّلَاةَ ثُمَّ آتِي الْمَسْجِدَ، فَتُقَامُ الصَّلَاةُ فَأُصَلِّي مَعَهُمْ فَأَجِدُ فِي نَفْسِي مِنْ ذٰلِكَ شَيْئًا، فَقَالَ أَبُو أَيُّوبَ: سَأَلْنَا عَنْ ذٰلِكَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: بِذٰلِكَ لَهُ سَهْمُ جَمْعٍ . قَالَ أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ: قَالَ ابْنُ وَهْبٍ عَفِيفُ بْنُ عُمَرَ: وَالصَّوَابُ عَفِيفُ بْنُ عَمْرٍو، قَدْ رَوَى مَالِكٌ عَنْ عَفِيفٍ هٰذَا الْحَدِيثَ . فَقَالَ عَفِيفُ بْنُ عَمْرٍو، لَمْ يَرْفَعْهُ مَالِكٌ

حضرت بکیر بن عبداللہ بن اشج سے روایت ہے کہ اُنہوں نے حضرت عفیف بن عمر بن میتب سے سنا' وہ فرما رہے تھے کہ بنواسد خزیمہ کے ایک آدمی نے ان سے حدیث بیان کی کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کے صحابی حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ سے پوچھا کہ میں اپنے گھر میں نماز پڑھ لوں پھر مسجد میں آؤں اور لوگوں کو نماز پڑھتا ہوا پاؤں تو کیا لوگوں کے ساتھ نماز دوبارہ پڑھوں گا یا نہیں؟ مجھے اس میں کچھ شک ہے۔ حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ہم نے رسول اللہ ﷺ سے اس کے متعلق پوچھا تھا تو آپ ﷺ نے فرمایا تھا: ہاں! لوٹائے گا' یہ اس کو دُگنا ثواب ملے گا۔ امام احمد بن صالح فرماتے ہیں: ابن وہب عفیف بن عمر کہتے ہیں: درست عفیف بن عمر ہے۔ مالک نے یہ حدیث عفیف سے روایت کی ہے۔ عفیف بن عمرو نے فرمایا: یہ حدیث مرفوع نہیں ہے۔

## الْمُطَّلِبُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ

## حضرت مطلب بن عبداللہ بن

**3900**- أورد نحوه مالك في الموطأ جلد **1** صفحه **133**' رقم الحديث: **299** عن عفيف عن رجل من بني أسد عن أبي أيوب به .

## بْنِ حَنْطَبِ، عَنْ أَبِي أَيُّوبَ

3901 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ الْمِصْرِيُّ، ثنا سُفْيَانُ بْنُ بِشْرٍ، ثنا حَاتِمُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، عَنْ كَثِيرِ بْنِ زَيْدٍ، عَنِ الْمُطَّلِبِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ أَبُو أَيُّوبَ لِمَرْوَانَ بْنِ الْحَكَمِ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَبْكُوا عَلَى الدِّينِ إِذَا وَلِيَتْهُ أَهْلُهُ وَلَكِنِ ابْكُوا عَلَيْهِ إِذَا وَلِيَتْهُ غَيْرُ أَهْلِهِ

## حنطب' حضرت ابوایوب سے روایت کرتے ہیں

حضرت مطلب بن عبداللہ فرماتے ہیں: حضرت ابوایوب نے مروان بن حکم سے فرمایا تھا۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: دین پر مت رونا جب تک اہل لوگ اس کے والی ہوں' لیکن اس وقت (دین پر) ضرور رونا جب غیر اہل اس کے والی بن جائیں۔

## أَبُو إِسْحَاقَ مَوْلَى بَنِي هَاشِمٍ، عَنْ أَبِي أَيُّوبَ

3902 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ الْمِصْرِيُّ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ، ثنا ابْنُ وَهْبٍ، أَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، أَنَّ بُكَيْرًا، حَدَّثَهُ، أَنَّ أَبَا إِسْحَاقَ مَوْلَى بَنِي هَاشِمٍ، حَدَّثَهُ أَنَّهُمْ ذَكَرُوا يَوْمًا مَا يُنْتَبَذُ فِيهِ، فَتَنَازَعُوا فِي الْقَرْعِ، فَمَرَّ بِهِمْ أَبُو أَيُّوبَ الْأَنْصَارِيُّ، فَأَرْسَلُوا إِلَيْهِ إِنْسَانًا، فَقَالَ

## بنی ہاشم کے غلام ابواسحاق' حضرت ابوایوب سے روایت کرتے ہیں

حضرت بکیر فرماتے ہیں کہ بنی ہاشم کے غلام ابواسحاق نے بیان کیا ہے کہ وہ ایک دن ذکر کر رہے تھے کہ میں نے نبیذ بنانی چاہی' اُنہوں نے قرع میں جھگڑا کیا' ان کے پاس سے حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ گزرے' اُنہوں نے آپ کی طرف کسی کو بھیجا' حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے رسول



3901- رواه الطبرانى فى الوسط جلد 1صفحه94 رقم الحديث: 184' جلد9صفحه144 رقم الحديث: 9366 عن كثير بن زيد عن المطلب بن عبد الله عن أبى أيوب به .

3902- أورده أحمد فى مسنده جلد5صفحه414' رقم الحديث: 23559 عن بكير عن أبى اسحاق مولى بنى هاشم عن أبى أيوب به .

اَبُو اَيُّوبَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْهَى عَنْ كُلِّ مُزَفَّتٍ يُنْتَبَذُ فِيهِ، لَمْ يَزِدْ عَلَيْهِ

اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ آپ نے مزفت برتن میں نبیذ بنانے سے منع کیا' آپ نے اس پر اضافہ نہ کیا۔

## عُبَيْدُ بْنُ تِعْلَى، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ

## حضرت عبید بن تعلیٰ' حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

**3903** - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، حَدَّثَنَا اَبُو عَاصِمٍ، عَنْ عَبْدِ الْحَمِيدِ بْنِ جَعْفَرٍ، حَدَّثَنِي يَزِيدُ بْنُ اَبِي حَبِيبٍ، عَنْ بُكَيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ تِعْلَى، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ، قَالَ: نَهَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ تُصَبَّرَ الدَّابَّةُ

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جانور کو باندھ کر مارنے سے منع کیا۔

**3904** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ، ثنا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، اَنَّ بُكَيْرًا، حَدَّثَهُ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ تِعْلَى، قَالَ: غَزَوْنَا مَعَ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ خَالِدِ بْنِ الْوَلِيدِ فَاُتِيَ بِاَرْبَعَةِ اَعْلَاجٍ مِنَ الْعَدُوِّ، فَاَمَرَ بِهِمْ فَقُتِلُوا صَبْرًا بِالنَّبْلِ، فَبَلَغَ ذَلِكَ اَبَا اَيُّوبَ الْاَنْصَارِيَّ، فَقَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْهَى عَنْ قَتْلِ الصَّبْرِ

حضرت عبید بن تعلیٰ فرماتے ہیں: ہم نے حضرت عبدالرحمٰن بن خالد بن ولید کی معیت میں جہاد کیا' آپ کے پاس چار دشمن لائے گئے' آپ نے ان کو باندھ کر تیروں کے ساتھ قتل کرنے کا حکم دیا' یہ بات حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ تک پہنچی تو حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا کہ آپ نے باندھ کر قتل کرنے سے منع کیا۔

**3905** - حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ صَالِحٍ الْمَرْوَزِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ سَعِيدٍ الْاُمَوِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، عَنْ بُكَيْرِ بْنِ

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ آپ نے جانور کو باندھ کر مارنے سے منع کیا۔



---

3903- أورد نحوه في مسنده جلد 5 صفحه 422' رقم الحديث: 23637 عن بكير بن عبد الله عن أبيه عن عبيد بن يعلى عن أبي أيوب به .

عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْاَشَجِّ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ تِعْلَى، عَنْ اَبِى اَيُّوبَ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْهَى عَنْ صَبْرِ الْبَهِيمَةِ

**3906** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِى شَيْبَةَ، ثنا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ بُكَيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْاَشَجِّ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ تِعْلَى، عَنْ اَبِى اَيُّوبَ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْهَى عَنْ صَبْرِ الْبَهِيمَةِ

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ آپ نے جانور کو باندھ کر مارنے سے منع کیا۔

**3907** - حَدَّثَنَا مُطَّلِبُ بْنُ شُعَيْبٍ الْاَزْدِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِى اللَّيْثُ، حَدَّثَنِى عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنِ اَبِى جَعْفَرٍ، عَنْ بُكَيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ ابْنِ تِعْلَى، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا اَيُّوبَ، قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ صَبْرِ الدَّابَّةِ فَلَوْ كَانَتْ دَجَاجَةٌ مَا صَبَرْتُهَا

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے جانور کو باندھ کر مارنے سے منع کیا' اگر چہ مرغی ہو' میں اس کو نہیں باندھتا ہوں۔

## عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ الْاَنْصَارِيُّ، عَنْ اَبِى اَيُّوبَ

## حضرت عبداللہ بن کعب بن مالک انصاری' حضرت ابوایوب سے روایت کرتے ہیں

**3908** - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، ثنا حَسَّانُ بْنُ غَالِبٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ،

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور ﷺ کو جمعہ کے دن فرماتے ہوئے سنا: جس



**3907**- أورد أحمد فى مسنده جلد5صفحه422' رقم الحديث: 23637 عن بكير بن عبد الله عن أبيه عن عبيد بن يعلى عن أبى أيوب به .

**3908**- ذكره الهيثمى فى مجمع الزوائد جلد2صفحه171 وقال: رواه كله أحمد والطبرانى فى الكبير ورجاله ثقات .

عَنْ يُونُسَ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ اَبِي يَحْيَى، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ، اَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ: مَنِ اغْتَسَلَ وَمَسَّ مِنْ طِيبٍ اِنْ كَانَ عِنْدَهُ وَلَبِسَ مِنْ اَحْسَنِ ثِيَابِهِ، ثُمَّ خَرَجَ حَتَّى يَاْتِيَ الْمَسْجِدَ فَلَمْ يَتَخَطَّ رِقَابَ النَّاسِ، وَاَنْصَتَ اِذَا خَرَجَ الْاِمَامُ، فَلَمْ يَتَكَلَّمْ غُفِرَ لَهُ مَا بَيْنَهُ وَبَيْنَ الْجُمُعَةِ الَّتِي تَلِيهَا

نے غسل کیا اور خوشبو لگائی' اگر اس کے پاس ہو اور اچھے کپڑے پہنے' پھر مسجد میں آئے اور لوگوں کی گردنیں نہ پھلانگے' جب امام نکلے تو خاموش رہے اور گفتگو نہ کرے' اس کے ایک جمعہ سے لے کر دوسرے جمعہ تک کے گناہ معاف ہو گئے۔

**3909** - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ حُمْرَانَ الرَّازِيُّ، ثنا سَلَمَةُ بْنُ الْفَضْلِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِيمَ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ اَبِي يَحْيَى، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ الْاَنْصَارِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنِ اغْتَسَلَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ وَمَسَّ طِيبًا اِنْ كَانَ عِنْدَهُ وَلَبِسَ مِنْ اَحْسَنِ ثِيَابِهِ، ثُمَّ خَرَجَ حَتَّى يَاْتِيَ الْمَسْجِدَ فَيَرْكَعَ مَا بَدَا لَهُ وَلَمْ يُؤْذِ اَحَدًا، ثُمَّ اَنْصَتَ اِذَا خَرَجَ الْاِمَامُ كَانَتْ كَفَّارَةً لِمَا بَيْنَهَا وَبَيْنَ الْجُمُعَةِ الْاُخْرَى.

حضرت ابو ایوب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور ﷺ کو جمعہ کے دن فرماتے ہوئے سنا: جس نے غسل کیا اور خوشبو لگائی' اگر اس کے پاس ہو اور اچھے کپڑے پہنے' پھر مسجد میں آیا اور لوگوں کو تکلیف نہ دی' جب امام نکلے تو خاموش رہے اور گفتگو نہ کرے' اس کے ایک جمعہ سے لے کر دوسرے جمعہ تک کے گناہ معاف ہو گئے۔

حَدَّثَنَا اَبُو خَلِيفَةَ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِينِيِّ، ثنا

حضرت عبداللہ بن کعب بن مالک سلمی بیان

---

**3909**- أورده أحمد في مسنده جلد **5** صفحه **420**' رقم الحديث: **23618** عن عمران بن أبي يحيى عن عبد الله بن كعب بن مالك عن أبي أيوب به .

يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنِ ابْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ أَبِي يَحْيَى التَّيْمِيِّ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ السُّلَمِيَّ، حَدَّثَنَا أَنَّ أَبَا أَيُّوبَ صَاحِبَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدَّثَهُ أَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنِ اغْتَسَلَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ وَمَسَّ ثُمَّ ذَكَرَ مِثْلَهُ

کرتے ہیں کہ حضرت ابوایوب صحابیٔ رسول ﷺ نے بیان کیا کہ اُنہوں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جس نے جمعہ کے دن غسل کیا اور خوشبو لگائی' پھر اس کے بعد اس کی مثل حدیث ذکر کی۔

## عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ أَبِي لَيْلَى، عَنْ أَبِي أَيُّوبَ

## حضرت عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ' حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

3910 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدُوسِ بْنِ كَامِلٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ، أنا شُعْبَةُ، عَنِ ابْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنْ أَخِيهِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي أَيُّوبَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِذَا عَطَسَ أَحَدُكُمْ فَلْيَقُلْ: الْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلَى كُلِّ حَالٍ، وَلْيَقُلِ الَّذِي يَسْمَعُهُ: يَرْحَمُكَ اللّٰهُ وَيَرُدُّ عَلَيْهِ يَهْدِيكَ اللّٰهُ وَيُصْلِحُ بَالَكَ

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کسی کو چھینک آئے تو وہ پڑھے: ''الحمد للّٰہ علی کل حال'' اور جو سننے والا ہے وہ اس کے بعد جواب میں یہ کہے: ''یرحمك اللّٰہ'' اور چھینک والا اس کا جواب دے: ''یهدیك اللّٰہ ویصلح بالك''۔

3911 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا يُوسُفُ بْنُ مُوسَى الْقَطَّانُ، ثنا عَبْدُ

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: ماں کا ذبح' بچہ کا



3910- أورده أحمد فی صحیحه جلد5صفحه422' رقم الحدیث: 23636 عن محمد بن عبد الرحمٰن بن أبی لیلی عن أخیه عن أبیه عن أبی أیوب به .

3911- أخرجه الحاكم فی مستدركه جلد4صفحه128' رقم الحدیث: 7112 عن محمد بن عبد الرحمٰن بن أبی لیلی عن أخیه عن أبیه عن أبی أیوب به .

اللّٰهِ بْنُ الْجَهْمِ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْعَلَاءِ بْنِ شَيْبَةَ، عَنِ ابْنِ اَبِی لَيْلَی، عَنْ اَخِيهِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِی لَيْلَی، عَنْ اَبِی اَيُّوبَ، اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ذَكَاةُ الْجَنِينِ ذَكَاةُ اُمِّهِ

ذبح ہے۔

عبد الرحمٰن بن ابی لیلٰی عن ابی ایوب

**3912** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِی اَبِی، ثنا اَبُو اَحْمَدَ الزُّبَيْرِیُّ، ح وَحَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِی شَيْبَةَ، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ التُّسْتَرِیُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ اَبِی شَيْبَةَ، قَالَا: ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَسَدِیُّ، ثنا سُفْيَانُ، عَنِ ابْنِ اَبِی لَيْلَی، عَنْ اَخِيهِ، عَنْ اَبِيهِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِی لَيْلَی، عَنْ اَبِی اَيُّوبَ الْاَنْصَارِیِّ، اَنَّهُ كَانَ فِی سَهْوَةٍ لَهُ، فَكَانَتِ الْغُولُ تَجِیءُ فَتَدْخُلُ، فَشَكَاهَا اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: اِذَا رَاَيْتَهَا فَقُلْ: بِسْمِ اللّٰهِ اَجِيبِی رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَاءَتْ، فَقَالَ لَهَا، فَاَخَذَهَا، فَقَالَتْ: لَا اَعُودُ، فَاَرْسَلَهَا فَجَاءَهُ، فَقَالَ لَهُ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا فَعَلَ اَسِيرُكَ؟ فَقَالَ: اَخَذْتُهَا، فَقَالَتْ: لَا اَعُودُ فَاَرْسَلْتُهَا، فَقَالَ: اِنَّهَا عَائِدَةٌ فَاَخَذْتُهَا مَرَّتَيْنِ اَوْ ثَلَاثًا كُلُّ ذٰلِكَ تَقُولُ: لَا اَعُودُ، وَيَجِیءُ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَيَقُولُ: مَا فَعَلَ اَسِيرُكَ، فَيَقُولُ: اَخَذْتُهَا فَتَقُولُ: لَا اَعُودُ، فَيَقُولُ: اِنَّهَا عَائِدَةٌ فَاَخَذْتُهَا،

حضرت عبدالرحمٰن بن ابولیلٰی سے روایت ہے کہ حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ کی خزانہ کی کوٹھڑی تھی‘ چوری کرنے والا آتا اور اس میں داخل ہو جاتا‘ آپ نے رسول اللہ ﷺ سے اس کی شکایت کی تو آپ ﷺ نے فرمایا: جب تُو اس کو دیکھے تو پڑھ: اللہ کے نام سے شروع! رسول اللہ ﷺ آپ کو بلا رہے ہیں‘ وہ (جنّی) آئی‘ میں نے اس کو دیکھا‘ اس کو کہا: اس کو پکڑا‘ اس نے کہا: میں دوبارہ نہیں آؤں گی‘ آپ نے اس کو چھوڑ دیا‘ حضور ﷺ کے پاس آئے‘ آپ ﷺ نے فرمایا: آپ نے اپنے چور کے ساتھ کیا کیا؟ عرض کی: میں نے اس کو پکڑا ہے‘ اس نے کہا: میں دوبارہ نہیں آؤں گی‘ میں نے اس کو چھوڑ دیا ہے۔ آپ نے فرمایا: وہ آئے گی‘ میں نے اس کو دو مرتبہ یا تین مرتبہ پکڑا‘ ہر مرتبہ اس نے کہا: میں نہیں آؤں گی! آپ ﷺ نے فرمایا: آپ نے قیدی چور کے ساتھ کیا کیا؟ عرض کی: میں نے اس کو پکڑا‘ اس نے کہا: میں دوبارہ نہیں آؤں گی‘ آپ ﷺ نے فرمایا: وہ دوبارہ آئے گی! میں نے اس کو پکڑا تو اس نے کہا: مجھے چھوڑ دے! میں تمہیں ایسی

---

**3912**- أورده الترمذی فی سننه جلد **5** صفحه **158**' رقم الحديث: **2880** عن محمد بن عبد الرحمٰن بن أبی ليلٰی عن أخيه عن أبيه عن أبی أيوب به .

فَقَالَتْ: اَرْسِلْنِي وَاُعَلِّمُكَ شَيْئًا تَقُولُهُ وَلَا يَقْرَبُكَ شَيْءٌ، آيَةَ الْكُرْسِيِّ، فَاَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَخْبَرْتُهُ فَقَالَ: صَدَقَتْ وَهِيَ كَذُوبٌ

شی کے متعلق بتاتی ہوں کہ تُو اس کو پڑھے گا تو تیرے قریب کوئی شی (جن' بھوت' بلا) نہیں آئے گی' وہ آیۃ الکرسی ہے۔ میں حضورﷺ کے پاس آیا اور میں نے آپ کو بتایا' آپ نے فرمایا: وہ سچ کہہ گئی لیکن تھی وہ جھوٹی۔

عبد الرحمن بن ابی لیلی عن ابی ایوب

**3913** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْجَارُودِ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ شَاذَانُ، ثنا سَعْدُ بْنُ الصَّلْتِ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِي لَيْلَى، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ الْاَنْصَارِيِّ، قَالَ: كَانَ لِي نَخْلٌ فِي سَهْوَةٍ لِي، فَجَعَلْتُ اَرَاهُ يَنْقُصُ مِنْهُ، فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: اِنَّكَ سَتَجِدُ فِيهِ غَدًا هِرَّةً فَقُلْ: اَجِيبِي رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، فَلَمَّا كَانَ الْغَدُ وَجَدْتُ فِيهِ هِرَّةً، فَقُلْتُ: اَجِيبِي رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَتَحَوَّلَتْ عَجُوزًا وَقَالَتْ: اُذَكِّرُكَ اللّٰهَ لَمَا تَرَكْتَنِي، فَاِنِّي غَيْرُ عَائِدَةٍ، فَتَرَكْتُهَا، فَاَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: مَا فَعَلَ الرَّجُلُ وَاَسِيرُهُ؟ فَاَخْبَرْتُهُ خَبَرَهَا، فَقَالَ: كَذَبَتْ هِيَ عَائِدَةٌ، فَقُلْ لَهَا: اَجِيبِي رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، فَتَحَوَّلَتْ عَجُوزًا، فَقَالَتْ: اُذَكِّرُكَ اللّٰهَ يَا اَبَا اَيُّوبَ لَمَا تَرَكْتَنِي هٰذِهِ الْمَرَّةَ، فَاِنِّي غَيْرُ عَائِدَةٍ فَتَرَكْتُهَا، ثُمَّ اَتَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لِي كَمَا قَالَ لِي، فَقُلْتُ ذٰلِكَ

حضرت عبدالرحمٰن بن ابولیلیٰ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میرے ہاں ایک کھجوروں کی کوٹھڑی تھی' میں اس میں دیکھتا تو وہ کم ہوئی ہوتی تھیں' میں نے اس کا ذکر حضورﷺ کے ہاں کیا تو آپ نے فرمایا: تُو کل ایک بلی کو پائے گا' تُو اس سے کہہ: تجھے رسول کریمﷺ بلا رہے ہیں' جب آئندہ کل آیا تو میں نے بلی پائی' میں نے کہا: رسول اللہﷺ تمہیں بلا رہے ہیں۔ وہ بوڑھی ہوگئی' اس نے کہا: میں تمہیں اللہ کی قسم دلاتی ہوں کہ تم مجھے چھوڑ دو' دوبارہ نہیں آؤں گی۔ میں نے اس کو چھوڑ دیا' میں حضورﷺ کے پاس آیا' آپ نے فرمایا: آدمی اور چور کا کیا کیا؟ میں نے آپ کو تمام بات بتائی تو آپﷺ نے فرمایا: وہ جھوٹی تھی' دوبارہ آئے گی۔ تو اس کو کہنا: تجھے رسول کریمﷺ بلا رہے ہیں' وہ بوڑھی ہوجائے گی۔ اس نے کہا: اے ابوایوب! میں تمہیں اللہ کی قسم دلاتی ہوں' اس بار تم مجھے چھوڑ دو میں دوبارہ نہیں آؤں گی۔ میں نے اس کو چھوڑ دیا پھر میں حضورﷺ کے پاس آیا تو آپ نے دوبارہ مجھے پہلے والی بات فرمائی' میں نے تین مرتبہ عرض کیا' تیسری مرتبہ اس نے

ثَلاثَ مَرَّاتٍ، فَقَالَتْ لِي فِي الثَّالِثَةِ: اُذَكِّرُكَ اللّٰهَ يَا اَبَا اَيُّوبَ لَمَا تَرَكْتَنِي حَتّٰى اُعَلِّمَكَ شَيْئًا لَا يَسْمَعُهُ شَيْطَانٌ فَيَدْخُلُ ذٰلِكَ الْبَيْتَ، فَقُلْتُ: مَا هُوَ؟ فَقَالَتْ: آيَةُ الْكُرْسِيِّ، لَا يَسْمَعُهَا شَيْطَانٌ اِلَّا ذَهَبَ فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: صَدَقَتْ وَاِنْ كَانَتْ كَذُوبًا

مجھے کہا: اے ابوایوب! تم مجھے اس مرتبہ چھوڑ دو! میں تمہیں ایسی شی بتاؤں گی کہ شیطان اس کو سنے گا تو تیرے گھر داخل نہ ہوگا۔ میں نے کہا: وہ کیا ہے؟ اس نے کہا: آیۃ الکرسی! جب کوئی شیطان اسے سنے گا تو وہ چلا جائے گا۔ میں نے اس بات کا ذکر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہاں کیا تو آپ نے فرمایا: اگرچہ وہ جھوٹی تھی لیکن بات سچی کرگئی ہے۔

**3914** - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ دَاوُدَ الصَّوَّافُ التُّسْتَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيدَ الْاَسْفَاطِيُّ، ثنا فُضَيْلُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ، حَدَّثَنَا شَرِيكٌ، عَنْ عَمَّارٍ الدُّهْنِيِّ، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ عُتَيْبَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِي لَيْلَى، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ، قَالَ: اَصَبْتُ جِنِّيَّةً، فَقَالَتْ لِي: دَعْنِي وَلَكَ عَلَيَّ اَنْ اُعَلِّمَكَ شَيْئًا اِذَا قُلْتَهُ لَمْ يَضُرَّكَ مِنَّا اَحَدٌ، قَالَ: قُلْتُ: مَا هُوَ؟ قَالَتْ: آيَةُ الْكُرْسِيِّ (اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّومُ) (البقرة:**255**) فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: صَدَقَتْ وَهِيَ كَذُوبٌ

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے ایک جنی کو پایا' اُس نے مجھے کہا: مجھے چھوڑیں! میں تمہیں ایسی شی بتاتی ہوں کہ جب تم اسے پڑھ لو گے تو ہم میں سے کوئی شی تمہیں نقصان نہیں دے گی۔ میں نے کہا: وہ کیا ہے؟ اس نے کہا: آیۃ الکرسی! ''اللہ لا الہ الا هو الحی القیوم'' ہے۔ میں نے اس کا ذکر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہاں کیا تو آپ نے فرمایا: وہ جھوٹی تھی لیکن بات سچی کرگئی۔

**3915** - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا يُوسُفُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَابِقٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ، ثنا اَبُو فَرْوَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِي لَيْلَى، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ، قَالَ: كُنْتُ مُؤْذًى بِسَامِرِ الْبَيْتِ فَشَكَوْتُ ذٰلِكَ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: وَكَانَتْ رَوْزَنَةٌ فِي

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے گھر میں جن تکلیف دیتا تھا' میں نے اس کا ذکر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں کیا' وہ ہمارے گھر میں رہتی تھی' آپ نے فرمایا: اس کو دیکھنا! جب تم سے کوئی شی مانگے تو اس کو کہنا: تُو ہلاک ہو! رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تجھے بلا رہے ہیں۔ میں اس کے انتظار میں رہا' جب میرے گھر آیا تو

بَيْتٍ لَنَا، فَقَالَ: ارْصُدْهُ فَإِذَا أَنْتَ عَايَنْتَ شَيْئًا، فَقُلْ: اخْسَ يَدْعُوكَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: فَرَصَدْتُ فَإِذَا شَيْءٌ قَدْ تَدَلَّى مِنْ رَوْزَنَةٍ، فَوَثَبْتُ إِلَيْهِ، وَقُلْتُ: اخْسَ يَدْعُوكَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَخَذْتُهُ فَتَضَرَّعَ إِلَيَّ وَقَالَ لِي لَا أَعُودُ، قَالَ: فَأَرْسَلْتُهُ، فَلَمَّا أَصْبَحْتُ غَدَوْتُ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: مَا فَعَلَ أَسِيرُكَ؟ فَأَخْبَرْتُهُ بِالَّذِي كَانَ فَقَالَ: أَمَا إِنَّهُ سَيَعُودُ قَالَ: فَفَعَلْتُ ذٰلِكَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ كُلُّ ذٰلِكَ آخُذُهُ وَأُخْبِرُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالَّذِي كَانَ، فَلَمَّا كَانَتِ الثَّالِثَةُ أَخَذْتُهُ، ثُمَّ قُلْتُ: مَا أَنْتَ بِمُفَارِقِي حَتَّى آتِيَ بِكَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَنَاشَدَنِي وَتَضَرَّعَ إِلَيَّ وَقَالَ: أُعَلِّمُكَ شَيْئًا إِذَا قُلْتَهُ مِنْ لَيْلَتِكَ لَمْ يَقْرَبْكَ جَانٌّ وَلَا لِصٌّ، قَالَ: تَقْرَأُ آيَةَ الْكُرْسِيِّ، قَالَ: فَأَرْسَلْتُهُ، ثُمَّ أَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: مَا فَعَلَ أَسِيرُكَ؟، قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ نَاشَدَنِي وَتَضَرَّعَ إِلَيَّ حَتَّى رَحِمْتُهُ وَعَلَّمَنِي شَيْئًا أَقُولُهُ إِذَا قُلْتُهُ لَمْ يَقْرَبْنِي جِنٌّ وَلَا لِصٌّ قَالَ: صَدَقَ وَإِنْ كَانَ كَذُوبًا

میں نے اس کو پکڑا' میں نے کہا: تُو ہلاک ہو! رسول اللہ ﷺ تجھے بلا رہے ہیں! میں نے اس کو پکڑا' وہ رونے لگی اور مجھے کہا: میں نہیں آؤں گی! میں نے اس کو چھوڑا' جب میں نے صبح کی تو میں رسول اللہ ﷺ کے پاس آیا' آپ نے فرمایا: تُو نے اپنے قیدی سے کیا کیا؟ میں نے آپ کو بتایا جو اس نے کہا۔ آپ نے فرمایا: وہ کل دوبارہ آئے گی! میں نے تین مرتبہ ایسے کیا' ہر مرتبہ رسول اللہ ﷺ کو بتایا جو اس نے کہا' جب تیسری دفعہ آئی تو میں نے اس کو پکڑا' پھر میں نے کہا: میں تجھے نہیں چھوڑوں گا یہاں تک کہ تجھے رسول اللہ ﷺ کے پاس لے جاؤں۔ وہ میرے سامنے رونے لگی' اس نے کہا: کیا میں تجھے ایسی شی نہ بتاؤں کہ جب تُو رات کو پڑھ لے گا تو تیرے پاس کوئی چور اور جن نہیں آئے گا' تُو آیۃ الکرسی پڑھ لیا کر۔ میں نے اس کو چھوڑا پھر میں حضور ﷺ کے پاس آیا' آپ نے فرمایا: تُو نے اپنے قیدی کے ساتھ کیا کیا؟ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں نے اس کو باندھا' وہ رونے لگی' مجھے اس پر رحم آیا' اس نے مجھے کوئی شی سکھائی تو اس نے کہا: جب تُو اس کو پڑھ لے گا تو تیرے پاس کوئی جن اور چور نہیں آئے گا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اگرچہ وہ جھوٹا تھا لیکن بات سچی کرگیا ہے۔

عبد الرحمن بن ابی لیلیٰ عن ابی ایوب

3916 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ دَاوُدَ الْمَكِّيُّ،

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

---

3916- أورده الترمذي في سننه جلد 5 صفحه 555' رقم الحديث: 3553 عن الشعبي عن عبد الرحمٰن بن أبي ليلى عن أبي أيوب به .

ثنا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنِ ابْنِ اَبِى لَيْلَى، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنِ ابْنِ اَبِى لَيْلَى، عَنْ اَبِى اَيُّوبَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ قَالَ دُبُرَ صَلَاةِ الْغَدَاةِ عَشْرَ مَرَّاتٍ: لَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ كُنَّ لَهُ عِدْلَ اَرْبَعِ رِقَابٍ مِنْ وَلَدِ اِسْمَاعِيلَ

حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے دس مرتبہ نمازِ فجر کے بعد یہ کلمات پڑھے: ''لا الہ الا اللّٰہ الٰی آخرہٖ'' اس کو اولادِ اسماعیل سے چار غلام آزاد کرنے کا ثواب ملے گا۔

3917 - حَدَّثَنَا اَبُو خَلِيفَةَ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِينِيِّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ عَبْدِ الْمَجِيدِ، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ اَبِى شَيْبَةَ، ثنا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ جَمِيعًا، عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِى هِنْدٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِى لَيْلَى، عَنْ اَبِى اَيُّوبَ، اَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ قَالَ لَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ عَشْرَ مَرَّاتٍ، كُنَّ لَهُ بِعِدْلِ عَشْرِ مُحَرَّرِينَ، اَوْ مُحَرَّرٍ . وَاللَّفْظُ لِحَدِيثِ عَبْدِ الْوَهَّابِ

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے ''لا الہ الا اللّٰہ الٰی آخرہٖ'' دس مرتبہ پڑھا تو اس کو دس غلام آزاد کرنے کا ثواب ملے گا۔ یہ الفاظِ حدیث عبدالوہاب کی حدیث کے ہیں۔

3918 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، وَاَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِى هِنْدٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِى لَيْلَى، عَنْ اَبِى اَيُّوبَ الْاَنْصَارِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ قَالَ لَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے ''لا الہ الا اللّٰہ الٰی آخرہٖ'' پڑھا تو اس کو ایک یا دو غلام آزاد کرنے کا ثواب ملے گا۔

لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ كَانَ لَهُ كَعِدْلِ مُحَرَّرٍ، اَوْ مُحَرَّرِينَ

**3919** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الصَّبَّاحِ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ لُوَيْنٌ، ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ دَاوُدَ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، قَالَ: كُنَّا عِنْدَ الرَّبِيعِ بْنِ خُثَيْمٍ، فَحَدَّثَ يَوْمَئِذٍ اَنَّهُ مَنْ قَالَ لَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِي وَيُمِيتُ وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ مَرَّةً اَوْ عَشْرَ مَرَّاتٍ، كَانَ لَهُ ذَلِكَ يَعْدِلُ رَقَبَةً اَوْ عَشْرَ رِقَابٍ، قُلْتُ: مِمَّنْ سَمِعْتَهُ؟، قَالَ: مِنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِي لَيْلَى فَاَتَيْتُهُ فَحَدَّثَ، فَقُلْتُ: مِمَّنْ سَمِعْتَهُ؟ قَالَ: مِنْ اَبِي اَيُّوبَ، يُحَدِّثُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ.

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے ''لا الہ الا اللّٰہ الٰی آخرہٖ '' ایک مرتبہ یا دس مرتبہ پڑھا تو اس کو ایک یا دس غلام آزاد کرنے کا ثواب ملے گا۔ میں نے کہا: آپ نے کس سے سنا؟ اُنہوں نے فرمایا: عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ سے۔ پس میں ان کے پاس آیا' اُنہوں نے اس کو بیان کیا۔ پس میں نے عرض کی: آپ نے اس کو کس سے سنا؟ اُنہوں نے کہا: حضرت ابوایوب سے' وہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے بیان کرتے ہیں۔

حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، عَنْ دَاوُدَ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِي لَيْلَى، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اسی کی مثل حدیث روایت کرتے ہیں۔

**3920** - حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ التُّسْتَرِيُّ، ثنا حَمَّادُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ عَنْبَسَةَ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ نُصَيْرٍ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِي السَّفَرِ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِي لَيْلَى، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ الْاَنْصَارِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ قَالَ لَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے ''لا الہ الا اللّٰہ الٰی آخرہٖ'' پڑھا تو اس کو اولادِ اسماعیل میں سے دس غلام آزاد کرنے کا ثواب ملے گا۔

عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ كُنَّ لَهُ كَعِدْلِ عَشْرِ رِقَابٍ مِنْ وَلَدِ اِسْمَاعِيلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ

**3921** - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، ثنا اَبُو عَامِرٍ الْعَقَدِيُّ، ثنا عُمَرُ بْنُ اَبِي زَائِدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي السَّفَرِ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنِ الرَّبِيعِ بْنِ خُثَيْمٍ، قَالَ: مَنْ قَالَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِي وَيُمِيتُ وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ، كَانَ كَمَنْ اَعْتَقَ اَرْبَعَةَ اَنْفُسٍ مِنْ وَلَدِ اِسْمَاعِيلَ قَالَ: فَقُلْتُ لِلرَّبِيعِ بْنِ خُثَيْمٍ: مِمَّنْ سَمِعْتَهُ؟ قَالَ: مِنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُونٍ، فَاَتَيْتُ عَمْرَو بْنَ مَيْمُونٍ فَقُلْتُ: مِمَّنْ سَمِعْتَهُ؟ قَالَ: مِنِ ابْنِ اَبِي لَيْلَى، فَاَتَيْتُ ابْنَ اَبِي لَيْلَى فَقُلْتُ: مِمَّنْ سَمِعْتَهُ؟ قَالَ: مِنْ اَبِي اَيُّوبَ الْاَنْصَارِيِّ يُحَدِّثُهُ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت ربیع بن خثیم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے ''لا الہ الا اللّٰہ الٰی آخرہ'' پڑھا تو اس کو غلام آزاد کرنے کا ثواب ملے گا۔ پس میں نے ربیع بن خثیم سے عرض کی: آپ نے کس سے سنا ہے؟ اُنہوں نے کہا: حضرت عمرو بن میمون سے۔ پس میں عمرو بن میمون کے پاس آیا' میں نے ان سے پوچھا: آپ نے کس سے سنی؟ اُنہوں نے کہا: ابن ابی لیلیٰ سے۔ میں ابن ابی لیلیٰ کے پاس آیا اور میں نے ان سے سوال کیا: آپ نے کس سے سنی؟ اُنہوں نے کہا: حضرت ابوایوب انصاری سے' وہ اس کو رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے بیان کرتے ہیں۔

**3922** - حَدَّثَنَا الْهَيْثَمُ بْنُ خَلَفٍ الدُّورِيُّ، ثنا بِشْرُ بْنُ الْوَلِيدِ الْكِنْدِيُّ، ثنا يَزِيدُ بْنُ عَطَاءٍ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي خَالِدٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ الرَّبِيعَ بْنَ خُثَيْمٍ، وَذَكَرَ عِنْدَهُ مَا مِنْ رَجُلٍ يَقُولُ: لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ، اِلَّا كُنَّ لَهُ عِدْلَ اَرْبَعِ رِقَابٍ . قَالَ: فَقُلْتُ لِلرَّبِيعِ بْنِ خُثَيْمٍ: وَاللّٰهِ مَا يُعْجِبُنِي مِنْ قَوْلِكُمْ فِيهَا وَاِنِّي لَاَرَاهَا اَفْضَلَ مِنْ اَرْبَعٍ وَاَرْبَعِمِائَةٍ، فَقُلْتُ لِلرَّبِيعِ

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے ''لا الہ الا اللّٰہ الٰی آخرہ'' دس مرتبہ پڑھا تو اس کو چار غلام آزاد کرنے کا ثواب ملے گا۔ راوی کا بیان ہے: میں نے ربیع بن خثیم سے عرض کی: قسم بخدا! مجھے آپ کے قول سے اس میں کوئی بات تعجب میں نہیں ڈالتی جبکہ میں تو اسے چار سو چار سے افضل خیال کرتا ہوں۔ میں نے ربیع بن خثیم سے عرض کی: آپ کو اس کی خبر کس نے دی؟ اُنہوں نے کہا: مجھے اس کی خبر عمرو بن میمون اودی نے دی' پس

بْنِ خُثَيْمٍ: مَنْ اَخْبَرَكَ بِهٰذَا؟، قَالَ: اَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ مَيْمُونِ الْاَوْدِيُّ، فَالْقَى عَمْرَو بْنَ مَيْمُونٍ فَقُلْتُ لَهُ: اَنْتَ اَخْبَرْتَ الرَّبِيعَ بِكَذَا وَكَذَا؟ فَقَالَ: نَعَمْ، فَقُلْتُ: مِمَّنْ سَمِعْتَ ذَاكَ؟ فَقَالَ: اَخْبَرَنِي عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ اَبِي لَيْلَى، فَالْقَى عَبْدَ الرَّحْمَنِ فَقُلْتُ: اِنَّ عَمْرَو بْنَ مَيْمُونٍ اَخْبَرَنِي بِكَذَا وَكَذَا، قَالَ: صَدَقَ اَنَا اَخْبَرْتُهُنَّ اِيَّاهُ، قُلْتُ: عَمَّنْ تَرْوِيهِ؟ قَالَ: عَنْ اَبِي اَيُّوبَ صَاحِبِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

میں نے عمرو بن میمون سے ملاقات کر کے ان سے کہا: کیا آپ نے ربیع کو اس اس طرح خبر دی ہے؟ تو اُنہوں نے کہا: ہاں! پس میں نے کہا: آپ نے کس سے سنا؟ تو اُنہوں نے کہا: مجھے عبدالرحمٰن بن ابو لیلیٰ نے خبر دی۔ پس میں عبدالرحمٰن سے ملا تو ان سے دریافت کیا کہ عمرو بن میمون نے مجھے اس اس طرح خبر دی ہے؟ اُنہوں نے کہا: اس نے سچ کہا' میں نے اسے ان چیزوں کی خبر دی ہے۔ میں نے ان سے عرض کی: آپ کس سے روایت کرتے ہیں؟ اُنہوں نے کہا: رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صحابی حضرت ابوایوب سے۔

**3923** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَضْلِ السَّقَطِيُّ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ التَّرْجُمَانِيُّ ح، وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ لُوَيْنٌ، قَالَا: ثنا حُدَيْجُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُونٍ، عَنِ الرَّبِيعِ بْنِ خُثَيْمٍ، عَنِ ابْنِ اَبِي لَيْلَى، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ قَالَ لَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ، مِثْلُ عِتْقِ اَرْبَعَةِ اَنْفُسٍ مِنْ وَلَدِ اِسْمَاعِيلَ

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے ''لا الٰہ الا اللّٰہ الٰی آخرہٖ '' پڑھا تو اس کو اولادِ اسماعیل میں سے دس غلام آزاد کرنے کا ثواب ملے گا۔

**3924** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسَى بْنِ اَبِي عُثْمَانَ الْبَغْدَادِيُّ، ثنا مَسْلَمَةُ بْنُ حَفْصٍ السَّعْدِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي خَالِدٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِي

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے قل ھو اللہ احد پڑھی' اسے تہائی قرآن پڑھنے کا ثواب ملے گا۔

لَيْلَى، عَنْ اَبِى اَيُّوبَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: قُلْ هُوَاللّٰهُ اَحَدٌ تَعْدِلُ ثُلُثَ الْقُرْآنِ

3925 - حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ التُّسْتَرِيُّ، ثنا حَمَّادُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ عَنْبَسَةَ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ نُصَيْرٍ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِى السَّفَرِ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِى لَيْلَى، عَنْ اَبِى اَيُّوبَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ثُلُثُ الْقُرْآنِ

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: جس نے قل ھو اللہ احد پڑھی' اسے تہائی قرآن پڑھنے کا ثواب ملے گا۔

3926 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْاَزْدِيُّ، حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ هِلَالِ بْنِ يَسَافٍ، عَنْ رَبِيعِ بْنِ خُثَيْمٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُونٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِى لَيْلَى، عَنِ امْرَاَةٍ مِنَ الْاَنْصَارِ، قَالَتْ: قَالَ اَبُو اَيُّوبَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَيَعْجِزُ اَحَدُكُمْ اَنْ يَقْرَاَ فِى لَيْلَةٍ بِثُلُثِ الْقُرْآنِ؟ فَاَشْفَقْنَا اَنْ يَاْمُرَنَا بِاَمْرٍ نَعْجِزُ عَنْهُ فَسَكَتْنَا، فَقَالَ: اَيَعْجِزُ اَحَدُكُمْ اَنْ يَقْرَاَ فِى لَيْلَةٍ بِثُلُثِ الْقُرْآنِ؟ فَاَشْفَقْنَا اَنْ يَاْمُرَنَا بِاَمْرٍ نَعْجِزُ عَنْهُ فَسَكَتْنَا، فَقَالَ: اَيَعْجِزُ اَحَدُكُمْ اَنْ يَقْرَاَ فِى لَيْلَةٍ بِثُلُثِ الْقُرْآنِ؟ فَاِنَّهُ مَنْ قَرَاَ فِى لَيْلَةٍ: اللّٰهُ الْوَاحِدُ الصَّمَدُ فَقَدْ قَرَاَ لَيْلَتَهُ بِثُلُثِ الْقُرْآنِ

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: کیا تم رات کو تہائی قرآن پڑھنے سے عاجز ہو؟ ہم ڈر گئے کہ آپ اب ہمیں ایسا حکم دیں گے جو عاجز کرنے والے ہیں' ہم خاموش ہو گئے۔ آپﷺ نے فرمایا: کیا تم میں کوئی عاجز ہے رات کو تہائی قرآن پڑھنے سے؟ ہم کو خوف ہوا کہ آپ ہم پر مشقت والے کام کا حکم دیں گے اور ہم اس سے عاجز ہوں گے' ہم خاموش ہو گئے' آپ نے فرمایا: کیا تم میں سے کوئی عاجز ہے رات کو تہائی قرآن پڑھنے سے؟ جو رات کو اللہ الواحد الصمد پڑھے گا' اس کو اس رات تہائی قرآن پڑھنے کا برابر ثواب ملے گا۔

3927 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

---

3926- أورده الدارمى فى سننه جلد2صفحه553' رقم الحديث: 3437 عن عبد الرحمٰن بن أبى ليلى عن امرأة من الأنصار عن أبى أيوب به .

التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا جَرِيرٌ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ هِلَالِ بْنِ يَسَافٍ، عَنِ الرَّبِيعِ بْنِ خُثَيْمٍ، عَنِ امْرَاَةٍ مِنَ الْاَنْصَارِ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَيَعْجِزُ اَحَدُكُمْ اَنْ يَقْرَاَ فِي لَيْلَةٍ بِثُلُثِ الْقُرْآنِ؟ فَسَكَتْنَا، فَقَالَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ وَسَكَتَ ثُمَّ قَالَ: مَنْ قَرَاَ فِي لَيْلَةٍ بِقُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ، فَقَدْ قَرَاَ بِثُلُثِ الْقُرْآنِ.

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کیا تم میں سے کوئی عاجز ہے رات کو تہائی قرآن پڑھنے سے؟ ہم خاموش ہو گئے‘ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تین مرتبہ فرمایا اور خاموش ہو گئے‘ پھر فرمایا: جس نے رات کو قل ھو اللہ احد پڑھی‘ اس نے تہائی قرآن پڑھا۔

حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ زِيَادٍ الزِّيَادِيُّ، ثنا فُضَيْلُ بْنُ عِيَاضٍ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ هِلَالِ بْنِ يَسَافٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُونٍ، عَنِ الرَّبِيعِ بْنِ خُثَيْمٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِي لَيْلَى، عَنِ امْرَاَةٍ مِنَ الْاَنْصَارِ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ‘ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

عبد الرحمن بن ابی لیلی عن ابی ایوب

3928 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، وَاَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، قَالَا: ثنا مُسَدَّدٌ، ح وَحَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ يَعْقُوبَ الْقَاضِي، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ الْعَمِّيُّ، ثنا مَنْصُورٌ، عَنْ رِبْعِيِّ بْنِ حِرَاشٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُونَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِي لَيْلَى، عَنِ امْرَاَةٍ مِنَ الْاَنْصَارِ، اَنَّ اَبَا اَيُّوبَ اَتَاهُمْ فَقَالَ: اَلَا تَسْمَعُونَ مَا جَاءَ بِهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْخَيْرِ؟ قَالُوا: وَكَمْ مِنْ خَيْرٍ قَدْ جَاءَ بِهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟، قَالَ:

ایک انصاری عورت سے روایت ہے کہ حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ ان کے پاس آئے اور فرمایا: کیا تم سنتے ہو کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کیا بھلائی لے کر آئے ہیں؟ اُنہوں نے کہا: کتنی بھلائی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم لے کر آئے ہیں؟ آپ نے فرمایا: کون ہے جو رات کو تہائی قرآن پڑھے! ہم کو اس سے خوف ہوا تو ہم خاموش ہو گئے‘ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تین مرتبہ دریافت کیا پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے قل ھو اللہ احد پڑھا‘ گویا اس نے تہائی قرآن پڑھنے کا ثواب حاصل کیا۔

مَنْ يَقْرَأُ فِي لَيْلَةٍ بِثُلُثِ الْقُرْآنِ؟ فَاشْفَقْنَا مِنْهَا فَسَكَتْنَا، فَاَعَادَهَا عَلَيْنَا ثَلَاثَ مَرَّاتٍ قَالَ: مَنْ قَرَاَ قُلْ هُوَ اَحَدٌ فَكَاَنَّمَا تَعْدِلُ ثُلُثَ الْقُرْآنِ

## عَلْقَمَةُ بْنُ قَيْسٍ وَالْاَسْوَدُ بْنُ يَزِيدَ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ الْاَنْصَارِيِّ

## حضرت علقمہ بن قیس اور اسود بن یزید' حضرت ابوایوب انصاری سے روایت کرتے ہیں

**3929** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى الْقَطَّانُ الْوَاسِطِيُّ، ثنا يَعْلَى بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، ثنا مَنْصُورُ بْنُ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، وَالْاَسْوَدِ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَقْتُلُ عَمَّارًا الْفِئَةُ الْبَاغِيَةُ

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: عمار کو باغی گروہ قتل کرے گا۔

## قَرْثَعُ الضَّبِّيُّ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ

## حضرت قرثع ضبی' حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

**3930** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَلْمٍ الرَّازِيُّ، ثنا سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ، عَنْ عُبَيْدَةَ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ سَهْمِ بْنِ مِنْجَابٍ، عَنِ الْقَرْثَعِ الضَّبِّيِّ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ظہر سے پہلے زوالِ شمس کے ڈھل جانے کے بعد چار رکعتیں پڑھتے' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! یہ کون سی نماز ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: آسمان کے دروازے زوالِ شمس کے وقت کھولے جاتے ہیں



3929- لم أجده بهذا الطريق وأخرجه مسلم في صحيحه جلد4صفحه2236' رقم الحديث: 2916 عن أم سلمة به .

اَرْبَعَ رَكَعَاتٍ قَبْلَ الظُّهْرِ حِينَ تَزُولُ الشَّمْسُ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَا هَذِهِ الصَّلَاةُ؟، قَالَ: اِنَّ اَبْوَابَ السَّمَاءِ تُفْتَحُ عِنْدَ زَوَالِ الشَّمْسِ حَتَّى يُصَلَّى الظُّهْرُ، وَاِنِّي لَاُحِبُّ اَنْ يُرْفَعَ لِي فِيهِنَّ عَمَلٌ صَالِحٌ

ظہر کی نماز پڑھنے تک میں پسند کرتا ہوں کہ میرے اس وقت نیک اعمال پیش کیے جائیں۔

**3931** - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا جَرِيرٌ، عَنْ عُبَيْدَةَ بْنِ مُعْتَبٍ الضَّبِّيِّ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ سَهْمِ بْنِ مِنْجَابٍ، عَنْ قَزَعَةَ، عَنِ الْقَرْثَعِ الضَّبِّيِّ عَنْ اَبِي اَيُّوبَ الْاَنْصَارِيِّ، فِي الْاَرْبَعِ الَّتِي قَبْلَ الظُّهْرِ، قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَا هَذِهِ الصَّلَاةُ الَّتِي اَدَمْتَ حِينَ تَزُولُ الشَّمْسُ؟ قَالَ: يَا اَبَا اَيُّوبَ اِنَّ اَبْوَابَ السَّمَاءِ تُفْتَحُ عِنْدَ زَوَالِ الشَّمْسِ، فَلَا تُرْتَجُ اَبْوَابُ السَّمَاوَاتِ حَتَّى يُصَلَّى الظُّهْرُ، قَالَ: يَقْرَاُ فِيهِنَّ؟، قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: يَفْصِلُ بَيْنَهُنَّ بِسَلَامٍ؟ قَالَ: لَا .

حضرت قرثع ضبی رضی اللہ عنہ جمعہ کی چار سنتوں کے متعلق حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ سے روایت کرکے بتاتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! یہ کون سی نماز ہے جس پر آپ ہمیشگی کرتے ہیں زوالِ شمس کے وقت؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے ابوایوب! آسمان کے دروازے زوالِ شمس کے وقت کھولے جاتے ہیں وہ آسمان کے دروازے نمازِ ظہر کے پڑھنے تک کھلے رہتے ہیں میں نے دریافت کیا: اس میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قرأت کرتے تھے؟ حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جی ہاں! میں نے دریافت کیا: ان میں سلام کرنے کے درمیان فاصلہ کرتے تھے؟ حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ نے فرمایا: نہیں!

قرثع عن ابی ایوب

حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ اَبِي الطَّاهِرِ بْنِ السَّرْحِ الْمِصْرِيُّ، ثنا يُوسُفُ بْنُ عَدِيٍّ، ثنا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ عُبَيْدَةَ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ سَهْمِ بْنِ مِنْجَابٍ، عَنْ قَزَعَةَ، عَنِ الْقَرْثَعِ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ الْاَنْصَارِيِّ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ظہر سے پہلے چار رکعتوں پر ہمیشگی کرتے تھے جس وقت سورج ڈھل جاتا تھا۔

---

3931- أوردہ نحوہ فی مسندہ جلد5صفحہ416، رقم الحدیث: 23579 عن قزعة عن القرثع الضبی عن أبی أیوب بہ .

وَسَلَّمَ: يُدِيمُ اَرْبَعَ رَكَعَاتٍ قَبْلَ الظُّهْرِ حِينَ تَزُولُ الشَّمْسُ - ثُمَّ ذَكَرَ مِثْلَهُ.

حَدَّثَنَا مَحْمُودُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى زَحْمَوَيْهِ، ثنا هُشَيْمٌ، عَنْ عُبَيْدَةَ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ سَهْمِ بْنِ مِنْجَابٍ، عَنْ قَزَعَةَ، عَنِ الْقَرْثَعِ الضَّبِّيِّ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ الْاَنْصَارِيِّ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُدْمِنُ اَرْبَعَ رَكَعَاتٍ عِنْدَ زَوَالِ الشَّمْسِ ثُمَّ ذَكَرَ نَحْوَهُ

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ سورج ڈھلنے کے وقت چار رکعتوں پر ہمیشگی کرتے تھے' پھر اس کے بعد حدیث ذکر کی۔

3932 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَيُّوبَ الْمُخَرِّمِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ الْمَقَابِرِيُّ، ثنا عَبَّادُ بْنُ عَبَّادٍ، ثنا الْمَسْعُودُ، عَنْ عَبْدِ الْخَالِقِ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ النَّخَعِيِّ، عَنْ سَهْمِ بْنِ مِنْجَابٍ، عَنْ قَرْثَعٍ اَوِ ابْنِ قَرْثَعٍ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ، قَالَ: لَمَّا نَزَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَيَّ رَاَيْتُهُ يُدِيمُ اَرْبَعًا قَبْلَ الظُّهْرِ وَقَالَ: اِنَّهُ اِذَا زَالَتِ الشَّمْسُ فُتِحَتْ اَبْوَابُ السَّمَاءِ فَلَا يُغْلَقُ مِنْهَا بَابٌ حَتَّى يُصَلَّى الظُّهْرُ فَاَنَا اُحِبُّ اَنْ يُرْفَعَ لِي فِي تِلْكَ السَّاعَةِ خَيْرٌ

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب حضور ﷺ میرے پاس تشریف لائے (ہجرت کے وقت) میں نے آپ کو ظہر سے پہلے چار رکعتوں پر ہمیشگی کرتے ہوئے دیکھا' آپ ﷺ نے فرمایا: جب سورج ڈھل جاتا ہے تو آسمان کے دروازے کھولے جاتے ہیں' وہ نمازِ ظہر پڑھنے تک کھلے رہتے ہیں' میں پسند کرتا ہوں کہ میرے نیک اعمال اس وقت پیش کیے جائیں۔

3933 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ التُّسْتَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مَنْصُورٍ الطُّوسِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ ثَابِتٍ الدَّهَّانُ، ثنا الْمُفَضَّلُ الْحَنَفِيُّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ مَسْرُوقٍ، عَنِ الْمُسَيَّبِ بْنِ رَافِعٍ، عَنِ الْقَرْثَعِ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَا هَذِهِ الْاَرْبَعُ رَكَعَاتٍ؟ قَالَ: هَذِهِ السَّاعَةُ فِيهَا

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! یہ چار رکعتیں کیا ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اس وقت آسمان کے دروازے کھولے جاتے ہیں' وہ نمازِ ظہر پڑھنے تک کھلے رہتے ہیں' میں پسند کرتا ہوں کہ میرے نیک اعمال اس وقت پیش کیے جائیں۔

تُفْتَحُ اَبْوَابُ السَّمَاءِ وَلَا تَرْتَجُّ حَتّٰى يُصَلَّى الظُّهْرُ فَاُحِبُّ اَنْ اُقَدِّمَ

## عَلِيُّ بْنُ الصَّلْتِ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ

## حضرت علی بن صلت' حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

3934 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا بِشْرُ بْنُ الْوَلِيدِ الْكِنْدِيُّ، ثنا شَرِيكٌ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنِ الْمُسَيَّبِ بْنِ رَافِعٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ الصَّلْتِ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ، اَنَّهُ كَانَ يُصَلِّي قَبْلَ الظُّهْرِ اَرْبَعًا، فَقِيلَ لَهُ؟ فَقَالَ: اِنِّي رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّيهَا فَسَاَلْتُهُ، فَقَالَ: اِنَّهَا سَاعَةٌ تُفْتَحُ فِيهَا اَبْوَابُ السَّمَاءِ، فَاُحِبُّ اَنْ يَرْتَفِعَ لِي فِيهَا عَمَلٌ صَالِحٌ

حضرت مرثد بن عبداللہ الیزنی فرماتے ہیں کہ حضرت دیلم حمیری رضی اللہ عنہ نے بتایا کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ سے پوچھا' عرض کی: یارسول اللہ! ہم ٹھنڈے ملک میں رہتے ہیں' ہم اپنے آپ کو مضبوط کرنے کے لیے شراب پیتے ہیں۔ حضور ﷺ نے فرمایا: کیا وہ نشہ دیتی ہے؟ عرض کی: جی ہاں! آپ ﷺ نے فرمایا: اس کے قریب بھی نہ جاؤ! پھر دوبارہ آپ سے پوچھا گیا تو آپ ﷺ نے فرمایا: کیا وہ نشہ دیتی ہے؟ عرض کی گئی: جی ہاں! آپ ﷺ نے فرمایا: اس کے قریب نہ جاؤ! عرض کی گئی: وہ اس کے بغیر نہیں رہ سکتے ہیں! آپ ﷺ نے فرمایا: جو اس کے بغیر نہ رہ سکے تو اس کو قتل کردو۔

**4091** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ

حضرت دیلم حمیری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے پوچھا' میں نے عرض کی:



**4090**- أورده أحمد في مسنده جلد4صفحه232 عن يزيد بن أبي حبيب عن مرثد بن عبد الله اليزني عن ديلم به .

التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ اَبِی شَيْبَةَ، قَالَا: ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا هَنَّادُ بْنُ السَّرِيِّ، وَاَبُو كُرَيْبٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِی حَبِيبٍ، عَنْ مَرْثَدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْيَزَنِيِّ، عَنْ دَيْلَمِ الْحِمْيَرِيِّ، قَالَ: سَاَلْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ شَرَابًا مِنْ هَذَا الْقَمْحِ نَتَقَوَّى بِهِ عَلَى اَعْمَالِنَا وَعَلَى بَرْدِ بِلَادِنَا، قَالَ: هَلْ يُسْكِرُ؟ قُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: فَاجْتَنِبُوهُ، ثُمَّ جِئْتُهُ مِنْ بَيْنِ يَدَيْهِ، فَقُلْتُ لَهُ مِثْلَ ذَلِكَ قَالَ: هَلْ يُسْكِرُ قُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: فَاجْتَنِبُوهُ قُلْتُ: اِنَّ النَّاسَ غَيْرُ تَارِكِيهِ قَالَ: فَاِنْ لَمْ يَتْرُكُوهُ فَاقْتُلُوهُمْ

یارسول اللہ! ہم گندم سے شراب بناتے ہیں' اس کے ذریعہ ہم اپنے آپ کو مضبوط کرتے ہیں اور ہم ٹھنڈے علاقے میں رہتے ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کیا وہ نشہ دیتی ہے؟ میں نے عرض کی: جی ہاں! آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اس سے بچو! پھر میں آپ کے سامنے سے آیا اور میں نے اس کے متعلق پوچھا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کیا وہ نشہ دیتی ہے؟ میں نے عرض کی: جی ہاں! آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اس سے بچو! میں نے عرض کی: یارسول اللہ! لوگ اس کو نہیں چھوڑیں گے! آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اگر وہ نہ چھوڑیں تو ان کو قتل کردو۔

**4092** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَرْوَزِيُّ، ثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِی حَبِيبٍ، وَعَيَّاشِ بْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ اَبِی الْخَيْرِ، عَنْ دَيْلَمِ الْجَيْشَانِيِّ، قَالَ: اَتَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اِنَّا بِاَرْضٍ بَارِدَةٍ شَدِيدَةِ الْبَرْدِ نَصْنَعُ بِهَا شَرَابًا مِنَ الْقَمْحِ اَفَيَحِلُّ شُرْبُهُ قَالَ: اَيُسْكِرُكُمْ؟ قُلْتُ: بَلَى، قَالَ: فَاِنَّهُ خَمْرٌ

حضرت دیلم الجیشانی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آیا' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم سخت ٹھنڈے علاقے میں رہتے ہیں' ہم گندم سے شراب بناتے ہیں' کیا اس کا پینا جائز ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ان کو اسکے پینے سے نشہ ہوتا ہے؟ میں نے عرض کی: کیوں نہیں! آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: وہ شراب ہے۔

## دُكَيْنُ بْنُ

## حضرت دکین بن سعید

# سَعِيدِ الْمُزَنِيُّ

4093 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا الْحُمَيْدِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ أَبِي خَالِدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ قَيْسًا، يَقُولُ: حَدَّثَنِي دُكَيْنُ بْنُ سَعِيدٍ، قَالَ: أَتَيْنَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي أَرْبَعِمِئَةِ رَاكِبٍ نَسْأَلُهُ الطَّعَامَ، فَقَالَ: يَا عُمَرُ اذْهَبْ فَأَطْعِمْهُمْ وَأَعْطِهِمْ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَا عِنْدِي إِلَّا آصُعٌ مِنْ تَمْرٍ مَا يُقَيِّتُهُنَّ عِيَالِي، فَقَالَ أَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: اسْمَعْ وَأَطِعْ، فَقَالَ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: سَمْعٌ وَطَاعَةٌ، فَانْطَلَقَ عُمَرُ حَتَّى أَتَى عُلِّيَّةً فَأَخْرَجَ مِفْتَاحًا مِنْ حُجْزَتِهِ فَفَتَحَهَا، فَقَالَ لِلْقَوْمِ: ادْخُلُوا، فَدَخَلُوا وَكُنْتُ آخِرَ الْقَوْمِ دُخُولًا فَأَخَّرْتُ ثُمَّ الْتَفَتُّ فَإِذَا مِثْلُ الْفَصِيلِ مِنَ التَّمْرِ.

حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَبِي نُمَيْرٍ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ دُكَيْنِ بْنِ سَعِيدٍ الْمُزَنِيِّ، قَالَ: جِئْنَا إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَسْأَلُهُ الطَّعَامَ وَنَحْنُ أَرْبَعُمِائَةِ رَاكِبٍ، فَذَكَرَ مِثْلَهُ.

حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عِقَالٍ

# المزنی رضی اللہ عنہ

حضرت دکین بن سعید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے پاس آئے‘ ہم چار سو سوار تھے ہم نے کھانا مانگا تو آپ ﷺ نے فرمایا: اے عمر! ان کو کھانا دو! حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! میرے پاس ایک صاع کھجوریں ہیں اور وہ میرے گھروالوں کے لیے کافی نہیں ہے۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: سنو اور اطاعت کرو! حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: سنا اور اطاعت کی۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ گھر چلے گئے اور اپنے گھر سے چابی لی جہاں کھجوریں رکھی تھیں ان کو کھولا‘ لوگوں سے کہا: داخل ہو جاؤ! وہ داخل ہوئے تو میں سب سے آخر میں داخل ہوا‘ میں پیچھے ہوا‘ پھر میں متوجہ ہوا تو کھجوریں فصیل کی مثل تھیں۔

حضرت دکین بن سعید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہم رسول کریم ﷺ کی طرف آئے تاکہ ہم آپ ﷺ سے کھانے کے بارے پوچھیں‘ جبکہ ہم چار سو سوار تھے۔ پھر اس کی مثل حدیث روایت کرتے ہیں۔

حضرت دکین بن سعید رضی اللہ عنہ‘ حضور ﷺ



4093- أورده الحميدي في مسنده جلد 2 صفحه 395‘ رقم الحديث: 893 عن اسماعيل بن أبي خالد عن قيس عن دكين بن سعيد به .

الْحَرَّانِيّ، حَدَّثَنَا اَبُو جَعْفَرٍ النُّفَيْلِيُّ، ثنا عِيسَى بْنُ يُونُسَ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ اَبِي حَازِمٍ، عَنْ دُكَيْنِ بْنِ سَعِيدٍ الْمُزَنِيّ، عَنِ النَّبِيّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ.

سے اس کی مثل حدیث روایت کرتے ہیں۔

ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ رَاهَوَيْهِ، ثنا اَبِي، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ اَبِي حَازِمٍ، عَنْ دُكَيْنِ بْنِ سَعِيدٍ، عَنِ النَّبِيّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

حضرت دکین بن سعید رضی اللہ عنہ حضور ﷺ سے اسی کی مثل حدیث روایت کرتے ہیں۔

# دِرْهَمُ اَبُو مُعَاوِيَةَ

# حضرت درہم ابومعاویہ رضی اللہ عنہ

4094- حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْاَسْفَاطِيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ طَلْحَةَ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ دِرْهَمٍ، اَنَّ دِرْهَمًا جَاءَ اِلَى النَّبِيّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: جِئْتُكَ اَسْتَفْتِيكَ فِي الْغَزْوِ، قَالَ: لَكَ اُمٌّ؟ ، قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: فَالْزَمْهَا

حضرت معاویہ بن درہم سے روایت ہے کہ حضرت درہم رضی اللہ عنہ حضور ﷺ کے پاس آئے اور عرض کی: میں آپ کے پاس جہاد میں شرکت کا پوچھنے کے لیے آیا ہوں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: تمہاری والدہ (زندہ ہیں)؟ عرض کی: جی ہاں! آپ ﷺ نے فرمایا: ان کی خدمت کرو۔

# بَابُ الذَّالِ

## مَنِ اسْمُهُ ذُؤَيْبٌ

## ذُؤَيْبُ بْنُ قَبِيصَةَ الْخُزَاعِيُّ اَبُو قَبِيصَةَ

# باب الذال

## جن کا نام ذؤیب ہے

## حضرت ذؤیب بن قبیصہ الخزاعی ابوقبیصہ بن ذؤیب

## بْنُ ذُؤَيْبٍ الْفَقِيهُ

## الفقیہ رضی اللہ عنہ

**4095** - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ سُوَيْدٍ الشِّبَامِيُّ، اَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ سِنَانِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ ذُؤَيْبٍ الْخُزَاعِيِّ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ مَعَهُ بِبَدَنَةٍ فَقَالَ: اِنْ عَطِبَ مِنْهَا شَيْءٌ فَخَشِيتَ مَوْتَهَا فَانْحَرْهَا، ثُمَّ اغْمِسْ نَعْلَهَا فِي دَمِهَا، ثُمَّ اضْرِبْ بِهَا صَفْحَتَهَا وَلَا تَطْعَمْ مِنْهَا اَنْتَ وَلَا اَحَدٌ مِنْ اَهْلِ رُفْقَتِكَ وَاقْسِمْهَا

حضرت ذؤیب الخزاعی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کے ساتھ قربانی کا اونٹ بھیجا' آپ نے فرمایا. اس سے کوئی شی ہلاک ہونے لگے' اس کے مرنے کا خوف ہو تو اس کو ذبح کر لینا' پھر اس کے پاؤں خون میں ڈبونا' پھر اس کو اس کے جسم پر ملنا' اس سے کوئی شی نہ کھانا' نہ تیرے ساتھیوں میں سے کسی میں اس کو تقسیم کرنا۔

**4096** - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رُزَيْقِ بْنِ جَامِعٍ الْمِصْرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ هِشَامٍ السَّدُوسِيُّ، ثنا خَالِدُ بْنُ الْحَارِثِ، ح وَحَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، قَالَا: ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، قَالَا: ثنا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ، قَالُوا: ثنا سَعِيدُ بْنُ اَبِي عَرُوبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ سِنَانِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ ذُؤَيْبًا الْخُزَاعِيَّ، حَدَّثَهُ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَبْعَثُ مَعَهُ بِالْبُدْنِ ثُمَّ يَقُولُ: اِنْ عَطِبَ مِنْهَا شَيْءٌ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے: حضرت ذؤیب الخزاعی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کے ساتھ قربانی کا اونٹ بھیجا' آپ نے فرمایا. اس میں سے کوئی شی ہلاک ہو جائے اور اس کے مرنے کا خوف ہو تو اس کو ذبح کر لینا' پھر اس کو اس کے جسم پر ملنا' اس میں سے کوئی شی نہ کھانا' نہ تیرے ساتھیوں میں سے کوئی کھائے' اس کو تقسیم کرنا۔ یہ الفاظ یزید بن زریع کی حدیث کے ہیں اور حضرت خالد بن حارث نے کہا: ذؤیب بن قبیصہ۔



4095- اخرج نحوه مسلم في صحيحه جلد 2 صفحه 963' رقم الحديث: 1326 عن سنان بن سلمة عن ابن عباس عن ذؤيب به .

فَخَشِيتَ مَوْتًا فَانْحَرْهَا، ثُمَّ اغْمِسْ نَعْلَهَا فِي دَمِهَا، ثُمَّ اضْرِبْ بِهَا صَفْحَتَهَا وَلَا تَطْعَمْ مِنْهَا اَنْتَ وَلَا اَحَدٌ مِنْ اَهْلِ رُفْقَتِكَ وَاقْسِمْهَا . وَاللَّفْظُ لِحَدِيثِ يَزِيدَ بْنِ زُرَيْعٍ وَقَالَ خَالِدُ بْنُ الْحَارِثِ: ذُؤَيْبُ بْنُ قَبِيصَةَ

**4097** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَبُو كُرَيْبٍ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ هِشَامٍ، عَنْ حَمْزَةَ الزَّيَّاتِ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، حَدَّثَنِي ذُؤَيْبٌ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا حَضَرَ قَالَتْ صَفِيَّةُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ لِكُلِّ امْرَاَةٍ مِنْ نِسَائِكَ اَهْلٌ يُلْجَأُ اِلَيْهِمْ وَاِنَّكَ اَجْلَيْتَ اَهْلِي، فَاِنْ حَدَثَ حَدَثٌ فَاِلَى مَنْ؟ قَالَ: اِلَى عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت ذؤیب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ تشریف لائے' حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: یارسول اللہ! عورتوں میں سے ہر ایک عورت کا کوئی گھر والا ہے کہ ان سے پناہ لی جائے' میرے گھر والا نہیں ہے' اگر کوئی معاملہ پیش آئے تو کس سے پناہ لوں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: علی بن ابو طالب سے۔

## ذُؤَيْبٌ الْعَنْبَرِيُّ

## حضرت ذؤیب عنبری رضی اللہ عنہ

**4098** - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، ثنا عَطَاءُ بْنُ خَالِدِ بْنِ الزُّبَيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رُدَيْحِ بْنِ ذُؤَيْبٍ الْعَنْبَرِيُّ، بِالْبَصْرَةِ، حَدَّثَنِي اَبِي خَالِدٌ، عَنْ اَبِيهِ الزُّبَيْرِ، عَنْ اَبِيهِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ اَبِيهِ رُدَيْحٍ، عَنْ اَبِيهِ ذُؤَيْبٍ، اَنَّ وَفْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

حضرت ذؤیب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ کا وفد اُم زبیب کے پاس سے گزرا' اُنہوں نے اس کا غالیچہ پکڑ لیا' حضرت زبیب جلدی چل کر نبی کریم ﷺ سے جا ملے اور عرض کی: اے اللہ کے رسول! وفد نے میری ماں کا غالیچہ پکڑ لیا ہے۔ رسول

---

4097- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد9 صفحه112 وقال: رواه الطبراني ورجاله رجال الصحيح .

4098- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد4 صفحه173 وقال: رواه أبو داؤد من حديث زبيب نفسه وهذا من حديث ذؤيب وقد بينه صاحب الأطراف' ورواه الطبراني في الكبير والأوسط وفيه جماعة لم أعرفهم .

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرُّوا بِأُمِّ زُبَيْبٍ، فَأَخَذُوا زِرْبِيَّتَهَا فَلَحِقَ زُبَيْبٌ بِالنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ أَخَذَ الْوَفْدُ زِرْبِيَّةَ أُمِّي، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: رُدُّوا عَلَيْهِ زِرْبِيَّةَ أُمِّهِ، فَأَخَذَ مِنَ الَّذِي أَخَذَ زِرْبِيَّةَ أُمِّهِ صَاعًا مِنْ شَعِيرٍ وَسَيْفَهُ ومِنْطَقَتَهُ، ثُمَّ رَفَعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَهُ فَمَسَحَ بِهَا رَأْسَ زُبَيْبٍ ثُمَّ قَالَ: بَارَكَ اللّٰهُ فِيكَ يَا غُلَامُ وَبَارَكَ لِأُمِّكَ . قَالَ مُوسَى بْنُ هَارُونَ: الزِّرْبِيَّةُ: مَفْرَشٌ أَثْقَلُ مِنَ الزيلوية، قَالَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: (وَزَرَابِيُّ مَبْثُوثَةٌ) (الغاشية: 16)- يَعْنِي مَبْسُوطَةٌ-

کریم ﷺ نے فرمایا: اس کی ماں کا غالیچہ اسے واپس کردو۔ پس آپ نے اس سے لے لیا جس نے اس کی ماں کا غالیچہ پکڑا تھا‘ جو کے ایک صاع سے اور اس کی تلوار اور اس کا کمر بند۔ پھر رسول کریم ﷺ نے اپنا ہاتھ اُٹھایا‘ حضرت زبیب کے سر پہ ٹکایا‘ پھر فرمایا: اے بچے! اللہ تجھے برکت دے اور تیری ماں کو بھی برکت دے۔ حضرت موسیٰ بن ہارون کا قول ہے: زربیہ کا معنی ہے: بچھونا جو زیلویہ سے زیادہ بھاری ہوتا ہے‘ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: ”وَزَرَابِيُّ مَبْثُوثَةٌ“ یعنی بچھی ہوئی۔

**4099** - حَدَّثَنَا، مُوسَى بْنُ هَارُونَ، حَدَّثَنَا عَطَاءُ بْنُ خَالِدٍ، حَدَّثَنِي أَبِي خَالِدٍ، عَنْ أَبِيهِ الزُّبَيْرِ، عَنْ أَبِيهِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِيهِ رُدَيْحٍ، عَنْ أَبِيهِ ذُؤَيْبٍ، أَنَّ عَائِشَةَ قَالَتْ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ إِنِّي أُرِيدُ عَتِيقًا مِنْ وَلَدِ إِسْمَاعِيلَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَصْدًا، فَقَالَ لَهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: انْتَظِرِي حَتَّى يَجِيءَ فَيْءُ الْعَنْبَرِ غَدًا فَجَاءَ فَيْءُ الْعَنْبَرِ، فَقَالَ لَهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: خُذِي مِنْهُمْ أَرْبَعَةَ غِلْمَةٍ صِبَاحٍ مِلَاحٍ لَا تُخْبَأُ مِنْهُمُ الرُّءُوسُ . قَالَ عَطَاءُ بْنُ خَالِدٍ: فَأَخَذَتْ جَدِّي رُدَيْحًا وَأَخَذَتْ ابْنَ عَمِّي سَمُرَةَ وَأَخَذَتْ

حضرت ذؤیب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: اے اللہ کے نبی! میں ارادۃً حضرت اسماعیل کی اولاد سے آزاد کا ارادہ رکھتی ہوں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: انتظار کرو حتیٰ کہ کل قبیلہ عنبر کا مالِ غنیمت آ جائے۔ پس بنوعنبر کا مالِ غنیمت آ گیا‘ تو نبی کریم ﷺ نے ان سے فرمایا: ان میں سے چار غلام صبیح ملیح لے لو‘ جن کے سر چھپے نہ ہوں۔ حضرت عطاء بن خالد فرماتے ہیں: پس حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے ایک میرا دادا رُدیح کو لیا۔ میرے چچا کے بیٹے سمرہ کو میرے چچازاد بھائی رخیا کو اور میرے خالو زبیب کو لیا‘ پھر نبی کریم ﷺ نے ہاتھ

---

**4099**- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد10صفحه47 وقال: رواه الطبراني في الكبير والأوسط وقال فيه: خذى أربعة غلمة صباح . وفيه جماعة لم أعرفهم .

ابْنَ عَمِّي رخيا وَاَخَذْتُ خَالِي زَبِيبًا، ثُمَّ رَفَعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَهُ فَمَسَحَ بِهَا رُءُ وسَهُمْ وَبَرَّكَ عَلَيْهِمْ ثُمَّ قَالَ: هَؤُلَاءِ يَا عَائِشَةُ مِنْ وَلَدِ اِسْمَاعِيلَ قَصْدًا

اُٹھا کر ان کے سروں پر پھیرا اور ان پر برکت کی دعا کی۔ پھر فرمایا: اے عائشہ! یہ حضرت اسماعیل کی ارادی اولاد سے ہیں۔

## ذَكْوَانُ مَوْلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

## رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے غلام حضرت ذکوان رضی اللہ عنہ

وَقَدِ اخْتُلِفَ فِي اسْمِهِ فَقِيلَ مِهْرَانُ وَقِيلَ طَهْمَانُ

ان کے نام میں اختلاف کیا گیا ہے' بعض نے مہران بتایا ہے اور بعض نے طہمان۔

4100 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، حَدَّثَنَا مِنْجَابُ بْنُ الْحَارِثِ، ثنا شَرِيكٌ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، قَالَ: أُوصِي إِلَيَّ بِشَيْءٍ لِبَنِي هَاشِمٍ فَأَتَيْتُ أَبَا جَعْفَرٍ بِالْمَدِينَةِ فَبَعَثَنِي إِلَى امْرَأَةٍ مِنْهُمُ ابْنَةٌ لِعَلِيٍّ عَجُوزٌ كَبِيرَةٌ، فَقَالَ: حَدَّثَنِي مَوْلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُقَالُ لَهُ طَهْمَانُ، أَوْ ذَكْوَانُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ الصَّدَقَةَ لَا تَحِلُّ لِي وَلَا لِأَهْلِ بَيْتِي وَإِنَّ مَوْلَى الْقَوْمِ مِنْ أَنْفُسِهِمْ

حضرت عطاء بن سائب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ بنی ہاشم کے لیے کسی شی کی وصیت کرا! میں ابوجعفر کے پاس مدینہ میں آیا' انہوں نے مجھے ایک عورت کی طرف بھیجا' ان میں سے علی کی بیٹی تھیں' جو بہت بزرگ تھیں' کہا کہ مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے غلام نے بتایا جن کا نام طہمان یا ذکوان ہے' وہ کہتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: زکوٰۃ میرے لیے اور میرے گھر والوں کے لیے جائز نہیں اور قوم کا غلام ان میں شریک ہوتا ہے۔

## ذَكْوَانُ بْنُ عَبْدِ قَيْسٍ الْاَنْصَارِيُّ بَدْرِيٌّ اسْتُشْهِدَ يَوْمَ اُحُدٍ

## حضرت ذکوان بن عبد قیس انصاری بدری رضی اللہ عنہ' اُحد کے دن شہید کیے گئے تھے

4101 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ

حضرت ابن شہاب فرماتے ہیں کہ جو عقبہ میں

سُلَيْمَانَ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُسَيِّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ: فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ الْعَقَبَةَ مِنَ الْاَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي زُرَيْقٍ ذَكْوَانُ بْنُ عَبْدِ قَيْسِ بْنِ خَلْدَةَ

انصار میں سے شریک ہوئے اُن کے ناموں میں سے ایک نام بنی زریق سے ذکوان بن عبدقیس بن خلدہ کا بھی ہے۔

**4102** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ: فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ الْعَقَبَةَ مِنَ الْاَنْصَارِ ثُمَّ مِنْ، بَنِي زُرَيْقٍ ذَكْوَانُ بْنُ عَبْدِ قَيْسِ بْنِ خَلْدَةَ، وَكَانَ خَرَجَ مِنَ الْمَدِينَةِ اِلَى مَكَّةَ مُهَاجِرًا اِلَى اللّٰهِ وَقَدْ شَهِدَ بَدْرًا

حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ انصار اور بنی زریق میں سے جو عقبہ میں شریک ہوئے اُن کے ناموں میں سے ایک نام ذکوان بن عبدقیس بن خلدہ بھی ہے آپ مدینہ سے مکہ کی طرف ہجرت کر کے نکلے اللہ کی رضا کے لیے اور بدر میں شریک ہوئے تھے۔

**4103** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ: فِي تَسْمِيَةِ مَنِ اسْتُشْهِدَ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ اُحُدٍ مِنَ الْاَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي زُرَيْقٍ ذَكْوَانُ بْنُ عَبْدِ قَيْسٍ

حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ اُحد کے دن انصار میں سے جو رسول اللہ ﷺ کے ساتھ شہید کیے گئے اور بنی زریق سے تعلق رکھنے والے اُن کے ناموں میں سے ایک نام ذکوان بن عبدقیس کا بھی ہے۔

**4104** - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُسَيِّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ: فِي تَسْمِيَةِ مَنِ اسْتُشْهِدَ يَوْمَ اُحُدٍ مِنَ الْاَنْصَارِ ثُمَّ مِنْ بَنِي زُرَيْقٍ ذَكْوَانُ بْنُ عَبْدِ قَيْسٍ

حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ اُحد کے دن انصار میں سے جو رسول اللہ ﷺ کے ساتھ شہید کیے گئے اور بنی زریق سے تعلق رکھنے والے اُن کے ناموں میں سے ایک نام ذکوان بن عبدقیس کا بھی ہے۔



## ذَرْعٌ اَبُو طَلْحَةَ

## حضرت ذرع ابوطلحہ الخولانی رضی

## الْخَوْلَانِيُّ وَقَدِ اخْتُلِفَ فِي صُحْبَتِهِ

4105 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، ثنا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَرَّاقُ، ثنا أَبُو عُمَرَ الضَّرِيرُ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي سِنَانَ عِيسَى، عَنْ أَبِي طَلْحَةَ الْخَوْلَانِيِّ وَاسْمُهُ ذَرْعٌ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَكُونُ جُنُودٌ أَرْبَعَةٌ، فَعَلَيْكُمْ بِالشَّامِ، فَإِنَّ اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ قَدْ تَكَفَّلَ لِي بِالشَّامِ

## اللہ عنہ آپ کے صحابی ہونے میں اختلاف کیا گیا ہے

حضرت ابوطلحہ الخولانی ان کا نام ذرع ہے فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: لشکر چار ہیں، تم پر ملک شام میں سکونت لازم ہے کیونکہ اللہ عزوجل نے مجھے ملک شام کی کفالت کی ضمانت دی ہے۔

## ذُو الْيَدَيْنِ وَيُقَالُ اسْمُهُ الْخِرْبَاقُ وَيُكْنَى أَبَا الْعُرْيَانِ

4106 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عِمْرَانَ بْنِ أَبِي لَيْلَى، حَدَّثَنَا أَبُو شَيْبَةَ، عَنِ الْحَكَمِ، قَالَ: قَالَ عَمَّارٌ: كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلَاثَةً، كُلُّنَا أَضْبَطُ . قِيلَ لِأَبِي شَيْبَةَ: مَا الْأَضْبَطُ؟ قَالَ: الَّذِي يَعْمَلُ بِيَدَيْهِ، ذُو الشِّمَالَيْنِ وَعُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ، وَأَبُو لَيْلَى

## حضرت ذوالیدین ان کا نام خرباق بھی بتایا جاتا ہے ان کی کنیت ابوعریان ہے

حضرت عمار رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم تین افراد رسول اللہ ﷺ کے ساتھ تھے ہم ضبط کرتے تھے ابوشیبہ سے عرض کی گئی: اضبط سے مراد کیا ہے؟ اُنہوں نے فرمایا: وہ جو اپنے ہاتھ سے کام کرتا ہو دو ہاتھوں والے حضرت عمر بن خطاب اور ابولیلیٰ رضی اللہ عنہما۔

4107 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مَعْدِي بْنُ

حضرت مطیر فرماتے ہیں کہ کیا میں تمہیں بتاؤں؟ فرمایا: اے ابوجان! آپ نے مجھے بتایا کہ آپ سے

4107- أورده أحمد في مسنده جلد4صفحه77 عن شعيب بن مطير عن أبيه عن ذي اليدين به .

سُلَيْمَانَ، ثنا شُعَيْثُ بْنُ مَطِيرٍ، عَنْ اَبِيهِ مَطِيرٍ، وَمُطَيْرٌ حَاضِرٌ يُصَدِّقُهُ بِمَقَالَتِهِ قَالَ: كَيْفَ كُنْتُ اَخْبَرْتُكَ؟ قَالَ: يَا اَبَتَاهُ اَخْبَرْتَنِي اَنَّهُ لَقِيَكَ ذُو الْيَدَيْنِ بِذِي خَشَبٍ، فَاَخْبَرَكَ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى بِهِمْ اِحْدَى صَلَاتَيِ الْعَشِيِّ، وَهِيَ الْعَصْرُ فَصَلَّى رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ سَلَّمَ وَخَرَجَ سَرَعَانُ النَّاسِ، وَهُمْ يَقُولُونَ: قَصُرَتِ الصَّلَاةُ وَقَامَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاتَّبَعَهُ اَبُو بَكْرٍ وَعُمَرُ رَحِمَهَا اللّٰهُ، فَلَحِقَهُ ذُو الْيَدَيْنِ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اَقَصُرَتِ الصَّلَاةُ اَمْ نَسِيتَ؟، فَقَالَ: مَا قَصُرَتِ الصَّلَاةُ وَمَا نَسِيتُ ثُمَّ اَقْبَلَ عَلَى اَبِي بَكْرٍ، وَعُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا فَقَالَ: مَا يَقُولُ ذُو الْيَدَيْنِ فَقَالَا: صَدَقَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَرَجَعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَثَابَ النَّاسُ، فَصَلَّى رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ سَلَّمَ ثُمَّ سَجَدَ سَجْدَتَيِ السَّهْوِ

مقامِ ذی خشب میں ذوالیدین ملے ہیں؟ اُنہوں نے بتایا کہ رسول اللہ ﷺ نے رات کی نمازوں میں سے کوئی نماز پڑھائی' یا وہ نمازِ عصر تھی تو آپ ﷺ نے دو رکعتیں پڑھائیں پھر سلام پھیرا' لوگ جلدی سے نکلے' وہ کہنے لگے: نماز میں کمی کا حکم ہوا' رسول اللہ ﷺ کھڑے ہوئے' آپ کے پیچھے حضرت ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما بھی آئے' ان کو حضرت ذوالیدین رضی اللہ عنہ ملے' عرض کی: یارسول اللہ! کیا نماز میں کمی ہوئی ہے یا آپ بھلا دیئے گئے ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: نہ نماز میں کمی ہوئی ہے نہ میں بھلایا گیا ہوں! پھر آپ حضرت ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما کی طرف متوجہ ہوئے' آپ ﷺ نے فرمایا: ذوالیدین کیا کہتا ہے؟ دونوں نے کہا: سچ کہتا ہے! حضور ﷺ واپس تشریف لائے اور لوگوں میں واپس آئے' آپ نے دو رکعتیں دوبارہ پڑھائیں' پھر سلام پھیرا اور دو سجدے سہو کے کیے۔

حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ، عَنْ اَبِي قِلَابَةَ، عَنْ اَبِي الْمُهَلَّبِ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ، قَالَ: سَلَّمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي ثَلَاثِ رَكَعَاتٍ مِنَ الْعَصْرِ فَدَخَلَ فَقَالَ لَهُ رَجُلٌ يُقَالُ لَهُ الْخِرْبَاقُ وَكَانَ طَوِيلَ الْيَدَيْنِ فَقَالَ: اَقَصُرَتِ الصَّلَاةُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ فَخَرَجَ مُغْضَبًا يَجُرُّ رِدَاءَهُ فَقَالَ: اَصَدَقَ؟ قَالُوا: نَعَمْ،

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے عصر کی تین رکعتیں پڑھائیں اور آپ گھر داخل ہوئے' ایک آدمی نے عرض کی جس کا نام خرباق تھا' ان کے دونوں ہاتھ لمبے تھے' عرض کی: یارسول اللہ! کیا نماز میں کمی کا حکم ہوا ہے؟ آپ ﷺ حالتِ غصہ میں چادر گھسیٹتے ہوئے نکلے' آپ ﷺ نے فرمایا: کیا یہ سچ بولتا ہے؟ صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! جی ہاں! آپ نے اور رکعت پڑھائی' اس

فَقَامَ فَصَلَّى تِلْكَ الرَّكْعَةَ، فَذَكَرَ مِثْلَهُ

کے بعد اوپر والی حدیث ذکر کی۔

**4108** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا قَطَنُ بْنُ نُسَيْرٍ، حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، ثنا الْمُعَلَّى بْنُ زِيَادٍ الْقُرْدُوسِيُّ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ صُهَيْبٍ، قَالَ: كُنْتُ مَعَ الْحَسَنِ فَمَرَّ بِهِ رَجُلٌ فَحَدَّثَهُ، قَالَ: قَالَ ذُو الْيَدَيْنِ: يَا مَعْشَرَ الْاَنْصَارِ اَلَيْسَ اَمَرَكُمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ تَصْبِرُوا حَتَّى تَلْقَوْهُ؟

حضرت عبدالعزیز بن صہیب فرماتے ہیں کہ میں حضرت حسن رضی اللہ عنہ کے ساتھ تھا' ان کے پاس سے ایک آدمی گزرا' اس نے بتایا کہ حضرت ذوالیدین رضی اللہ عنہ نے کہا: اے انصار کے گروہ! کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تم کو صبر کرنے کا حکم نہیں دیا تھا یہاں تک کہ آپ سے تم ملو؟

## ذُو مَخْمَرٍ وَيُقَالُ مَخْبَرُ بْنُ اَخِي النَّجَاشِيِّ

## حضرت ذومخمر' آپ کا نام مخبر بن اخی النجاشی بھی ہے

**4109** - حَدَّثَنَا اَبُو زَيْدٍ اَحْمَدُ بْنُ يَزِيدَ الْحَوْطِيُّ، ثنا اَبُو الْيَمَانِ الْحَكَمُ بْنُ نَافِعٍ، ثنا حَرِيزُ بْنُ عُثْمَانَ، عَنْ رَاشِدِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ اَبِي حَيٍّ الْمُؤَذِّنِ، عَنْ ذِي مَخْبَرٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَانَ هَذَا الْاَمْرُ فِي حِمْيَرَ فَنَزَعَهُ اللّٰهُ مِنْهُمْ فَصَيَّرَهُ فِي قُرَيْشٍ

حضرت مخبر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یہ معاملہ اصل میں حمیر میں تھا' ان سے لے کر قریش میں رکھ دیا۔

**4110** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ دَاوُدَ الْمَكِّيُّ، ثنا

حضرت ذومخمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں

---

**4108**- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد10صفحه38 وقال: رواه الطبراني وتابعيه لم يسم وبقية رجاله رجال الصحيح .

**4109**- أورده أحمد في مسنده جلد4صفحه91 عن راشد بن سعد عن أبي حي عن ذي مخبر به .

**4110**- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 1صفحه320 وقال: روى أبو داؤد منه طرفا يسيرًا رواه الطبراني في الكبير وفيه العباس بن عبد الرحمٰن روى عنه داؤد بن أبي هند ولم أر له راو وغيره وروى هو عن جماعة من الصحابة .

قَيْسُ بْنُ حَفْصٍ الدَّارِمِيُّ، ثنا مَسْلَمَةُ بْنُ عَلْقَمَةَ الْمَازِنِيُّ، ثنا دَاوُدُ بْنُ اَبِي هِنْدٍ، عَنِ الْعَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، مَوْلَى بَنِي هَاشِمٍ، ثنا ذُو مَخْمَرٍ ابْنِ اَخِي النَّجَاشِيِّ، قَالَ: كُنْتُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي غَزَاةٍ فَسَرَّوْا مِنَ اللَّيْلِ مَا سَرَّوْا، ثُمَّ نَزَلُوا، فَاَتَانِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَاذَا مَخْمَرٍ، قُلْتُ: لَبَّيْكَ رَسُولَ اللّٰهِ وَسَعْدَيْكَ فَاَخَذَ بِرَاْسِ نَاقَتِي وَقَالَ: اقْعُدْ هٰهُنَا وَلَا تَكُونَنَّ لُكَاعًا اللَّيْلَةَ فَاَخَذْتُ بِرَاْسِ النَّاقَةِ، فَغَلَبَتْنِي عَيْنَايَ، فَنِمْتُ وَانْسَلَّتِ النَّاقَةُ، فَذَهَبَتْ فَلَمْ اَسْتَيْقِظْ اِلَّا بِحَرِّ الشَّمْسِ، فَاَتَانِي النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا ذَا مَخْمَرٍ، قُلْتُ: لَبَّيْكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ وَسَعْدَيْكَ قَالَ: كُنْتَ وَاللّٰهِ اللَّيْلَةَ لُكَعَ كَمَا قُلْتُ، فَتَنَحَّيْنَا عَنْ ذٰلِكَ الْمَكَانِ فَصَلَّى بِنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا قَضَى الصَّلَاةَ دَعَا اَنْ تُرَدَّ النَّاقَةُ، فَجَاءَتْ بِهَا عِصَارُ رِيحٍ تَسُوقُهَا، فَلَمَّا كَانَ مِنَ الْغَدِ حِينَ بَرَقَ الْفَجْرُ اَمَرَ بِلَالًا فَاَذَّنَ، ثُمَّ اَمَرَهُ فَاَقَامَ ثُمَّ صَلَّى بِنَا، فَلَمَّا قَضَى الصَّلَاةَ قَالَ: هٰذِهِ صَلَاتُنَا بِالْاَمْسِ ثُمَّ ائْتَنَفَ صَلَاةَ يَوْمِهِ ذٰلِكَ

ایک غزوہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ تھا' آپ رات کو چلے جتنا چلے' پھر اُترے' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میرے پاس تشریف لائے' آپ نے فرمایا: اے مخمر! میں نے عرض کی: یارسول اللہ! حاضر ہوں اور سعادت آپ کے لیے ہے' آپ نے میری اونٹنی کا سر پکڑا اور فرمایا: یہاں بیٹھو! رات کو حفاظت کرو! میں نے اونٹنی کا سر پکڑا' مجھ پر نیند غالب آ گئی' میں سو گیا' اونٹنی کی نکیل چھوڑی وہ چلی گئی' میں سورج کی گرمی سے جاگا' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میرے پاس آئے اور آپ نے فرمایا: اے مخمر! میں نے عرض کی: یارسول اللہ! حاضر ہوں اور سعادت آپ کے لیے ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ کی قسم! آج رات تم نے حفاظت ایسے ہی کی جس طرح میں نے کہا تھا' اس جگہ سے ہم نے کوچ کا ارادہ کیا' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہمیں نماز پڑھائی' جب نماز مکمل فرمائی تو آپ نے اونٹنی کے واپس آنے کی دعا کی' وہ اس حالت میں آئی کہ اس کے تیز چلنے کی آواز آ رہی تھی' جب دوسرے دن کی فجر طلوع ہوئی تو آپ نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو اذان کا حکم دیا' پھر آپ نے اقامت کا حکم دیا' پھر آپ نے ہم کو نماز پڑھائی' جب نماز مکمل فرمائی تو آپ نے فرمایا: یہ ہماری کل والی نماز ہے' پھر اس دن کی نماز پڑھائی۔

**4111** - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ عِيسَى بْنِ الْمُنْذِرِ الْحِمْصِيُّ، ثنا اَبِي، ثنا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيدِ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ: حَدَّثَنِي رَاشِدُ بْنُ سَعْدٍ،

حضرت ذومخمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: روم والوں سے آپ لوگ امن والی صلح کریں گے یہاں کہ تم اور وہ مل کر دشمن سے

حَدَّثَنِي ذُو مِخْمَرٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تُصَالِحُونَ الرُّومَ صُلْحًا آمِنًا حَتَّى تَغْزُونَ أَنْتُمْ وَهُمْ عَدُوًّا فَتُنْصَرُونَ فَتَنْزِلُونَ فِي مَرْجٍ ذِي تُلُولٍ

لڑائی کرو گے' تمہاری مدد کی جائے گی تم ٹیلوں والی' کشادہ اور چراگاہوں والی زمین مرج میں اترو گے۔



**4112** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا عِيسَى بْنُ يُونُسَ، عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ، عَنْ حَسَّانَ بْنِ عَطِيَّةَ، ثنا خَالِدُ بْنُ مَعْدَانَ، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ، عَنْ ذِي مِخْبَرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: سَتُصَالِحُونَ الرُّومَ صُلْحًا آمِنًا، ثُمَّ تَغْزُونَ أَنْتُمْ وَهُمْ عَدُوًّا، فَتُنْصَرُونَ وَتَغْنَمُونَ وَتَسْلَمُونَ، ثُمَّ تَنْصَرِفُونَ حَتَّى تَنْزِلُوا مَرْجًا ذِي تُلُولٍ فَيَرْفَعُ رَجُلٌ مِنْ أَهْلِ النَّصْرَانِيَّةِ صَلِيبًا فَيَقُولُ غَلَبَ الصَّلِيبُ فَيَغْضَبُ رَجُلٌ مِنَ الْمُسْلِمِينَ فَيَقُومُ إِلَيْهِ فَيَدُقُّهُ فَعِنْدَ ذَلِكَ تَغْدِرُ الرُّومُ وَيَجْتَمِعُونَ لِلْمَلْحَمَةِ

حضرت ذی مخبر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: روم والوں سے عنقریب آپ امن والی صلح کریں گے' لوگ اور وہ دونوں مل کر ایک دشمن سے لڑو گے' تمہاری مدد کی جائے' مالِ غنیمت ملے گا اور تم سلامت رہو گے' پھر تم واپس چلو گے اور تم ٹیلوں والی کھلی چراگاہ میں اترو گے' نصرانیوں میں سے ایک آدمی صلیب لے کر چڑھے گا' وہ کہے گا: صلیب غالب آ گئی! مسلمانوں میں سے ایک آدمی غصہ میں آئے گا' وہ اس کی طرف اُٹھ کھڑا ہو گا' وہ اس کو توڑ دے گا' روم کے لوگ غداری کریں گے' بڑی جنگ کے لیے جمع ہوں گے۔

**4113** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ بْنِ نَجْدَةَ، ثنا أَبِي، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي عَمْرٍو السَّيْبَانِيِّ، عَنْ ذِي مِخْبَرٍ ابْنِ أَخِي النَّجَاشِيِّ، أَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت ذی مخبر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ اُنہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ تم روم سے دس سال کیلئے امن کی صلح کرو گے' دو سال وہ وفا کریں گے' تیسرے سال میں غداری کریں گے یا

---

4112- أورده أبو داؤد في سننه جلد4صفحه109' رقم الحديث: 4292 عن خالد بن معدان عن جبير بن نفير عن ذي مخبر به .

4113- أورده أبو بكر الشيباني في الآحاد والمثاني جلد 5صفحه123' رقم الحديث: 2663 عن اسماعيل بن أبي رافع عن ابن محيريز عن ذي مخبر به .

وَسَلَّمَ يَقُولُ: تُصَالِحُونَ الرُّومَ عَشْرَ سِنِينَ صُلْحًا آمِنًا، يَفُونَ سَنَتَيْنِ وَيَغْدِرُونَ فِي الثَّالِثَةِ، أَوْ يَفُونَ أَرْبَعًا وَيَغْدِرُونَ فِي الْخَامِسَةِ، فَيَنْزِلُ جَيْشًا مِنْكُمْ فِي مَدِينَتِهِمْ فَتَغْزُونَ أَنْتُمْ وَهُمْ عَدُوًّا مِنْ وَرَائِكُمْ وَوَرَائِهِمْ، فَتُقَاتِلُونَ ذَلِكَ الْعَدُوَّ، فَيَفْتَحُ اللّٰهُ لَكُمْ، فَتَنْصَرِفُونَ بِمَا أَصَبْتُمْ مِنْ أَجْرٍ وَغَنِيمَةٍ، فَتَنْزِلُونَ بِمَرْجٍ، ذِي تُلُولٍ، فَيَقُولُ قَائِلُكُمْ: اللّٰهُ غَلَبَ، وَيَقُولُ قَائِلُهُمُ الصَّلِيبُ غَلَبَ، فَيَتَدَاوَلُونَهَا فَيَغْضَبُ الْمُسْلِمُونَ، وَصَلِيبُهُمْ مِنْهُمْ غَيْرُ بَعِيدٍ، فَيَثُورُ ذَلِكَ الْمُسْلِمُ إِلَى صَلِيبِهِمْ فَيَدُقُّهُ، وَيَبْرُزُونَ إِلَى كَاسِرِ صَلِيبِهِمْ، فَيَضْرِبُونَ عُنُقَهُ، فَتَثُورُ تِلْكَ الْعِصَابَةُ مِنَ الْمُسْلِمِينَ إِلَى أَسْلِحَتِهِمْ، وَيَثُورُ الرُّومُ إِلَى أَسْلِحَتِهِمْ، فَيَقْتُلُونَ تِلْكَ الْعِصَابَةَ مِنَ الْمُسْلِمِينَ يُسْتَشْهَدُونَ، فَيَأْتُونَ مَلِكَهُمْ فَيَقُولُونَ: قَدْ كَفَيْنَاكَ حَدَّ الْعَرَبِ وَبَأْسَهُمْ، فَمَاذَا تَنْتَظِرُ؟ فَيَجْمَعُ لَكُمْ حَمْلَ امْرَأَةٍ ثُمَّ يَأْتُونَكُمْ تَحْتَ ثَمَانِينَ غَايَةٍ تَحْتَ كُلِّ غَايَةٍ اثْنَا عَشَرَ أَلْفًا

چار سال وفا کریں گے اور پانچویں سال میں غداری کریں گے' تم میں سے ایک گروہ ان کے شہر میں اُترے گا' تم اور وہ ایک دشمن سے جہاد کرو گے' اللہ تمہیں فتح دے گا' وہ تمہارے پیچھے اورتم ان کے پیچھے ہو گے' تم اُس دشمن سے لڑو گے' اللہ عزوجل تم کو فتح دے گا' تم واپس آؤ گے اس کے ساتھ جوتم کوثواب اور غنیمت ملے گا' پھرتم ٹیلوں والی کھلی زمین میں اُترو گے' تمہارا کہنے والا کہے گا: اللہ غالب آیا ہے۔ ان کا کہنے والا کہے گا: صلیب غالب آ گئی' وہ مسلسل اس بات کا ذکرکریں گے۔ مسلمان غصہ میں آئیں گے' صلیب ان سے دور نہ ہو گی' مسلمان صلیب تک پہنچیں گے' اس کو توڑ دیں گے اورصلیب توڑنے والے کی طرف کواُٹھا کر آئیں گے' اس کی گردن اُڑائیں گے' مسلمانوں میں سے ایک گروہ اسلحہ کی طرف آئے گا اور وہ بھی اپنے اسلحہ کی طرف آئیں گے' مسلمانوں کے ایک گروہ کوقتل کریں گے' شہید کیے جائیں گے' وہ اپنے بادشاہ کے پاس آئیں گے' وہ کہیں گے: ہم عرب کی حد اوران کی جنگ کیلئے آپ کو کافی ہیں' ہم کس کا انتظار کررہے ہیں؟ تمہارے لیے ایک عورت کو اُٹھانے کے لیے جمع ہوں گے' پھر اسّی مقاصد کے تحت آئیں گے' ہر غایت کے تحت بارہ ہزارتک ہوں گے۔



حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ بْنِ نَجْدَةَ الْحَوْطِيُّ، ثنا أَبِي، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ رَافِعٍ، عَنِ ابْنِ مُحَيْرِيزٍ، عَنْ ذِي

حضرت ذی مخبر رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اسی طرح کی حدیث روایت کرتے ہیں۔

مَخْبَرِ ابْنِ اَخِي النَّجَاشِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْمُعَلَّى الدِّمَشْقِيُّ، ثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ شُعَيْبٍ، ح وَحَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ دُحَيْمٍ الدِّمَشْقِيُّ، ثنا اَبِي، ثنا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، قَالَا: ثنا حَرِيزُ بْنُ عُثْمَانَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ صُلَيْحٍ، عَنْ ذِي مَخْبَرٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ

حضرت ذی مخبر رضی اللہ عنہ، حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اسی طرح کی حدیث روایت کرتے ہیں۔

**4114** - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ الْبَاقِي الْمِصِّيصِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَوْفٍ الْحِمْصِيُّ، ثنا هَاشِمُ بْنُ عَمْرٍو الْحِمْصِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، حَدَّثَنِي سَعِيدُ بْنُ سِنَانَ، عَنْ اَبِي الزَّاهِرِيَّةِ، عَنْ ذِي مَخْبَرٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ اطَّلَعَ اِلَى اَهْلِ الْمَدِينَةِ وَهِيَ بَطْحَاءُ قَبْلَ اَنْ تُعَمَّرَ لَيْسَ فِيهَا مَدَرَةٌ وَلَا وَبَرٌ، فَقَالَ: يَا اَهْلَ يَثْرِبَ اِنِّي مُشْتَرِطٌ عَلَيْكُمْ ثَلَاثًا وَسَائِقٌ اِلَيْكُمْ مِنْ كُلِّ الثَّمَرَاتِ لَا تَعْصِي وَلَا تَغْلِي وَلَا تَكَبَّرِي، فَاِنْ فَعَلْتِ شَيْئًا مِنْ ذَلِكَ تَرَكْتُكَ كَالْجَزُورِ لَا يَمْتَنِعُ مِنْ اَكْلِهِ

حضرت ذی مخبر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ عزوجل نے مدینہ والوں کی طرف رحمت کی توجہ فرمائی، وہ بطحاء میں تھے، اس کو آباد کرنے سے پہلے اس میں کوئی مٹی کا گھر اور دیہات ڈیرہ وغیرہ نہیں تھا، فرمایا: اے یثرب کے رہنے والو! میں تم پر تین شرطیں لگاتا ہوں، تم پر ہر قسم کا پھل بھیجوں گا، تم نافرمانی نہ کرنا اور غلو اور تکبر نہ کرنا، اگر تم نے یہ کام کیا تو میں تم کو چھوڑ دوں گا جس طرح کہ ایک اونٹ اس کے کھانے سے کسی کو روکا نہیں جاتا ہے۔

## ذُو اللِّحْيَةِ الْكِلَابِيُّ بْنُ عَمْرِو بْنِ قُرْطِ بْنِ اَبِي بَكْرِ بْنِ

## حضرت ذو اللحیہ الکلابی بن عمرو بن قرط بن ابی بکر بن عبد اللہ بن کلاب

# عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ كِلَابِ

**4115** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَمُّويَهِ اَبُو سَيَّارٍ التُّسْتَرِيُّ، ثنا شَبَّابٌ الْعُصْفُرِيُّ، ثنا سَهْلُ بْنُ اَسْلَمَ الْعَدَوِيُّ، ثنا يَزِيدُ بْنُ اَبِي مَنْصُورٍ، عَنْ ذِي اللِّحْيَةِ الْكِلَابِيِّ، اَنَّهُ سَاَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَعْمَلُ فِي اَمْرٍ مُسْتَاْنَفٍ اَوْ اَمْرٍ قَدْ فُرِغَ مِنْهُ؟ قَالَ: بَلْ فِي اَمْرٍ قَدْ فُرِغَ مِنْهُ قَالَ: فَفِيمَ الْعَمَلُ؟ قَالَ: اعْمَلُوا فَكُلٌّ مُيَسَّرٌ لِمَا خُلِقَ لَهُ

**4116** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا يَحْيَى بْنُ مَعِينٍ، ثنا اَبُو عُبَيْدَةَ الْحَدَّادُ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِي مَنْصُورٍ، عَنْ ذِي اللِّحْيَةِ الْكِلَابِيِّ، اَنَّهُ قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اَنَعْمَلُ فِي اَمْرٍ مُسْتَاْنَفٍ اَوْ اَمْرٍ قَدْ فُرِغَ مِنْهُ؟ قَالَ: لَا بَلْ فِي اَمْرٍ قَدْ فُرِغَ مِنْهُ قَالَ: فَفِيمَ الْعَمَلُ؟ قَالَ: اعْمَلُوا فَكُلٌّ مُيَسَّرٌ لِمَا خُلِقَ لَهُ

# ذُو الْاَصَابِعِ
# وَهُوَ ذُو الزَّوَائِدِ

**4117** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْمُعَلَّى الدِّمَشْقِيُّ، ثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ شُعَيْبٍ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ عَطَاءٍ، اَنَّ زِيَادَ بْنَ اَبِي سَوْدَةَ حَدَّثَهُ، عَنْ اَبِي عِمْرَانَ، عَنْ ذِي الْاَصَابِعِ،

# رضی اللہ عنہ

حضرت ذی اللحیہ الکلابی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پوچھا: کیا ہم ایسے معاملہ میں عمل کریں یا ایسے کام کے متعلق جولکھ دیا گیا ہے؟ آپ نے فرمایا: وہ معاملہ کرو جس کو لکھ دیا گیا ہے' عرض کی: پھر عمل کرنے کی کیا ضرورت ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: عمل کرو جس کے لیے وہ پیدا کیا گیا' وہ عمل اس کے لیے آسان کر دیا جائے گا۔

حضرت ذی اللحیہ الکلابی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پوچھا: کیا ہم ایسے معاملہ میں عمل کریں یا ایسے کام کے متعلق جولکھ دیا گیا ہے؟ آپ نے فرمایا: وہ معاملہ کرو جس کو لکھ دیا گیا ہے' عرض کی: پھر عمل کرنے کی کیا ضرورت ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: عمل کرو جس کے لیے وہ پیدا کیا گیا' وہ عمل اس کے لیے آسان کر دیا جائے گا۔

# حضرت ذوالاصابع'
# یہ ذوالزوائد ہیں

حضرت ابوعمران سے روایت ہے کہ حضرت ذی اصابع رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! اگر ہم کو آپ کے بعد باقی رکھ کر آزمایا گیا تو آپ ہم کو کیا حکم دیتے ہیں؟ آپ نے فرمایا: تم بیت المقدس چلے جانا'



---

4115- أورده أحمد في مسنده جلد4صفحه67 عن سهل بن أسلم عن يزيد بن أبي منصور عن ذي اللحية به .

4117- أورد نحوه احمد في مسنده جلد4صفحه67 عن أبي عمران عن ذي الأصابع به .

اَنَّهُ قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اِنِ ابْتُلِينَا بِالْبَقَاءِ بَعْدَكَ فَمَا تَأْمُرُنَا؟ فَقَالَ: عَلَيْكَ بِبَيْتِ الْمَقْدِسِ لَعَلَّ اللّٰهُ اَنْ يَرْزُقَكَ ذُرِّيَّةً تَغْدُو اِلَيْهِ وَتَرُوحُ

یقیناً اللہ عزوجل تمہیں ایسی اولاد عطا فرمائے گا' جو کو صبح و شام اس کی طرف جائے گی۔

**4118** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا الْحَكَمُ بْنُ مُوسَى، ثنا ضَمْرَةُ بْنُ رَبِيعَةَ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَطَاءٍ، عَنْ اَبِي عِمْرَانَ، عَنْ ذِي الْاَصَابِعِ، قَالَ: قُلْنَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ اِنِ ابْتُلِينَا بَعْدَكَ بِالْبَقَاءِ اَيْنَ تَأْمُرُنَا؟، قَالَ: عَلَيْكُمْ بِبَيْتِ الْمَقْدِسِ، فَلَعَلَّهُ اَنْ يَنْشَأَ لَكُمْ ذُرِّيَّةٌ يَغْدُونَ اِلَى ذَلِكَ الْمَسْجِدِ، وَيَرُوحُونَ

حضرت ذی اصابع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم نے رسول اللہ ﷺ سے عرض کی: اگر ہم آپ کے بعد زندہ رکھ کر آزمائے گئے تو آپ ہمیں کہاں کا حکم دیتے ہیں؟ آپ نے فرمایا: تم بیت المقدس چلے جانا' ہوسکتا ہے کہ تمہارے لیے اولاد ہو جو صبح و شام اس مسجد کی طرف جائیں گے۔

**4119** - حَدَّثَنَا اَبُو عَامِرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ النَّحْوِيُّ الصُّورِيُّ، ثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثنا سُلَيْمُ بْنُ مَطِيرٍ مِنْ اَهْلِ وَادِي الْقُرَى، عَنْ اَبِيهِ، سَمِعْتُ ذَا الزَّوَائِدِ، يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامَ حَجَّةِ الْوَدَاعِ اَمَرَ النَّاسَ وَنَهَاهُمْ ثُمَّ قَالَ: هَلْ بَلَّغْتُ؟ قَالُوا: اللّٰهُمَّ نَعَمْ، قَالَ: اللّٰهُمَّ اشْهَدْ ثُمَّ قَالَ: خُذُوا الْعَطَاءَ مَا دَامَ غَضًّا فَاِذَا تَجَاحَفَتْ، قُرَيْشٌ بَيْنَهَا الْمُلْكُ وَصَارَ الْعَطَاءُ رِشَاءً عَنْ دِينِكُمْ فَدَعُوهُ

حضرت ذاالزوائد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حجۃ الوداع کے سال رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا' آپ نے لوگوں کو حکم بھی دیا اور منع بھی کیا' پھر فرمایا: کیا میں نے پہنچایا؟ اُنہوں نے عرض کی: اللہ کی قسم! جی ہاں! آپ ﷺ نے فرمایا: اے اللہ! تم گواہ رہنا! پھر فرمایا: یہ عطا لے لو جب تک تر رہے گی' جب خشک ہو جائے گی' قریش کے درمیان بادشاہی ہو گی' اور عطا تمہارے دین کے حوالے سے رسّی کی مانند ہوگئی ہے' اس کو چھوڑ دو۔

## بَابُ الرَّاءِ
## مَنِ اسْمُهُ رَافِعٌ

## باب الراء
## جس کا نام رافع ہے

---

**4119**- أورد نحوه أبو بكر الشيباني في الآحاد والمثاني جلد 5 صفحه 104' رقم الحديث: 2646 عن سليم بن مطير عن أبيه عن ذي الزوائد به .

# رَافِعُ بْنُ خَدِيجِ بْنِ رَافِعِ الْاَنْصَارِيُّ يُكْنَى اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ مِنْ اَخْبَارِهِ

# حضرت رافع بن خدیج بن رافع انصاری' آپ کی کنیت ابوعبداللہ ہے' آپ کی حدیثیں

**4120** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ الْاَسَدِيُّ، ثنا اَبِي، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ رَافِعٍ، قَالَ: رَاَيْتُ رَافِعَ بْنَ خَدِيجٍ، يَخْضِبُ بِالصُّفْرَةِ

حضرت عثمان بن عبیداللہ بن رافع فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ کو دیکھا' آپ نے زرد رنگ کا خضاب لگایا ہوا تھا۔

**4121** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ حُمَيْدِ بْنِ كَاسِبٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ طَلْحَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حُسَيْنٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ اَنَّهُ خَرَجَ يَوْمَ اُحُدٍ، فَاَرَادَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَدَّهُ فَاسْتَصْغَرَهُ، فَقَالَ لَهُ عَمِّي: يَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّهُ رَامٍ، فَاَخْرَجَهُ فَاَصَابَهُ سَهْمٌ فِي صَدْرِهِ اَوْ نَحْرِهِ، فَاَتَى عَمُّهُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: اِنَّ ابْنَ اَخِي اُصِيبَ بِسَهْمٍ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنْ تَدَعْهُ فِيهِ فَيَمُوتَ مَاتَ شَهِيدًا . قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ حُسَيْنٍ: وَحَدَّثَتْنِي امْرَاَتُهُ اَنَّهَا كَانَتْ تَرَاهُ يَغْتَسِلُ فَيَتَحَرَّكُ فِي صَدْرِهِ

حضرت عبداللہ بن حسین اپنے والد سے' وہ ان کے دادا حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ وہ اُحد کے دن نکلے' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے واپس کرنے کا ارادہ کیا اور ان کو چھوٹا قرار دیا' میرے چچا نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کی: یارسول اللہ! یہ تیرانداز ہے! پس آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کو نکلنے کی اجازت دی' میرے چچا حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آئے' عرض کی: میرے بھتیجے کو تیر لگ گیا ہے' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اگر آپ اس تیر کو چھوڑتے ہیں اور مر جاتا ہے تو یہ شہادت کی موت مرے گا۔ حضرت عبداللہ بن حسین فرماتے ہیں: مجھے ان کی بیوی نے بتایا کہ اس نے اس کو غسل کرتے وقت دیکھا پس وہ ان کے سینہ میں حرکت کر رہا تھا۔



---

4121- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد6صفحه108 وقال: رواه الطبراني وفيه من لم أعرفه .

**4122** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا الْحَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ ح، وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّمَّارُ، ثنا أَبُو الْوَلِيدِ، وَمُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ، قَالُوا: ثنا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ الْوَاشِجِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ بْنِ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، عَنْ جَدَّتِهِ وَهِيَ امْرَأَةُ رَافِعٍ، أَنَّ رَافِعًا رُمِيَ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ أُحُدٍ أَوْ يَوْمَ خَيْبَرَ - شَكَّ عَمْرٌو- بِسَهْمٍ فِي ثَنْدُوَتِهِ فَأَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ انْزِعِ السَّهْمَ قَالَ: يَا رَافِعُ إِنْ شِئْتَ نَزَعْتُ السَّهْمَ وَالْقُطْبَةَ جَمِيعًا، وَإِنْ شِئْتَ نَزَعْتُ السَّهْمَ وَتَرَكْتُ الْقُطْبَةَ وَشَهِدْتُ لَكَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ أَنَّكَ شَهِيدٌ، قَالَ: فَنَزَعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ السَّهْمَ وَتَرَكَ الْقُطْبَةَ، فَعَاشَ بِهَا حَتَّى كَانَ فِي خِلَافَةِ مُعَاوِيَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَانْتَقَضَ بِهِ الْجُرْحُ، فَمَاتَ بَعْدَ الْعَصْرِ، فَأَتَى ابْنُ عُمَرَ فَقِيلَ: يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ مَاتَ رَافِعُ بْنُ خَدِيجٍ، فَتَرَحَّمَ عَلَيْهِ قَالَ: إِنَّ مِثْلَ رَافِعٍ لَا يُخْرَجُ بِهِ حَتَّى يُؤْذَنَ مَنْ حَوْلَ الْمَدِينَةِ مِنَ الْقُرَى، فَلَمَّا خَرَجْنَا بِجَنَازَتِهِ، فَصُلِّيَ عَلَيْهِ، جَاءَ ابْنُ عُمَرَ حَتَّى جَلَسَ عَلَى رَأْسِ الْقَبْرِ، فَصَرَخَتْ مَوْلَاةٌ لَنَا فَقَالَ ابْنُ عُمَرَ: مَا لِلسَّفِيهَةِ مِنْ أَحَدٍ لَا تُؤْذِي الشَّيْخَ فَإِنَّهُ لَا

حضرت یحییٰ بن عبدالحمید بن رافع بن خدیج اپنی دادی حضرت رافع کی بیوی سے روایت کرتے ہیں کہ اُحد کے دن رافع نے رسول اللہﷺ کے ساتھ تیراندازی کی' یا خیبر کے دن' عمرو کو شک ہے' تیر ان کو سینہ میں لگا' حضورﷺ کے پاس آئے اور عرض کی: یارسول اللہ! تیر نکالیں! آپﷺ نے فرمایا: اے رافع! اگر تم چاہو تو میں تیر کو نکالتا ہوں اور اس کی پیکان چھاتی ہی میں لگی چھوڑ دیتا ہوں اور اگر تُو چاہے تو تیر اور پیکان دونوں نکال دوں' میں تیرے لیے قیامت کے دن گواہی دوں گا تیرے شہید ہونے کی۔ حضورﷺ نے تیر نکالا اور پیکان چھوڑ دیا' وہ اسی کے ساتھ زندہ رہے' حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے خلافت کے دوران ان کا زخم زیادہ ہوا اور عصر کے بعد وصال کر گئے۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما آئے اور عرض کی: اے ابوعبدالرحمٰن! رافع بن خدیج کا وصال ہو گیا' اس کے لیے دعا کریں۔ رافع کی مثال کوئی پیدا نہیں ہو گا' یہاں تک کہ مدینہ کے اردگرد بستیوں میں اعلان ہوا' جب ہم ان کا جنازہ لے کر نکلے تو ان کی نمازِ جنازہ پڑھی' حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ قبر کے کنارے بیٹھے' ہماری لونڈی چلائی' حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا: اس بیوقوف عورت کو روکنے والا کوئی نہیں ہے؟ شیخ کو تکلیف نہ دو کیونکہ اللہ کے عذاب کا کوئی بدلہ نہیں



**4122**- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **9** صفحه **346** وقال: رواه الطبراني وامرأة رافع ان كانت صحابية والا فانني لم أعرفها وبقية رجاله ثقات .

يَدِينُ لَهُ بِعَذَابِ اللّٰهِ

ہے۔

**4123** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ سِنَانَ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ مُحَمَّدِ الزُّهْرِيُّ، ثنا رِفَاعَةُ بْنُ هُرَيْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَدِّي، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: جِئْتُ اَنَا وَعَمِّي اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يُرِيدُ بَدْرًا، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اِنِّي اُرِيدُ اَنْ اَخْرُجَ مَعَكَ فَجَعَلَ يَقْبِضُ يَدَهُ وَيَقُولُ: اِنِّي اَسْتَصْغِرُكَ وَلَا اَدْرِي مَا تَصْنَعُ اِذَا لَقِيتَ الْقَوْمَ، فَقُلْتُ: اَتَعْلَمُ اَنْ اَرْمِيَ مَنْ رَمَى؟، فَرَدَّنِي

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں اور میرا چچا حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آیا' آپ بدر کی طرف جانا چاہتے تھے' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں آپ کے ساتھ جانا چاہتا ہوں' آپ نے میرا ہاتھ پکڑا' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں تمہیں کمزور دیکھتا ہوں' مجھے معلوم نہیں ہے کہ جب قوم سے لڑو گے تو تم کیا کرو گے؟ میں نے عرض کی: آپ کو کیا معلوم کہ میں تیر اندازی کرنے والا ہوں۔ مجھے آپ نے واپس کر دیا۔

**4124** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا اَبُو كَامِلٍ الْجَحْدَرِيُّ، ثنا خَالِدُ بْنُ يَزِيدَ الْهَدَادِيُّ، حَدَّثَنِي اَبُو عَمْرٍو، اَنَّهُ شَهِدَ جَنَازَةَ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ وَنِسَاءٌ يَبْكِينَ فَقَامَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ فَقَالَ: اِنَّ رَافِعَ بْنَ خَدِيجٍ شَيْخٌ كَبِيرٌ لَا طَاقَةَ لَهُ بِعَذَابِ اللّٰهِ

حضرت ابوعمرو فرماتے ہیں کہ وہ حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ کے جنازہ میں شریک ہوئے' عورتیں رو رہی تھیں' حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے اور فرمایا: رافع بن خدیج بہت بزرگ ہیں' ان کے عذاب کو لینے کی طاقت نہیں رکھتا ہے۔

**4125** - حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنْبَاعِ رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ، ثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: تُوُفِّيَ رَافِعُ بْنُ خَدِيجٍ سَنَةَ ثَلَاثٍ وَسَبْعِينَ بِالْمَدِينَةِ

حضرت یحییٰ بن بکیر فرماتے ہیں: حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ کا وصال 73 ہجری میں مدینہ میں ہوا۔

**4126** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الْمَدِينِيُّ فُسْتُقَةُ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعِيدِ الْجَوْهَرِيُّ، عَنِ الْوَاقِدِيِّ، قَالَ: وَفِيهَا مَاتَ رَافِعُ بْنُ خَدِيجٍ فِي اَوَّلِ هَذِهِ السَّنَةِ وَحَضَرَ ابْنُ عُمَرَ رَحِمَهُ اللّٰهُ

حضرت واقدی فرماتے ہیں کہ حضرت رافعبن خدیج رضی اللہ عنہ اس سال کے شروع میں فوت ہوئے' آپ کے جنازہ میں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما شریک ہوئے' یعنی 73 ہجری میں' حضرت رافع رضی اللہ عنہ

جِنَازَتَهُ- يَعْنِي سَنَةَ ثَلَاثٍ وَسَبْعِينَ- وَكَانَ لِرَافِعٍ يَوْمَ مَاتَ سِتٌّ وَثَمَانُونَ

کے وصال کا دن 86 سال کی عمر میں ہوا۔

**4127**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، قَالَ: مَاتَ رَافِعُ بْنُ خَدِيجٍ فِي سَنَةِ أَرْبَعٍ وَسَبْعِينَ فِي أَوَّلِهَا

حضرت محمد بن عبداللہ بن نمیر فرماتے ہیں کہ حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ کا وصال 74 ہجری میں ہوا۔

## وَمَا أَسْنَدَ رَافِعُ بْنُ خَدِيجٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، عَنْ رَافِعٍ

## حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ کی حدیثیں حضرت عبداللہ بن عمر' حضرت رافع رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

**4128**- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ يَقُولُ مَا كُنَّا نَكْرَهُ الْمُزَارَعَةَ حَتَّى، سَمِعْتُ رَافِعَ بْنَ خَدِيجٍ، يَقُولُ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْمُزَارَعَةِ

حضرت عمرو بن دینار فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کو فرماتے ہوئے سنا کہ ہم کھیتیاں کرایہ پر دینے کو ناجائز نہیں سمجھتے تھے' جب میں نے حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کھیتی کو کرایہ پر دینے سے منع کیا۔

**4129**- حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ح وَحَدَّثَنَا أَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْأَزْرَقُ،

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ ہم کرایہ پر دیتے تھے' ہم اس میں کوئی قباحت نہیں سمجھتے تھے' جب حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ نے دعا کی



---

**4128**- أورد نحوه أبو داؤد في سننه جلد 3صفحه257' رقم الحديث: 3389 عن عمرو بن دينار عن ابن عمر عن رافع بن خديج به .

**4129**- أورده ابن ماجه في سننه جلد 2صفحه819' رقم الحديث: 2450 عن عمرو بن دينار عن ابن عمر عن رافع بن خديج به .

قَالَا: ثنا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: كُنَّا نُخَابِرُ وَلَا نَرَى بَأْسًا حَتَّى زَعَمَ رَافِعُ بْنُ خَدِيجٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْهُ وَتَرَكْنَاهُ مِنْ اَجْلِ قَوْلِهِ

تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس سے منع کیا اور ہم نے ان کی بات سے چھوڑ دیا۔

**4130** - حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ يَعْقُوبَ الْقَاضِي، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، ح وَحَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، قَالَا: ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ، يَقُولُ: كُنَّا لَا نَرَى بِالْخِبْرِ بَأْسًا حَتَّى كَانَ عَامَ اَوَّلٍ فَزَعَمَ رَافِعُ بْنُ خَدِيجٍ، اَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْهُ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ ہم کرایہ پر دیتے تھے، ہم اس میں کوئی قباحت نہیں سمجھتے تھے، جب حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ نے دعا کی تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس سے منع کیا۔

**4131** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، ح وَحَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، قَالَا: ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، ثنا اَيُّوبُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ، يَقُولُ: مَا كُنَّا نَرَى بِالْخِبْرِ بَأْسًا، حَتَّى زَعَمَ رَافِعُ بْنُ خَدِيجٍ عَامَ اَوَّلٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْهُ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ ہم کرایہ پر دیتے تھے، ہم اس میں کوئی قباحت نہیں سمجھتے تھے، جب حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ نے دعا کی تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس سے منع کیا اور ہم نے ان کی بات سے چھوڑ دیا۔

**4132** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِي خَيْثَمَةَ، ثنا عُمَرُ بْنُ يَحْيَى الْاُبُلِّيُّ ثنا عَبْدُ الْوَارِثِ، ثنا اَيُّوبُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: كُنَّا لَا نَرَى بِالْخِبْرِ بَأْسًا، فَقَالَ رَافِعُ بْنُ خَدِيجٍ: نَهَانَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ ہم کرایہ پر دیتے تھے، ہم اس میں کوئی قباحت نہیں سمجھتے تھے، جب حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ نے دعا کی تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس سے منع کیا۔

4133 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ اَيُّوبَ، عَنْ اَبِی الْخَلِيلِ، عَنْ مُجَاهِدٍ، قَالَ: قَالَ ابْنُ عُمَرَ لَقَدْ مَنَعَنَا رَافِعُ بْنُ خَدِيجٍ نَفْعَ اَرْضِنَا

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: ہمیں رافع بن خدیج نے زمین کرایہ پر دینے سے منع کیا۔

4134 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نَاجِيَةَ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ مَنْصُورٍ، ثنا اَبُو عَاصِمٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِينَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ كِرَاءِ الْاَرْضِ

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے زمین کرایہ پر دینے سے منع کیا۔

4135 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ مُكْرَمٍ، ثنا مَحْمُودُ بْنُ غَيْلَانَ، ثنا النَّضْرُ بْنُ شُمَيْلٍ، اَنَا اَشْعَثُ، عَنِ ابْنِ سِيرِينَ، اَنَّ ابْنَ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ: كُنَّا لَا نَرَى بِكِرَاءِ الْاَرْضِ بَاْسًا حَتَّى حَدَّثَنَا رَافِعُ بْنُ خَدِيجٍ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ كِرَاءِ الْاَرْضِ

4193 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْجَهْمِ السَّمُرِيُّ، ثنا الْوَلِيدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ سِكِّينٍ، حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ يَعْقُوبَ السَّلْعِيُّ، ثنا ابْنُ عَوْنٍ، عَنْ نَافِعٍ، أَنَّ ابْنَ عُمَرَ كَانَ يَأْخُذُ كَرْيَ الْأَرْضِ حَتَّى، حَدَّثَهُ رَافِعُ بْنُ خَدِيجٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نَهَى عَنْ كَرْيِ الْأَرْضِ

حضرت نافع فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما زمین کرائے پر دیتے تھے‘ آپ کو معلوم ہوا کہ حضرت رافع رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے زمین کرائے پر دینے سے منع کیا ہے۔

4194 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ الْمُعَلَّى الدِّمَشْقِيُّ، وَالْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، قَالَا: ثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثنا يَحْيَى بْنُ حَمْزَةَ، حَدَّثَنِي الْأَوْزَاعِيُّ، حَدَّثَنِي حَفْصُ بْنُ عَنَانَ، عَنْ نَافِعٍ مَوْلَى ابْنِ عُمَرَ أَنَّهُ حَدَّثَهُ قَالَ: كَانَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، يُكْرِي أَرْضَهُ بِبَعْضِ مَا يَخْرُجُ مِنْهَا، فَبَلَغَهُ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے غلام حضرت نافع فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما زمین سے نکلنے والی پیداوار کے کچھ حصہ کے بدلے اپنی زمین کرائے پر دیا کرتے تھے‘ پس آپ کو یہ بات پہنچی کہ حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ اس کے علاوہ ذکر کرتے ہیں اور انہوں نے کہا ہے کہ رسول

اَنَّ رَافِعَ بْنَ خَدِيجٍ يَذْكُرُ غَيْرَ ذٰلِكَ، وَقَالَ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ ذٰلِكَ، وَقَالَ: قَدْ كُنَّا نُكْرِى الْاَرْضَ قَبْلَ اَنْ نَعْرِفَ حَدِيثَ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، ثُمَّ وَجَدَ فِي نَفْسِهِ، فَوَضَعَ يَدَهُ عَلَى مَنْكِبِي حَتَّى دَفَعْنَا اِلَى رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، فَقَالَ لَهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ: سَمِعْتَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْهَى عَنْ كَرْيِ الْاَرْضِ؟، فَقَالَ رَافِعٌ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاِلَّا فَاَعْمَى اللّٰهُ هَاتَيْنِ يَقُولُ: لَا تُكْرُوا الْاَرْضَ بِشَيْءٍ

کریم ﷺ نے اس سے منع کیا ہے۔ (اس کے بعد) آپ فرماتے: رافع بن خدیج کی حدیث کی پہچان حاصل ہونے سے قبل ہم بھی زمین کرائے پر دیا کرتے تھے (پھر آپ کے دل میں کوئی بات آئی۔ پس آپ نے اپنا ہاتھ میرے کندھے پر رکھا) یہاں تک کہ ہم نے یہ معاملہ حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ کے حوالے کر دیا۔ پس حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے ان سے فرمایا: کیا آپ نے رسول کریم ﷺ سے سنا کہ آپ ﷺ نے زمین کرائے پر دینے سے منع کیا۔ پس حضرت رافع نے جواب دیا: میں نے رسول کریم ﷺ سے سنا ہے کہ اگر میں نے نہ سنا ہو (اور میں بیان کرتا ہوں) تو اللہ تعالیٰ میری ان دو آنکھوں کو اندھا کر دے، رسول کریم ﷺ فرماتے: کسی چیز کے بدلے اپنی زمین کرائے پر مت دو۔

**4195** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ النَّضْرِ الْعَسْكَرِيُّ، ثنا حَكِيمُ بْنُ سَيْفٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِي اُنَيْسَةَ، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ عُتَيْبَةَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نَهَى عَنْ كَرْيِ الْاَرْضِ

حضرت نافع روایت فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما' حضرت رافع رضی اللہ عنہ سے روایت بیان کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے زمین کرائے پر دینے سے منع کیا ہے۔

**4196** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، ثنا اَبُو الْاَشْعَثِ، ثنا الْفُضَيْلُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ نَافِعٍ، اَنَّ رَافِعَ بْنَ خَدِيجٍ، اَخْبَرَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ وَهُوَ مُتَّكِءٌ عَلَى يَدَيَّ اَنَّ عُمُومَتَهُ

حضرت نافع روایت فرماتے ہیں کہ حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کو خبر دی اس حال میں کہ وہ میرے ہاتھوں پر ٹیک لگائے ہوئے تھے کہ ان کے چچا نے ان کو آکر بتایا کہ

جاءُ وا اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ رَجَعُوا اِلَى رَافِعٍ بَعْدَمَا رَوَوْا اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نَهَى عَنْ كَرْىِ الْمَزَارِعِ

وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں آئے' پھر رافع کی طرف لوٹے یہ دیکھنے کے بعد کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے زمین کرائے پر دینے سے منع کیا ہے۔

**4197** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ الْقَطَّانُ، ثنا سُوَيْدُ بْنُ عَمْرٍو الْكَلْبِيُّ، ثنا زُهَيْرٌ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ الْحُرِّ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّهُ كَانَ يُكْرِى اَرْضَهُ حَتَّى لَقِيَهُ رَافِعٌ فَاَخْبَرَهُ: بِنَهْيِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ ذٰلِكَ . قَالَ نَافِعٌ: وَاَنَا مَعَ ابْنِ عُمَرَ حِينَ سَاَلَ رَافِعًا

حضرت نافع روایت فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما زمین کرائے پر دیتے تھے' یہاں تک کہ وہ حضرت رافع رضی اللہ عنہ سے ملے انہوں نے آپ کو خبر دی کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے زمین کرائے پر دینے سے منع کیا ہے۔

**4198** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، ثنا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، اَنَا خَالِدٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ نَافِعٍ، اَنَّ ابْنَ عُمَرَ، كَانَ يُكْرِى الْمَزَارِعَ حَتَّى حَدَّثَهُ رَافِعُ بْنُ خَدِيجٍ، عَنْ بَعْضِ عُمُومَتِهِ: اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ كَرْىِ الْاَرْضِ، فَتَرَكَهُ ابْنُ عُمَرَ

حضرت نافع روایت فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما زمین کرائے پر دیتے تھے یہاں تک کہ حضرت رافع رضی اللہ عنہ نے آپ کو اپنے ایک چچا سے روایت کر کے حدیث سنائی کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے زمین کرائے پر دینے سے منع کیا ہے۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما ایسا کرنے سے رُک گئے۔

**4199** - حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفِرْيَابِيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ بْنِ سَوْرَةَ، ثنا الْهَيْثَمُ بْنُ خَارِجَةَ، قَالَا: ثنا مُحَمَّدُ بْنُ حِمْيَرٍ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ اَبِي عَبْلَةَ، اَنَا اَبَانُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ نَافِعٍ، قَالَ: خَرَجْتُ مَعَ طَاوُسٍ اِلَى رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ فَسَاَلَهُ طَاوُسٌ عَنْ كَرْىِ الْاَرْضِ فَقَالَ: كُنَّا نُعْطِي الْاَرْضَ بِالنِّصْفِ وَالثُّلُثِ عَلَى مَا فِي الرَّبِيعِ وَعَلَى مَا فِي الْبَعْلِ

حضرت نافع فرماتے ہیں کہ میں حضرت طاؤس کی معیت میں حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ کی طرف نکلا' پس حضرت طاؤس نے ان سے زمین کے کرائے پر دینے کے متعلق دریافت کیا۔ کہا انہوں نے کہ ہم نصف یا تہائی کے بدلے زمین دیتے تھے' اس پر جو موسم بہار میں ہوتا ہے اور اس پر جو نز میں ہوتا ہے۔ پس رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس سے منع فرما دیا۔ پس جب وہ یہ کہہ کر فارغ ہوئے تو حضرت طاؤس نے

فَنَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ ذٰلِكَ، فَلَمَّا انْصَرَفَ ضَرَبَ طَاوُسٌ عَلَى يَدَيَّ فَقَالَ: إِنْ كَانَتْ لَكَ أَرْضٌ- فَذَكَرَ الْحَدِيثَ-

میرے ہاتھ پر مارا اور کہا: کاش تیرے لیے زمین ہوتی۔ اس کے بعد حدیث کی (مزید)۔

**4200** - حَدَّثَنَا مُطَّلِبُ بْنُ شُعَيْبٍ الْأَزْدِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّهُ لَمْ يَزَلْ يُكْرِي أَرْضَهُ حَتَّى بَلَغَهُ حَدِيثُ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ فَأَتَاهُ فَسَأَلَهُ فَأَخْبَرَهُ فَتَرَكَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ أَنْ يُكْرِيَهَا

حضرت نافع سے مروی ہے کہ وہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ وہ مسلسل اپنی زمین کرائے پر دیتے رہے حتیٰ کہ انہیں حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ کی حدیث پہنچی پس آپ رضی اللہ عنہ بنفس نفیس ان کے پاس آئے۔ ان سے دریافت فرمایا: انہوں نے خبر دی تو حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے زمین کرائے پر دینے کو ترک کر دیا۔

## نَافِعُ بْنُ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ

## حضرت نافع بن جبیر بن مطعم، حضرت رافع بن خدیج سے روایت کرتے ہیں

**4201** - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ الْعَلَّافُ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ عُتْبَةَ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ: أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَرَّمَ مَا بَيْنَ لَابَتَيِ الْمَدِينَةِ

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مدینہ کے دونوں کناروں کے درمیان کو حرم قرار دیا۔

**4202** - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا الْقَعْنَبِيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، عَنْ عُتْبَةَ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ رَافِعِ بْنِ

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مدینہ کے دونوں کناروں کے درمیان کو حرم قرار دیا۔



---

**4201**- أورد نحوه البيهقي في سننه الكبرى جلد5صفحه198' رقم الحديث: 9743 عن عتبة بن مسلم عن نافع بن جبير عن رافع بن خديج به .

خَدِيجٍ: اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَرَّمَ مَا بَيْنَ لَابَتَيِ الْمَدِينَةِ

## عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرِو بْنِ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ، عَنْ رَافِعٍ

## حضرت عبداللہ بن عمرو بن عثمان بن عفان' حضرت رافع سے روایت کرتے ہیں

**4203** - حَدَّثَنَا مُطَّلِبُ بْنُ شُعَيْبٍ الْاَزْدِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، حَدَّثَنِي ابْنُ الْهَادِ، عَنْ اَبِي بَكْرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عُثْمَانَ، عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، اَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَذَكَرَ مَكَّةَ فَقَالَ: اِنَّ اِبْرَاهِيمَ حَرَّمَ مَكَّةَ، وَاِنِّي اُحَرِّمُ مَا بَيْنَ لَابَتَيْهَا - يُرِيدُ الْمَدِينَةَ-

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ اُنہوں نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا' آپ نے مکہ کا ذکر کیا' فرمایا: حضرت ابراہیم علیہ السلام نے مکہ کو حرم قرار دیا اور میں مدینہ کے دونوں کناروں کے درمیان کو حرم قرار دے رہا ہوں۔

**4204** - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ الْمِصْرِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْحَكَمِ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، قَالَا: ثنا بَكْرُ بْنُ مُضَرٍ، عَنِ ابْنِ الْهَادِ، عَنْ اَبِي بَكْرِ بْنِ حَزْمٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عُثْمَانَ، عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، اَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَذَكَرَ مَكَّةَ

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ اُنہوں نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا' آپ نے مکہ کا ذکر کیا' فرمایا: حضرت ابراہیم علیہ السلام نے مکہ کو حرم قرار دیا اور میں مدینہ کے دونوں کناروں کے درمیان کو حرم قرار دے رہا ہوں۔



---

**4203**- أورده البيهقي في سننه الكبرى جلد 5 صفحه 197' رقم الحديث: 9742 عن أبي بكر بن محمد عن عبد الله بن عمرو بن عثمان عن رافع بن خديج به .

فَقَالَ: اِنَّ اِبْرَاهِيمَ عَلَيْهِ السَّلَامُ حَرَّمَ مَكَّةَ، وَاِنِّی اُحَرِّمُ مَا بَيْنَ لَابَتَيْهَا - يُرِيدُ الْمَدِينَةَ۔

**4205** - حَدَّثَنَا مُصْعَبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ حَمْزَةَ الزُّبَيْرِیُّ، حَدَّثَنِی اَبِی، ثنا ابْنُ اَبِی حَازِمٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ الْهَادِ، عَنْ اَبِی بَكْرِ بْنِ حَزْمٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُثْمَانَ، عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، اَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَذَكَرَ مَكَّةَ فَقَالَ: اِنَّ اِبْرَاهِيمَ حَرَّمَ مَكَّةَ، وَاَنَا اُحَرِّمُ مَا بَيْنَ لَابَتَيْهَا، لِلْمَدِينَةِ

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ اُنہوں نے حضور ﷺ سے سنا' آپ نے مکہ کا ذکر کیا' فرمایا: حضرت ابراہیم علیہ السلام نے مکہ کو حرم قرار دیا اور میں مدینہ کے دونوں کناروں کے درمیان کو حرم قرار دے رہا ہوں۔

حَدَّثَنَا اَبُو حُصَيْنٍ الْقَاضِی، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِیُّ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ الدَّرَاوَرْدِیُّ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ الْهَادِ، عَنْ اَبِی بَكْرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عُثْمَانَ، عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے اسی کی مثل حدیث روایت کرتے ہیں۔

## حَنْظَلَةُ بْنُ قَيْسٍ، عَنْ رَافِعٍ

## حضرت حنظلہ بن قیس' حضرت رافع رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

**4206** - حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا الْقَعْنَبِیُّ، ح وَحَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ، ح وَحَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ الْمُبَارَكِ الصَّنْعَانِیُّ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِی اُوَيْسٍ، كُلُّهُمْ، عَنْ مَالِكٍ،

حضرت حنظلہ بن رافع فرماتے ہیں کہ اُنہوں نے حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ سے زمین کو کرایہ پر دینے کے متعلق پوچھا تو حضرت رافع رضی اللہ عنہ نے فرمایا: حضور ﷺ نے زمین کرایہ پر دینے سے منع کیا'

عَنْ رَبِيعَةَ، عَنْ حَنْظَلَةَ بْنِ قَيْسٍ، اَنَّهُ سَالَ رَافِعَ بْنَ خَدِيجٍ عَنْ كَرْيِ الْاَرْضِ؟ فَقَالَ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ كَرْيِ الْاَرْضِ، فَقُلْتُ: بِالذَّهَبِ وَالْوَرِقِ؟ فَقَالَ: اَمَّا بِالذَّهَبِ وَالْوَرِقِ فَلَا بَاْسَ

میں نے کہا: سونے اور چاندی کے بدلے؟ فرمایا: سونے اور چاندی کے بدلے ہوتو کوئی حرج نہیں۔

**4207** - حَدَّثَنَا مُطَّلِبُ بْنُ شُعَيْبٍ الْاَزْدِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، عَنْ رَبِيعَةَ، عَنْ حَنْظَلَةَ بْنِ قَيْسٍ اَنَّهُ سَالَ رَافِعَ بْنَ خَدِيجٍ، عَنْ كَرْيِ الْاَرْضِ؟، فَقَالَ: نَهَانَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ كَرْيِ الْاَرْضِ بِمَا يَخْرُجُ مِنْهَا

حضرت حنظلہ بن قیس فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ سے زمین کرایہ پر دینے کے متعلق پوچھا تو حضرت رافع رضی اللہ عنہ نے فرمایا: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے زمین کرایہ پر دینے سے منع کیا' اس کے بدلے جو اس سے نکلے۔

**4208** - حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ الرَّقِّيُّ، ثنا اَبُو حُذَيْفَةَ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ رَبِيعَةَ، عَنْ حَنْظَلَةَ بْنِ قَيْسٍ، قَالَ: سَاَلْتُ رَافِعَ بْنَ خَدِيجٍ، عَنْ كَرْيِ الْاَرْضِ الْبَيْضَاءِ بِالذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ؟، فَقَالَ: لَا بَاْسَ اِنَّمَا نَهَاهُمْ عَنِ الْاَرْمَاثِ

حضرت حنظلہ بن قیس فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ سے سفید زمین سونے اور چاندی کے بدلے کرایہ پر دینے کے متعلق پوچھا تو حضرت رافع رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کوئی حرج نہیں ہے! آپ نے دودھ کو تھنوں میں روکنے سے منع کیا۔

**4209** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَسْعُودٍ الْمَقْدِسِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ الصَّنْعَانِيُّ، حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ، عَنْ رَبِيعَةَ بْنِ اَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ حَنْظَلَةَ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، قَالَ: كُنَّا نُؤَاجِرُ اَرْضَنَا بِالْمَاذِيَانَاتِ وَاَقْبَالِ الْجَدَاوِلِ

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم زمین کرایہ پر دیتے تھے چھوٹی نالیوں کے بدلے اور بڑی نالیوں کے بدلے' وہ اس کو محفوظ کرتا اور اس کو ہلاک کرتا' ہم کو اس سے منع کیا گیا' لیکن معین اجرت کے بدلے کوئی حرج نہیں ہے۔



---

**4209**- أورده النسائي في سننه (المجتبى) جلد7صفحه43' رقم الحديث: **3899** عن ربيعة بن عبد الرحمن عن حنظلة بن قيس عن رافع بن خديج به .

فَيَسْلَمُ هَذَا وَيَهْلِكُ هَذَا، فَنُهِينَا عَنْ ذَلِكَ وَلَا بَأْسَ بِأَجْرٍ مُسَمًّى

**4210** - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ دُحَيْمٍ الدِّمَشْقِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ أَعْيَنَ، قَالَا: ثنا الْأَوْزَاعِيُّ، عَنْ رَبِيعَةَ، عَنْ حَنْظَلَةَ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، قَالَ: كُنَّا نُكْرِي الْأَرْضَ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْمَاذِيَانَاتِ وَأَقْبَالِ الْجَدَاوِلِ فَيَهْلِكُ هَذَا وَيَسْلَمُ هَذَا، فَنَهَانَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ ذَلِكَ

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم رسول کریم ﷺ کے زمانے میں کرائے پر زمین دیا کرتے تھے' چھوٹی نالیوں اور بڑی نالیوں کی شرائط پر' پس کبھی یہ برباد ہو جاتی اور وہ محفوظ رہتی اور کبھی یہ محفوظ رہتی اور وہ برباد ہو جاتی۔

**4211** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ الْمِصْرِيُّ، ثنا عَبْدُ الْأَعْلَى بْنُ عَبْدِ الْوَاحِدِ الْكَلَاعِيُّ، ثنا زَيْنُ بْنُ شُعَيْبٍ، عَنْ أَبِي مَعْدَانَ عَامِرِ بْنِ مُرَّةَ الْمَكِّيِّ، عَنْ رَبِيعَةَ بْنِ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ حَنْظَلَةَ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، قَالَ: كُنَّا نُكْرِي الْأَرْضَ، فَنَهَانَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ ذَلِكَ

حضرت حنظلہ بن قیس فرماتے ہیں کہ حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ زمین کرائے پر دیا کرتے تھے' پس حضور ﷺ نے ہمیں ایسا کرنے سے منع کیا۔

**4212** - حَدَّثَنَا مُصْعَبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ حَمْزَةَ الزُّبَيْرِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ رَبِيعَةَ، عَنْ حَنْظَلَةَ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، قَالَ: كُنَّا نُكْرِي الْأَرْضَ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى رَبِيعِ

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے زمانہ میں زمین کرایہ پر دیتے تھے' سیراب کرنے والے کو چوتھائی کے بدلے' چھوٹی نالیوں کی سیرابی کی شرط پر اور بھوسے کے بدلے حضور ﷺ اس کو ناپسند کرتے تھے۔

السَّاقِي وَالْمَاذِيَانَاتِ وَطَائِفَةٍ مِنَ التِّبْنِ، فَكَرِهَ ذَلِكَ النَّبِيُّ

**4213** - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا أَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ، ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، حَدَّثَنِي حَنْظَلَةُ بْنُ قَيْسٍ، عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ: أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَانَا أَنْ نُكْرِيَ أَرْضَنَا وَلَمْ يَكُنْ يَوْمَئِذٍ ذَهَبٌ وَلَا فِضَّةٌ وَكُنَّا نُكْرِي أَرْضَنَا عَلَى الرُّبُعِ وَاللَّامَعْلُومَةِ فَرُبَّمَا هَلَكَ ذَا وَسَلِمَ ذَا

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہمیں زمین کرائے پر دینے سے منع کیا' ان دنوں ہمارے پاس سونا اور چاندی نہیں تھی' ہم زمین چوتھائی اور لامعلومہ کے بدلے دیتے' بسا اوقات ہلاک ہو جاتی ہے اور بسا اوقات بچ جاتی۔

**4214** - حَدَّثَنَا يُوسُفُ الْقَاضِي، ثنا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ غِيَاثٍ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ حَنْظَلَةَ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، قَالَ: كُنَّا بَنِي حَارِثٍ أَكْثَرَ أَهْلِ الْمَدِينَةِ حَقْلًا، وَكُنَّا نُكْرِي الْأَرْضَ وَنَشْتَرِطُ عَلَى الْأُكَرَةِ أَنَّ مَا سَقَى الْمَاذِيَانَاتِ وَالرَّبِيعَ فَلَنَا وَمَا سَقَتِ الْجَدَاوِلُ فَهُوَ لَكُمْ، فَرُبَّمَا هَلَكَ هَذَا وَسَلِمَ هَذَا، وَرُبَّمَا سَلِمَ هَذَا وَهَلَكَ هَذَا، فَنَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ ذَلِكَ، وَلَمْ يَكُنْ عِنْدَنَا يَوْمَئِذٍ ذَهَبٌ وَلَا فِضَّةٌ فَنَعْلَمُ ذَلِكَ

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: مدینہ والوں میں سے ہم بنی حارث قبیلہ کی کھیتیاں زیادہ تھیں اور ہم زمین کرائے پر دیتے تھے' ہم کرائے پر شرط رکھتے تھے کہ جس کو کھالیاں سیراب کریں اور چوتھا حصہ پس وہ ہمارے لیے ہوگا اور جس کو جداول (چھوٹی نہر نالے) سیراب کریں پس وہ تمہارا۔ بسا اوقات یہ حصہ اور دوسرا حصہ سلامت رہتا۔ بسا اوقات یہ سلامت رہتا اور دوسرا ہلاک ہو جاتا' پس رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہمیں اس سے منع کیا۔ اس وقت ہمارے پاس سونے چاندی نہیں ہوتا تھا' پس اسی کو جانتے تھے۔

**4215** - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا الْحُمَيْدِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، ثنا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، حَدَّثَنِي حَنْظَلَةُ بْنُ قَيْسٍ الزُّرَقِيُّ، عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، قَالَ: لَمْ يَنْهَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ كِرَائِهَا - يَعْنِي الْأَرْضَ بِالذَّهَبِ

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم زمین سونے اور چاندی کے بدلے کرایہ پر دینے سے منع نہیں کرتے تھے' بلکہ ہم کرائے پر دیتے تھے' پھر ہم کھیتی کاشت کرتے' ایک حصہ ہمارے لیے اور ایک حصہ ان کے لیے ہوتا' جو اللہ عزوجل اس سے نکالتا

وَالْوَرِقِ- ، وَلَكِنَّا كُنَّا نُكْرِيهَا، ثُمَّ نَزْرَعُ وَيَكُونُ لَنَا هَذَا الشِّقُّ وَلَهُمْ هَذَا الشِّقُّ، فَمَا اَخْرَجَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ مِنْ هَذَا فَلِهَذَا، وَمَا اَخْرَجَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ مِنْ هَذَا لِهَذَا، فَنَهَانَا عَنْ ذَلِكَ

اور جو اللہ عزوجل اس سے نکالتا ہم کو اس سے منع کیا گیا۔

## مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ حَبَّانَ، عَنْ رَافِعٍ

## حضرت محمد بن یحییٰ بن حبان' حضرت رافع رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

**4216** - حَدَّثَنَا اِدْرِيسُ بْنُ جَعْفَرٍ الْعَطَّارُ، ثنا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، اَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ حَبَّانَ، عَنْ رَافِعٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا قَطْعَ فِي ثَمَرٍ وَلَا كَثَرٍ

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: پھل میں اور اس سے زیادہ میں ہاتھ نہیں کاٹا جائے گا۔

**4217** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا اَبُو نُعَيْمٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ حَبَّانَ، عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا قَطْعَ فِي ثَمَرٍ وَلَا كَثَرٍ

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: پھل میں اور اس سے زیادہ میں ہاتھ نہیں کاٹا جائے گا۔

**4218** - حَدَّثَنَا اَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْحَكَمِ، ح وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا الْقَعْنَبِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ الدِّمْيَاطِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ، كُلُّهُمْ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى

حضرت محمد بن یحییٰ بن حبان سے روایت ہے کہ ایک غلام نے ایک آدمی کے باغ سے کھجور کے پودے چوری کر لیے اور ان کو اپنے آقا کے باغ میں رکھ دیا۔ پس پودوں کا مالک پودوں کو تلاش کرنے کے لیے نکلا۔ پس اس نے ان کو تلاش کر کے لے لیا۔ مروان بن حکم

بْنِ حَبَّانَ، اَنَّ عَبْدًا سَرَقَ وَدِيًّا مِنْ حَائِطِ رَجُلٍ فَجَعَلَهُ فِي حَائِطِ سَيِّدِهِ، فَخَرَجَ صَاحِبُ الْوَدِيِّ يَلْتَمِسُ وَدِيَّهُ فَاَخَذَهُ، فَاسْتَعْدَى عَلَى الْعَبْدِ مَرْوَانُ بْنُ الْحَكَمِ فَسَجَنَ الْعَبْدَ وَاَرَادَ قَطْعَ يَدِهِ، فَانْطَلَقَ سَيِّدُ الْعَبْدِ اِلَى رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ فَسَاَلَهُ عَنْ ذٰلِكَ، فَاَخْبَرَ اَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا قَطْعَ فِي ثَمَرٍ وَلَا كَثَرٍ

نے اس غلام پر مقدمہ چلایا۔ اسے جیل میں قید کر دیا اور اس کا ہاتھ کاٹنے کا ارادہ کیا۔ پس اس غلام کا آقا حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ کی بارگاہ میں حاضر ہو کر اس کے بارے سوال کیا تو انہوں نے خبر دی کہ انہوں نے رسول کریم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ پھل میں اور زیادہ میں ہاتھ کاٹنے کی سزا نہیں ہے۔

**4219** - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، وَيُوسُفُ الْقَاضِي، قَالَا: ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ حَبَّانَ، عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا قَطْعَ فِي ثَمَرٍ وَلَا كَثَرٍ

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: پھل میں اور اس سے زیادہ میں ہاتھ نہیں کاٹا جائے گا۔

**4220** - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا عَبْدُ الْوَارِثِ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ حَبَّانَ، عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا قَطْعَ فِي ثَمَرٍ وَلَا كَثَرٍ

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: پھل میں اور اس سے زیادہ میں ہاتھ نہیں کاٹا جائے گا۔

**4221** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي ح، وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ، قَالَا: ثنا زُهَيْرٌ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ حَبَّانَ، عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا قَطْعَ فِي ثَمَرٍ وَلَا كَثَرٍ

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: پھل میں اور اس سے زیادہ میں ہاتھ نہیں کاٹا جائے گا۔

**4222** - حَدَّثَنَا اَبُو شُعَيْبٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ الرَّقِّيُّ، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ حَبَّانَ، عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا قَطْعَ فِي ثَمَرٍ وَلَا كَثَرٍ

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: پھل میں اور اس سے زیادہ میں ہاتھ نہیں کاٹا جائے گا۔

**4223** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ النَّضْرِ الْعَسْكَرِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ حَفْصٍ النُّفَيْلِيُّ، انا يُونُسُ بْنُ رَاشِدٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ حَبَّانَ، عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا قَطْعَ فِي ثَمَرٍ وَلَا كَثَرٍ

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: پھل میں اور اس سے زیادہ میں ہاتھ نہیں کاٹا جائے گا۔

**4224** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْاَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا مَنْصُورُ بْنُ كُلْثُومٍ، عَنْ زَائِدَةَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ حَبَّانَ، عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا قَطْعَ فِي ثَمَرٍ وَلَا كَثَرٍ

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: پھل میں اور اس سے زیادہ میں ہاتھ نہیں کاٹا جائے گا۔

**4225** - حَدَّثَنَا مُصْعَبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ الدَّرَاوَرْدِيُّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ حَبَّانَ، عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا قَطْعَ فِي ثَمَرٍ وَلَا كَثَرٍ

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: پھل میں اور اس سے زیادہ میں ہاتھ نہیں کاٹا جائے گا۔

**4226** - حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ النَّوْفَلِيُّ الْمَدَنِيُّ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُنْذِرٍ الْحِزَامِيُّ، ثنا اَنَسُ بْنُ عِيَاضٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ حَبَّانَ، عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا قَطْعَ فِي ثَمَرٍ وَلَا كَثَرٍ

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: پھل میں اور اس سے زیادہ میں ہاتھ نہیں کاٹا جائے گا۔

**4227** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا اَبُو خَالِدٍ الْاَحْمَرُ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ حَبَّانَ، عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا قَطْعَ فِي ثَمَرٍ وَلَا كَثَرٍ

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: پھل میں اور اس سے زیادہ میں ہاتھ نہیں کاٹا جائے گا۔

**4228** - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ حَبَّانَ، عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا قَطْعَ فِي ثَمَرٍ وَلَا كَثَرٍ

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: پھل میں اور اس سے زیادہ میں ہاتھ نہیں کاٹا جائے گا۔

**4229** - حَدَّثَنَا اَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ حَبَّانَ، عَنْ عَمَّةٍ لَهُ، عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا قَطْعَ فِي ثَمَرٍ وَلَا كَثَرٍ

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: پھل میں اور اس سے زیادہ میں ہاتھ نہیں کاٹا جائے گا۔

## ابْنُ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ،

## حضرت ابن رافع بن خدیج اپنے

## عَنْ اَبِيهِ وَالِاخْتِلَافُ عَلَى مُجَاهِدٍ فِي رِوَايَتِهِ

## والد سے روایت کرتے ہیں اور اس کا ذکر جو حضرت مجاہد کا ان سے روایت کرنے میں اختلاف ہے



**4230** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ خُلَيْدٍ الْحَلَبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى الطَّبَّاعُ، ثنا اَبُو عَوَانَةَ، عَنْ اَبِي حُصَيْنٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، حَدَّثَنِي ابْنُ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: نَهَانَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ اَمْرٍ كَانَ لَنَا نَافِعًا، وَاَمْرُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الرَّاْسِ وَالْعَيْنِ، نَهَانَا اَنْ نَعْمَلَ الْاَرْضَ بِبَعْضِ خَرَاجِهَا وبِوَرِقٍ مَنْقُودَةٍ وَنَهَانَا عَنْ كَسْبِ الْحَجَّامِ

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہمیں ایک ایسے کام سے منع فرمایا جو بظاہر ہمیں نفع مند معلوم ہوتا تھا لیکن اللہ کے رسول کا حکم سر آنکھوں پر' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہمیں منع فرمایا کہ ہم زمین کو اس کی بعض پیداوار کے بدلے اور نقد چاندی کے بدلے کرائے پر دیں اور پچھنے لگانے والے کی کمائی سے ہمیں منع فرمایا۔

**4231** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الْجَبَّارِ، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسَى، ثنا اَبُو حَنِيفَةَ، عَنْ اَبِي حُصَيْنٍ، عَنِ ابْنِ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، عَنْ رَافِعٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ مَرَّ بِحَائِطٍ فَاَعْجَبَهُ فَقَالَ: لِمَنْ هَذَا؟ قُلْتُ: هُوَ لِي قَالَ: مِنْ اَيْنَ لَكَ هَذَا؟ قُلْتُ: اسْتَاْجَرْتُهُ قَالَ: لَا تَسْتَاْجِرْهُ بِشَيْءٍ

حضرت رافع رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ایک باغ کے پاس سے گزرے' آپ کو پسند آیا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یہ کس کا ہے؟ میں نے کہا: وہ میرا ہے' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یہ کہاں سے لیا ہے؟ میں نے کہا: میں نے کرایہ پر لیا ہے' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کسی شی کے بدلے اس کو کرائے پر مت لیا کرو۔

**4232** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا جُبَارَةُ بْنُ مُغَلِّسٍ، وَعُبَادَةُ بْنُ زِيَادٍ، قَالَا: ثنا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنْ اَبِي حُصَيْنٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہمیں ایک مفید بات سے منع کیا۔ حضرت نافع کہتے تھے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا حکم سر اور

4230- أورده الطبرانی فی الأوسط جلد 1 صفحه 124' رقم الحديث: 395 عن مجاهد عن ابی رافع بن خديج عن أبيه به.

رِفَاعَةَ، عَنْ جَدِّهِ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، قَالَ: نَهَانَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ أَمْرٍ كَانَ لَنَا نَافِعًا، وَأَمْرُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الرَّأْسِ وَالْعَيْنَيْنِ، نَهَانَا أَنْ نُكْرِيَ أَرْضَنَا بِبَعْضِ مَا يَخْرُجُ مِنْهَا وبِوَرِقٍ مَنْقُودَةٍ، وَقَالَ: مَنْ كَانَتْ لَهُ أَرْضٌ فَلْيَزْرَعْهَا أَوْ لِيَمْنَحْهَا أَخَاهُ

آنکھوں پر! ہمیں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے زمین کرایہ پر دینے سے منع کیا اس کے بدلے جو اس سے نکلے' نقد چاندی کے بدلے' اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس کی زمین ہو وہ اس کو خود آباد کرے یا اپنے بھائی کو آباد کرنے کے لیے دے۔

**4233** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنِ عَيَّاشٍ، عَنْ أَبِي حُصَيْنٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، قَالَ: نَهَانَا رَسُولُ اللّٰهِ عَنْ أَمْرٍ كَانَ لَنَا نَافِعًا، نَهَانَا إِذَا كَانَ لِأَحَدِنَا أَرْضٌ أَنْ يُعْطِيَهَا بِبَعْضِ خَرْجِهَا بِثُلُثٍ أَوْ بِنِصْفٍ وَقَالَ: مَنْ كَانَتْ لَهُ أَرْضٌ فَلْيَزْرَعْهَا أَوْ لِيَمْنَحْهَا أَخَاهُ

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہمیں ایسے کام سے منع کیا جو ہمارے لیے نفع مند ہے' ہم کو منع کیا کہ ہم میں سے کسی کی زمین ہو جو تہائی یا نصف کے بدلے کرایہ پر دے' اور فرمایا: جس کی زمین ہو وہ اس کو خود آباد کرے یا اپنے بھائی کو آباد کرنے کے لیے دے۔

**4234** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَاهَانَ الْأُبُلِّيُّ، ثنا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الشَّهِيدِيُّ، ثنا عَتَّابُ بْنُ بَشِيرٍ، عَنْ خُصَيْفٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، قَالَ: أَخَذْتُ بِيَدِ طَاوُسٍ حَتَّى أَدْخَلْتُهُ عَلَى ابْنِ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ فَحَدَّثَهُ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ: نَهَى عَنْ كِرَى الْأَرْضِ الْبَيْضَاءِ

حضرت مجاہد فرماتے ہیں: میں نے طاؤس کا ہاتھ پکڑا اور میں ابن رافع بن خدیج کے پاس آیا' آپ نے اپنے والد کے حوالہ سے بیان کیا کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے زمین کو کرایہ پر دینے سے منع کیا۔

**4235** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ ابْنِ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ أَنَّهُ: نَهَى عَنْ كِرَى الْأَرْضِ

حضرت ابن رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے زمین کرایہ پر دینے سے منع کیا۔

**4236** - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ الْمَعْمَرِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِينِيّ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ بْنِ اَبِي الْمُخَارِقِ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، قَالَ: رَاحَ اِلَيْنَا خَالَایَ فَقَالَا: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ اَمْرٍ كَانَ لَنَا نَافِعًا، وَطَاعَةُ اللّٰهِ وَطَاعَةُ رَسُولِهِ لَنَا اَنْفَعُ قَالَ: مَنْ كَانَتْ لَهُ اَرْضٌ فَلْيَزْرَعْهَا اَوْ لِيَمْنَحْهَا اَخَاهُ

حضرت رافع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہمارے خالو شام کے وقت ہمارے پاس آئے' دونوں نے کہا کہ حضور ﷺ نے ہمیں ہمارے نفع مند کام سے منع کیا' اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت ہمارے لیے زیادہ نفع مند ہے' آپ ﷺ نے فرمایا: جس کی زمین ہو وہ اس کو خود آباد کرے یا اپنے بھائی کو آباد کرنے کے لیے دے۔

**4237** - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا وَكِيعٌ، عَنْ عَمْرِو بْنِ ذَرٍّ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ ابْنِ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: جَاءَنَا رَافِعٌ مِنْ عِنْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: نَهَانَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ اَمْرٍ كَانَ يَرْفُقُ بِنَا، وَطَاعَةُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَرْفَقُ بِنَا، نَهَانَا اَنْ نَزْرَعَ اَرْضًا اِلَّا اَرْضًا يَمْلِكُ اَحَدُنَا رَقَبَتَهَا اَوْ مَنِيحَةً يَمْنَحُهَا رَجُلٌ

حضرت ابن رافع بن خدیج اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت رافع رضی اللہ عنہ ہمارے پاس رسول اللہ ﷺ کے پاس سے آئے اور کہا: ہمیں رسول اللہ ﷺ نے ایسے کام سے منع کیا ہے جو بظاہر ہمارے لیے فائدہ مند ہے اور رسول اللہ ﷺ کی اطاعت ہمارے لیے زیادہ نفع مند ہے' ہم کو اپنی زمین آباد کرنے کا حکم دیا جو ہماری اپنی ہو' یا عطیہ ہو جو کسی آدمی نے اس آباد کرنے کے لیے دی ہو۔

**4238** - حَدَّثَنَا اَبُو خَلِيفَةَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، اَنَّ اُسَيْدَ بْنَ ظُهَيْرٍ، قَالَ: كَانَ اَحَدُنَا اِذَا اسْتَغْنَى عَنْ اَرْضِهِ اَعْطَاهَا بِالثُّلُثِ وَالرُّبُعِ وَالنِّصْفِ، وَيَشْتَرِطُ ثُلُثَهُ جَدَاوِلَ وَالْقَصَّابِينَ وَمَا سَقَى الرَّبِيعُ، قَالَ: وَكُنَّا نَعْمَلُ بِالْحَدِيدِ وَمَا شَاءَ اللّٰهُ، وَنُصِيبُ مِنْهَا مَنْفَعَةً، حَتَّى جَاءَنَا رَافِعُ بْنُ خَدِيجٍ، فَقَالَ: اِنَّ

حضرت مجاہد فرماتے ہیں کہ حضرت اُسید بن ظہیر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ہم میں سے کوئی شخص اپنی زمین سے بے پرواہ ہوتا تو اس کو تہائی اور چوتھائی اور آدھے حصے پر دے دیتا تھا اور تین شرطیں لگاتا' چھوٹی نہر اور چھوٹی نالی کی اور جس کو موسم بہار کی بارش سیراب کرے (تینوں کا الگ حساب ہوتا)۔ راوی کا بیان ہے: ہم لوہے کے ساتھ کام کرتے جو اللہ چاہتا' اس سے ہم کو نفع

رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْهَاكُمْ عَنْ اَمْرٍ كَانَ لَكُمْ نَافِعًا، وَطَاعَةُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْفَعُ لَكُمْ، اِذَا اسْتَغْنَى اَحَدُكُمْ عَنْ اَرْضِهِ فَلْيَمْنَحْهَا اَخَاهُ اَوْ يَدَعْ، وَيَنْهَاكُمْ عَنِ الْمُزَابَنَةِ . وَالْمُزَابَنَةُ اَنْ يَكُونَ الْمَالُ الْعَظِيمُ مِنَ النَّخْلِ فَيَقُولُ: قَدْ اَخَذْتُهُ بِكَذَا وَكَذَا وَسْقًا مِنْ تَمْرٍ

حاصل ہوتا حتیٰ کہ حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ ہمارے پاس آئے' فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے تم کو ایسے کام سے منع کیا ہے جو تمہارے لیے نفع مند ہو' اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی اطاعت ہمارے لیے زیادہ نفع مند ہے کہ جب تم میں سے کوئی خود اپنی زمین آباد نہ کر سکے تو وہ اپنے بھائی کو آباد کرنے کے لیے عطیہ دے یا یوں ہی چھوڑ دے اور تم کو بیع مزابنہ سے منع فرمایا اور بیع مزابنہ یہ ہے کہ کھجور کا بڑا مال ہو' وہ کہے: میں نے اس کو کھجوروں کے اتنے اتنے وسق کے بدلے میں لیا۔

**4239** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ مَنْدَهِ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا اَبُو كُرَيْبٍ، ثنا يَحْيَى بْنُ آدَمَ، عَنْ مُفَضَّلِ بْنِ مُهَلْهَلٍ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ اُسَيْدِ بْنِ ظُهَيْرٍ، عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ: اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نَهَى عَنِ الْمُزَابَنَةِ

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے بیع مزابنہ سے منع کیا۔

**4240** - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ حَمْدَوَيْهِ الْبَغْدَادِيُّ، ثنا عَفَّانُ بْنُ مُسْلِمٍ، ثنا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الزُّبَيْدِيِّ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ اُسَيْدِ ابْنِ اَخِي رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا اسْتَغْنَى اَحَدُكُمْ اَرْضَهُ فَلْيَمْنَحْهَا اَخَاهُ اَوْ يَدَعْ وَنَهَى عَنِ الْمُزَابَنَةِ

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی اپنی زمین آباد نہ کر سکے تو وہ اپنے بھائی کو آباد کرنے کے لیے عطیہ دے یا چھوڑ دے اور آپ نے بیع مزابنہ سے منع کیا۔

**4242** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ہمیں بیع محاقلہ اور مزابنہ سے منع

اَبِی غَنِیَّةَ، عَنْ اَبِیهِ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ رَجُلٍ، عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِیجٍ، قَالَ: نَهَانَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْمُحَاقَلَةِ، وَالْمُزَابَنَةِ

کیا۔

**4243** - حَدَّثَنَا یُوسُفُ الْقَاضِی، ثنا سُلَیْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، ثنا شُعْبَةُ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِیجٍ، قَالَ: نَهَانَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْحَقْلِ . وَالْحَقْلُ: الثُّلُثُ وَالرُّبُعُ

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حقل سے منع کیا' حقل: تہائی اور چوتھائی کو کہتے ہیں۔

**4244** - حَدَّثَنَا یُوسُفُ الْقَاضِی، ثنا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدُوسٍ، ثنا عَلِیُّ بْنُ الْجَعْدِ، قَالَا: اَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ مَیْسَرَةَ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِیجٍ، قَالَ: خَرَجَ عَلَیْنَا رَسُولُ اللّٰهِ، فَنَهَانَا عَنْ اَمْرٍ كَانَ لَنَا نَافِعًا، وَاَمْرُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ خَیْرٌ قَالَ: مَنْ كَانَتْ لَهُ اَرْضٌ فَلْیَزْرَعْهَا اَوْ لِیَمْنَحْهَا اَوْ لِیَذَرْهَا ، فَذُكِرَ ذٰلِكَ لِطَاوُسٍ، فَقَالَ: اِنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ كَانَ اَعْلَمَ قَالَ: قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: لَاَنْ یَمْنَحَ الرَّجُلُ اَخَاهُ اَرْضَهُ خَیْرٌ لَهُ

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہمارے پاس تشریف لائے' ہمیں ایک نفع مند کام سے منع کیا اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا حکم بہتر ہے اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس کی زمین ہو وہ اُس کو خود آباد کرے یا اپنے بھائی کو آباد کرنے کے لیے عطیہ دے یا چھوڑ دے۔ اس کا ذکر حضرت طاؤس رضی اللہ عنہما کے پاس کیا گیا تو حضرت طاؤس نے فرمایا: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما زیادہ عالم ہیں۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: آدمی اپنے بھائی کو زمین آباد کرنے کے لیے بطور عطیہ دیدے' وہ اس کے لیے بہتر ہے۔

**4245** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، ثنا حَفْصُ بْنُ عَمْرٍو الرَّبَالِیُّ، ثنا عُبَیْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْمَجِیدِ، ثنا اِسْرَائِیلُ، عَنْ اِبْرَاهِیمَ بْنِ مُهَاجِرٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِیجٍ، قَالَ: مَرَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بِاَرْضِ رَجُلٍ مِنَ

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم انصار کی ایک زمین کے پاس سے گزرے' معلوم ہوتا تھا کہ وہ محتاج ہے' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یہ کس کی ہے؟ کہا گیا: فلاں کی ہے' اس نے مجھے اُجرت پر دی ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اگر اپنے

الْاَنْصَارِ يَزْرَعُ وَقَدْ عَرَفَ اَنَّهُ مُحْتَاجٌ، فَقَالَ: لِمَنْ هَذِهِ؟ ، فَقَالَ: لِفُلَانٍ اَعْطَانِيهَا بِالْاَجْرِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْ مَنَحَهَا اَخَاهُ

(مسلمان) بھائی کو بطور عطیہ دیتا تو اچھا تھا۔

**4246** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، ثنا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ الرَّبَالِيُّ، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْمَجِيدِ، ثنا رَبَاحُ بْنُ اَبِي مَعْرُوفٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ رَافِعَ بْنَ خَدِيجٍ يَقُولُ: رَاحَ عُمُومَتِي اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ رَجَعُوا اِلَيْنَا، فَقَالُوا: اِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَاكُمْ عَنْ اَمْرٍ كَانَ لَنَا نَافِعًا، وَطَاعَةُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَكُمْ اَنْفَعُ قَالَ: لِيَزْرَعْ اَحَدُكُمْ اَرْضَهُ اَوْ لِيَمْنَحْهَا اَوْ يَدَعْهَا بَوَارًا

حضرت مجاہد فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا: میرے چچا شام کے وقت حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس تھے پھر ہماری طرف واپس آئے اُنہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تمہیں ایسے کام سے منع کیا جو بظاہر ہمارے لیے نفع مند ہو اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا حکم ماننا تمہارے لیے زیادہ نفع مند ہے تم میں سے کوئی خود اپنی زمین آباد کرے یا اپنے بھائی کو آباد کرنے کے لیے بطور عطیہ دے یا بنجر ہی چھوڑ دو۔

**4247** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْبَرَاءُ، ثنا الْمُعَافَى بْنُ سُلَيْمَانَ، ثنا مُوسَى بْنُ اَعْيَنَ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، اَنَّهُ اَتَى قَوْمَهُ فَقَالَ: اِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ نَهَاكُمْ عَنْ اَمْرٍ كَانَ بِكُمْ رَافِقًا، وَلَكِنْ طَاعَةَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيمَا شَقَّ عَلَيْكُمْ خَيْرٌ مِنْ مَعْصِيَتِهِ فِيمَا رَفَقَ بِكُمْ، نَهَاكُمْ اَنْ تُعْطُوا اَرْضَكُمْ بِالثُّلُثِ وَالرُّبُعِ: وَلَكِنْ لِيَزْرَعْهَا اَوْ لِيَزْرَعْهَا اَخَاهُ فَقَالُوا: اِذَنْ يَكُونُ بُورًا، فَقَالَ: ذَرُوهَا تَكُونُ بُورًا

حضرت مجاہد فرماتے ہیں کہ حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ قوم اپنی قوم کے پاس آئے اور فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تمہیں تمہارے نفع مند کام سے منع کیا ہے لیکن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا حکم تم پر دشوار گزرے تو تمہارے لیے بہتر ہے نافرمانی کرنے سے اس میں جو تمہارے لیے مفید ہے تم کو تہائی یا چوتھائی حصہ کے بدلے زمین دینے سے منع کیا ہے یا تو خود زمین آباد کرو یا اپنے بھائی کو آباد کرنے کے لیے بطور عطیہ دو صحابہ نے عرض کی: (اگر خود کاشت نہ کرے گا) پھر تو بنجر ہی رہے گی۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: بنجر ہی چھوڑ دو۔

**4248** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، ثنا

حضرت مجاہد فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت طاؤس

مُوسَى بْنُ سُفْيَانَ الْجُنْدِيسَابُورِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَاصِمٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ رَاشِدٍ، عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ، عَنْ مُجَاهِدٍ، قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى طَاوُسٍ فَحَدَّثْتُهُ مَا سَمِعْتُ مِنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ مِنَ النَّهْيِ عَنِ الْمُحَاقَلَةِ، فَضَرَبَ طَاوُسٌ فِي صَدْرِي وَقَالَ: تُحَدِّثُنِي عَنْ رَافِعٍ، وَقَدْ عَمِلَ بِهَا مُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ فَاَعْطَى الْاَرْضَ بِالنِّصْفِ وَالثُّلُثِ؟

کے پاس آیا' میں نے ان کو بتایا کہ میں نے حضرت رافع رضی اللہ عنہ سے سنا تھا کہ اُنہوں نے بیع محاقلہ سے منع کیا' حضرت طاؤس نے میرے سینے پر مارا اور کہا: تم مجھے حضرت رافع رضی اللہ عنہ کے حوالہ سے بتاتے ہو حالانکہ یہ کام حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کرتے رہے ہیں' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانہ میں آپ زمین نصف اور تہائی کے بدلے دیتے تھے؟

## اُسَيْدَ بْنَ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، عَنْ اَبِيهِ

## حضرت اسید بن رافع بن خدیج اپنے والد رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

**4249** - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى، ثنا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِي ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي حَبِيبٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ اُسَيْدِ بْنِ رَافِعٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: نَهَانَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ نُكْرِيَ الْاَرْضَ بِبَعْضِ مَا فِيهَا

حضرت اسید بن رافع اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہمیں زمین کرایہ پر دینے سے منع کیا' اس کے بعض کے بدلے جو اس میں ہے۔

**4250** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ الْمِصْرِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ، ثنا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، اَنَّ بُكَيْرًا، حَدَّثَهُ، اَنَّ اُسَيْدَ بْنَ رَافِعٍ حَدَّثَهُ، اَنَّ رَافِعًا اَتَى عَشِيرَتَهُ فَقَالَ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ اَمْرٍ

حضرت بکیر بیان کرتے ہیں کہ حضرت اسید بن رافع بیان کرتے ہیں کہ حضرت رافع رضی اللہ عنہ اپنے رشتہ دار کے پاس آئے' کہا کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہمیں ہمارے نفع مند کام سے منع کیا' حالانکہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے کام میں برکت اور ہدایت بھی ہے' اُنہوں نے کہا: وہ

كَانَ بِنَا رَافِقًا، وَفِي أَمْرِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَرَكَةٌ وَرُشْدٌ، فَقَالُوا: وَمَا ذَاكَ؟ قَالَ: الْحَقْلُ. فَقُلْتُ لِأُسَيْدٍ: وَمَا الْحَقْلُ؟ قَالَ: كَرْيُ الْأَرْضِ، فَقُلْتُ: وَكَيْفَ كَانُوا يُكْرُونَهَا؟ قَالَ: بِالْأَرْبِعَاءِ وَبِالشَّيْءِ مِنَ الْحَصِيدِ

کیا ہے؟ فرمایا: حقل! میں نے اُسید سے کہا: حقل سے مراد کیا ہے؟ فرمایا: زمین کرایہ پر دینا' میں نے کہا: وہ کیسے کرائے پر دیتے ہیں؟ حضرت اُسید نے کہا: چوتھائی یا کچھ پیداوار کے بدلے۔

## رِفَاعَةُ بْنُ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، عَنْ أَبِيهِ

## حضرت رفاعہ بن رافع بن خدیج اپنے والد رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

4251 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، ثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثنا يَحْيَى بْنُ حَمْزَةَ، ثنا عُتْبَةُ بْنِ أَبِي حَكِيمٍ، أَنَّ عَبْدَ الرَّحْمَنِ بْنَ أَبِي قَيْسٍ حَدَّثَهُ، عَنْ رِفَاعَةَ بْنِ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَا أَكْثَرُ الْأَنْصَارِ أَرْضًا قَالَ: ازْرَعْ، قُلْتُ: هِيَ أَكْثَرُ مِنْ ذَلِكَ، قَالَ: فَبَوِّرْ

حضرت رفاعہ بن رافع بن خدیج اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! انصار سے میری زمین زیادہ ہے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کھیتی باڑی کرو! میں نے عرض کی: یہ اس سے زیادہ (مشکل) ہے' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: وہ بنجر پڑی رہے۔

## سَهْلُ بْنُ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، عَنْ أَبِيهِ

## حضرت سہل بن رافع بن خدیج اپنے والد رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

4252 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رُزَيْقِ بْنِ جَامِعٍ

حضرت سہل بن رافع بن خدیج اپنے والد گرامی



4251- أورده الطبراني في مسند الشاميين جلد1صفحه428' رقم الحديث: 752 عن رفاعة بن رافع بن خديج عن أبيه به .

4252- أورده الطبراني في الأوسط جلد6صفحه318' رقم الحديث: 6513 عن موسى بن أيوب عن سهل بن رافع بن خديج عن أبيه به .

الْمِصْرِيُّ، ثنا اَبُو طَاهِرِ بْنِ السَّرْحِ، ثنا رِشْدِينُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ اَيُّوبَ، عَنْ سَهْلِ بْنِ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ بِهِ، فَنَادَاهُ فَخَرَجَ اِلَيْهِ، فَمَشَى مَعَهُ حَتَّى اَتَى الْمَسْجِدَ، ثُمَّ انْصَرَفَ فَاغْتَسَلَ، ثُمَّ رَجَعَ فَرَآهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَثَرَ الْغُسْلِ فَسَاَلَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ غُسْلِهِ، فَقَالَ: سَمِعْتُ نِدَاءَكَ وَاَنَا اُجَامِعُ امْرَاَتِي، فَقُمْتُ قَبْلَ اَنْ اَفْرُغَ فَاغْتَسَلْتُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّمَا الْمَاءُ مِنَ الْمَاءِ، ثُمَّ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْدَ ذٰلِكَ: اِذَا جَاوَزَ الْخِتَانُ الْخِتَانَ فَقَدْ وَجَبَ الْغُسْلُ

سے روایت کرتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ ان کے پاس سے گزرے، پس آپ ﷺ نے ان کو نداء دی، پس وہ آپ ﷺ کی طرف نکل کر آئے، پس وہ آپ کے ساتھ چلے یہاں تک کہ آپ ﷺ مسجد تک آئے، پھر وہ لوٹ گئے اور جا کر غسل کیا پھر لوٹ کر آئے تو رسول کریم ﷺ نے ان کو دیکھ لیا، حال یہ تھا کہ غسل کے آثار موجود تھے۔ نبی کریم ﷺ نے ان سے غسل کے بارے پوچھا تو اس نے عرض کی: میں نے آپ کی نداء سنی جبکہ میں اپنی بیوی سے مجامعت میں مصروف تھا۔ پس میں فراغت سے پہلے اُٹھا تو (اب جا کر) میں نے غسل کیا۔ پس نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ماء (غسل) صرف ماء (منی خارج ہونے) سے ہے۔ پھر فرمایا: اس کے بعد جب ایک شرمگاہ دوسری سے تجاوز کرے تو غسل واجب ہوتا ہے۔

**4253** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَزَّازُ التُّسْتَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي يُوسُفَ الْمِسْكِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يَعْلَى زُنْبُورٌ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُبَيْدَةَ، عَنْ عِيسَى بْنِ سَهْلِ بْنِ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْمُحَاقَلَةِ، وَالْمُزَابَنَةِ، وَالْمُنَابَذَةِ، وَنَهَى اَنْ يَقُولَ الرَّجُلُ لِلرَّجُلِ ابْتَعْ هٰذَا بِنَقْدٍ وَاشْتَرِهِ بِنَسِيئَةٍ حَتَّى يَبْتَاعَهُ وَيُحْرِزَهُ، وَعَنْ كَالِءٍ بِكَالِءٍ وَدَيْنٍ بِدَيْنٍ

حضرت عیسٰی بن سہل بن رافع بن خدیج اپنے والد سے، وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے بیع محاقلہ، مزابنہ اور منابذہ سے منع کیا اور منع کیا کہ آدمی آدمی سے کہے: یہ نقد خرید لے اور وہ اُدھار لے لے یہاں تک کہ وہ اس کو خرید لے اور اس کو محفوظ کر لے، دونوں ادھار کا اُدھار کے بدلے اور قرض کا قرض کے بدلے۔

## عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، عَنْ اَبِيهِ

4254 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ الْقَوَارِيرِيُّ، حَدَّثَنِي حَرَمِيُّ بْنُ عُمَارَةَ، ثنا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ نُفَيْعِ بْنِ عَلِيٍّ الْكِلَابِيُّ، حَدَّثَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، عَنْ اَبِيهِ: اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَانَ يَاْمُرُ بِتَاْخِيرِ الْعَصْرِ

## حضرت عبداللہ بن رافع بن خدیج اپنے والد رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

حضرت عبداللہ بن رافع بن خدیج اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نمازِ عصر دیر سے پڑھنے کا حکم دیا کرتے تھے۔

## عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، عَنْ اَبِيهِ

4255 - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ، ثنا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الصَّوَّافُ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ مُحَمَّدٍ الزُّهْرِيُّ، ثنا رِفَاعَةُ بْنُ الْهُرَيْرِ، حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

## حضرت عبدالرحمٰن بن رافع بن خدیج اپنے والد سے روایت کرتے ہیں

حضرت عبدالرحمٰن بن رافع بن خدیج اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: مجھ پر جھوٹ نہ بولو کیونکہ مجھ پر جھوٹ بولنا کسی ایک پر جھوٹ بولنے کی طرح نہیں ہے۔



---

4254- ذكره الهيثمى فى مجمع الزوائد جلد 1 صفحه 307 وقال: رواه الطبرانى فى الكبير وأحمد بنحوه وفيه قصة ولم يسم تابعيه وقد سماه الطبرانى عبد الله بن رافع وفيه عبد الواحد بن نافع الكلاعى ذكره ابن حبان فى الثقات وذكره فى الضعفاء والله أعلم .

4255- ذكره الهيثمى فى مجمع الزوائد جلد 1 صفحه 148 وقال: رواه الطبرانى فى الكبير وفيه رفاعة بن الهدير ضعفه ابن حبان وغيره .

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لا تَكْذِبُوا عَلَيَّ فَإِنَّهُ لَيْسَ كَذِبٌ عَلَيَّ كَكَذِبٍ عَلَى اَحَدٍ

4256 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْقَرْمَطِيُّ الْبَغْدَادِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ يَعْقُوبَ الْعُثْمَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ طَلْحَةَ التَّيْمِيُّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سَهْلِ بْنِ اَبِي حَثْمَةَ، عَنْ هُرَيْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: لَمَّا كَانَ يَوْمُ الْخَنْدَقِ لَمْ يَكُنْ حِصْنٌ اُحْصِنَ مِنْ حِصْنِ بَنِي حَارِثٍ، فَجَعَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ النِّسَاءَ وَالصِّبْيَانَ وَالذَّرَارِيَّ فِيهِ فَقَالَ: اِنْ اَلَمَّ بِكُنَّ اَحَدٌ فَالْمِعْنَ بِالسَّيْفِ، فَجَاءَهُنَّ رَجُلٌ مِنْ بَنِي ثَعْلَبَةَ بْنِ سَعْدٍ يُقَالُ لَهُ بُجْدَانُ اَحَدُ بَنِي جَحَّاشٍ عَلَى فَرَسٍ حَتَّى كَانَ فِي اَصْلِ الْحِصْنِ ثُمَّ جَعَلَ يَقُولُ لِلنِّسَاءِ: انْزِلْنَ اِلَيَّ خَيْرٌ لَكُنَّ، فَحَرَّكْنَ السَّيْفَ فَاَبْصَرَهُ اَصْحَابُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَابْتَدَرَ الْحِصْنَ قَوْمٌ فِيهِمْ رَجُلٌ مِنْ بَنِي حَارِثَةَ يُقَالُ لَهُ ظُهَيْرُ بْنُ رَافِعٍ، فَقَالَ: يَا بُجْدَانُ ابْرُزْ فَبَرَزَ اِلَيْهِ، فَحَمَلَ عَلَيْهِ فَرَسُهُ فَقَتَلَهُ وَاَخَذَ رَاْسَهُ، فَذَهَبَ بِهِ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت هریر بن عبداللہ بن عبدالرحمن بن رافع بن خدیج اپنے والد سے وہ ان کے دادا سے روایت سے روایت کرتے ہیں کہ جب خندق کا دن تھا تو حضرت حصن بنی حارث کے علاوہ کسی کا قلعہ نہیں تھا' حضور ﷺ نے عورتوں اور بچوں اور بزرگوں کو اس میں رکھا' آپ نے فرمایا: اگر تم کو کوئی تکلیف دے تو تم نے تلوار ہلانی ہے۔ بنی ثعلبہ بن سعد سے ایک آدمی آیا' اس کا نام بجدان تھا' جو بنی جحاش سے تھا' گھوڑا پر قلعہ کے پاس آیا' پھر وہ عورتوں سے کہنے لگا: میرے پاس اترنا تمہارے لیے بہتر ہے' اُنہوں نے تلوار کو حرکت دی' اتنے میں حضور ﷺ کے اصحاب نے اسے دیکھ لیا' قوم جلدی قلعے کی طرف آئی' ان میں بنی حارثہ سے ایک آدمی تھا' اس کا نام ظہیر بن رافع تھا' اس نے کہا: اے بجدان! باہر آ! وہ باہر آیا' اپنے گھوڑے کو اس پر سوار کر کے' اس کو قتل کیا اور اس کا سر پکڑا' حضور ﷺ کے پاس لے کر آیا۔

## سَعِيدُ بْنُ اَبِي رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، عَنْ اَبِيهِ

## حضرت سعید بن ابورافع بن خدیج اپنے والد سے' وہ ان کے دادا سے

## عَنْ جَدِّهِ

**4257** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ بْنِ نَجْدَةَ الْحَوْطِیُّ، ثنا اَبِی، ثنا عُثْمَانُ عَبْدُ الرَّحْمَنِ الطَّرَائِفِیُّ، ثنا اَبَانُ بْنُ الْمُحَبَّرِ، عَنْ سَعِیدِ بْنِ رَافِعِ بْنِ خَدِیجٍ، عَنْ اَبِیهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: الْتَمِسُوا الْجَارَ قَبْلَ الدَّارِ وَالرَّفِیقَ قَبْلَ الطَّرِیقِ

## روایت کرتے ہیں

حضرت رافع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: گھر خریدنے سے پہلے پڑوسی تلاش کرلو اور سفر سے پہلے دوست تلاش کرلو۔

## عَبَایَةُ بْنُ رِفَاعَةَ بْنِ رَافِعِ بْنِ خَدِیجٍ، عَنْ جَدِّهِ رَافِعٍ

## حضرت عبایہ بن رفاعہ بن رافع بن خدیج اپنے دادا رافع سے روایت کرتے ہیں

**4258** - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِیمَ الدَّبَرِیُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِیِّ، عَنْ اَبِیهِ، عَنْ عَبَایَةَ بْنِ رِفَاعَةَ بْنِ رَافِعٍ، عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِیجٍ، قَالَ: كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بِذِی الْخَلِیفَةِ مِنْ تِهَامَةَ، فَاَصَابَ الْقَوْمُ اِبِلًا وَغَنَمًا، فَعَجِلُوا فَاَغْلَوْا بِهِ الْقُدُورَ، فَانْتَهَى اِلَیْهِمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، فَاَمَرَ بِالْقُدُورِ فَكُفِئَتْ، فَعَدَلَ عَشَرَةً مِنَ الْغَنَمِ بِجَزُورٍ، قَالَ: وَنَدَّ مِنْهَا بَعِیرٌ فَرَمَاهُ رَجُلٌ بِسَهْمٍ فَحَبَسَهُ، فَقَالَ

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہم تہامہ کے ایک مقام ذوالحلیفہ میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ تھے۔ ایک گروہ کو ریوڑ اور اونٹوں کا گلہ ملا تو اُنہوں نے جلدبازی سے کام لیا' ہانڈیاں جوش مارنے لگیں' پس رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان تک پہنچے تو آپ نے ہانڈیوں کو انڈیل دینے کا حکم دیا۔ پس آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دس بکریاں ایک اونٹ کے بدلے میں بنائیں۔ راوی کا بیان ہے: ان میں سے ایک اونٹ بھاگا تو ایک آدمی نے اسے تیر مار کر اسے روک دیا۔ پس رسول



---

4257- ذكره الهیثمی فی مجمع الزوائد جلد8صفحه164 وقال: رواه الطبرانی وفیه أبان بن المحبر وهو متروك .

4258- أخرجه البخاری فی صحیحه جلد2صفحه886' رقم الحدیث: 2372 عن سفیان عن أبیه عن عبایة عن جده رافع بن خدیج به .

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ لِهَذِهِ الْبَهَائِمِ أَوَابِدَ كَأَوَابِدِ الْوَحْشِ، فَمَا غَلَبَكُمْ مِنْهَا فَاصْنَعُوا بِهِ هَكَذَا ثُمَّ أَتَاهُ رَافِعُ بْنُ خَدِيجٍ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنَّا نَخَافُ أَوْ نَرْجُو أَنْ نَلْقَى الْعَدُوَّ وَلَيْسَ مَعَنَا مُدًى أَفَنَذْبَحُ بِالْقَصَبِ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا أَنْهَرَ الدَّمَ وَذُكِرَ عَلَيْهِ اسْمُ اللّٰهِ فَكُلُوا لَيْسَ السِّنَّ وَالظُّفُرَ، وَسَأُحَدِّثُكُمْ عَنْ ذَلِكَ، أَمَّا السِّنُّ: فَعَظْمٌ، وَأَمَّا الظُّفُرُ: فَمُدَى الْحَبَشِ . قَالَ رَافِعٌ: ثُمَّ إِنَّ نَاضِحًا تَرَدَّى فِي بِئْرٍ بِالْمَدِينَةِ، فَذُكِّيَ مِنْ قِبَلِ شَاكِلَتِهِ - يَعْنِي خَاصِرَتَهُ- ، فَأَخَذَ مِنْهُ عُمَرُ عَشِيرًا بِدِرْهَمٍ

کریم ﷺ نے فرمایا: بے شک ان جانوروں سے یے بدکنا ہے جیسے جنگلی جانوروں کے لیے بدکنا ہے پس ان میں سے جو تم پر غالب آنے لگے تو اس کے ساتھ اسی طرح کرو۔ پھر حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ آپ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے عرض کی: اے اللہ کے رسول! ہمیں ڈر ہے یا ہمیں اُمید ہے کہ کل دشمن کے ساتھ ہمارا سامنا ہوگا لیکن ہمارے پاس چھری نہیں ہے (جس کے ساتھ ہم کھانے کیلئے جانور ذبح کریں) کیا بانس کے ساتھ ذبح کرنے کی اجازت ہو گی؟ تو رسول کریم ﷺ نے فرمایا: جو چیز خون بہا دے اور اللہ کا نام اس پر ذکر کیا جائے! پس اسے کھاؤ لیکن دانت اور ناخن نہ ہو۔ اور میں اس بارے تمہیں حدیث سناتا ہوں جہاں تک تعلق ہے دانت کا تو یہ ہڈی ہے تو رہا ناخن تو یہ حبشیوں کی چھری ہے۔ حضرت رافع کا قول ہے: پھر وہ اونٹ مدینہ میں ایک کنویں کے اندر گر گیا پس اس کو پیٹھ کے پیچھے سے ذبح کیا گیا یعنی پہلو کی طرف سے۔ اس سے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ایک درہم کے بدلے دس ٹکڑے لیے۔

**4259** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، ثنا أَزْهَرُ بْنُ مَرْوَانَ الرَّقَاشِيُّ، ثنا عَبْدُ الْأَعْلَى، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ، عَنْ سُفْيَانَ بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَبَايَةَ بْنِ رِفَاعَةَ بْنِ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، قَالَ: قُلْنَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ: إِنَّا نَرْجُو أَنْ نَلْقَى عَدُوَّنَا، فَعَسَى أَنْ لَا يَكُونَ مَعَنَا بَعْضُ الْعِدَّةِ مِمَّا

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم دشمن سے لڑیں گے ہوسکتا ہے ہمارے پاس کچھ نہ ہو جس سے ہم ذبح کر لیں کیا ہم بانس سے ذبح کیا ہوا کھالیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: جس سے بھی خون بہایا جائے اس کو کھاؤ سوائے اس کے جس کو دانت اور ناخن کے ذریعہ ذبح

يُصْلِحُنَا، اَفَنَاْكُلُ كُلَّ ذَبِيحَةِ الْقَصَبَةِ؟ قَالَ: نَعَمْ كُلُّ مَا اَنْهَرَ الدَّمَ ذَكَاةٌ اِلَّا السِّنَّ وَالظُّفُرَ

کیا جائے۔

**4260** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي اَبِي رَحِمَهُ اللّٰهُ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَبَايَةَ بْنِ رِفَاعَةَ، عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، اَنَّهُ قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اِنَّا لَاقُو الْعَدُوِّ غَدًا وَلَيْسَ مَعَنَا مُدًى قَالَ: مَا اَنْهَرَ الدَّمَ وَذُكِرَ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ فَكُلْ، لَيْسَ السِّنَّ وَالظُّفُرَ، وَسَاُحَدِّثُكُمْ، اَمَّا السِّنُّ: فَعَظْمٌ، وَاَمَّا الظُّفُرُ: فَمُدَى الْحَبَشَةِ وَاَصَابَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِبِلًا فَنَدَّ بَعِيرٌ مِنْهَا، فَرَمَاهُ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ بِسَهْمٍ فَحَبَسَهُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ لِهٰذِهِ الْاِبِلِ اَوَابِدَ كَاَوَابِدِ الْوَحْشِ، فَاِذَا غَلَبَكُمْ شَيْءٌ مِنْهَا فَاصْنَعُوا بِهِ هٰكَذَا قَالَ وَكَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَجْعَلُ فِي قَسْمِ الْغَنَائِمِ عَشْرًا مِنَ الشَّاءِ بِبَعِيرٍ. قَالَ: وَحَدَّثَنِي سُفْيَانُ عَنْهُ، قَالَ مُحَمَّدٌ: وَقَدْ سَمِعْتُ مِنْ سُفْيَانَ هٰذَا الْحَرْفَ

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم کل دشمن سے لڑیں گے' ہمارے پاس چھری نہیں ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس سے بھی خون بہایا جائے اس کو کھاؤ سوائے جو دانت اور ناخن سے ذبح کیا جائے' میں تم کو بتاتا ہوں کہ دانت تو ہڈی ہے اور ناخن حبشیوں کی چھری ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ایک اونٹ ملا' پھر وہ بھاگ گیا تو لوگوں میں سے کسی آدمی نے تیر مارا تو وہ اونٹ رُک گیا' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یہ اونٹ وحشی ہوتے ہیں جس طرح کہ دوسرے جانور وحشی ہوتے ہیں' جب تم پر غالب آجائیں تو ایسے ہی کیا کرو۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دس افراد کے درمیان ایک بکری۔۔۔ اونٹ کے بدلے۔ امام طبرانی فرماتے ہیں: مجھے سفیان نے یہ حدیث بیان کی۔ محمد کہتے ہیں: حضرت سفیان نے یہ حرف سنا۔

**4261** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْاَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، ثنا سَعِيدُ بْنُ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَبَايَةَ بْنِ رِفَاعَةَ، عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، قَالَ: بَيْنَمَا نَحْنُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِذِي الْحُلَيْفَةِ مِنْ تِهَامَةَ وَقَدْ جَاعَ الْقَوْمُ فَاَصَابُوا غَنَمًا وَاِبِلًا وَكَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ تہامہ کی سرزمین میں ہم ذوالحلیفہ کے مقام پر رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ تھے' قوم کو بھوک لگی' پس انہیں ایک ریوڑ اور اونٹوں کا گلہ ملا جبکہ لوگوں کے آخر میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تھے۔ پس اُنہوں نے جلدی میں ذبح کیا اور ہانڈیوں میں ڈال کر پکانے لگے۔ اتنے میں

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي أُخْرَيَاتِ النَّاسِ فَعَجِلُوا وَذَبَحُوا فَصَنَعُوا الْقُدُورَ فَانْتَهَى إِلَيْهِمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَمَرَ بِالْقُدُورِ فَكُفِئَتْ ثُمَّ قَسَمَ فَعَدَلَ عَشَرَةً مِنَ الْغَنَمِ بِبَعِيرٍ، وَكَانَ فِي الْقَوْمِ جَمَلٌ فَنَدَّ فَطَلَبُوهُ فَأَعْيَاهُمْ فَأَهْوَى إِلَيْهِ رَجُلٌ بِسَهْمٍ فَحَبَسَهُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ لِهَذِهِ الْبَهَائِمِ أَوَابِدَ كَأَوَابِدِ الْوَحْشِ فَمَا نَدَّ عَلَيْكُمْ مِنْهَا فَاصْنَعُوا بِهِ هَكَذَا، فَقُلْنَا: إِنَّا نَخَافُ أَوْ نَرْجُو أَنْ نَلْقَى الْعَدُوَّ غَدًا وَلَيْسَ مَعَنَا مُدًى أَفَنَذْبَحُ بِالْقَصَبِ؟ فَقَالَ: مَا أَنْهَرَ الدَّمَ وَذُكِرَ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ فَكُلْ، لَيْسَ السِّنَّ وَالظُّفُرَ وَسَأُخْبِرُكُمْ عَنْ ذَلِكَ، أَمَّا السِّنُّ فَعَظْمٌ وَأَمَّا الظُّفُرُ فَمُدَى الْحَبَشَةِ

رسول کریم ﷺ بھی ان کے پاس پہنچ گئے تو آپ ﷺ نے ہانڈیاں انڈیل دینے کا حکم ارشاد فرمایا۔ پھر آپ ﷺ نے تقسیم کی تو ایک اونٹ کے بدلے دس بکریاں بنائیں‘ قوم میں ایک اونٹ بھاگ کھڑا ہوا تو ایک آدمی نے تیر مار کر اسے روک دیا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: یہ جانور بھی جنگلی جانوروں کی طرح سرکش ہو جاتے ہیں۔ ان میں سے جو کوئی تم سے بھاگے تو اس کے ساتھ اسی طرح کرو۔ پس ہم نے عرض کی: ہمیں ڈر ہے یا اُمید ہے کہ کل ہمیں دشمن سے پالا پڑے گا تو ہمارے پاس چھری نہیں ہے‘ کیا ہمیں بانس سے ذبح کی اجازت ہوگی؟ تو آپ نے فرمایا: جو چیز بھی خون بہا دے اور اس پر اللہ کا نام لیا جائے‘ پس کھاؤ لیکن دانت اور ناخن نہ ہو۔ اور اس بارے میں آپ کو حدیث سناتا ہوں لیکن دانت تو ہڈی ہے اور لیکن ناخن پس یہ حبشیوں کی چھری ہے۔

**4262** - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَبَايَةَ بْنِ رِفَاعَةَ بْنِ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، عَنْ جَدِّهِ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، قَالَ: كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِذِي الْحُلَيْفَةِ، فَأُصِيبَ إِبِلٌ وَغَنَمٌ، وَكَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي أُخْرَيَاتِ النَّاسِ، فَعَجِلُوا وَذَبَحُوا فَصَنَعُوا الْقُدُورَ، فَدَفَعَ إِلَيْهِمُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَمَرَ بِالْقُدُورِ، فَأُكْفِئَتْ، ثُمَّ قَسَمَ فَعَدَلَ عَشَرَةً مِنَ

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم ذوالحلیفہ کے مقام پر رسول کریم ﷺ کے ساتھ تھے۔ اونٹ اور بکریاں ملیں جبکہ رسول کریم ﷺ آخری قافلہ میں تھے‘ پس انہوں نے جلدی جلدی ذبح کر کے ہانڈیوں میں ڈال کر پکانا شروع کر دیا۔ نبی کریم ﷺ ان کے پاس آئے اور ہانڈیاں انڈیل دینے کا حکم دیا۔ پھر تقسیم کی تو ایک اونٹ ایک طرف اور دس بکریاں دوسری طرف رکھیں۔ قوم میں ایک اونٹ سرکش ہو کر بھاگ گیا۔ پس لوگوں نے اس کو

الْغَنَمِ بِبَعِيرٍ، وَكَانَ فِي الْقَوْمِ جَمَلٌ يَسْتَنُّ فَطَلَبُوهُ فَأَعْيَاهُمْ، فَأَهْوَى إِلَيْهِ رَجُلٌ بِسَهْمٍ فَحَبَسَهُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ هَذِهِ الْبَهَائِمَ لَهَا أَوَابِدُ كَأَوَابِدِ الْوَحْشِ، فَمَا نَدَّ عَلَيْكُمْ مِنْهَا فَاصْنَعُوا بِهِ هَكَذَا، قَالَ جَدِّي: إِنَّا لَنَرْجُو أَوْ نَخَافُ أَنْ نَلْقَى الْعَدُوَّ غَدًا وَلَيْسَ مَعَنَا مُدًى أَفَنَذْبَحُ بِالْقَصَبِ؟ فَقَالَ: مَا أَنْهَرَ الدَّمَ وَذُكِرَ اسْمُ اللّٰهِ تَعَالَى عَلَيْهِ فَكُلْ، لَيْسَ السِّنَّ وَالظُّفُرَ، وَسَأُخْبِرُكُمْ عَنْ ذَلِكَ أَمَّا السِّنُّ: فَعَظْمٌ، وَأَمَّا الظُّفُرُ: فَمُدَى الْحَبَشَةِ

تلاش کیا لیکن وہ تھک گئے (وہ قابو نہ آیا)۔ پس ایک آدمی نے اس کو ایک تیر مار کر روک دیا تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: بے شک ان جانوروں کے لیے بھی بھاگنا ہے جس طرح جنگلی جانور بھاگتے ہیں' پس ان میں سے جو تم پر غالب آ جائے تو اس کے ساتھ ایسے ہی کرو۔ میرے دادا نے عرض کی: ہمیں اُمید ہے یا ڈر ہے کہ کل ہماری دشمن سے ملاقات ہو گی لیکن ہمارے پاس چھری نہیں ہے' کیا ہم بانس سے ذبح کر سکیں گے؟ فرمایا: ہر وہ چیز جو خون بہا دے اور اس پر اللہ کا ذکر کیا جائے تو کھا' وہ دانت نہ ہو اور ناخن بھی نہ ہو۔ اس بارے میں آپ کو حدیث سناتا ہوں: دانت ہڈی ہے اور ناخن حبشیوں کی چھری ہے۔

عباية بن رفاعة بن رافع بن خديج عن جده رافع

**4263** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا أَبُو الْأَحْوَصِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَبَايَةَ بْنِ رِفَاعَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنَّا نَلْقَى الْعَدُوَّ غَدًا وَلَيْسَ مَعَنَا مُدًى، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا أَنْهَرَ الدَّمَ وَذُكِرَ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ فَكُلُوا مَا لَمْ يَكُنْ سِنٌّ وَلَا ظُفُرٌ، وَسَأُحَدِّثُكُمْ عَنْ ذَلِكَ، أَمَّا السِّنُّ: فَعَظْمٌ، وَأَمَّا الظُّفُرُ: فَمُدَى الْحَبَشَةِ

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم نے عرض کی: یارسول اللہ! کل ہم دشمن سے لڑیں گے' جبکہ ہمارے پاس چھری نہیں ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس سے بھی خون بہہ جائے اور اس پر اللہ کا ذکر کیا جائے' اس کو کھاؤ سوائے اس کے جس کو دانت اور ناخن کے ذریعہ ذبح کیا جائے' عنقریب اس کے بارے میں آپ سے بیان کروں گا' بہرحال سن! ہڈی اور ظفر' حبشہ کی چھری ہے۔

**4264** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ حَمْزَةَ الدِّمَشْقِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ أَبِيهِ، حَدَّثَنِي دَاوُدُ بْنُ عِيسَى الْكُوفِيُّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ذوالحلیفہ کے مقام پر ہم رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ تھے' پس ہمیں اونٹ اور بکریاں میسر آئیں' پس کچھ لوگ

مَسْرُوقٍ، عَنْ عَبَايَةَ بْنِ رِفَاعَةَ بْنِ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، عَنْ جَدِّهِ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، قَالَ: كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِذِي الْحُلَيْفَةِ فَاَصَبْنَا اِبِلًا وَغَنَمًا، فَانْطَلَقَ اُنَاسٌ فِي سَرَعَانِ النَّاسِ، فَذَبَحُوا وَنَصَبُوا قُدُورَهُمْ قَبْلَ اَنْ يُقْسَمَ، فَمَرَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَانَ فِي اُخْرَيَاتِ النَّاسِ، فَرَاَى الْقُدُورَ قَدْ نُصِبَتْ، فَقَالَ: مَا هَذَا؟، فَقِيلَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ ذَبَحُوا وطَبَخُوا، فَاَمَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْقُدُورِ، فَكُفِئَتْ، ثُمَّ اَمَرَ بِالْغَنَائِمِ، فَقُسِمَتْ، فَجَعَلَ مَكَانَ كُلِّ بَعِيرٍ عَشْرَ شِيَاهٍ، قَالَ: فَبَيْنَا نَحْنُ عَلَى ذَلِكَ اِذْ نَدَّ بَعِيرٌ مِنْهَا، فَطَلَبَهُ رَجُلٌ مِنَ النَّاسِ فَرَمَاهُ رَجُلٌ بِسَهْمٍ فَحَبَسَهُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ لِهَذِهِ الْاِبِلِ اَوَابِدَ كَاَوَابِدِ الْوَحْشِ، فَمَا غَلَبَكُمْ مِنْهَا فَافْعَلُوا بِهِ هَكَذَا، ثُمَّ قَالَ جَدِّي: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اِنَّا نَخَافُ اَنْ نَلْقَى الْمُشْرِكِينَ غَدًا، وَلَيْسَتْ مَعَنَا مُدًى، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا اَنْهَرَ الدَّمَ وَذُكِرَ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ فَكُلْ، اِلَّا سِنًّا اَوْ ظُفُرًا، وَسَاُحَدِّثُكُمْ عَنْ ذَلِكَ، اَمَّا السِّنُّ: فَعَظْمٌ، وَاَمَّا الظُّفُرُ: فَمُدَى الْحَبَشَةِ

منتشر لوگوں میں گئے۔ پس انہوں نے ذبح کر کے تقسیم سے پہلے اپنی ہنڈیاں چولہوں پہ چڑھا دیں۔ پس رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دور فرمایا جبکہ وہ لوگوں کے آخر میں تھے' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہانڈیاں چڑھی ہوئی دیکھیں' پس دریافت فرمایا: یہ کیا ہے؟ عرض کی گئی: اے اللہ کے رسول! انہوں نے ذبح کر کے پکانا شروع کر دیا ہے۔ پس رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہانڈیاں انڈیل دینے کا حکم فرمایا' پھر مالِ غنیمت تقسیم کرنے کا حکم دیا۔ پس ایک اونٹ کی جگہ دس بکریاں رکھیں' پس ہم اسی حالت پر تھے جب ان میں سے ایک اونٹ بھاگ نکلا۔ پس لوگوں میں سے ایک آدمی نے اس کو تلاش کیا' پس ایک آدمی نے اسے تیر مار کر روک دیا۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: بے شک انسانوں سے خون کھانے اور بھاگنے والے جانوروں کی طرح یہ اونٹ بھی ہوتے ہیں۔ پس ان میں سے جو تم پر غالب آ جائے تو تم ایسے ہی کیا کرو۔ پھر میرے دادا نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! ہمیں خوف ہے کہ کل مشرکین سے ہماری مڈبھیڑ ہو تو ہمارے پاس چھری بھی نہیں ہے۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو چیز خون بہا دے اور اللہ کا نام لیا جائے تو اسے کھا لے مگر دانت یا ناخن۔ اس کے بارے میں آپ کے سامنے یہ بیان کروں کہ سن' ہڈی ہے اور بہرحال ظفر' حبشہ کی چھری ہے۔

4265 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحُبَابِ الْحِمْيَرِيُّ، ثنا مَكِّيُّ بْنُ

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ صدقہ کا ایک اونٹ بھاگ گیا'

إِبْرَاهِيمَ، ثنا أَبُو حَنِيفَةَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَبَايَةَ بْنِ رِفَاعَةَ، عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّ بَعِيرًا مِنَ إِبِلِ الصَّدَقَةِ نَدَّ فَطَلَبُوهُ، فَلَمَّا أَعْيَاهُمْ أَنْ يَأْخُذُوهُ رَمَاهُ رَجُلٌ بِسَهْمٍ، فَأَصَابَ مَقْتَلَهُ، فَسَأَلُوهُ عَنْ أَكْلِهِ، فَأَمَرَهُمْ بِأَكْلِهِ فَقَالَ: إِنَّ لَهَا أَوَابِدَ كَأَوَابِدِ الْوَحْشِ، فَإِذَا خَشِيتُمْ مِنْهَا شَيْئًا فَاصْنَعُوا بِهِ مِثْلَ مَا صَنَعْتُمْ بِهَذَا ثُمَّ كُلُوهُ

اس کو تلاش کیا گیا جب اس کو پکڑنے سے تھک گئے تو ایک آدمی نے تیر مارا جو اسے لگا اور وہ مرگیا' اس کے کھانے کے متعلق پوچھا گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اسے کھانے کا حکم دیا' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یہ اونٹ بھی وحشی ہوتے ہیں جس طرح جانور وحشی ہوتے ہیں' جب تم میں سے کسی کو ایسا خوف ہو تو ایسا ہی کرو جس طرح تم نے کیا ہے' پھر اس کو کھاؤ۔

**4266** - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا حَبِيبُ بْنُ حَبِيبٍ، ثنا سَعِيدُ بْنُ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَبَايَةَ بْنِ رِفَاعَةَ، عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، قَالَ: كُنَّا غُزَاةً مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنَّا نُصَبِّحُ الْعَدُوَّ غَدًا وَلَيْسَ مَعَنَا مُدًى أَفَنَذْبَحُ بِالْقَصَبِ وَالْمَرْوَةِ؟ قَالَ: نَعَمْ، اذْكُرِ اسْمَ اللّٰهِ عَلَيْهِ وَكُلْ إِلَّا السِّنَّ وَالظُّفُرَ، فَأَمَّا السِّنُّ: فَعَظْمٌ، وَأَمَّا الظُّفُرُ: فَمُدَى الْحَبَشَةِ

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ مل کر جہاد کر رہے تھے' لوگوں میں سے ایک آدمی نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم کل دشمن سے لڑیں گے' ہمارے پاس چھری نہیں ہے' کیا ہم بانس اور نوک دار پتھر کے ذریعہ ذبح کر لیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ہاں کھاؤ! جو اللہ کے نام پر ذبح کیا جائے' سوائے اس کے جو دانت اور ناخن سے ذبح کیا جائے' رہا دانت تو وہ ہڈی ہے اور ناخن حبشیوں کی چھری ہے۔

حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بَزِيعٍ، وَدَاهِرُ بْنُ نُوحٍ، قَالَا: ثنا حَسَّانُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، ثنا سَعِيدُ بْنُ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَبَايَةَ بْنِ رِفَاعَةَ، عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ.

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اسی طرح کی حدیث روایت کرتے ہیں۔

حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ التُّسْتَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ كَرَامَةَ، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسَى، ثنا

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اسی طرح کی حدیث روایت کرتے ہیں۔

اِسْرَائِيلُ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَبَايَةَ بْنِ رِفَاعَةَ، عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ

**4267** - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا حَامِدُ بْنُ يَحْيَى، ثنا سُفْيَانُ، ثنا عُمَرُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ مَسْرُوقٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَبَايَةَ بْنِ رِفَاعَةَ بْنِ خَدِيجٍ، عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، قَالَ: اَصَبْنَا اِبِلًا فَنَدَّ مِنهَا بعير فَرَمَيْنَاهُ بِالنَّبْلِ، فَسَأَلْنَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: اِنَّ لِهَذِهِ الْإِبِلِ اَوَابِدَ كَاَوَابِدِ الْوَحْشِ، فَمَا نَدَّ مِنهَا فَاصْنَعُوا بِهِ ذَلِكَ وَكُلُوهُ.

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم کو اونٹ ملا پھر وہ بھاگ گیا تو ہم نے اس کو تیر مارا' ہم نے رسول اللہ ﷺ سے اس کے متعلق پوچھا تو آپ ﷺ نے فرمایا: یہ اونٹ بھی وحشی ہوتے ہیں جس طرح کہ وحشی جانور بھاگتے ہیں' جو ان میں سے بھاگے اس کے ساتھ ایسے ہی کرو اور اس کو کھاؤ۔

حَدَّثَنَا اَبُو حُصَيْنٍ الْقَاضِي، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا مِنْدَلُ بْنُ عَلِيٍّ، وَعُمَرُ بْنُ عُبَيْدٍ، وَحَمَّادُ بْنُ شُعَيْبٍ الْحِمَّانِيُّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَبَايَةَ بْنِ رِفَاعَةَ، عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، قَالَ: كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِذِي الْحُلَيْفَةِ، فَاَصَابَ النَّاسَ جُوعٌ فَاَصَبْنَا اِبِلًا وَغَنَمًا، وَكَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي اُخْرَيَاتِ النَّاسِ، فَعَجِلَ سَرَعَانُ النَّاسِ، فَذَبَحُوا وَنَحَرُوا وَنَصَبُوا الْقُدُورَ، فَدَفَعَ اِلَيْهِمِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالْقُدُورُ تَغْلِي، فَاَمَرَ بِهَا فَاُكْفِئَتْ ثُمَّ قَسَمَ، فَعَدَلَ عَشَرَةً مِنَ الْغَنَمِ بِبَعِيرٍ، فَنَدَّ بَعِيرٌ فَطَلَبُوهُ فَاَعْيَاهُمْ فَاَهْوَى لَهُ رَجُلٌ بِسَهْمٍ فَحَبَسَهُ فَذَكَرَ مِثْلَهُ.

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم ذی الحلیفہ میں حضور ﷺ کے ساتھ تھے' صحابہ کرام کو بھوک لگی' ہمیں ایک اونٹ اور بکری ملی' حضور ﷺ دوسرے لوگوں میں موجود تھے' لوگوں نے جلدی کی' کئی لوگوں نے ذبح کیا اور گوشت بنا کر ہنڈیاؤں میں ڈالا اور حضور ﷺ ان کے پاس اس حالت میں آئے کہ ہنڈیائیں اُبل رہی تھیں' آپ نے ان ہنڈیاؤں کو بہانے کا حکم دیا' پھر آپ نے تقسیم کیا' دس افراد کو ایک اونٹ اور بکری دی۔ اونٹ بھاگ گیا تو اس کو تلاش کرنے اور اس کے پکڑنے سے تھک گئے' ایک آدمی نے تیر مارا تو وہ اونٹ رُک گیا' اس کے بعد اس کی مثل حدیث ذکر کی۔

حَدَّثَنَا اَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْاَزْرَقُ، حَدَّثَنَا مُبَارَكُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ مَسْرُوقٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَبَايَةَ بْنِ رِفَاعَةَ، عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، قَالَ: كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ مِثْلَهُ

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے ساتھ تھے' اس کے بعد اس کی مثل حدیث ذکر کی۔

**عبایة بن رفاعة بن رافع بن خدیج عن جده رافع**

**4268** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، ثنا زَيْدُ بْنُ الْحَرِيشِ، ثنا يُوسُفُ بْنُ خَالِدٍ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنْ عَبَايَةَ بْنِ رِفَاعَةَ، عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، قَالَ: كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي غَزَاةٍ فَقُلْنَا: اِنَّا نُصَبِّحُ الْعَدُوَّ غَدًا، وَلَيْسَ مَعَنَا مُدًى، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كُلُّ شَيْءٍ اَنْهَرَ الدَّمَ وَذُكِرَ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ فَكُلُوهُ مَا لَمْ يَكُنْ سِنًّا اَوْ ظُفُرًا، فَاِنَّ السِّنَّ: عَظْمٌ، وَاِنَّ الظُّفُرَ: مُدَى الْحَبَشَةِ

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ایک غزوہ میں ہم رسول کریم ﷺ کے ساتھ تھے۔ پس ہم نے عرض کی: بے شک کل صبح ہم دشمن کے پاس کریں گے اور ہمارے پاس کوئی چھری نہیں ہے' تو رسول کریم ﷺ نے فرمایا: ہر وہ چیز جو خون بہا دے اور اس پر اللہ کا نام ذکر کیا جائے تو اسے کھاؤ! جب تک وہ دانت یا ناخن نہ ہو کیونکہ دانت ہڈی ہے اور ناخن' حبشیوں کی چھری ہے۔

**4269** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، ثنا عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا لَيْثٌ، عَنْ عَبَايَةَ بْنِ رِفَاعَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ رَافِعٍ، قَالَ: اَصَبْنَا غَنَمًا فَقَسَمْنَاهَا بِذِي الْحُلَيْفَةِ، فَنَدَّ مِنْهَا بَعِيرٌ، فَاتَّبَعَهُ رَجُلٌ عَلَى فَرَسِهِ فَطَعَنَهُ بِرُمْحٍ اَوْ ضَرَبَهُ بِالسَّيْفِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ لِهَذِهِ الْاِبِلِ اَوَابِدَ كَاَوَابِدِ الْوَحْشِ، فَاِذَا نَدَّ مِنْهَا شَيْءٌ فَاصْنَعُوا بِهِ هَكَذَا، فَقَالَ رَجُلٌ: كُنَّا نَذْبَحُ بِالْمَرْوَةِ وَشِقَّةِ الْعِصِيِّ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَنْهِرِ الدَّمَ بِمَا

حضرت رافع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہمیں بکریاں ملیں' ہم نے ان کو ذی الحلیفہ کے مقام پر تقسیم کر لیا' ان میں سے ایک اونٹ بھاگ گیا' ایک آدمی نے گھوڑے پر سوار ہو کر اس کا پیچھا کیا اور اسے نیزہ یا تلوار پیچھے سے ماری۔ حضور ﷺ نے فرمایا: یہ اونٹ بھی وحشی ہو کر بھاگتے ہیں جس طرح وحشی جانور بھاگتے ہیں' جب (جنگلی) ان سے کوئی شی بھاگے تو اس کے ساتھ ایسے ہی کیا کرو۔ ایک آدمی نے کہا: ہم بانس کی ترچھی لکڑی سے ذبح کرتے ہیں اور چھڑیوں کی چیری ہوئی لکڑی سے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: جو شی خون

شِئْتَ مَا لَمْ يَكُنْ سِنٌّ اَوْ ظُفُرٌ، فَاِنَّ السِّنَّ: عَظْمٌ، وَاِنَّ الظُّفُرَ: مُدَى الْحَبَشَةِ

بہائے اس سے ذبح کیے ہوئے کو کھاؤ سوائے اس کے جو دانت اور ناخن سے ذبح کیا جائے کیونکہ دانت ہڈی ہے اور ناخن حبشیوں کی چھری ہے۔

**4270** - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ بَشَّارٍ الرَّمَادِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ عُمَرَ بْنِ سَعِيدِ بْنِ مَسْرُوقٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَبَايَةَ بْنِ رِفَاعَةَ، عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَعْطَى اَبَا سُفْيَانَ وَصَفْوَانَ بْنَ اُمَيَّةَ، وَعُيَيْنَةَ بْنَ حِصْنٍ، وَالْاَقْرَعَ بْنَ حَابِسٍ الْحَدِيثَ

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ابوسفیان اور صفوان بن امیہ' عیینہ بن حصن اور اقرع بن حابس کو دیا' آگے مکمل حدیث ہے۔

**4271** - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ ثَوْرٍ الْجُذَامِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الْفِرْيَابِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَبَايَةَ بْنِ رِفَاعَةَ، عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْحُمَّى مِنْ فَيْحِ جَهَنَّمَ فَاَبْرِدُوهَا بِالْمَاءِ

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: بخار جہنم کی تپش سے ہے' اس کو پانی کے ساتھ ٹھنڈا کرو۔

**4272** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَبَايَةَ بْنِ رِفَاعَةَ، عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: الْحُمَّى مِنْ فَوْرِ جَهَنَّمَ فَاَبْرِدُوهَا بِالْمَاءِ

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: بخار جہنم کی تپش سے ہے' اس کو پانی کے ساتھ ٹھنڈا کرو۔



---

4271- أخرجه مسلم في صحيحه جلد 4 صفحه 1733 رقم الحديث: 2212' والبخاري في صحيحه جلد 3 صفحه 1190' رقم الحديث: 3089 كلاهما عن سفيان بن سعيد عن أبيه عن عباية عن جده رافع بن خديج به .

4273 - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْاَسْفَاطِيُّ، ثنا اَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا اَبُو حُصَيْنٍ الْقَاضِي، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، قَالَا: ثنا اَبُو الْاَحْوَصِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَبَايَةَ بْنِ رِفَاعَةَ، عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْحُمَّى مِنْ فَيْحِ جَهَنَّمَ فَاَطْفِئُوهَا بِالْمَاءِ الْبَارِدِ

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: بخار جہنم کی تپش سے ہے اس کو پانی کے ساتھ بجھایا کرو۔

4274 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، ثنا مُصْعَبُ بْنُ الْمِقْدَامِ، ثنا اِسْرَائِيلُ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَبَايَةَ بْنِ رِفَاعَةَ، عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: الْحُمَّى مِنْ فَيْحِ جَهَنَّمَ فَابْرُدُوهَا بِالْمَاءِ

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: بخار جہنم کی تپش سے ہے اس کو پانی کے ساتھ ٹھنڈا کرو۔

4275 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، ثنا مُصْعَبُ بْنُ الْمِقْدَامِ، ثنا اِسْرَائِيلُ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَبَايَةَ بْنِ رِفَاعَةَ، عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، قَالَ: دَخَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى ابْنِ نُعَيْمَانَ فَجَعَلَ يَقُولُ: اَذْهِبِ الْبَاسَ رَبَّ النَّاسِ اِلَهَ النَّاسِ

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ابن نعیمان کے پاس آئے اور دعا کرنے لگے: لوگوں کے رب! اس سے تکلیف لے جا!

4276 - حَدَّثَنَا عُبَيْدٌ الْعِجْلِيُّ، ثنا جُبَارَةُ بْنُ الْمُغَلِّسِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ شُعَيْبٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: صدقہ سے ستر برائیوں کے

---

4276- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 3 صفحه 109 وقال: رواه الطبراني في الكبير وفيه حماد بن شعيب وهو ضعيف.

مَسْرُوقٍ، عَنْ عَبَايَةَ بْنِ رِفَاعَةَ، عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الصَّدَقَةُ تَسُدُّ سَبْعِينَ بَابًا مِنَ السُّوءِ

دروازے بند ہو جاتے ہیں۔

**4277** - حَدَّثَنَا عُبَيْدٌ الْعِجْلِيُّ، ثنا جُبَارَةُ بْنُ الْمُغَلِّسِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ شُعَيْبٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَبَايَةَ بْنِ رِفَاعَةَ، عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَدُ الْمُعْطِي الْعُلْيَا وَيَدُ الْآخِذِ السُّفْلَى إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: دینے والا اوپر والا ہاتھ نیچے والے ہاتھ سے جو لینے والا ہے' قیامت کے دن تک بہتر ہے۔

**4278** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ، ثنا جُبَارَةُ بْنُ الْمُغَلِّسِ، ثنا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنْ حَكِيمِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ عَبَايَةَ بْنِ رِفَاعَةَ، عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْمُسْلِمُونَ عِنْدَ شُرُوطِهِمْ فِيمَا أُحِلَّ

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: مسلمان اپنی شروط کے پاس ہے (ان کا پابند ہے) وہ جو ان کے لیے حلال ہیں۔

**4279** - حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ السَّدُوسِيُّ، وَالْحَسَنُ بْنُ الْمُتَوَكِّلِ، قَالَا: ثنا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي سُلَيْمٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبَايَةَ بْنَ رِفَاعَةَ بْنِ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، عَنْ جَدِّهِ، أَنَّهُ تَرَكَ حِينَ مَاتَ جَارِيَةً، وَنَاضِحًا، وَعَبْدًا حَجَّامًا، وَأَرْضًا، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْجَارِيَةِ: نَهَى عَنْ

حضرت یحییٰ بن ابوسلیم فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عبایہ بن رفاعہ بن رافع بن خدیج سے' وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں: جس وقت ان کا وصال ہوا' اُنہوں نے ایک لونڈی اور اونٹ اور پچھنا لگانے والا غلام چھوڑا اور زمین۔ حضور ﷺ نے لونڈی کے متعلق اس کو کمانے کے ذریعہ بنانے سے منع کیا اور پچھنے لگانے والے سے فرمایا: جب ضرورت ہو اونٹ کو چارہ ڈال



---

4277- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 3 صفحه 98 وقال: رواه الطبراني في الكبير وفيه حماد بن شعيب وهو ضعيف .

4279- أورده أحمد في مسنده جلد 4 صفحه 141 عن يحيى بن أبي سليم عن عباية عن جده رافع بن خديج به .

كَسْبِهَا، وَقَالَ فِي الْحَجَّامِ: مَا اَصَابَ فَاعْلِفْهُ النَّاضِحَ، وَقَالَ فِي الْأَرْضِ: ازْرَعْهَا

اورزمین کے متعلق فرمایا کہ اس کو کاشت کرو۔

**4280** - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا اَبُو عَوَانَةَ، عَنْ اَبِي بَلْجٍ، عَنْ عَبَايَةَ بْنِ رِفَاعَةَ، قَالَ: مَاتَ رِفَاعَةُ عَلَى عَهْدِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَتَرَكَ عَبْدًا حَجَّامًا، وَجَمَلًا نَاضِحًا، وَاَرْضًا، فَقَالَ: اَمَّا الْحَجَّامُ فَلَا تَاْكُلُوا مِنْ كَسْبِهِ وَاَطْعِمُوهُ النَّاضِحَ قَالُوا: الْاَمَةُ تَكْسِبُ، قَالَ: لَا تَاْكُلْ مِنْ كَسْبِ الْاَمَةِ فَاِنِّي اَخَافُ اَنْ تَبْتَغِيَ بِفَرْجِهَا

حضرت عبایہ بن رفاعہ فرماتے ہیں کہ حضرت رفاعہ رضی اللہ عنہ حضورﷺ کے زمانہ میں فوت ہوئے' اُنہوں نے ایک حجام اوراونٹ اورزمین چھوڑی' آپﷺ نے فرمایا: حجام کی کمائی نہ کھاؤ اوروہ اونٹ کو چارہ ڈالے۔ اُنہوں نے عرض کی: لونڈی کی کمائی! آپ نے فرمایا: لونڈی کی کمائی نہ کھاؤ' میں خوف کرتا ہوں کہ وہ اپنی شرمگاہ سے حاصل کرے گی۔

**4281** - حَدَّثَنَا يُوسُفُ الْقَاضِي، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، ثنا حُصَيْنُ بْنُ نُمَيْرٍ، ثنا اَبُو بَلْجٍ يَحْيَى بْنُ اَبِي سُلَيْمٍ، عَنْ عَبَايَةَ بْنِ رِفَاعَةَ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: مَاتَ اَبِي وَتَرَكَ اَرْضًا، وَتَرَكَ جَارِيَةً وَغُلَامًا حَجَّامًا، وَنَاضِحًا، فَاَتَوْا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي ذٰلِكَ، فَقَالَ لَهُمْ فِي الْاَرْضِ: ازْرَعُوهَا اَوِ امْنَحُوهَا وَنَهَاهُمْ عَنْ كَسْبِ الْاَمَةِ وَقَالَ: اعْلِفُوا كَسْبَ الْحَجَّامِ النَّاضِحَ

حضرت عبایہ بن رفاعہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ میرے والد وصال کر گئے' اُنہوں نے لونڈی اور حجام غلام اوراونٹ چھوڑا۔ وہ حضورﷺ کے پاس آئے' آپ نے فرمایا: زمین کو آباد کرو یا اپنے بھائی کو آباد کرنے کے لیے بطور عطیہ دے دو' اورآپﷺ نے لونڈی کی کمائی سے منع کیا اور پچھنے لگانے والے کی کمائی سے اونٹ کو چارہ ڈالو۔

**4282** - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، ثنا شُجَاعُ بْنُ مَخْلَدٍ، وَاَبُو بَكْرِ بْنِ اَبِي شَيْبَةَ، وَاللَّفْظُ لِشُجَاعٍ، قَالَا: ثنا هُشَيْمٌ، اَنَا اَبُو بَلْجٍ، عَنْ عَبَايَةَ بْنِ رِفَاعَةَ، اَنَّ جَدَّهُ تُوُفِّيَ وَتَرَكَ اَمَةً تَغُلُّ، فَذَكَرُوا ذٰلِكَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت عبایہ بن رفاعہ فرماتے ہیں کہ ان کے دادا وصال کر گئے' اُنہوں نے ایک لونڈی چھوڑی' جو خیانت کرتی ہے' اس کا ذکر حضورﷺ کی بارگاہ میں کیا گیا' آپ نے لونڈی کی کمائی سے منع کیا' آپﷺ نے فرمایا: ہوسکتا ہے کہ یہ کوئی شی نہ پائے' اپنے نفس کے

فَكَرِهَ كَسْبَ الْاَمَةِ وَقَالَ: لَعَلَّهَا لَا تَجِدُ شَيْئًا فَتَبْتَغِيَ بِنَفْسِهَا. وَقَالَ ابْنُ اَبِي شَيْبَةَ فِي اِسْنَادِهِ: ثنا هُشَيْمٌ، عَنْ اَبِي بَلْجٍ، عَنْ عَبَايَةَ بْنِ رِفَاعَةَ بْنِ رَافِعِ الْاَنْصَارِيِّ

بدلے روزی کمائے۔ حضرت ابن ابوشیبہ اس کی سند میں فرماتے ہیں: ہمیں ہشیم نے اُنہوں نے ابوبلج سے وہ عبایہ بن رفاعہ بن رافع انصاری سے روایت کرتے ہیں۔

**4283** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْبَزَّازُ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى الْحَرَشِيُّ، ثنا مَيْمُونُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ عَبَايَةَ بْنِ رِفَاعَةَ، عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا رَاَى الْهِلَالَ قَالَ: هِلَالُ خَيْرٍ وَرُشْدٍ ثُمَّ قَالَ: اللّٰهُمَّ اِنِّي اَسْاَلُكَ مِنْ خَيْرِ هَذَا ثَلَاثًا اللّٰهُمَّ اِنِّي اَسْاَلُكَ مِنْ خَيْرِ هَذَا الشَّهْرِ، وَخَيْرِ الْقَدَرِ، وَاَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّهِ، ثَلَاثَةَ مَرَّاتٍ

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ جب چاند دیکھتے تو فرماتے: بھلائی اور ہدایت کا چاند ہو! پھر آپ دعا کرتے: اے اللہ! میں تجھ سے اس کی بھلائی مانگتا ہوں! تین دفعہ پھر یہ دعا کرتے: ''اَللّٰهُمَّ اِنِّی اَسْاَلُكَ الٰی آخرہٖ''۔

**4284** - حَدَّثَنَا اَبُو زُرْعَةَ الدِّمَشْقِيُّ، ثنا حَيْوَةُ بْنُ شُرَيْحٍ الْحِمْصِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، حَدَّثَنِي عَطِيَّةُ بْنُ بَقِيَّةَ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ حَنَانٍ الْحِمْصِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُصَفًّى، قَالُوا: ثنا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيدِ، ثنا ابْنُ ثَوْبَانَ، حَدَّثَنِي اَبُو مُدْرِكٍ، عَنْ عَبَايَةَ بْنِ رِفَاعَةَ، عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، قَالَ: خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ:

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: حضور ﷺ ان کے پاس آئے اور فرمایا: حدیث بیان کرو لیکن جھوٹ سے بچو کیونکہ جس نے مجھ پر جان بوجھ کر جھوٹ بولا' اسے چاہیے کہ وہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنالے۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! یہ ہم آپ سے کچھ سنتے ہیں تو ہم اس کو لکھتے ہیں' آپ ﷺ نے فرمایا: لکھو! کوئی حرج نہیں۔



---

4283- ذکره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد10صفحه139 وقال: رواه الطبراني واسناده حسن .

4284- ذکره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 1صفحه151 وقال: رواه الطبراني في الكبير وفيه أبو مدرك روى عن رفاعة بن رافع وعنه بقية ولم أر من ذكره .

تَحَدَّثُوا وَلْيَتَبَوَّأْ مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مَقْعَدَهُ مِنْ جَهَنَّمَ، قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنَّا نَسْمَعُ مِنْكَ أَشْيَاءَ فَنَكْتُبُهَا، فَقَالَ: اكْتُبُوا وَلَا حَرَجَ

**4285** - حَدَّثَنَا مَحْمُودُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ هُودٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، أَنَا الْمَسْعُودُ، عَنْ وَائِلِ بْنِ دَاوُدَ، عَنْ عَبَايَةَ بْنِ رِفَاعَةَ، عَنْ جَدِّهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ سُئِلَ: أَيُّ الْكَسْبِ أَفْضَلُ؟ قَالَ: عَمَلُ الرَّجُلِ بِيَدِهِ وَكُلُّ بَيْعٍ مَبْرُورٍ

حضرت رافع رضی اللہ عنہ حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ سے پوچھا گیا: کون سی کمائی افضل ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: وہ جو آدمی اپنے ہاتھ سے کمائے اور ہر برکت والی بیع (دھوکے اور عیب سے خالی)۔

**4286** - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، أَنَا إِسْحَاقُ بْنُ رَاهَوَيْهِ، ثنا وَكِيعٌ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ عَبَايَةَ بْنِ رِفَاعَةَ، عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، قَالَ: جَاءَ جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ أَوْ مَلَكٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: كَيْفَ تَعُدُّونَ أَهْلَ بَدْرٍ فِيكُمْ؟ قَالَ: هُمْ أَفَاضِلُ النَّاسِ قَالَ جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ: وَكَذَلِكَ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْمَلَائِكَةِ

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت جبریل علیہ السلام یا کوئی فرشتہ حضور ﷺ کی بارگاہ میں آیا' اس نے عرض کی: جو بدر میں شریک ہوئے ہیں' وہ کیسے شمار کرتے ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: وہ لوگوں سے افضل ہیں! حضرت جبریل علیہ السلام نے عرض کی: اسی طرح جو فرشتوں میں سے بدر میں شریک ہوئے تھے وہ بھی دوسرے فرشتوں سے افضل تھے۔

**4287** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْقَطِرَانِيُّ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْوَاسِطِيُّ، ثنا

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ انصار کے ایک آدمی نے صبح کے وقت خیبر میں



---

**4285**- أورد نحوه أحمد في مسنده جلد4صفحه141 عن وائل أبي بكر عن عباية عن جده رافع بن خديج به .

**4286**- أورد نحوه أبو بكر الشيباني في الآحاد والمثاني جلد 1صفحه258' رقم الحديث: 338 عن يحيى بن سعيد عن عباية عن جده رافع بن خديج به .

**4287**- أورده أبو داؤد في سننه جلد4صفحه179' رقم الحديث: 4524 عن أبي حيان عن عباية عن جده رافع بن خديج به .

هُشَيْمٌ، عَنْ أَبِي حَيَّانَ التَّيْمِيِّ، عَنْ عَبَايَةَ بْنِ رِفَاعَةَ، عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، قَالَ: أَصْبَحَ رَجُلٌ مِنَ الْأَنْصَارِ مَقْتُولًا بِخَيْبَرَ فَانْطَلَقَ أَوْلِيَاؤُهُ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرُوا ذٰلِكَ لَهُ، فَقَالَ: لَكُمْ شَاهِدَانِ يَشْهَدَانِ عَلَى قَاتِلِ صَاحِبِكُمْ؟ ، قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ لَمْ يَكُنْ ثَمَّ أَحَدٌ مِنَ الْمُسْلِمِينَ وَإِنَّمَا هُمْ يَهُودُ وَهُمْ يَجْتَرِؤُونَ عَلَى مَا هُوَ أَعْظَمُ مِنْ هٰذَا، قَالَ: فَاخْتَارُوا مِنْهُمْ خَمْسِينَ فَاسْتَحْلِفُوهُمْ فَوَدَاهُمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ عِنْدِهٖ

مقتول پایا' اس کے ورثاء رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف گئے' اُنہوں نے اس کا ذکر کیا' آپ نے فرمایا: تمہارے پاس تمہارے ساتھی کے قتل پر دو گواہ ہیں؟ اُنہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! مسلمانوں میں سے وہاں کوئی نہ تھا' یہودی ایسے کام کی جرأت کر سکتے ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ان میں سے پچاس کو اختیار کرو' ان سے قسم لو۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کی دیت خود ادا کی۔

## هُرَيْرُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، عَنْ جَدِّهٖ رَافِعٍ

## حضرت ہریر بن عبدالرحمٰن بن رافع بن خدیج اپنے دادا رافع سے روایت کرتے ہیں

**4288** - حَدَّثَنَا أَبُو حُصَيْنٍ الْقَاضِي، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ، قَالَا: ثنا أَبُو إِسْمَاعِيلَ الْمُؤَدِّبُ، ثنا هُرَيْرُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ الْأَنْصَارِيُّ، عَنْ جَدِّهٖ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِبِلَالٍ: نَوِّرْ بِالْفَجْرِ قَدْرَ مَا يُبْصِرُ الْقَوْمُ مَوَاقِعَ نَبْلِهِمْ

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے فرمایا: نمازِ فجر اتنی سفیدی میں پڑھ کہ تیر کے گرنے کی جگہ معلوم ہو۔

**4289** - حَدَّثَنَا فُضَيْلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَلَطِيُّ،

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں

---

4289- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 1 صفحه 316 وذكر أنه عند الطبراني في الكبير وهو من رواية هرير بن عبد الرحمٰن بن رافع بن خديج وقد ذكره أبي حاتم ولم يذكر فيه جرحًا ولا تعديلًا قال: وهرير ذكره ابن حبان في

ثنا اَبُو نُعَيمٍ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، يَقُولُ: سَمِعْتُ رَافِعَ بْنَ خَدِيجٍ، يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: نَوِّرُوا بِالْفَجْرِ قَدْرَ مَا يُبْصِرُ الْقَوْمُ مَوَاقِعَ نَبْلِهِمْ

کہ میں نے حضورﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: نمازِ فجر اتنی سفیدی میں پڑھو کہ تیر کے گرنے کی جگہ معلوم ہو۔

**4290** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نَافِعٍ الطَّحَّانُ الْمِصْرِيُّ، وَاِسْمَاعِيلُ بْنُ الْحَسَنِ الْخَفَّافُ، قَالَا: ثنا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ، ح وَحَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، ثنا جَعْفَرُ بْنُ مُسَافِرٍ، قَالَا: ثنا ابْنُ اَبِي فُدَيْكٍ، اَخْبَرَنِي عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ هُرَيْرٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ رَافِعٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ عَلَيْهِ وَهُوَ مُزْدَرِعٌ، فَسَاَلَهُ عَنْهَا فَاَخْبَرَهُ اَنَّ الْاَرْضَ لِآلِ اُسَيْدٍ، فَكَارَاهَا مِنْهُمْ، فَاَمَرَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَنْ يَاْخُذَ كِرَاءَهُ مِنْهُمْ وَيُؤَدِّيَ اِلَيْهِمْ اِتَاءَ اَرْضِهِمْ . وَاللَّفْظُ لِاَحْمَدَ بْنِ صَالِحٍ . قَالَ اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ: وَالْاِتَاءُ: هُوَ الْقِيمَةُ، قِيمَةُ مَا يَخْرُجُ

حضرت رافع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ ایک کھیتی میں کام کرنے والے کے پاس سے گزرے‘ آپ نے اس کی زمین کے متعلق پوچھا تو اس نے بتایا کہ یہ زمین آلِ اُسید کی ہے‘ ان سے کرایہ پر لی ہے‘ تو حضورﷺ نے اسے حکم دیا کہ ان سے کرایہ لے لو‘ ان کو ان کی زمین کی قیمت ادا کر دو۔ یہ الفاظ احمد بن صالح کے ہیں۔ حضرت احمد بن صالح فرماتے ہیں: ’’اتـــاء‘‘ کا معنی ہے: قیمت‘ یعنی اس کی قیمت مراد ہے کہ جو اس زمین سے نکلتا ہے۔

**4291** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ شَيْبَانَ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ مُحَمَّدٍ الزُّهْرِيُّ، ثنا رِفَاعَةُ بْنُ هُرَيْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، حَدَّثَنِي جَدِّي، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: جِئْتُ اَنَا وَالْخَطْمِيُّ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يُرِيدُ بَدْرًا، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اِنِّي اُرِيدُ اَنْ اَخْرُجَ مَعَكَ، فَجَعَلَ يَقْبِضُ يَدَهُ

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں اور حضرت خطمی رضی اللہ عنہ‘ رسول اللہﷺ کے پاس بدر کے دن آئے‘ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں آپ کے ساتھ نکلنا چاہتا ہوں‘ آپ نے میرا ہاتھ پکڑا‘ آپﷺ نے فرمایا: میں تمہیں چھوٹا دیکھتا ہوں‘ مجھے معلوم نہیں ہے کہ جب تو لڑے گا تو کیا کرے گا؟ میں نے عرض کی: کیا آپ کو معلوم نہیں ہے کہ میں

هريرة بن عبد الرحمن بن رافع بن خديج عن جده رافع

الثقات وقال: يروى عن أبيه .

وَيَقُولُ: إِنِّي أَسْتَصْغِرُكَ، وَلَا أَدْرِي مَا تَصْنَعُ إِذَا لَقِيتَ الْقَوْمَ؟ ، فَقُلْتُ: أَتَعْلَمُ أَنْ أَرْمِيَ مَنْ رَمَى؟، فَرَدَّنِي فَلَمْ أَشْهَدْ بَدْرًا

ایک تیرانداز کی سی تیراندازی کرتا ہوں۔ آپ ﷺ نے مجھے واپس کر دیا اور میں بدر میں شریک نہیں ہوا۔

## عِيسَى بْنُ سَهْلِ بْنِ رَافِعٍ، عَنْ رَافِعٍ

## حضرت عیسیٰ بن سہل بن رافع، حضرت رافع رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

4292 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْمُؤَدِّبُ، ثنا سَعِيدُ بْنُ يَعْقُوبَ الطَّالْقَانِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ يَزِيدَ بْنِ أَبِي شُجَاعٍ، ثنا عِيسَى بْنُ سَهْلِ بْنِ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، قَالَ: إِنِّي لَيَتِيمٌ فِي حِجْرِ جَدِّي رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ فَحَجَجْتُ مَعَهُ، فَجَاءَهُ أَخِي عِمْرَانُ بْنُ سَهْلِ بْنِ رَافِعٍ فَقَالَ لَهُ: يَا أَبَتَاهُ إِنَّا قَدْ أَكْرَيْنَا أَرْضَنَا فُلَانًا بِمِئَتَيْ دِرْهَمٍ، فَقَالَ: يَا بُنَيَّ دَعْ عَنْكَ ذَلِكَ، فَإِنَّ اللّٰهَ سَيَجْعَلُ لَكُمْ زَرْعًا غَيْرَهُ، إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ كَرْيِ الْأَرْضِ

حضرت عیسیٰ بن سہل بن رافع بن خدیج فرماتے ہیں کہ میں اپنے دادا حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ کی پرورش میں یتیم تھا' میں نے آپ کے ساتھ حج کیا' میرے بھائی عمران بن سہل بن رافع آئے' آپ نے کہا: اے ابوجان! ہم نے فلاں کو اپنی زمین دو سو درہم کے بدلے کرایہ پر دی ہے۔ حضرت رافع رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے میرے بیٹے! اس کو چھوڑ دو! اللہ عزوجل آپ کو اس کے علاوہ دے گا کیونکہ حضور ﷺ نے زمین کرایہ پر دینے سے منع کیا ہے۔

## عَمْرُو بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ رَافِعٍ، عَنْ رَافِعٍ

## حضرت عمرو بن عبید اللہ بن رافع، حضرت رافع رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

4293 - حَدَّثَنَا أَبُو الزِّنْبَاعِ رَوْحُ بْنُ

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں



4293- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد10صفحه280 وقال: رواه الطبراني وفيه محمد بن عمر الواقدي وهو متروك .

الْفَرَجِ، ثنا حَامِدُ بْنُ يَحْيَى، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ الْوَاقِدِيُّ، ثنا خَارِجَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سُلَيْمَانَ بْنِ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ رَافِعٍ، عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْوُدُّ الَّذِي يَتَوَارَثُ فِي اَهْلِ الْاِسْلَامِ

کہ حضور ﷺ نے فرمایا: محبت ایک ایسی چیز ہے جو اہل اسلام میں وراثت کے طور پر موجود ہے۔



## يَحْيَى بْنُ اِسْحَاقَ ابْنِ اَخِي رَافِعٍ، عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ

## حضرت یحییٰ بن اسحاق' ابورافع کے بھائی کے بیٹے' حضرت رافع بن خدیج سے روایت کرتے ہیں

**4294** - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِينِيِّ، ح وَحَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، قَالَا: ثنا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اِسْحَاقَ بْنِ اَخِي رَافِعٍ، عَنْ رَافِعٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا اضْطَجَعَ اَحَدُكُمْ عَلَى جَنْبِهِ الْاَيْمَنِ ثُمَّ قَالَ: اللّٰهُمَّ اَسْلَمْتُ نَفْسِي اِلَيْكَ، وَاَلْجَاْتُ ظَهْرِي اِلَيْكَ، وَفَوَّضْتُ اَمْرِي اِلَيْكَ، لَا مَنْجَا مِنْكَ اِلَّا اِلَيْكَ، وَاُومِنُ رَبَّنَا بِكَ وَبِرُسُلِكَ، فَاِنْ مَاتَ مِنْ لَيْلَتِهِ دَخَلَ الْجَنَّةَ

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی دائیں کروٹ لیٹے تو یہ دعا کرے: ''اَللّٰهُمَّ اَسْلَمْتُ الی آخرہ''۔ اگر اس رات مر گیا تو وہ جنت میں داخل ہو گا۔

## اَبُو النَّجَاشِيِّ عَطَاءٌ

## حضرت رافع کے غلام ابوالنجاشی

---

4294- أورده الترمذي في سننه جلد5صفحه469' رقم الحديث: 3395 عن يحيٰى بن أبى كثير عن يحيٰى بن اسحاق عن ابن أخي رافع عن رافع بن خديج به .

# بْنُ صُهَيْبٍ مَوْلَى رَافِعٍ، عَنْ رَافِعٍ

# عطاء بن صہیب' حضرت رافع سے روایت کرتے ہیں

**4295** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الْفِرْيَابِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مَسْعُودٍ الْمَقْدِسِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ الصَّنْعَانِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا أَبُو شُعَيْبٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ اللهِ الْبَابَلُتِّيُّ، قَالُوا: ثنا الْأَوْزَاعِيُّ، حَدَّثَنِي أَبُو النَّجَاشِيِّ، حَدَّثَنِي رَافِعُ بْنُ خَدِيجٍ، قَالَ: كُنَّا نُصَلِّي مَعَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَاةَ الْعَصْرِ، ثُمَّ نَنْحَرُ الْجَزُورَ فَنَقْسِمُ ثُمَّ نَطْبُخُ فَنَأْكُلُ لَحْمًا نَضِيجًا قَبْلَ أَنْ تَغِيبَ الشَّمْسُ

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ نمازِ عصر پڑھتے' پھر ہم اونٹ ذبح کر کے اس کا گوشت تقسیم کرتے' پھر ہم اس کا گوشت پکاتے اور سورج غروب ہونے سے پہلے اس پکے ہوئے گوشت کو کھاتے تھے۔

**4296** - حَدَّثَنَا أَبُو شُعَيْبٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ اللهِ الْبَابَلُتِّيُّ، قَالُوا: ثنا الْأَوْزَاعِيُّ، حَدَّثَنِي أَبُو النَّجَاشِيِّ، عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، قَالَ: كُنَّا نُصَلِّي الْمَغْرِبَ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَيَنْصَرِفُ أَحَدُنَا وَإِنَّهُ لَيَنْظُرُ إِلَى مَوَاقِعِ نَبْلِهِ

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانہ میں نمازِ مغرب پڑھتے' ہم میں سے کوئی جاتا تو وہ تیر گرنے کی جگہ معلوم کر لیتا تھا۔

**4297** - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ، ثنا نُعَيْمُ بْنُ حَمَّادٍ، ثنا ابْنُ الْمُبَارَكِ، عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ، حَدَّثَنِي

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ کے غلام ابونجاشی عطاء بن صہیب فرماتے ہیں کہ میں حضرت



---

4295- أورده أحمد في مسنده جلد4صفحه141 عن الأوزاعي عن أبي النجاشي عن رافع بن خديج به .

4296- أورده ابن ماجه في سننه جلد 1صفحه224' رقم الحديث: 687 عن الأوزاعي عن أبي النجاشي عن رافع بن خديج به .

أَبُو النَّجَاشِيِّ عَطَاءُ بْنُ صُهَيْبٍ، مَوْلَى رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، قَالَ: صَحِبْتُ رَافِعَ بْنَ خَدِيجٍ سِتَّ سِنِينَ فَحَدَّثَنِي، عَنْ عَمِّهِ ظُهَيْرِ بْنِ رَافِعٍ، أَنَّهُ لَقِيَهُ يَوْمًا، فَقَالَ لَهُ: إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَانَا عَنْ أَمْرٍ كَانَ لَنَا نَافِعًا، قَالَ رَافِعٌ: فَقُلْتُ مَا قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَهُوَ الْحَقُّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَرَأَيْتَ مَحَاقِلَتِكُمْ مَاذَا تَصْنَعُونَ بِهَا؟ قُلْنَا: نُؤْجِرُهَا عَلَى الرُّبُعِ وَعَلَى الْأَوْسُقِ مِنَ التَّمْرِ وَالشَّعِيرِ، قَالَ: فَلَا تَفْعَلُوا، ازْرَعُوهَا أَوْ أَزْرِعُوهَا أَوْ أَمْسِكُوهَا

رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ کی صحبت میں چھ سال رہا' انہوں نے مجھے اپنے چچا حضرت ظہیر بن رافع کے حوالے سے بتایا کہ وہ ان سے ایک دن ملے' فرمایا کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہمیں ایسے کام سے منع کیا جو ہمارے لیے نفع مند ہے۔ حضرت رافع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا وہ حق ہے' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کیا تمہیں اپنی کھیتیوں کے متعلق خبر ہے' اس کے ساتھ تم کیا کرتے ہو؟ ہم نے عرض کی: ہم چوتھائی پر' کھجور یا کشمش کے وسق پر دیتے ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ایسے نہ کیا کرو' یا تو خود زمین آباد کرو یا کسی کو آباد کرنے کے لیے دو۔

**4298** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، ثنا الْعَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْعَظِيمِ الْعَنْبَرِيُّ، ثنا الْمَنْصُورُ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثنا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ، حَدَّثَنِي أَبُو النَّجَاشِيِّ، حَدَّثَنِي رَافِعُ بْنُ خَدِيجٍ، قَالَ: قَدِمَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِينَةَ وَهُمْ يُؤَبِّرُونَ النَّخْلَ - يَقُولُ يُلَقِّحُونَ - قَالَ: مَا تَصْنَعُونَ؟ قَالُوا: كُنَّا نَصْنَعُهُ قَالَ: لَوْ لَمْ تَفْعَلُوا كَانَ خَيْرًا فَتَرَكُوهَا فَشِيصَتْ فَذُكِرَ ذَلِكَ لَهُ، فَقَالَ: إِنَّمَا أَنَا بَشَرٌ، فَإِذَا أَمَرْتُكُمْ بِشَيْءٍ مِنْ دِينِكُمْ فَخُذُوا بِهِ، وَإِذَا أَمَرْتُكُمْ بِشَيْءٍ مِنْ دُنْيَاكُمْ فَإِنَّمَا أَنَا بَشَرٌ

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مدینہ منورہ میں تشریف آوری ہوئی جبکہ وہ لوگ کھجوروں کو پیوند لگاتے تھے۔ اس کو عملِ تلقیح (پیوند لگانا) کا نام دیتے تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کیا کرتے ہیں؟ انہوں نے عرض کی: ہم عمل تلقیح کرتے ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اگر تم ایسا نہ کرو تو (اللہ پہ بھروسہ کرو تو آخرت کے لحاظ سے) بہتر ہے۔ پس انہوں نے چھوڑ دیا۔ پس پھل کم ہو گیا تو اس چیز کا تذکرہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کیا گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں سیّد البشر ہوں اور جب میں تمہیں دنیا کی کسی چیز کا حکم دوں تو میں بھی انسان کامل ہوں (تمہیں اختیار



**4298**- أخرج نحوه مسلم في صحيحه جلد **4** صفحه **1835**' رقم الحديث: **2362** عن عمار بن عكرمة عن أبي النيجاشي عن رافع بن خديج به .

ہے اس پر عمل کرو یا اپنی رائے پر عمل کرو)۔

# بُشَيْرُ بْنُ يَسَارٍ، عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ

# حضرت بشیر بن یسار' حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

**4299** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِی اَبِی رَحِمَهُ اللّٰهُ، ثنا اَبُو اُسَامَةَ، عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ كَثِيرٍ، عَنْ بُشَيْرِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، وَسَهْلِ بْنِ اَبِی حَثْمَةَ حَدَّثَاهُ: اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنِ الْمُزَابَنَةِ، وَالْمُزَابَنَةُ: التَّمْرُ بِالتَّمْرِ اِلَّا اَصْحَابَ الْعَرَايَا فَاِنَّهُ قَدْ اَذِنَ لَهُمْ

حضرت سہل بن ابوحثمہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بیع مزابنہ سے منع کیا' مزابنہ میں کھجور کو کھجور کے بدلے دینا سوائے کھجور کے درختوں کے مالکوں کے' ان کے لیے اجازت دی۔

**4300** - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ الدِّمَشْقِيُّ، ثنا اَبِی، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا دُحَيْمٌ، قَالَا: اَنبا سُوَيْدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدِ بْنِ بُشَيْرِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ بَيْعِ الرُّطَبِ بِالتَّمْرِ وَرَخَّصَ فِی الْعَرِيَّةِ اَنْ يَشْتَرِيَهَا اَهْلُهَا بِخَرْصِهَا بِتَمْرٍ يَاْكُلُونَهُ.

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خشک کھجور کے بدلے تر کھجور لینے سے منع کیا اور کھجور کے درخت میں اجازت دی کہ اس کا مالک کھجور کو خشک کھجور کے بدلے اندازے سے خریدے جسے وہ کھاتے ہیں۔

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فَضَالَةَ الْجَوْهَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ بْنِ حَسَّابٍ، ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ بُشَيْرِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ

حضرت سہل بن ابوحثمہ اور حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہما' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے قسامت کے متعلق روایت کرتے ہیں۔



---

4299- أخرج نحوه مسلم فی صحيحه جلد 3 صفحه 1170' رقم الحديث: 1540' ونحوه البخاری فی صحيحه جلد 2 صفحه 839' رقم الحديث: 2254 كلاهما عن الوليد بن كثير عن بشير بن يسار عن رافع بن خديج به .

سَهْلِ بْنِ اَبِی حَثْمَةَ، وَرَافِعِ بْنِ خَدِیجٍ، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِی الْقَسَامَةِ

**4301** - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ الدِّمْیَاطِیُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِی مُعَاوِیَةُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ یَحْیَی بْنِ سَعِیدٍ، عَنْ بَشِیرِ بْنِ یَسَارٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ اَبِی حَثْمَةَ، وَرَافِعِ بْنِ خَدِیجٍ، قَالَا: خَرَجَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَهْلِ بْنِ زَیْدٍ وَمُحَیِّصَةُ بْنُ مَسْعُودٍ حَتَّی اِذَا كَانَا بِخَیْبَرَ، تَفَرَّقَا فِی بَعْضِ مَا هُنَاكَ، فَاِذَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَهْلٍ قَتِیلٌ، فَدَفَنَهُ مُحَیِّصَةُ ثُمَّ اَقْبَلَ عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ هُوَ وَحُوَیِّصَةُ ابْنَا مَسْعُودٍ، وَعَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَهْلٍ، فَذَهَبَ عَبْدُ الرَّحْمَنِ یَتَكَلَّمُ وَكَانَ اَصْغَرَ الْقَوْمِ، فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: الْكُبْرَ، فَتَكَلَّمَ صَاحِبَاهُ وَتَكَلَّمَ مَعَهُمَا، ثُمَّ ذَكَرُوا لَهُ مَقْتَلَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَهْلٍ، فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: اَتَحْلِفُونَ خَمْسِینَ اَنَّهُ قَاتَلَ صَاحِبَكُمْ؟ قَالُوا: كَیْفَ نَحْلِفُ عَلَی مَا لَمْ نَشْهَدْ؟ قَالَ: فَتُبْرِئُكُمْ یَهُودُ بِخَمْسِینَ یَمِینًا، قَالُوا: كَیْفَ نَقْبَلُ اَیْمَانَ قَوْمٍ كُفَّارٍ؟ فَوَدَاهُ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا رَاَی ذَلِكَ

حضرت سہل بن ابوحثمہ اور حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ دونوں فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن سہل بن زید اور محیصہ بن مسعود نکلے' جب دونوں خیبر میں آئے تو یہاں بعض راستے سے دونوں علیحدہ ہوئے' حضرت عبداللہ بن سہل رضی اللہ عنہ کو قتل کیا گیا' حضرت محیصہ رضی اللہ عنہ نے ان کو دفن کیا' پھر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آئے' وہ اور مسعود کے دونوں بیٹے اور عبدالرحمٰن بن سہل' حضرت عبدالرحمٰن گفتگو کرنے لگے' وہ لوگوں میں سے چھوٹے تھے' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: بڑا گفتگو کرے! اس کے دونوں ساتھیوں نے ان دونوں کے ساتھ گفتگو کی' پھر اُنہوں نے حضرت عبداللہ بن سہل رضی اللہ عنہ کے قتل کا ذکر کیا۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کیا تم میں سے پچاس آدمی حلف دیتے ہیں کہ تمہارے صاحب کو کس نے قتل کیا ہے؟ اُنہوں نے کہا: ہم کیسے حلف اس پر جس کے پاس دیں ہم حاضر نہیں تھے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم سے یہود بری ہوں گے پچاس قسموں سے! انہوں نے عرض کی: ہم کافروں کی قسمیں کیسے قبول کریں؟ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خود اس کو دیت دی' جب یہ صورتِ حال دیکھی۔

## عُبَیْدُ بْنُ رِفَاعَةَ الزُّرَقِیُّ، عَنْ رَافِعٍ

## حضرت عبید بن رفاعہ الزرقی' حضرت رافع رضی اللہ عنہ سے

## عَنْ رَافِعٍ

4302 - حَدَّثَنَا مُطَّلِبُ بْنُ شُعَيْبٍ الْاَزْدِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، حَدَّثَنِي خَالِدُ بْنُ يَزِيدَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي هِلَالٍ، عَنْ اَبِي اُمَيَّةَ الْاَنْصَارِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ رِفَاعَةَ الزُّرَقِيِّ، عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، قَالَ: دَخَلْتُ يَوْمًا عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعِنْدَهُمْ قِدْرٌ تَفُورُ لَحْمًا، فَاَعْجَبَتْنِي شَحْمَةٌ فَاَخَذْتُهَا فَازْدَرَتُّهَا، فَاشْتَكَيْتُ عَلَيْهَا سَنَةً، ثُمَّ اِنِّي ذَكَرْتُهُ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: اِنَّهُ كَانَ فِيهَا نَفْسُ سَبْعَةِ اَنَاسِيَّ ثُمَّ مَسَحَ بَطْنِي فَاَلْقَيْتُهَا خَضْرَاءَ فَوَالَّذِي بَعَثَهُ بِالْحَقِّ مَا اشْتَكَيْتُ بَطْنِي حَتَّى السَّاعَةِ

## روایت کرتے ہیں

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں ایک دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آیا' صحابہ کرام ہنڈیا میں گوشت پکا رہے تھے' مجھے چربی پسند آئی' میں نے اس کو پکڑا اور اسے کھا گیا' مجھے ایک سال تک اس کی شکایت رہی' پھر میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہاں ذکر کیا تو آپ نے فرمایا: اس میں سات آدمیوں کا حصہ تھا' پھر میرے پیٹ پر ہاتھ پھیرا' میں نے اس کو سبز قسم کی چیز کی صورت میں قی کر دیا' اس ذات کی قسم جس نے آپ کو حق کے ساتھ بھیجا' اس وقت تک میرے پیٹ میں کبھی تکلیف نہیں ہوئی۔

## سَعِيدٌ الْمَقْبُرِيُّ، عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ

4303 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَلِيُّ بْنُ اَبِي طَالِبٍ، ثنا غِيَاثُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ

## حضرت سعید مقبری' حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہاتھ میں دھاگا دیکھا'



---

4302- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 4صفحه173' جلد 10صفحه295 وقال: رواه الطبراني وفيه أبو أمية الأنصاري ولم أعرفه وبقية رجاله وثقوا .

4303- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 1صفحه166 وقال: رواه الطبراني في الكبير وفيه غياث بن ابراهيم وهو ضعيف جدا .

الْكُوفِيُّ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ الْحَارِثِ بْنِ عَيَّاشِ بْنِ أَبِي رَبِيعَةَ، عَنْ سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، قَالَ: رَأَيْتُ فِي يَدِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيْطًا، فَقُلْتُ: مَا هَذَا؟ قَالَ: أَسْتَذْكِرُ بِهِ

میں نے عرض کی: اس کے ساتھ کیا کرتے ہیں؟ آپ نے فرمایا: اس کے ذریعے ذکر کرتا ہوں۔

4304 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدُوسِ بْنِ كَامِلٍ، ثنا عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ عَاصِمٍ، ثنا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيدِ، حَدَّثَنِي أَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ، مَوْلَى بَنِي تَمِيمٍ، عَنْ سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ: أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَرْبِطُ الْخَيْطَ فِي خَاتَمِهِ يَسْتَذْكِرُ بِهِ

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے اپنی انگوٹھی میں دھاگا باندھا ہوا تھا' اس پر اللہ کا ذکر کرتے تھے۔

## مُعَاوِيَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَعْفَرٍ، عَنْ رَافِعٍ

## حضرت معاویہ بن عبداللہ بن جعفر، حضرت رافع رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

4305 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ هِشَامٍ الْبَغَوِيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ الشَّاذَكُونِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ الْوَاقِدِيُّ، ثنا الْحُسَيْنُ بْنُ يَزِيدَ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَعْفَرٍ، عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، قَالَ: أَكَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عُضْوًا ثُمَّ صَلَّى وَلَمْ يَتَوَضَّأْ

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے گوشت کا ٹکڑا کھایا' پھر نماز پڑھائی اور وضو نہیں کیا۔

## مُحَمَّدُ بْنُ سَهْلِ بْنِ

## حضرت محمد بن سہل بن ابوحثمہ،



---

4304- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 1 صفحه 166 وقال: رواه الطبراني في الكبير وفيه بقية عن أبي عبد الرحمٰن قال البخاري: غياث بن ابراهيم الضعيف أبا عبد الرحمٰن وروى عنه ثقة .

## اَبِی حَثْمَةَ، عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِیجٍ

## حضرت رافع بن خدیج سے روایت کرتے ہیں

4306 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ جُمْهُورٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ الْوَاقِدِیُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نُوحٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سَهْلِ بْنِ اَبِی حَثْمَةَ، عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِیجٍ، قَالَ: قَدِمْتُ عَلَی رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وُفُودُ الْعَرَبِ، فَلَمْ یَقْدَمْ عَلَیْنَا وَفْدٌ اَقْسَی قُلُوبًا وَلَا اَحْرَی اَنْ یَكُونَ الْاِسْلَامُ لَمْ یَقَرَّ فِی قُلُوبِهِمْ مِنْ بَنِی حَنِیفَةَ

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضورﷺ کے پاس آیا' عرب کے وفد میں تو آپ ہمارے پاس نہیں آئے' میرا دل سخت تھا' اس قابل نہیں تھا کہ اسلام قبول کرے' بنی حنیفہ کے دلوں میں اسلام نے قرار نہیں پکڑا۔

4307 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، ثنا الْحُسَیْنُ بْنُ جُمْهُورٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ الْوَاقِدِیُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نُوحٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سَهْلِ بْنِ اَبِی حَثْمَةَ، عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِیجٍ، قَالَ: كَانَ بِالرَّجَالِ بْنِ غَنْمَوَیْهِ مِنَ الْخُشُوعِ وَاللُّزُومِ لِقِرَاءَةِ الْقُرْآنِ وَالْخَیْرِ فِیمَا یَرَی رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ شَیْءٌ عَجَبٌ، فَخَرَجَ عَلَیْنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَوْمًا وَالرَّجَالُ مَعَنَا جَالِسٌ مَعَ نَفَرٍ فَقَالَ: اَحَدُ هَؤُلَاءِ النَّفَرِ فِی

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رجال بن غنمو یہ بہت خشوع وخضوع کرنے والا اور ہمیشہ قرآن کی قرأت کرنے والے اور بھلائی کرنے والا تھا' اس میں حضورﷺ نے بڑی عجیب شی دیکھی' ہمارے پاس رسول اللہﷺ تشریف لائے ایک دن' رجال ابن غنمو یہ ہمارے ایک گروہ میں بیٹھے ہوئے تھے آپ نے فرمایا: ان لوگوں میں سے ایک کا گھر جہنم میں ہوگا۔ حضرت رافع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے لوگوں کو دیکھا کہ اچانک گروہ میں ابوہریرہ الدوسی اور



---

4306- ذكره الهيثمی فی مجمع الزوائد جلد 10 صفحه 71 وقال: رواه الطبرانی وفیه محمد بن عمر الواقدی وهو ضعیف .

4307- ذكره الهيثمی فی مجمع الزوائد جلد 8 صفحه 290 وقال: رواه الطبرانی وقال فیه الرجال بالحاء المهملة المشددة وهكذا قاله الواقدی والمدائنی وتبعهما عبد الغنی بن سعید ووهم فی ذلك والأكثرون قالوا انه بالجیم الدارقطنی وابن ماكولا وفی اسناد هذا الحدیث الواقدی وهو ضعیف .

النَّارِ، قَالَ رَافِعٌ: فَنَظَرْتُ فِي الْقَوْمِ، فَإِذَا بِأَبِي هُرَيْرَةَ الدَّوْسِيِّ وَأَبِي أَرْوَى الدَّوْسِيِّ وَالطُّفَيْلِ بْنِ عَمْرٍو الدَّوْسِيِّ وَرِجَالُ بْنُ غُنْمُوَيْهِ، فَجَعَلْتُ أَنْظُرُ وَأَتَعَجَّبُ وَأَقُولُ مَنْ هَذَا الشَّقِيُّ؟ وَلَمَّا تُوُفِّيَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجَعَتْ بَنُو حَنِيفَةَ، فَسَأَلْتُ مَا فَعَلَ الرِّجَالُ بْنُ غُنْمُوَيْهِ؟ فَقَالُوا: فُتِنَ هُوَ الَّذِي شَهِدَ لِمُسَيْلِمَةَ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ أَشْرَكَهُ فِي أَمْرِهِ مِنْ بَعْدِهِ، فَقُلْتُ: مَا قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَهُوَ حَقٌّ وَسُمِعَ الرِّجَالُ يَقُولُ: كَبْشَانِ انْتَطَحَا فَأَحَبُّهُمَا إِلَيْنَا كَبْشُنَا

ابواروی الدوسی اور طفیل بن عمرو الدوسی اور رجال بن غنمویہ بھی تھا' میں اس کو دیکھنے لگا اور تعجب کرنے لگا' میں کہتا ہوں: یہ بدبخت کون ہے؟ جب حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا وصال ہوا تو بنی حنیفہ لوٹے' رجال بن غنمویہ کے متعلق پوچھا' اُنہوں نے کہا: فتنہ کا شکوار ہوا یہ وہی ہے' رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خلاف جو مسیلمہ کے ساتھ شریک ہوا' وہ اس کے بعد بھی اس کام میں شریک ہوا ہے' میں نے کہا: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جو فرمایا وہ حق ہے' اور رجال کے منہ سے یہ بات بھی سنی گئی کہ اس نے کہا: دو مینڈھوں نے باہم لڑائی کی: ہمیں تو ان دو میں سے اپنا مینڈھا ہی زیادہ پسند ہے۔

## جَعْفَرُ بْنُ مِقْلَاصٍ، عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ

## حضرت جعفر بن مقلاص' حضرت رافع بن خدیج سے روایت کرتے ہیں

4308 - حَدَّثَنَا أَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا أَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا بْنِ أَبِي زَائِدَةَ، عَنْ أَبِي بَكْرٍ الدِّيرِيِّ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مِقْلَاصٍ، عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَوْمَ بَدْرٍ: وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَوْ أَنَّ مَوْلُودًا وُلِدَ فِي فُقْهِ أَرْبَعِينَ سَنَةً مِنْ أَهْلِ الدِّينِ يَعْمَلُ بِطَاعَةِ اللّٰهِ كُلِّهَا، وَيَجْتَنِبُ الْمَعَاصِيَ

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بدر کے دن فرمایا: قسم ہے اس ذات کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے! اگر اس دین والوں میں سے کوئی بچہ ہو جو پیدا ہو کر چالیس سال رہا' اس نے ساری زندگی اللہ کی اطاعت کے مطابق عمل کیا اور جو ہلاک کرنے والی برائیاں ہیں ان سے بچا رہا' یہاں تک کہ ارذل عمر کو پہنچایا' اس عمر کو جس میں وہ

4308- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 6 صفحه 106 وقال: رواه الطبراني وفيه جعفر بن قلاص ولم أعرفه وبقية رجاله ثقات .

كُلَّهَا اِلَى اَنْ يُرَدَّ اِلَى اَرْذَلِ الْعُمُرِ، اَوْ يُرَدَّ اِلَى اَنْ لَا يَعْلَمَ بَعْدَ عِلْمٍ شَيْئًا، لَمْ يَبْلُغْ اَحَدُكُمْ هَذِهِ اللَّيْلَةَ وَقَالَ: اِنَّ لِلْمَلَائِكَةِ الَّذِينَ شَهِدُوا بَدْرًا لَفَضْلًا عَلَى مَنْ تَخَلَّفَ مِنْهُمْ

جاننے کے بعد کچھ نہیں جانتا۔ وہ آج کی رات والے عمل کو نہیں پا سکے گا۔ اور فرمایا: جو فرشتے بدر میں شریک ہوئے وہ ان پر فضیلت والے ہیں جو شریک نہیں ہوئے۔

## اَبُو عُفَيْرٍ الْاَنْصَارِيُّ، عَنْ رَافِعٍ

## حضرت ابو عُفیر انصاری' حضرت رافع رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

4309 - حَدَّثَنَا مُطَّلِبُ بْنُ شُعَيْبٍ الْاَزْدِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي حَبِيبٍ، عَنْ اَبِي عُفَيْرٍ الْاَنْصَارِيِّ، اَنَّ رَافِعَ بْنَ خَدِيجٍ، كَانَ يَقُولُ: مَنَعَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ نُكْرِيَ الْمَحَاقِلَ . وَالْمَحَاقِلُ: فُضُولٌ يَكُونُ مِنَ الْاَرْضِ

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہمیں زمینوں کو کرائے پر دینے سے منع کیا' محاقلہ سے مراد یہ ہے کہ جو زمین میں اضافی شی ہوتی ہیں۔

## عَطَاءُ بْنُ اَبِي رَبَاحٍ، عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ

## حضرت عطاء بن ابی رباح' حضرت رافع بن خدیج سے روایت کرتے ہیں

4310 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْمُؤَدِّبُ، ثنا عَفَّانُ بْنُ مُسْلِمٍ، ح وَحَدَّثَنَا اَبُو يَزِيدَ

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جو کسی کی



---

4310- أورده الترمذی فی سننه جلد 3صفحه648' رقم الحديث: 1366 عن أبی اسحاق عن عطاء عن رافع بن خديج به .

الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ شَيْبَةَ الْجُدِّيُّ، ح وَحَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ السَّدُوسِيُّ، ثنا اَبُو بَلَالٍ الْاَشْعَرِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا يُوسُفُ الْقَاضِي، ثنا اَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا اَبُو خَلِيفَةَ، ثنا اَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَزِيزٍ الْمَوْصِلِيُّ، ثنا غَسَّانُ بْنُ الرَّبِيعِ، ح وَحَدَّثَنَا اَبُو حُصَيْنٍ الْقَاضِي، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، قَالُوا: ثنا شَرِيكٌ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِي رَبَاحٍ، عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ زَرَعَ فِي اَرْضِ قَوْمٍ بِغَيْرِ اِذْنِهِمْ فَلَيْسَ لَهُ مِنَ الزَّرْعِ شَيْءٌ، وَتُرَدُّ عَلَيْهِ نَفَقَتُهُ

اجازت کے بغیر کسی کی کھیتی آباد کرے اس کے لیے کھیتی سے کوئی شی نہیں ہوگی البتہ اس کو اس کا خرچ دینا ہوگا۔

عطاء بن ابی رباح عن رافع بن خدیج

**4311** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي عُبَيْدِ اللّٰهِ، ثنا عَبْدُ الْاَعْلَى، ثنا عَبَّادُ بْنُ مَنْصُورٍ، عَنْ عَطَاءٍ، قَالَ: كَانَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ يَكْرَهُ اَنْ يُكْرِيَ الْاَرْضَ بِالثُّلُثِ وَالرُّبُعِ اِذَا كَانَ فِيهَا نَخْلٌ، وَكَانَ يُكْرِي الْاَرْضَ الْبَيْضَاءَ بِالذَّهَبِ وَالْوَرِقِ، فَلَقِيَهُ رَافِعُ بْنُ خَدِيجٍ فَقَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ كَرْيِ الْاَرْضِ، وَعَنِ الْمُحَاقَلَةِ، وَالْمُزَابَنَةِ

حضرت عطاء فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ زمین کو تہائی اور چوتھائی حصہ کے بدلے دینے کو مکروہ جانتے تھے جب اس میں کھجوریں بھی ہوں اور خالی سفید زمین کو سونے اور چاندی کے بدلے کرایہ پر دیتے تھے۔ حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ ان سے ملے فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ سے زمین کرایہ پر دینے سے منع کرتے ہوئے سنا ہے اور بیع محاقلہ اور مزابنہ سے بھی منع کرتے ہوئے سنا ہے۔

**4312** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ مَيْسَرَةَ، عَنْ طَاوُسٍ، وَعَطَاءٍ، وَمُجَاهِدٍ، عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، قَالَ:

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ہمارے پاس آئے ہمیں ایسے کام سے منع کیا جو ہمارے لیے نفع مند تھا اور حضور ﷺ کا حکم ہمارے لیے بہتر ہے اس سے جس سے ہمیں منع کیا۔

خَرَجَ اِلَيْنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَنَهَانَا عَنْ اَمْرٍ كَانَ لَنَا نَافِعًا، وَاَمْرُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيْرٌ لَنَا مِمَّا نَهَانَا عَنْهُ، قَالَ: مَنْ كَانَتْ لَهُ اَرْضٌ اَوْ لِيَزْرَعْهَا اَخَاهُ اَوْ لِيَمْنَحْهَا. قَالَ شُعْبَةُ: وَكَانَ عَبْدُ الْمَلِكِ يَجْمَعُ بِقَوْلِ طَاوُسٍ، وَعَطَاءٍ، وَمُجَاهِدٍ. قَالَ شُعْبَةُ: وَكَانَ الَّذِي يُحَدِّثُ عَنْهُ مُجَاهِدٌ. قَالَ: شُعْبَةُ صَاحِبُ الْحَدِيثِ

آپ ﷺ نے فرمایا: جس کی زمین ہو تو وہ اس کو خود آباد کرے یا اپنے بھائی کو آباد کرنے کے لیے بطور عطیہ دے۔ حضرت شعبہ فرماتے ہیں: عبداللہ' حضرت طاؤس اور عطاء اور مجاہد کی بات پر اتفاق کرتے تھے۔ حضرت شعبہ فرماتے ہیں: گویا وہ حضرت مجاہد ہیں جوان کے حوالے سے بیان کرتے ہیں' حضرت شعبہ اس حدیث کے راوی ہیں۔

## اِيَاسُ بْنُ خَلِيفَةَ، عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ

## حضرت ایاس بن خلیفہ' حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

**4313** - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ هَاشِمٍ الْبَغَوِيُّ، وَالْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، قَالَا: ثنا اُمَيَّةُ بْنُ بِسْطَامٍ، ثنا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، ثنا رَوْحُ بْنُ الْقَاسِمِ، عَنِ ابْنِ اَبِي نَجِيحٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ اِيَاسِ بْنِ خَلِيفَةَ، عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، اَنَّ عَلِيًّا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَخْبَرَ عَمَّارًا اَنْ يَسْاَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْمَذْيِ فَقَالَ: يَغْسِلُ مَذَاكِيرَهُ وَيَتَوَضَّاُ

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے حضرت عمار رضی اللہ عنہ سے کہا کہ وہ حضور ﷺ سے مذی کے متعلق پوچھیں' تو آپ ﷺ نے فرمایا: اپنے ذکر کو دھولے اور وضو کر۔

**4314** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، ثنا حَفْصُ بْنُ عَمْرٍو، وَالرَّبَالِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ الْوَاقِدِيُّ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ نَافِعٍ الْمَكِّيُّ، عَنِ ابْنِ

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے حضرت عمار رضی اللہ عنہ سے کہا کہ وہ حضور ﷺ سے مذی کے متعلق پوچھیں' تو



---

4313- أورده النسائي في سننه (المجتبى) جلد 1 صفحه 97' رقم الحديث: 155 عن عطاء عن اياس بن خليفة عن رافع بن خديج به .

اَبِی نَجِیحٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ اِیَاسِ بْنِ خَلِیفَةَ، عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِیجٍ، قَالَ: سُئِلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْمَذْیِ، فَقَالَ: اغْسِلْ ذَكَرَكَ وَتَوَضَّأْ وُضُوءَكَ لِلصَّلَاةِ

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اپنے ذکر کو دھولے اور اپنی نماز کیلئے وضو کر۔

عبد الرحمن بن ابی نعم عن رافع ابو البختری عن رافع

## عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ اَبِی نُعْمٍ، عَنْ رَافِعٍ

## حضرت عبدالرحمٰن بن ابی نعم، حضرت رافع رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

**4315** - حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِیزِ، ثنا اَبُو نُعَیْمٍ، ثنا الْحَكَمُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِی نُعْمٍ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبِی یَذْكُرُ، عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِیجٍ، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ نَهَی عَنِ الْمُزَارَعَةِ

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ، حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے زمین کرایہ پر دینے سے منع کیا۔

**4316** - حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِیزِ، ثنا اَبُو نُعَیْمٍ، ثنا بُكَیْرُ بْنُ عَامِرٍ الْبَجَلِیُّ، ثنا ابْنُ اَبِی نُعْمٍ، ثنا رَافِعُ بْنُ خَدِیجٍ، اَنَّهُ زَرَعَ اَرْضًا فَمَرَّ بِهِ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ یَسْقِیهَا فَقَالَ: لِمَنِ الزَّرْعُ وَلِمَنِ الْاَرْضُ؟، فَقَالَ: زَرْعِی بِبَذْرِی وَعَمَلِی مِنَ الشَّطْرِ وَلِبَنِی فُلَانٍ الشَّطْرُ، فَقَالَ: اَرْبَیْتَ فَرُدَّ الْاَرْضَ اِلَی اَهْلِهَا وَخُذْ نَفَقَتَكَ

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے کھیتی لگائی، حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان کے پاس سے گزرے تو یہ پانی لگا رہے تھے، آپ نے فرمایا: یہ کھیتی کس کی ہے اور زمین کس کی ہے؟ میں نے عرض کی: کھیتی میرے قبضے میں ہے اور حصے سے میرا کام ہے اور بنی فلاں کے لیے آدھا حصہ ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تُو نے سودی کاروبار کیا، زمین مالک کو واپس کر دے اور اپنا خرچ لے لے۔

## اَبُو الْبَخْتَرِیِّ الطَّائِیُّ

## حضرت ابوالبختری الطائی، ان کا نام

---

4316- أورده أبو داؤد سننه جلد 3 صفحه 261، رقم الحديث: 3402 عن بكير بن عامر عن ابن أبی نعم عن رافع بن خديج به .

## وَاسْمُهُ سَعِيدُ بْنُ فَيْرُوزٍ، عَنْ رَافِعٍ

4317 - حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ الضَّبِّيُّ، ثنا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ، أَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ أَبِي الْبَخْتَرِيِّ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: النَّاسُ حَيِّزٌ وَأَصْحَابِي حَيِّزٌ . فَقَالَ زَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ: وَرَافِعُ بْنُ خَدِيجٍ صَدَقَ وَهُمْ عِنْدَ مَرْوَانَ بْنِ الْحَكَمِ

## سعید بن فیروز ہے، حضرت رافع سے روایت کرتے ہیں

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: لوگ پناہ ہیں اور میرے صحابی پناہ ہیں۔ حضرت زید بن ثابت اور حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہما نے فرمایا: سچ ہے، وہ اس وقت مروان بن حکم کے پاس تھے۔

## أَبُو الْعَالِيَةِ، عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ

4318 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْعَبَّاسِ الضَّبِّيُّ الْبَصْرِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِينِيِّ، ثنا يُونُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ مُصْعَبِ بْنِ حَيَّانَ، عَنْ أَخِيهِ مُقَاتِلِ بْنِ حَيَّانَ، عَنِ الرَّبِيعِ بْنِ أَنَسٍ، عَنْ أَبِي الْعَالِيَةِ، عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَقُومُ مِنْ مَجْلِسٍ حَتَّى يَقُولَ: سُبْحَانَكَ اللَّهُمَّ وَبِحَمْدِكَ أَسْتَغْفِرُكَ وَأَتُوبُ إِلَيْكَ ثُمَّ يَقُولُ إِنَّهَا كَفَّارَةٌ لِمَا يَكُونُ فِي

## ابوالعالیہ، حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مجلس سے اُٹھنے سے پہلے یہ دعا کرتے تھے: ''سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ الٰی آخرہ'' پھر فرماتے: یہ مجلس میں ہونے والی لغو باتوں کا کفارہ ہے۔



---

4317- أورد نحوه أحمد في مسنده جلد3صفحه22 رقم الحديث: 11183' جلد 5صفحه187 رقم الحديث: 21671 عن عمرو بن مرة عن أبي البختري عن أبي سعيد الخدري به .

4318- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد10صفحه141 وقال: رواه الطبراني في الثلاثة ورجاله ثقات .

الْمَجْلِسِ

## الْقَاسِمُ بْنُ عَاصِمٍ الشَّيْبَانِيُّ، عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ

## حضرت قاسم بن عاصم الشیبانی' حضرت رافع بن خدیج سے روایت کرتے ہیں

4319 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، ثنا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، اَنَا خَالِدٌ، عَنْ حُمَيْدٍ الطَّوِيلِ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ عَاصِمٍ، عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ بِزَرْعٍ فَقَالَ: لِمَنْ هَذَا الزَّرْعُ؟ قَالُوا: لِفُلَانٍ وَالْاَرْضُ لِفُلَانٍ فَنَهَى عَنْ ذَلِكَ وَقَالَ: مَنْ كَانَتْ لَهُ اَرْضٌ فَلْيَزْرَعْهَا اَوْ لِيَمْنَحْهَا اَخَاهُ

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک کھیتی کے پاس سے گزرے' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یہ کھیتی کس کی ہے؟ صحابہ کرام نے عرض کی: فلاں کی ہے اور فلاں کی زمین ہے' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس سے منع کیا اور فرمایا: جس کی زمین ہو وہ اس کو خود کاشت کرے یا اپنے بھائی کو بطور عطیہ دیدے۔

## مُحَمَّدُ بْنُ سِيرِينَ، عَنْ رَافِعٍ

## حضرت محمد بن سیرین' حضرت رافع رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

4320 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ حَمَّادٍ الشُّعَيْثِيُّ، ثنا ابْنُ عَوْنٍ، عَنْ مُحَمَّدٍ، عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ: اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ كِرَى الْاَرْضِ

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے زمین کرایہ پر دینے سے منع کیا۔

4321 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخٍ، ثنا اَبُو هِلَالٍ، قَالَ: سَاَلْتُ مُحَمَّدَ بْنَ سِيرِينَ، عَنْ كِرَى الْاَرْضِ

حضرت ابو ہلال فرماتے ہیں کہ میں نے محمد بن سیرین سے زمین کرایہ پر دینے سے متعلق پوچھا' حضرت محمد بن سیرین فرماتے ہیں کہ حضرت رافع بن

فَقَالَ: قَالَ رَافِعُ بْنُ خَدِيجٍ: نَهَانَا نَبِيُّنَا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ- اَوْ نَهَى نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ- عَنْ كَرْيِ الْاَرْضِ

خدیج رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہمیں ہمارے نبی ﷺ یا حضور ﷺ نے زمین کرایہ پر دینے سے منع کیا۔

## رَجُلٌ لَمْ يُسَمَّ، عَنْ رَافِعٍ

## ایسا آدمی کی حضرت رافع رضی اللہ عنہ سے روایت' جس آدمی کا نام معلوم نہیں ہے

**4322** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا اَبُو اُسَامَةَ، عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ كَثِيرٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ رَجُلٍ، مِنْ بَنِي حَارِثَةَ، عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، قَالَ: خَرَجْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سَفَرٍ، فَرَاَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى رَوَاحِلِنَا اَكْسِيَةً فِيهَا خُيُوطٌ حُمْرٌ عُرْضٌ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلَا اَرَى الْحُمْرَةَ قَدْ غَلَبَتْكُمْ؟ قَالَ: فَقُمْنَا سِرَاعًا لِقَوْلِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى نَفَرَ بَعْضُ اِبِلِنَا، فَاَخَذْنَا الْاَكْسِيَةَ فَنَزَعْنَاهَا مِنْهَا

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ایک سفر میں ہم رسول کریم ﷺ کے ساتھ نکلے' پس رسول کریم ﷺ نے ہماری سواریوں پر چادریں دیکھیں جن میں چوڑائی میں سرخ دھاگے (دھاریاں) تھے۔ پس رسول کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: خبردار! میں دیکھ رہا ہوں' سرخی تم پر غالب آ گئی ہے؟ راوی کا بیان ہے: رسول کریم ﷺ کے ارشاد کی وجہ سے ہم جلدی میں اُٹھے یہاں تک کہ ہمارے بعض اونٹ (ہماری وجہ سے) بھاگ' پس ہم نے چادروں کو پکڑ کر کھینچ لیا۔

## عَمْرَةُ بِنْتُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، 

## حضرت عمرہ بنت عبدالرحمٰن' حضرت رافع رضی اللہ عنہ



4322- أورده أبو داؤد في سننه جلد 4صفحه53' رقم الحديث: 4070 عن محمد بن عمرو بن عطاء عن رجل من بني حارثة عن رافع بن خديج به .

## عَنْ رَافِعٍ

## سے روایت کرتے ہیں

**4323** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمُبَارَكِ الصَّنْعَانِيُّ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِي اُوَيْسٍ، حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ رَدَّادٍ الْعَامِرِيُّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ الْاَنْصَارِيِّ، عَنْ عَمْرَةَ بِنْتِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، اَنَّهُ كَانَ جَالِسًا عِنْدَ مِنْبَرِ مَرْوَانَ بْنِ الْحَكَمِ بِمَكَّةَ، وَمَرْوَانُ يَخْطُبُ النَّاسَ، فَذَكَرَ مَرْوَانُ مَكَّةَ وَفَضْلَهَا، وَلَمْ يَذْكُرِ الْمَدِينَةَ، فَوَجَدَ رَافِعٌ فِي نَفْسِهِ مِنْ ذَلِكَ، وَكَانَ قَدْ اَسَنَّ، فَقَامَ اِلَيْهِ فَقَالَ: اَيُّهَا ذَا الْمُتَكَلِّمُ اَرَاكَ قَدْ اَطْنَبْتَ فِي مَكَّةَ، وَذَكَرْتَ مِنْهَا فَضْلًا، وَمَا سَكَتَّ عَنْهُ مِنْ فَضْلِهَا اَكْبَرُ وَلَمْ تَذْكُرِ الْمَدِينَةَ وَاِنِّي اَشْهَدُ لَسَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: الْمَدِينَةُ خَيْرٌ مِنْ مَكَّةَ

حضرت عمرہ بنت عبدالرحمٰن' حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ سے روایت کرتی ہیں کہ وہ مروان بن حکم کے پاس مکہ میں منبر کے پاس بیٹھے تھے' مروان لوگوں کو خطبہ دے رہا تھا' مروان نے مکہ کی فضیلت ذکر کی اور مدینہ کی فضیلت ذکر نہیں کی۔ حضرت رافع رضی اللہ عنہ کے دل میں غصہ آیا اور حضرت رافع رضی اللہ عنہ اس سے عمر میں بڑے تھے' وہ مروان کی طرف اُٹھ کر کھڑے ہوئے اور فرمایا: اے گفتگو کرنے والے! آپ نے مکہ کا ذکر بڑا طویل کیا اور اس کی فضیلت کا ذکر کیا' آپ مکہ سے افضل شی کے ذکر سے خاموش رہے' مدینہ کا ذکر نہیں کیا' میں گواہی دیتا ہوں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: مدینہ مکہ سے بہتر ہے۔

## رَافِعُ بْنُ مَكِيثٍ الْجُهَنِيُّ

## حضرت رافع بن مکیث الجہنی رضی اللہ عنہ

**4324** - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، اَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ زُفَرَ عَنْ بَعْضِ بَنِي رَافِعِ بْنِ مَكِيثٍ، عَنْ رَافِعِ بْنِ

حضرت رافع بن مکیث رضی اللہ عنہ روایت فرماتے ہیں' وہ حدیبیہ میں شریک تھے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اچھا اخلاق خوبی کو بڑھاتا ہے اور بداخلاقی



---

4323- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد3صفحه299 وقال: رواه الطبراني وفيه محمد بن عبد الرحمن بن داود وهو مجمع على ضعفه .

4324- أورد نحوه أبو داؤد في سننه جلد 4صفحه341' رقم الحديث: 5162 عن عثمان بن زفر عن بعض بني رافع عن رافع بن مكيث به .

مَكِيثٍ، وَكَانَ مِمَّنْ شَهِدَ الْحُدَيْبِيَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: حُسْنُ الْمَلَكَةِ نَمَاءٌ، وَسُوءُ الْخُلُقِ شُؤْمٌ، وَالْبِرُّ زِيَادَةٌ فِي الْعُمُرِ، وَالصَّدَقَةُ تَمْنَعُ مِيْتَةَ السُّوءِ

نحوست ہے اور نیکی عمر میں اضافہ کرتی ہے اور صدقہ بُرائی کو دور کرتا ہے۔

## رَافِعُ بْنُ مَالِكِ بْنِ الْعَجْلَانِ اَبُو رِفَاعَةَ الزُّرَقِيُّ الْاَنْصَارِيُّ، عَقَبِيٌّ نَقِيبٌ

## حضرت رافع بن مالک بن عجلان ابورفاعہ زرقی انصاری عقبی نقیب رضی اللہ عنہ

**4325** - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ الْاَنْصَارِيُّ الْاَصْفَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ الْعَقَبَةَ، رَافِعُ بْنُ مَالِكٍ الزُّرَقِيُّ

حضرت ابن شہاب فرماتے ہیں: جو عقبہ میں شریک ہوئے اُن کے ناموں میں سے ایک نام رافع بن مالک زرقی کا بھی ہے۔

**4326** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، ثنا يُونُسُ بْنُ بُكَيْرٍ، اَخْبَرَنِي مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، اَخْبَرَنِي مَعْبَدُ بْنُ كَعْبِ بْنِ مَالِكِ بْنِ الْقَيْنِ، اَخُو بَنِي سَلِمَةَ، عَنْ اَخِيهِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ اَبِيهِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: خَرَجْنَا فِي الْحَجَّةِ الَّتِي بَايَعْنَا فِيهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْعَقَبَةِ وَكَانَ نَقِيبُ بَنِي زُرَيْقٍ رَافِعَ بْنَ مَالِكِ بْنِ الْعَجْلَانِ

حضرت کعب بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم اس سال میں نکلے جس میں ہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ مقامِ عقبہ میں بیعت کی، بنی زریق کے نقیب حضرت رافع بن مالک بن عجلان بھی اُس میں تھے۔

**4327** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا

حضرت یحییٰ بن سعید سے مروی ہے کہ مجھے



---

4326- أورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد6 صفحه 51 وذكر أن الطبراني رواه وأن رجاله ثقات .

عَارِمٌ، ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، حَدَّثَنِي مُعَاذُ بْنُ رِفَاعَةَ بْنِ رَافِعٍ، وَكَانَ رِفَاعَةُ بَدْرِيًّا، وَكَانَ رَافِعُ بْنُ مَالِكٍ مِنْ أَصْحَابِ الْعَقَبَةِ وَلَمْ يَشْهَدْ بَدْرًا

حدیث بیان کی حضرت معاذ بن رفاعہ بن رافع نے جبکہ حضرت رفاعہ رضی اللہ عنہ بدر میں شریک ہوئے تھے اور حضرت رافع بن مالک رضی اللہ عنہ اصحابِ عقبہ میں سے تھے بدر میں شریک نہیں ہوئے تھے۔

**4328** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ خَالِدِ بْنِ حَيَّانَ الرَّقِّيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ غَزِيَّةَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ رِفَاعَةَ بْنِ رَافِعِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبِي، يَقُولُ: إِنَّ جِبْرِيلَ قَالَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَيْفَ أَهْلُ بَدْرٍ فِيكُمْ؟ قَالَ: هُمْ أَفَاضِلُنَا، قَالَ جِبْرِيلُ: وَمَنْ شَهِدَ مِنَ الْمَلَائِكَةِ بَدْرًا فَهُمْ أَفَاضِلُنَا

حضرت رفاعہ بن رافع بن مالک فرماتے ہیں: میں نے اپنے والد کو فرماتے ہوئے سنا کہ حضرت جبریل علیہ السلام نے رسول کریم ﷺ کی خدمت میں عرض کیا: آپ کے درمیان اہل بدر کا کیا مقام ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: وہ ہم سب سے زیادہ فضیلت والے ہیں۔ حضرت جبریل علیہ السلام نے عرض کی: اور ملائکہ میں سے جو بدر میں شریک ہوئے وہ ہم میں سے فضیلت والے ہیں۔

## رَافِعُ بْنُ عَمْرٍو الْمُزَنِيّ

## حضرت رافع بن عمرو مزنی رضی اللہ عنہ

**4329** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا بَكْرُ بْنُ خَلَفٍ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، قَالَ: سَمِعْتُ الْمُشْمَعِلَّ بْنَ إِيَاسٍ، يَقُولُ: سَمِعْتُ عَمْرَو بْنَ سُلَيْمٍ الْمُزَنِيَّ، يَقُولُ: سَمِعْتُ رَافِعَ بْنَ عَمْرٍو الْمُزَنِيَّ، يَقُولُ: سَمِعْتُ

حضرت رافع بن عمرو مزنی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: درخت اور عجوہ جنت سے ہیں۔ امام طبرانی ابوالقاسم فرماتے ہیں: یہ مشمعل بن عمرو بن ایاس ہیں۔



4328- أورد الطبراني في الأوسط جلد 1 صفحه 47، رقم الحديث: 131 عن يحيى بن سعيد عن رفاعة بن رافع بن مالك عن أبيه به .

4329- أخرجه الحاكم في مستدركه جلد 4 صفحه 450، رقم الحديج: 8242 عن المشمعل بن اياس عن عمرو بن سليم عن رافع بن عمرو به .

رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: الشَّجَرَةُ وَالْعَجْوَةُ مِنَ الْجَنَّةِ قَالَ اَبُو الْقَاسِمِ: هُوَ الْمُشْمَعِلُّ بْنُ عَمْرِو بْنِ اِيَاسٍ

**4330** - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، ثنا الْمُشْمَعِلُّ بْنُ عَمْرٍو، وَحَدَّثَنِي عَمْرُو بْنُ سُلَيْمٍ الْمُزَنِيُّ قَالَ: سَمِعْتُ رَافِعَ بْنَ عَمْرٍو الْمُزَنِيَّ، يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنَا وَصِيفٌ، يَقُولُ: الشَّجَرَةُ وَالْعَجْوَةُ مِنَ الْجَنَّةِ

حضرت رافع بن عمرو مزنی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا اور میں وصف بیان کرنے والا ہوں' آپ نے فرمایا: درخت اور عجوہ کھجور جنت سے ہیں۔

**4331** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي، اَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ، حَدَّثَنِي، يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ الْاُمَوِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا، اِبْرَاهِيمُ بْنُ دُحَيْمٍ الدِّمَشْقِيُّ، ثنا اَبِي، ثنا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، ح وَحَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا يَعْلَى بْنُ عُبَيْدٍ، قَالُوا: ثنا هِلَالُ بْنُ عَامِرٍ الْمُزَنِيُّ، عَنْ رَافِعِ بْنِ عَمْرٍو الْمُزَنِيِّ، قَالَ: اَقْبَلْتُ مَعَ اَبِي وَاَنَا غُلَامٌ- قَالَ يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ فِي حَدِيثِهِ: وَصِيفٌ اَوْ فَوْقَ ذٰلِكَ. وَقَالَ يَعْلَى: خُمَاسِيٌّ، اَوْ سُدَاسِيٌّ- فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ، فَاِذَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ النَّاسَ عَلَى بَغْلَةٍ شَهْبَاءَ، وَعَلِيُّ بْنُ اَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يُعَبِّرُ عَنْهُ، وَالنَّاسُ مِنْ بَيْنِ جَالِسٍ وَقَائِمٍ،

حضرت رافع بن عمرو مزنی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں اپنے والد کے ساتھ آیا' میں ابھی بچہ تھا۔ یحییٰ بن سعید اپنی حدیث میں فرماتے ہیں: وصیف (نوکری کے قابل لڑکا) یا اس سے اوپر۔ حضرت یعلیٰ فرماتے ہیں: پانچ یا چھ سال کا حجۃ الوداع کے موقع پر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم شہباء نامی خچر پر لوگوں کو خطبہ دے رہے تھے' حضرت علی رضی اللہ عنہ آپ کی بات آگے پہنچا رہے تھے' لوگ بیٹھے اور کھڑے تھے' پس میرے والد بیٹھے اور میں اونٹوں میں سے گزر کے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خچر کے پاس آیا' میں نے اس کی رکاب پکڑ کر اپنا ہاتھ اس کے گھٹنے پر رکھا' میں نے اس کو پنڈلی تک چھوا' یہاں تک کہ میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مبارک قدم تک پہنچ گیا' پھر میں نے اپنی ہتھیلی جوتی اور قدم کے درمیان



---

**4331**- أورد نحوه أبو بكر الشيباني في الآحاد والمثاني جلد 2صفحه330' رقم الحديث: 1096 عن يعلى بن عبيد بن هلال بن عامر عن رافع بن عمرو به .

فَجَلَسَ اَبِی، وتخلَّلْتُ الرِّكَابَ حَتَّى اَتَيْتُ الْبَغْلَةَ، فَاَخَذْتُ بِرِكَابِهِ، وَوَضَعْتُ يَدِی عَلَی رُكْبَتِهِ، فَمَسَحْتُ حَتَّى السَّاقِ حَتَّى بَلَغْتُ بِهَا الْقَدَمَ، ثُمَّ اَدْخَلْتُ كَفِّی بَيْنَ النَّعْلِ وَالْقَدَمِ فَيُخَيَّلُ اِلَیَّ السَّاعَةَ اَنِّی اَجِدُ بَرْدَ قَدَمَيْهِ عَلَى كَفِّی وَاللَّفْظُ لِحَدِيثِ الْاُمَوِیِّ

داخل کر دی' میرا خیال ہے کہ میں اس وقت بھی آپ کے قدموں کی ٹھنڈک اپنی ہتھیلی پر پاتا ہوں۔ یہ الفاظ اموی کی حدیث کے ہیں۔

## رَافِعُ بْنُ عَمْرٍو الْغِفَارِیُّ

## حضرت رافع بن عمرو غفاری رضی اللہ عنہ

4332 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ النَّضْرِ الْاَزْدِیُّ، وَعُمَرُ بْنُ حَفْصٍ السَّدُوسِیُّ، قَالَا: ثنا عَاصِمُ بْنُ عَلِیٍّ، قَالَا: ثنا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، ثنا ابْنُ اَبِی الْحَكَمِ الْغِفَارِیُّ، حَدَّثَتْنِی جَدَّتِی، عَنْ عَمِّ اَبِی رَافِعِ بْنِ عَمْرٍو الْغِفَارِیِّ، قَالَ: كُنْتُ اَرْمِی نَخْلًا لِلْاَنْصَارِ وَاَنَا غُلَامٌ، فَاَتَوْا بِی النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا غُلَامُ، لِمَ تَرْمِی النَّخْلَ؟ قُلْتُ: آكُلُ، قَالَ: فَلَا تَرْمِ النَّخْلَ، وَكُلْ مِمَّا يَسْقُطُ فِی اَسَافِلِهَا ثُمَّ مَسَحَ رَاْسِی وَقَالَ: اللّٰهُمَّ اَشْبِعْ بَطْنَهُ

حضرت رافع بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں انصار کی کھجوروں کو پتھر مارتا تھا' جبکہ ابھی میں بچہ تھا' مجھے وہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس لائے' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے بچے! تم کھجوریں کیوں اُتارتے ہو؟ میں نے عرض کی: میں کھاتا ہوں' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کھجوریں نہ اُتارو! جو نیچے گری ہوئی ہوں وہ کھالیا کرو! پھر آپ نے میرے سر پر اپنا دستِ مبارک پھیرا اور یہ دعا کی: اے اللہ! اس کے پیٹ کو بھر دے!

4333 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ دَاوُدَ الْمَكِّیُّ، ثنا

حضرت رافع بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ



---

4332- أورده أبو داؤد فی سننه جلد 3 صفحه 39' رقم الحديث: 2622 عن ابن أبی الحكم عن جدته عن رافع بن عمرو الغفاری به .

4333- أورده الترمذی فی سننه جلد 3 صفحه 584' رقم الحديث: 1288 عن صالح بن أبی جبير عن أبيه عن رافع بن عمرو به .

مُعَاذُ بْنُ اَسَدٍ، ثنا الْفَضْلُ بْنُ مُوسَى، ثنا صَالِحُ بْنُ اَبِي جُبَيْرٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ رَافِعِ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ: كُنْتُ اَرْمِي نَخْلًا لِلْاَنْصَارِ فَاَخَذُونِي، فَذَهَبُوا بِي اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالُوا: هٰذَا يَرْمِي نَخْلَنَا فَقَالَ: يَا رَافِعُ، لِمَ تَرْمِي نَخْلَهُمْ فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اَجُوعُ قَالَ: كُلْ مِمَّا وَقَعَ، اَشْبَعَكَ اللّٰهُ وَاَرْوَاكَ

میں انصاری کی کھجوروں کو پتھر مارا کرتا تھا' اُنہوں نے مجھے پکڑ لیا اور مجھے رسول اللہ ﷺ کے پاس لے آئے' اُنہوں نے کہا: یہ ہماری کھجوروں کو پتھر مارتا ہے' آپ ﷺ نے فرمایا: اے رافع! تم ان کی کھجوروں کو پتھر کیوں مارتے ہو؟ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں بھوکا ہوتا ہوں' آپ ﷺ نے فرمایا: جو نیچے گری ہوئی ہوں وہ کھا' اللہ تیرا پیٹ بھی بھرے اور تجھے سیر بھی کرے۔

**4334** - حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ السَّدُوسِيُّ، ثنا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، ح وَحَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ بْنِ الصَّبَّاحِ الرَّقِّيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سِنَانَ الْعَوَقِيُّ، قَالَا: ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ الْمُغِيرَةِ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلَالٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الصَّامِتِ، عَنْ اَبِي ذَرٍّ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سَيَكُونُ بَعْدِي مِنْ اُمَّتِي قَوْمٌ يَقْرَءُونَ الْقُرْآنَ لَا يُجَاوِزُ حَلَاقِيمَهُمْ، يَخْرُجُونَ مِنَ الدِّينِ كَمَا يَخْرُجُ السَّهْمُ مِنَ الرَّمِيَّةِ ثُمَّ لَا يَعُودُونَ فِيهِ، شَرُّ الْخَلْقِ وَالْخَلِيقَةِ قَالَ سُلَيْمَانُ: وَاَكْثَرُ ظَنِّي اَنَّهُ قَالَ: سِيمَاهُمُ التَّحْلِيقُ قَالَ ابْنُ الصَّامِتِ: فَلَقِيتُ رَافِعَ بْنَ عَمْرٍو، اَخَا الْحَكَمِ بْنِ عَمْرٍو الْغِفَارِيِّ، فَقُلْتُ لَهُ: مَا حَدِيثٌ سَمِعْتُهُ مِنْ اَبِي ذَرٍّ يَقُولُ كَذَا وَكَذَا: فَذَكَرْتُ لَهُ هٰذَا

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: عنقریب ایسی قوم ہوگی جو قرآن پڑھیں گے لیکن ان کا قرآن پڑھنا ان کے حلق سے نیچے نہیں اُترے گا' وہ دین سے ایسے نکل جائیں گے جس طرح تیر کمان سے نکل جاتا ہے' پھر اس میں واپس نہیں آئیں گے' وہ بدترین مخلوق ہوگی۔ حضرت سلیمان فرماتے ہیں کہ میرا زیادہ گمان ہے کہ ان کی نشانی یہ ہوگی کہ بال منڈوائیں گے۔ حضرت ابن صامت فرماتے ہیں: میں رافع بن خدیج سے ملا' وہ حکم بن عمرو الغفاری کے بھائی ہیں' میں نے عرض کی: نہیں ہے کوئی حدیث جو اس طرح میں نے ابوذر سے سنی ہے' وہ فرماتے ہیں: میں نے ان سے اس حدیث کا ذکر کیا۔ انہوں نے فرمایا: آپ کو تعجب ہے' جبکہ میں نے یہ حدیث' رسول اللہ ﷺ سے سنی ہے۔



---

**4334**- أخرجه مسلم في صحيحه جلد2صفحه750' رقم الحديث: 1067 عن حميد بن هلال عن عبد الله بن الصامت عن أبي ذر به .

الْحَدِيثَ. قَالَ: وَمَا أَعْجَبَكَ مِنْ هَذَا وَأَنَا سَمِعْتُهُ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

# رَافِعُ بْنُ الْمُعَلَّى أَبُو سَعِيدٍ الْأَنْصَارِيُّ

# حضرت رافع بن معلی ابوسعید انصاری رضی اللہ عنہ



4335 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، يَقُولُ: أَبُو سَعِيدِ بْنُ الْمُعَلَّى حَدَّثَنِي رَجُلٌ مِنْ وَلَدِهِ اسْمُهُ رَافِعُ بْنُ الْمُعَلَّى الْأَنْصَارِيُّ مِنْ بَنِي خُبَيْبِ بْنِ عَبْدِ حَارِثَةَ بْنِ مَالِكٍ

محمد بن عبداللہ حضرمی فرماتے ہیں: میں نے محمد بن عبداللہ بن نمیر کو فرماتے ہوئے سنا ہے' ابوسعید بن معلی کی اولاد سے ایک آدمی نے مجھے بتایا: آپ (ابوسعید) کا نام رافع بن معلی انصاری ہے' وہ بنی خبیب بن عبد حارثہ بن مالک سے ہیں۔

4336 - حَدَّثَنَا أَبُو شُعَيْبٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا أَبُو جَعْفَرٍ النُّفَيْلِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ فِيمَنِ اسْتُشْهِدَ يَوْمَ بَدْرٍ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْمُسْلِمِينَ مِنَ الْأَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي خُبَيْبِ بْنِ عَبْدِ حَارِثَةَ، رَافِعِ بْنِ الْمُعَلَّى

حضرت محمد بن اسحاق فرماتے ہیں: جو بدر میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ شہید ہوئے' انصار اور بنی خبیب بن عبد حارثہ سے' ان میں سے ایک نام رافع بن معلی کا ہے۔

4337 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ أَبِي الْأَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ، فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْأَنْصَارِ، رَافِعُ بْنُ الْمُعَلَّى بْنِ لَوْذَانَ بْنِ حَارِثَةَ بْنِ عَدِيِّ بْنِ زَيْدِ بْنِ ثَعْلَبَةَ بْنِ زَيْدِ بْنِ مَنَاةَ بْنِ خُبَيْبِ بْنِ حَارِثَةَ بْنِ غَضْبِ بْنِ جُشَمِ بْنِ الْخَزْرَجِ،

حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ انصار میں سے جو بدر میں شریک ہوئے ان کے ناموں میں سے ایک نام رافع بن معلی بن لوذان بن حارثہ بن عدی بن زید بن ثعلبہ بن زید بن مناۃ بن خبیب بن حارثہ بن غضب بن جشم بن خزرج بھی ہے' یہ بدر کے دن شہید کیے گئے۔

اسْتُشْهِدَ يَوْمَ بَدْرٍ

**4338** - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْأَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي زُرَيْقٍ رَافِعُ بْنُ الْمُعَلَّى بْنِ لَوْذَانَ اسْتُشْهِدَ يَوْمَ بَدْرٍ

حضرت ابن شہاب فرماتے ہیں کہ انصار اور بنی زریق میں سے جو بدر میں شریک ہوئے اُن کے ناموں میں سے ایک نام رافع بن معلّٰی بن لوذان کا ہے' ان کو بدر کے دن شہید کیا گیا۔

## رَافِعُ بْنُ أَبِي رَافِعٍ الطَّائِيُّ وَاسْمُ أَبِي رَافِعٍ عَمْرٌو

## حضرت رافع بن ابورافع الطائی' ان کا نام ابورافع عمرو ہے

**4339** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ الْحَكَمِ بْنِ أَبِي زِيَادٍ الْقَطَوَانِيُّ، ثنا عِصَامُ بْنُ عَمْرٍو أَبُو أَحْمَدَ الطَّائِيُّ، ثنا عَمْرُو بْنُ حَيَّانَ الطَّائِيُّ، قَالَ: كَانَ رَافِعُ بْنُ عُمَيْرَةَ السَّنْبَسِيُّ يُغَدِّي أَهْلَ ثَلَاثَةِ مَسَاجِدَ، وَيَسْقِيهِمُ الْقَرطمةَ- يَعْنِي الْحَيْسَ- وَمَا لَهُ إِلَّا قَمِيصٌ، وَهُوَ لِلْبَيْتِ، وَهُوَ لِلْجُمُعَةِ

حضرت عمرو بن حبان الطائی فرماتے ہیں کہ حضرت رافع بن عمیرہ السنبسی تین مساجد کے رہنے والوں کو کھانا دیتے اور ان کو حیس پلاتے' ان کے گھر میں صرف ایک قمیص تھی گھر میں پہننے کے لیے اور وہی جمعہ کے دن پہننے کے لیے بھی تھی۔

**4340** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الْفِرْيَابِيُّ، ثنا إِسْرَائِيلُ، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ

حضرت رافع بن عمرو الطائی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عمرو بن عاص کو ذات السلاسل کے لشکر کی طرف بھیجا' ان کے ساتھ لشکر میں حضرت ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما کو بھیجا اور صحابہ کی ایک جماعت' یہ



---

4340- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد5 صفحه 201 وقال: رواه الطبراني ورجاله ثقات .

رافع بن ابی رافع الطائی واسم ابی رافع عمرو

كَرَامَةَ، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسَى، ثنا اِسْرَائِيلُ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ الْمُهَاجِرِ، عَنْ طَارِقِ بْنِ شِهَابٍ، عَنْ رَافِعِ بْنِ عَمْرٍو الطَّائِيِّ قَالَ: بَعَثَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَمْرَو بْنَ الْعَاصِ عَلَى جَيْشِ ذَاتِ السَّلَاسِلِ، وَبَعَثَ مَعَهُ فِي ذَلِكَ الْجَيْشَ اَبَا بَكْرٍ وَعُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا وسَرَاةَ اَصْحَابِهِ، فَانْطَلَقُوا حَتَّى نَزَلُوا جَبَلَ طَيِّءٍ، فَقَالَ عَمْرٌو: انْظُرُوا اِلَى رَجُلٍ دَلِيلٍ بِالطَّرِيقِ، فَقَالُوا: مَا نَعْلَمُهُ اِلَّا رَافِعَ بْنَ عَمْرٍو، فَاِنَّهُ كَانَ رَبِيلًا فِي الْجَاهِلِيَّةِ - فَسَاَلْتُ طَارِقًا: مَا الرَّبِيلُ؟ قَالَ: اللِّصُّ الَّذِي يَغْزُو الْقَوْمَ وَحْدَهُ فَيَسْرِقُ - قَالَ رَافِعٌ: فَلَمَّا قَضَيْنَا غَزَاتَنَا وَانْتَهَيْتُ اِلَى الْمَكَانِ الَّذِي كُنَّا خَرَجْنَا مِنْهُ، تَوَسَّمْتُ اَبَا بَكْرٍ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَاَتَيْتُهُ فَقُلْتُ: يَا صَاحِبَ الْخَلَالِ اِنِّي تَوَسَّمْتُكَ مِنْ بَيْنِ اَصْحَابِكَ، فَائْتِنِي بِشَيْءٍ اِذَا حَفِظْتُهُ كُنْتُ مِثْلَكُمْ فَقَالَ: اَتَحْفَظُ اَصَابِعَكَ الْخَمْسَ؟ قُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: تَشْهَدُ اَنْ لَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ، وَتُقِيمُ الصَّلَوَاتِ الْخَمْسَ، وَتُؤْتِي الزَّكَاةَ اِنْ كَانَ لَكَ، وَتَحُجُّ الْبَيْتَ، وَتَصُومُ رَمَضَانَ، حَفِظْتَ؟ قُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: وَاُخْرَى لَا تَؤَمَّرَنَّ عَلَى اثْنَيْنِ قُلْتُ: هَلْ تَكُونُ الْاِمْرَةُ اِلَّا فِيكُمْ اَهْلَ بَدْرٍ؟ قَالَ: يُوشِكُ اَنْ تَفْشُوَ حَتَّى تَبْلُغَكَ وَمَنْ هُوَ دُونَكَ، اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ لَمَّا بَعَثَ نَبِيَّهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ

پہلے طی پہاڑ کے پاس آئے‘ حضرت عمرو نے کہا: راستہ بتانے والا کوئی آدمی تلاش کرو! انہوں نے کہا: ہم رافع بن عمرو کو ہی جانتے ہیں کیونکہ وہی زمانۂ جاہلیت میں ربیل تھا‘ پس میں نے (اپنے شیخ) حضرت طارق سے سوال کیا: ربیل کون ہوتا ہے؟ اُنہوں نے جواب دیا: وہی چور جو اکیلا کسی قوم سے لڑائی کر کے چوری کر لے۔ حضرت رافع فرماتے ہیں: جب ہم اپنی جنگوں سے فارغ ہوکراس جگہ تک پہنچے جہاں سے ہم نکلے تھے تو میں نے حضرت ابوبکر کے پاس جانے کو اپنی منزل بنایا‘ پس میں نے ان کے پاس آ کرعرض کی: اے خلیل! میں نے اپنے دو بتوں میں سے آپ کا انتخاب کیا ہے۔ میرے سامنے کوئی ایسی شی پیش فرمائیں کہ جب میں اس کو یاد کرلوں تو میں بھی (احکامِ شرعیہ جاننے میں) آپ کی طرح ہو جاؤں۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کیا تیری پانچ انگلیاں سلامت ہیں؟ میں نے عرض کی: ہاں! آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: (۱) تُو گواہی دے کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور جن کا نام نامی اسم گرامی محمد ﷺ ہے‘ وہ اللہ کے سچے رسول ہیں (۲) پانچ نمازیں قائم کر (۳) زکوٰۃ دے اگر تیرے لیے ہو (۴) بیت اللہ کا حج کرے (۵) اور رمضان المبارک کے روزے رکھے‘ تو میں نے یاد کرلیا؟ میں نے عرض کی: جی ہاں! آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اور دوسرا دو آدمیوں پر بھی کبھی امیر نہ بننا۔ میں نے عرض کی: کیا تم میں امارت نہیں ہے؟ اے بدر والو! فرمایا:

النَّاسُ فِي الْإِسْلَامِ، فَمِنْهُمْ مَنْ دَخَلَ فَهَدَاهُ اللّٰهُ، وَمِنْهُمْ مَنْ أَكْرَهَهُ السَّيْفُ، فَهُوَ عَوَّادُ اللّٰهِ وَجِيرَانُ اللّٰهِ فِي خِفَارَةِ اللّٰهِ، إِنَّ الرَّجُلَ إِذَا كَانَ أَمِيرًا، فَتَظَالَمَ النَّاسُ بَيْنَهُمْ، فَلَمْ يَأْخُذْ لِبَعْضِهِمْ مِنْ بَعْضٍ، انْتَقَمَ اللّٰهُ مِنْهُ، إِنَّ الرَّجُلَ لَتُؤْخَذُ شَاةُ جَارِهِ فَيَظَلُّ نَاتِءَ عَضَلَتِهِ غَضَبًا لِجَارِهِ، وَاللّٰهُ مِنْ وَرَاءِ جَارِهِ قَالَ رَافِعٌ: فَمَكُثْتُ سَنَةً، ثُمَّ إِنَّ أَبَا بَكْرٍ اسْتُخْلِفَ، فَرَكِبْتُ إِلَيْهِ فَقُلْتُ: أَنَا رَافِعٌ، كُنْتُ لَقِيتُكَ يَوْمَ كَذَا وَكَذَا مَكَانَ كَذَا وَكَذَا، قَالَ: عَرَفْتُ، قُلْتُ: كُنْتَ نَهَيْتَنِي عَنِ الْإِمَارَةِ، ثُمَّ رَكِبْتَ بِأَعْظَمَ مِنْ ذَلِكَ أُمَّةَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: نَعَمْ، فَمَنْ لَمْ يُقِمْ فِيهِمْ بِكِتَابِ اللّٰهِ فَعَلَيْهِ بَهْلَةُ اللّٰهِ يَعْنِي لَعْنَةَ اللّٰهِ

قریب ہے کہ وہ عام ہو اور تم تک اور تم سے نیچے والوں تک پہنچے بے شک اللہ تعالیٰ نے جب اپنے نبی کو مبعوث کیا تو لوگ اسلام میں داخل ہوئے۔ ان میں سے کچھ وہ تھے جن کو اللہ نے اپنی جناب سے ہدایت دی' کچھ کو تلوار نے مجبور کیا' وہ بار بار اللہ کی طرف لوٹنے والے اور وہ اللہ کی خصوصی پناہ میں گویا اس کے پڑوسی ہیں۔ بے شک جب بندہ امیر ہوتا ہے تو لوگ باہم ایک دوسرے پر ظلم کرتے ہیں' پس وہ ان کے بعض کیلئے بعض سے بدلہ نہیں لے سکتا ہے تو اللہ اس سے بدلہ لیتا ہے' بے شک ایک آدمی کے پڑوسی کی بکری پکڑ لی جاتی ہے تو اس کا سارا غصہ (پسلیوں کی سوجن) اپنے پڑوسی پر ہوتا ہے حالانکہ اس کے پڑوسی کے پیچھے اللہ ہوتا ہے۔ حضرت رافع کہتے ہیں: میں ایک سال ٹھہرا رہا پھر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ خلیفہ بنے' میں سوار ہو کر ان کی خدمت میں آیا۔ میں نے عرض کی: میں رافع ہوں' میں فلاں فلاں وقت فلاں فلاں جگہ آپ سے ملا تھا۔ آپ نے فرمایا: میں نے پہچان لیا۔ میں نے عرض کی: آپ نے مجھے امیر بننے سے منع کیا تھا' پھر آپ اس سے بڑی چیز پر یعنی اُمتِ محمدیہ کے سردار بنے ہو۔ فرمایا: جی ہاں! پس ان میں جو آدمی اللہ کی کتاب پر عمل نہ کرے اس پر اللہ کی لعنت ہو۔

4341 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ حَكِيمٍ الْأَوْدِيُّ، ثنا

حضرت رافع بن عمرو الطائی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اصحاب میرے پاس سے



4341- ذکرہ الهيثمي في مجمع الزوائد جلد9 صفحه42 وقال: رواه الطبراني ورجاله ثقات .

شَرِيكٌ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ الْمُهَاجِرِ، عَنْ قَيْسِ بْنِ اَبِي حَازِمٍ، عَنْ رَافِعِ بْنِ عَمْرٍو الطَّائِيِّ قَالَ: مَرُّوا بِي اَصْحَابُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي غَزْوَةٍ اَوْ حَجٍّ فَتَاَمَّلْتُهُمْ فَلَمْ اَرَ مِنْهُمْ اَحَدًا اَحْسَنَ هَيْاَةً مِنْ اَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، وَقَدْ جَلَّلَ عَلَيْهِ كِسَاءٌ مِنَ الْحَرِّ وَالْبَرْدِ وَذَكَرَ الْحَدِيثَ

گزرے جہاد کے موقع پر یا حج کے لیے جاتے ہوئے' میں نے غور وفکر کیا' میں نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے زیادہ اچھی حالت والا کوئی نہیں دیکھا' آپ نے گرمی وسردی والی چادر لی ہوئی تھی' پھر حدیث ذکر کی۔

4342 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ اَبِي مُعَاوِيَةَ، حَدَّثَنِي اَبِي، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ مَيْسَرَةَ، عَنْ طَارِقِ بْنِ شِهَابٍ، عَنْ رَافِعِ بْنِ اَبِي رَافِعٍ الطَّائِيِّ، قَالَ: لَمَّا كَانَتْ غَزْوَةُ ذَاتِ السَّلَاسِلِ اسْتَعْمَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَمْرَو بْنَ الْعَاصِ عَلَى جَيْشٍ فِيهِمْ اَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت رافع بن ابورافع الطائی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب السلاسل (بیڑیوں) والی جنگ ہوئی تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس لشکر کا امیر حضرت عمرو بن عاص کو بنایا' ان لشکریوں میں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ بھی تھے۔

## رَافِعُ بْنُ يَزِيدَ الْاَنْصَارِيُّ بَدْرِيٌّ وَيُقَالُ سَهْلٌ وَيُقَالُ ابْنُ زَيْدٍ

## حضرت رافع بن یزید انصاری بدری رضی اللہ عنہ' ان کو سہل اور ابن زید بھی کہا جاتا ہے

4343 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ، فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْاَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ زَعُورِ بْنِ عَبْدِ الْاَشْهَلِ، رَافِعُ بْنُ يَزِيدَ

حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ انصار اور بنی زعور بن عبدالاشہل میں سے جو بدر میں شریک ہوئے' اُن کے ناموں میں سے ایک نام رافع بن یزید انصاری کا بھی ہے۔

4344 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ

حضرت ابن شہاب فرماتے ہیں کہ انصار اور بنی

سُلَيْمَانَ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ ابْنِ شِهَابٍ، فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْاَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي عَبْدِ الْاَشْهَلِ، رَافِعُ بْنُ سَهْلٍ وَيُقَالُ: رَافِعُ بْنُ زَيْدٍ

عبدالاشہل میں سے جو بدر میں شریک ہوئے' ان ناموں میں سے ایک نام رافع بن سہل کا بھی ہے' ان کا نام رافع بن زید بھی ہے۔

## رَافِعُ اَبُو الْبَهِيِّ مَوْلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

## حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے غلام حضرت رافع ابوالبہی رضی اللہ عنہ

**4345** - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، ثنا اَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ سَعِيدٍ، اَنَّ عَبْدًا كَانَ بَيْنَ بَنِي سَعِيدٍ، فَاَعْتَقُوهُ اِلَّا وَاحِدًا مِنْهُمْ، فَاَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُسْتَشْفَعُ بِهِ عَلَى الرَّجُلِ، وَكَلَّمَهُ فِيهِ، فَوَهَبَ الرَّجُلُ نَصِيبَهُ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَعْتَقَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَانَ يَقُولُ: اَنَا مَوْلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَكَانَ اسْمُهُ رَافِعًا اَبَا الْبَهِيِّ

حضرت محمد بن عمرو بن سعید فرماتے ہیں کہ بنی سعید کے درمیان ایک مشترک غلام تھا' اُنہوں نے اپنے ایک غلام کے علاوہ باقی سارے غلام آزاد کر دیئے' وہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آیا' اس نے اپنے مالک سے سفارش کروائی' اس نے اس آدمی کے حق میں گفتگو کی' اس آدمی نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اپنا حصہ دے دیا' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کو آزاد کر دیا' یہ حضرت رافع رضی اللہ عنہ فرمایا کرتے تھے: میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا غلام ہوں' حضرت رافع کا نام ابوالبہی تھا۔

## رَافِعُ بْنُ جَعْدَبَةَ الْاَنْصَارِيُّ بَدْرِيٌّ

## حضرت رافع بن جعدبہ انصاری بدری رضی اللہ عنہ

**4346** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ

حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ انصار میں سے جو بدر



---

**4345**- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد4صفحه**248** وقال: رواه الطبراني وحمد بن عمر هذا لم أعرفه وبقية رجاله رجال الصحيح .

الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ أَبِي الْأَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ، فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْأَنْصَارِ رَافِعُ بْنُ جَعْدَبَةَ

میں شریک ہوئے' اُن کے ناموں میں سے ایک نام رافع بن جعدبہ کا بھی ہے۔

## رَافِعُ بْنُ الْحَارِثِ بْنِ سَوَّادِ بْنِ زَيْدِ بْنِ ثَعْلَبَةَ الْأَنْصَارِيُّ بَدْرِيٌّ

## حضرت رافع بن حارث بن سواد بن زید بن ثعلبہ انصاری بدری رضی اللہ عنہ

4347 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ أَبِي الْأَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ، فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْأَنْصَارِ، رَافِعُ بْنُ الْحَارِثِ بْنِ سَوَّادِ بْنِ زَيْدِ بْنِ ثَعْلَبَةَ

حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ انصار میں سے جو بدر میں شریک ہوئے' اُن ناموں میں سے ایک نام رافع بن حارث بن سواد بن زید بن ثعلبہ کا بھی ہے۔

4348 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْأَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي النَّجَّارِ، رَافِعُ بْنُ الْحَارِثِ بْنِ سَوَّادٍ

حضرت ابن شہاب فرماتے ہیں کہ انصار اور بنی نجار میں سے جو بدر میں شریک ہوئے' اُن میں سے ایک نام رافع بن حارث بن سواد کا بھی ہے۔

## رَافِعُ بْنُ عُنْجُدَةَ الْأَنْصَارِيُّ بَدْرِيٌّ

## حضرت رافع بن عنجدہ انصاری بدری رضی اللہ عنہ

4349 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ

حضرت ابن شہاب فرماتے ہیں کہ انصار اور بنی اوس اور بنی عمرو بن عوف اور بنی امیہ بن زید میں سے جو

الْمُسَيَّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْأَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي الْأَوْسِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ، ثُمَّ مِنْ بَنِي أُمَيَّةَ بْنِ زَيْدٍ، رَافِعُ بْنُ عُنْجُدَةَ

بدر میں شریک ہوئے' اُن میں سے ایک نام رافع بن عنجدہ کا بھی ہے۔

## رَافِعُ بْنُ عُمَيْرٍ

## حضرت رافع بن عمیر رضی اللہ عنہ

**4350** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ الْعَسْقَلَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ أَيُّوبَ بْنِ سُوَيْدٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ أَبِي عَبْلَةَ، عَنْ أَبِي الزَّاهِرِيَّةِ، عَنْ رَافِعِ بْنِ عُمَيْرٍ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: قَالَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ لِدَاوُدَ عَلَيْهِ السَّلَامُ: ابْنِ لِي بَيْتًا فِي الْأَرْضِ، فَبَنَى دَاوُدُ بَيْتًا لِنَفْسِهِ قَبْلَ الْبَيْتِ الَّذِي أُمِرَ بِهِ، فَأَوْحَى اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ إِلَيْهِ: يَا دَاوُدُ نَصَبْتَ بَيْتَكَ قَبْلَ بَيْتِي، قَالَ: يَا رَبِّ هَكَذَا قُلْتَ فِيمَا قَضَيْتَ: مَنْ مَلَكَ اسْتَأْثَرَ، ثُمَّ أَخَذَ فِي بِنَاءِ الْمَسْجِدِ، فَلَمَّا تَمَّ السُّورُ سَقَطَ ثُلُثَاهُ، فَشَكَا ذَلِكَ إِلَى اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ فَأَوْحَى اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ إِلَيْهِ أَنَّهُ لَا يَصْلُحُ أَنْ تَبْنِيَ لِي بَيْتًا، قَالَ: أَيْ رَبِّ وَلِمَ؟ قَالَ: لِمَا جَرَتْ عَلَى يَدَيْكَ مِنَ الدِّمَاءِ، قَالَ: أَيْ

حضرت رافع بن عمیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: اللہ عزوجل نے حضرت داؤد علیہ السلام سے فرمایا: زمین میں میرے لیے گھر بناؤ! حضرت داؤد علیہ السلام نے اپنے لیے گھر بنایا' اس گھر کے بنانے سے پہلے جس کا حکم دیا گیا' اللہ عزوجل نے ان کی طرف وحی کی: اے داؤد! آپ نے اپنا گھر میرے گھر سے پہلے بنایا ہے۔ حضرت داؤد علیہ السلام نے عرض کی: اے رب! تُو نے اسی طرح فرمایا جس کا فیصلہ فرما چکا' جو بادشاہ بنا اس نے ہر چیز کو اپنے ساتھ کیا' پھر آپ مسجد بنانے لگے' جب دیواریں مکمل ہوئیں تو اس کا ایک تہائی گر گیا۔ حضرت داؤد علیہ السلام نے رب سے شکایت کی تو اللہ عزوجل نے ان کی طرف وحی کی: آپ میرا گھر نہیں بنا سکتے ہیں۔ حضرت داؤد علیہ السلام نے عرض کی: اے رب!



---

**4350**- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 4 صفحه 7 وقال: رواه الطبراني في الكبير وفيه محمد بن أيوب بن سويد الرملي وهو متهم بالوضع .

رَبِّ اَوَ لَمْ يَكُنْ فِي هَوَاكِ وَمَحَبَّتِكَ؟ قَالَ: بَلَى، وَلَكِنَّهُمْ عِبَادِي وَاَنَا اَرْحَمُهُمْ، فَشَقَّ ذَلِكَ عَلَيْهِ، فَاَوْحَى اللّٰهُ اِلَيْهِ: لَا تَحْزَنْ فَاِنِّي سَاَقْضِي بِنَاءَهُ عَلَى يَدَيِ ابْنِكَ سُلَيْمَانَ، فَلَمَّا مَاتَ دَاوُدُ اَخَذَ سُلَيْمَانُ فِي بِنَائِهِ، فَلَمَّا تَمَّ قَرَّبَ الْقَرَابِينَ وَذَبَحَ الذَّبَائِحَ وَجَمَعَ بَنِي اِسْرَائِيلَ، فَاَوْحَى اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ اِلَيْهِ: قَدْ اَرَى سُرُورًا بِبُنْيَانِ بَيْتِي فَسَلْنِي اُعْطِكَ، قَالَ: اَسْاَلُكَ ثَلَاثَ خِصَالٍ حُكْمًا يُصَادِفُ حُكْمَكَ وَمُلْكًا لَا يَنْبَغِي لِاَحَدٍ مِنْ بَعْدِي، وَمَنْ اَتَى هَذَا الْبَيْتَ لَا يُرِيدُ اِلَّا الصَّلَاةَ فِيهِ، خَرَجَ مِنْ ذُنُوبِهِ كَيَوْمِ وَلَدَتْهُ اُمُّهُ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَمَّا اثْنَتَيْنِ فَقَدْ اُعْطِيَهُمَا وَاَنَا اَرْجُو اَنْ يَكُونَ قَدْ اُعْطِيَ الثَّالِثَةَ

کیوں؟ اللہ عزوجل نے فرمایا: آپ کے ہاتھ سے خون جاری ہوا ہے؟ حضرت داؤد علیہ السلام نے عرض کی: اے رب! کیا وہ تیری خواہش اور محبت میں نہیں تھا؟ اللہ عزوجل نے فرمایا: کیوں نہیں! لیکن وہ میرے بندے ہیں اور میں اپنے بندوں پر زیادہ رحم کرنے والا ہوں۔ یہ بات حضرت داؤد علیہ السلام پر دشوار گزری' اللہ عزوجل نے ان کی طرف وحی کی کہ آپ پریشان نہ ہوں' کیونکہ میں تیرے بیٹے سلیمان کے ہاتھوں اس کے بننے کا فیصلہ کروں گا۔ پس جب حضرت داؤد علیہ السلام کا وصال ہوا تو حضرت سلیمان علیہ السلام نے اسے بنانا شروع کیا' پس جب کام مکمل ہوا تو آپ نے مصاحبین کے قریب کیا' جانور ذبح کیے اور بنی اسرائیل کو جمع کیا' اللہ عزوجل نے ان کی طرف وحی کہ تم نے میرا گھر بنا کر مجھے خوش کیا' مجھ سے مانگو! میں تمہیں دوں گا! حضرت سلیمان علیہ السلام نے تین باتیں مانگیں' اپنے حکموں کے موافق فیصلے کی صلاحیت' خاص بادشاہی دی جانے کی جو میرے بعد کسی کے لیے نہ ہو اور جو اس گھر میں نماز کے لیے آئے اس کے گناہ اس طرح معاف ہوں جس طرح آج ہی اس کی ماں نے اسے جنا ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: دو تو ان کو دی گئی تھیں' میرا یقین ہے کہ تیسری بھی دی گئی تھی۔

## رُوَيْفِعُ بْنُ ثَابِتٍ

## حضرت رویفع بن ثابت

# الْاَنْصَارِيُّ

# انصاری رضی اللہ عنہ

**4351** - حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنْبَاعِ رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ، ثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، عَنِ اللَّيْثِ، قَالَ: فِي سَنَةِ سِتٍّ وَاَرْبَعِينَ اُمِّرَ رُوَيْفِعٌ عَلَى اَطْرَابُلُسَ

حضرت لیث فرماتے ہیں کہ 46 ہجری کو حضرت رویفع رضی اللہ عنہ کو طرابلس پر امیر مقرر کیا گیا۔

**4352** - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ الْعَلَّافُ الْمِصْرِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ اَبِي مَرْيَمَ، اَنَا نَافِعُ بْنُ يَزِيدَ، حَدَّثَنِي رَبِيعَةُ بْنُ سُلَيْمٍ، مَوْلَى عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ حَسَّانَ التُّجِيبِيِّ، اَنَّهُ سَمِعَ حَنَشًا الصَّنْعَانِيَّ، يُحَدِّثُ عَنْ رُوَيْفِعِ بْنِ ثَابِتٍ، فِي غَزْوَةِ اُنَاسٍ قِبَلَ الْمَغْرِبِ يَقُولُ: اِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فِي غَزْوَةِ خَيْبَرَ: اِنَّهُ بَلَغَنِي اَنَّكُمْ تَتَبَايَعُونَ الْمِثْقَالَ بِالنِّصْفِ اَوِ الثُّلُثَيْنِ، وَاِنَّهُ لَا يَصْلُحُ اِلَّا الْمِثْقَالُ بِالْمِثْقَالِ وَالْوَزْنُ بِالْوَزْنِ

حضرت رویفع بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مغرب کی جانب کچھ لوگوں نے جہاد کیا‘ فرمایا کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے غزوۂ خیبر میں فرمایا: مجھے خبر معلوم ہوئی کہ تم مثقال کو فروخت کرتے ہو نصف یا دو تہائی کے لیے یہ درست نہیں ہے‘ مثقال کو مثقال کے بدلے اور وزن کو وزن کے بدلے فروخت کرو۔

**4353** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ يَحْيَى بْنِ بُكَيْرٍ الْمِصْرِيُّ، ثنا اَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ بَكْرِ بْنِ سَوَادَةَ، عَنْ زِيَادِ بْنِ نُعَيْمٍ عَنْ وَفَاءِ بْنِ شُرَيْحٍ الْحَضْرَمِيِّ، عَنْ رُوَيْفِعِ بْنِ ثَابِتٍ الْاَنْصَارِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ قَالَ: اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ وَاَنْزِلْهُ الْمَقْعَدَ الْمُقَرَّبَ عِنْدَكَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَجَبَتْ لَهُ شَفَاعَتِي

حضرت رویفع بن ثابت انصاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا: جس نے ”اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ الٰی آخرہٖ“ پڑھا‘ اس کے لیے میری شفاعت واجب ہوگئی۔

**4354** - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا اَبُو

حضرت رویفع بن ثابت انصاری رضی اللہ عنہ



---

4352- وردہ أبو جعفر الطحاوی فی شرح معانی الآثار جلد4صفحہ69 عن ربیعة عن حنش عن رویفع بن ثابت بہ .

4353- وردہ أحمد فی مسندہ جلد4صفحہ108 عن زیاد بن نعیم عن وفاء الحضرمی عن رویفع بن ثابت بہ .

عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْمُقْرِءُ، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، حَدَّثَنِي ابْنُ هُبَيْرَةَ، عَنْ زِيَادِ بْنِ نُعَيْمٍ، عَنْ وَفَاءِ بْنِ شُرَيْحٍ، عَنْ رُوَيْفِعِ بْنِ ثَابِتٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ قَالَ: اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ وَاَنْزِلْهُ الْمَقْعَدَ الْمُقَرَّبَ عِنْدَكَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ شَفَعْتُ لَهُ

فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے ''اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ اِلٰى آخرہٖ'' پڑھا' اس کے لیے میں سفارش کروں گا۔

4355 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ عِيسَى بْنِ الْمُنْذِرِ الْحِمْصِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ خَالِدٍ الْوَهْبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي حَبِيبٍ، عَنْ اَبِي مَرْزُوقٍ مَوْلَى تُجِيبَ، حَدَّثَنِي حَنَشٌ الصَّنْعَانِيُّ قَالَ: غَزَوْنَا الْمَغْرِبَ، وَعَلَيْنَا رُوَيْفِعُ بْنُ ثَابِتٍ الْاَنْصَارِيُّ، فَافْتَتَحْنَا قَرْيَةً يُقَالُ لَهَا جَرْبَةُ، فَقَامَ فِينَا رُوَيْفِعٌ خَطِيبًا، فَقَالَ: اِنِّي لَا اَقُومُ فِيكُمْ اِلَّا مَا سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ قَامَ فِينَا يَوْمَ حُنَيْنٍ حِينَ افْتَتَحْنَاهَا فَقَالَ: مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ فَلَا يُسْقِ مَاءَهُ زَرْعَ غَيْرِهِ، وَمَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ فَلَا يَاْتِ ثَيِّبًا مِنَ السَّبْيِ حَتَّى يَسْتَبْرِئَهَا، وَمَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ فَلَا يَبِيعَنَّ مَغْنَمًا حَتَّى يُقْسَمَ، وَمَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ فَلَا يَرْكَبَنَّ دَابَّةً مِنْ فَيْءِ الْمُسْلِمِينَ حَتَّى اِذَا اَعْجَفَهَا رَدَّهَا فِيهِ، وَمَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ فَلَا يَلْبَسْ ثَوْبًا مِنْ فَيْءِ الْمُسْلِمِينَ حَتَّى اِذَا اَخْلَقَهُ رَدَّهُ فِيهِ

حضرت حنش صنعانی فرماتے ہیں کہ ہم نے مغرب کی جانب جہاد کیا' ہمارے اوپر امیر حضرت رویفع بن ثابت انصاری رضی اللہ عنہ تھے' ہم نے ایک بستی کو فتح کیا جس کا نام جربہ تھا' حضرت رویفع رضی اللہ عنہ حنین کے دن ہمارے سامنے خطبہ دینے کے لیے کھڑے ہوئے' فرمایا: میں تم پر کھڑا ہوا ہوں جو میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا ہے' آپ ہمارے ہاں حنین کے دن کھڑے ہوئے' جس وقت ہم نے فتح کیا' آپ نے فرمایا: جو اللہ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہے' اس کا پانی' غیر کی کھیتی کو سیراب نہ کرے اور جو اللہ اور آخرت پر ایمان رکھے وہ قیدیوں میں سے شادی شدہ عورت سے جماع نہ کرے یہاں تک کہ اس کی رحم خالی ہو جائے' جو اللہ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہے وہ تقسیم سے پہلے مالِ غنیمت فروخت نہ کرے' جو اللہ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہے وہ مسلمانوں کے مالِ فئی کے جانور پر سوار نہ ہو یہاں تک کہ وہ ناکارہ ہو جائے تو اس کو واپس کر دے' جو اللہ اور آخرت کے دن



4355- أورده أحمد في مسنده جلد4صفحه108 عن أبي مرزوق عن حنش عن رويفع بن ثابت به .

پر ایمان رکھتا ہے وہ مسلمان کے مالِ فئی سے لے کر کپڑے نہ پہنے یہاں تک کہ پرانے ہو جائیں تو واپس کر دے۔

**4356** - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ الْعَلَّافُ الْمِصْرِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، أَنَا نَافِعُ بْنُ يَزِيدَ، حَدَّثَنِي رَبِيعَةُ بْنُ أَبِي سُلَيْمٍ التُّجِيبِيُّ، أَنَّهُ سَمِعَ حَنَشًا الصَّنْعَانِيَّ، يُحَدِّثُ عَنْ رُوَيْفِعِ بْنِ ثَابِتٍ الْأَنْصَارِيِّ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ فَلَا يَرْكَبُ دَابَّةً مِنَ الْمَغَانِمِ حَتَّى إِذَا أَنْقَضَهَا رَدَّهَا فِي الْمَغَانِمِ، وَلَا ثَوْبًا يَلْبَسُهُ حَتَّى إِذَا خَلُقَ رَدَّهُ فِي الْمَغَانِمِ وَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ فَلَا يَسْقِي مَاءَهُ وَلَدَ غَيْرِهِ

حضرت رویفع بن ثابت انصاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو اللہ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہو وہ مالِ غنیمت کے جانور پر سوار نہ ہو یہاں تک کہ جب کسی کام کا نہ رہے تو مالِ غنیمت میں اس کو واپس کر دے اور مالِ غنیمت کے کپڑے نہ پہنے یہاں تک کہ جب وہ پرانے ہو جائیں تو مالِ غنیمت میں ان کو واپس کر دے اور رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو شخص اللہ اور یومِ آخرت پر ایمان رکھتا ہے تو اس کا پانی' غیر کی کھیتی کو سیراب نہ کرے۔

**4357** - حَدَّثَنَا أَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عَبْدِ الْحَكَمِ، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ رَبِيعَةَ، عَنْ أَبِي مَرْزُوقٍ التُّجِيبِيِّ، عَنْ حَنَشٍ الصَّنْعَانِيِّ، عَنْ رُوَيْفِعِ بْنِ ثَابِتٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

حضرت رویفع بن ثابت رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اسی کی مثل روایت کرتے ہیں۔

**4358** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ أَيُّوبَ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي حَبِيبٍ، عَنْ أَبِي مَرْزُوقٍ، عَنْ حَنَشٍ، قَالَ: شَهِدْتُ مَعَ رُوَيْفِعِ بْنِ ثَابِتٍ، حِينَ فَتَحَ جَرْبَةَ،

حضرت حنش فرماتے ہیں کہ میں حضرت رویفع بن ثابت رضی اللہ عنہ کے ساتھ تھا' جس وقت انہوں نے جربہ فتح کیا' جب فتح ہوئی تو آپ ہمارے درمیان خطبہ دینے کے لیے کھڑے ہوئے' فرمایا: میں تم کو وہی کہتا ہوں جو ہمیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حنین کے دن

فَلَمَّا فَتَحَهَا قَامَ فِينَا خَطِيبًا فَقَالَ: لَا أَقُولُ لَكُمْ إِلَّا مَا قَالَ لَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ حُنَيْنٍ قَالَ: لَا يَحِلُّ لِامْرِءٍ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ أَنْ يَبِيعَ مَغْنَمًا حَتَّى يُقْسَمَ، وَلَا يَحِلُّ لِامْرِءٍ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ أَنْ يَرْكَبَ دَابَّةً مِنْ فَيْءِ الْمُسْلِمِينَ حَتَّى إِذَا أَعْجَفَهَا رَدَّهَا، وَلَا يَلْبَسُ ثَوْبًا حَتَّى إِذَا أَخْلَقَهُ رَدَّهُ فِيهِ

فرمایا تھا کہ کسی مسلمان کے لیے حلال نہیں ہے جو اللہ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہے' وہ مالِ غنیمت کا مال تقسیم ہونے سے پہلے فروخت کرے اور کسی مسلمان کے لیے جائز نہیں ہے جو اللہ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہے کہ وہ مسلمان کے مالِ فئی کے جانور پر سوار ہو یہاں تک کہ جب وہ اس کو ناکارہ بنا دے تو اس کو واپس کر دے اور مالِ غنیمت کے کپڑے نہ پہنے یہاں تک کہ جب وہ پرانا ہو جائے تو اس کو اس میں واپس کر دے۔

حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ بِشْرٍ الْكُوفِيُّ، ثنا زُهَيْرُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي حَبِيبٍ، عَنْ أَبِي مَرْزُوقٍ، عَنْ حَنَشٍ، عَنْ رُوَيْفِعِ بْنِ ثَابِتٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

حضرت رویفع بن ثابت رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اسی کی مثل روایت کرتے ہیں۔

**4359** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، وَالْحَضْرَمِيُّ، قَالَا: ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسَى، ثنا إِسْرَائِيلُ، عَنْ زِيَادٍ الْمِنْقَرِيِّ، عَنِ الْحَسَنِ، حَدَّثَنِي ثَابِتُ بْنُ رُوَيْفِعٍ، مِنْ أَهْلِ مِصْرَ وَكَانَ يُؤَمَّرُ عَلَى السَّرَايَا قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِيَّايَ وَالْغُلُولَ وَالرَّجُلَ يَنْكِحُ الْمَرْأَةَ قَبْلَ أَنْ يُقْسَمَ الْفَيْءُ، ثُمَّ يَرُدُّهَا إِلَى الْمَغْنَمِ، وَيَلْبَسُ الثَّوْبَ حَتَّى يَخْلَقَ ثُمَّ يَرُدَّهُ إِلَى الْمَغْنَمِ

حضرت حسن فرماتے ہیں کہ حضرت ثابت بن رویفع مصر کے رہنے والے تھے' ان کو سرایا پر امیر مقرر کیا جاتا تھا' فرمایا: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: خیانت کرنے سے بچو اور اس آدمی سے جو کسی عورت سے نکاح مالِ فئی کی تقسیم سے پہلے کرے' پھر اس کو مالِ غنیمت کی طرف واپس کرے اور مالِ غنیمت کے کپڑے تقسیم ہونے سے پہلے نہ پہنے یہاں تک کہ جب وہ پرانے ہو جائیں تو پھر ان کو مالِ غنیمت میں لوٹا دے۔

**4360** - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ الْعَلَّافُ،

حضرت حنش الصنعانی فرماتے ہیں کہ ہم نے

ثنا سَعِيدُ بْنُ اَبِي مَرْيَمَ، ح وَحَدَّثَنَا اَبُو الزِّنْبَاعِ رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفَهْمِيُّ، قَالَا: ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، حَدَّثَنِي الْحَارِثُ بْنُ يَزِيدَ، عَنْ حَنَشٍ الصَّنْعَانِيِّ، قَالَ: فَتَحْنَا حِصْنًا وَمَعَنَا رُوَيْفِعُ بْنُ ثَابِتٍ فِي غَزْوَةِ جَرْبَةَ، فَاَتَى عَلَيْنَا رُوَيْفِعُ بْنُ ثَابِتٍ، فَقَالَ لَنَا: مَنْ اَصَابَ مِنْكُمْ مِنْ هَذَا السَّبْيِ فَلَا يَطَاُهَا حَتَّى تَحِيضَ، فَاِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا يَحِلُّ لِرَجُلٍ اَنْ يَسْقِيَ مَاءَهُ وَلَدَ غَيْرِهِ

ایک قلعہ فتح کیا اور ہمارے ساتھ حضرت رویفع بن ثابت رضی اللہ عنہ جنگ جربہ میں تھے' ہمارے پاس حضرت رویفع بن ثابت آئے' ہمیں فرمایا: جس کو تم میں سے یہ قیدی ملے' اس کو حیض آنے سے پہلے وطی نہ کرے کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے فرمایا: کسی مرد کے لیے جائز نہیں ہے کہ دوسرے کی کھیتی کو سیراب کرے۔

**4361** - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ الدِّمْيَاطِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ، ثنا بَكْرُ بْنُ مُضَرَ، ثنا جَعْفَرُ بْنُ رَبِيعَةَ، عَنْ اَبِي مَرْزُوقٍ التُّجِيبِيِّ، عَنْ حَنَشٍ الصَّنْعَانِيِّ، عَنْ رُوَيْفِعِ بْنِ ثَابِتٍ الْاَنْصَارِيِّ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَحِلُّ لِاَحَدٍ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ اَوْ مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ فَلَا يَسْقِي مَاءَهُ وَلَدَ غَيْرِهِ

حضرت رویفع بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کسی کے لیے جائز نہیں ہے جو اللہ اور آخرت پر ایمان رکھتا ہے کہ وہ دوسرے کی کھیتی سیراب کرے۔

**4362** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَكَرِيَّا الْاَيَادِيُّ، ثنا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ نَجْدَةَ الْحَوْطِيُّ، ثنا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيدِ، حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ الْوَلِيدِ الزُّبَيْدِيُّ، عَنْ اِسْحَاقَ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْعَدَوِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي حُذَيْفَةَ، عَنْ رُوَيْفِعِ بْنِ ثَابِتٍ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ يَنْهَى اَنْ تُوطَاَ الْحَامِلُ حَتَّى تَضَعَ وَقَالَ: اِنَّ اَحَدَكُمْ

حضرت رویفع بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو حاملہ عورت سے وطی کرنے سے منع کرتے ہوئے سنا جب تک وہ بچہ نہ جن لے اور فرمایا: تم میں سے کوئی ایک سماعت و بصارت میں زیادہ ہے' وہ قیدی عورتوں سے وطی نہ کرے جب تک وہ پاک نہ ہوں۔

يَزِيدُ فِي سَمْعِهِ وَفِي بَصَرِهِ وَاَنْ تُوطَاَ السَّبَايَا حَتّٰى يَطْهُرْنَ

**4363** - ثُمَّ قَالَ: إِيَّاكُمْ وَرِبَا الْغُلُولِ قُلْنَا: وَمَا رِبَا الْغُلُولِ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: اَنْ يُصِيبَ اَحَدُكُمُ الثَّوْبَ فَيَلْبَسَهُ حَتّٰى يَذْهَبَ عَيْنُهُ ثُمَّ يُلْقِيهِ فِي الْمَغْنَمِ وَالدَّوَابَّ يَرْكَبُهَا حَتّٰى يُحْسِرَهَا ثُمَّ يَاْتِيَ بِهَا اِلَى الْمَغْنَمِ

پھر فرمایا: خیانت سے بچو ہم نے عرض کی: یارسول اللہ! ربا غلول سے مراد کیا ہے؟ فرمایا: تم میں سے کسی کو کپڑے ملیں تو وہ اس کو پہنے یہاں تک کہ اس کی آنکھ چلی جائے، پھر مالِ غنیمت سے جانور ملیں تو اس پر سوار ہو اور وہ اس کو تھکا دے تو اس کو مالِ غنیمت کی طرف لے آ کر آ جائے۔

**4364** - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، ثنا سَعِيدُ بْنُ اَبِي مَرْيَمَ، اَنَا الْمُفَضَّلُ بْنُ فَضَالَةَ، حَدَّثَنِي عَيَّاشُ بْنُ عَبَّاسٍ الْقِتْبَانِيُّ، اَنَّ شِيَيْمَ بْنَ بَيْتَانَ، اَخْبَرَهُ اَنَّهُ سَمِعَ شَيْبَانَ بْنَ قَيْسٍ الْقِتْبَانِيَّ، يَقُولُ: اسْتَخْلَفَ مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ رُوَيْفِعَ بْنَ ثَابِتٍ عَلَى اَسْفَلِ الْاَرْضِ قَالَ شَيْبَانُ بْنُ قَيْسٍ: فَسِرْنَا مَعَهُ، قَالَ: فَاَخْبَرَنِي رُوَيْفِعُ بْنُ ثَابِتٍ، قَالَ: كَانَ اَحَدُنَا فِي زَمَانِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَاْخُذُ نِضْوَ اَخِيهِ عَلَى اَنْ يُعْطِيَهُ النِّصْفَ مِمَّا يَغْنَمُ وَلَهُ النِّصْفُ حَتّٰى اِنَّ اَحَدَنَا لَيَطِيرُ لَهُ النَّصْلُ وَالرِّيشُ وَالْآخَرَ الْقِدْحُ، ثُمَّ قَالَ لِي رُوَيْفِعٌ: قَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا رُوَيْفِعُ لَعَلَّ الْحَيَاةَ سَتَطُولُ بِكَ بَعْدِي، فَاَخْبِرِ النَّاسَ اَنَّهُ مَنْ عَقَدَ لِحْيَتَهُ اَوْ تَقَلَّدَ

حضرت شیبان بن قیس القتبانی فرماتے ہیں کہ محمد بن مخلد نے رویفع بن ثابت کو زمین کے نیچے والے حصے میں نائب بنایا۔ حضرت شیبان فرماتے ہیں: ہم ان کے ساتھ چلے مجھے حضرت رویفع بن ثابت رضی اللہ عنہ نے بتایا کہ ہم میں سے کوئی رسول اللہ ﷺ کے زمانہ میں اپنے بھائی کی کوئی شی لیتا اس شرط پر اس کو اُدھار دیتا کہ جو مالِ غنیمت ملے گا اور اس کے لیے نصف ہوگا یہاں تک کہ ہم میں سے کسی ایک کو بھالہ یا تیر ملتا ہے اور دوسرے کو پیالہ۔ پھر مجھے حضرت رویفع رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مجھے حضور ﷺ نے فرمایا: اے رویفع! یقیناً آپ میرے بعد لمبی عمر پائیں گے لوگوں کو بتانا کہ جس نے اپنی داڑھی کو باندھا یا کمان کو (اپنے گلے میں) لٹکایا یا جانور کے پیشاب (جب وہ خشک ہو جائے) سے یا ہڈی سے استنجاء کیا بے شک محمد ﷺ اس سے بری

رویفع بن ثابت الانصاری

---

4364- أورده أبو داؤد في سننه جلد 1 صفحه 9 رقم الحديث: 36 عن شييم بن بيتان عن شيبان بن قيس عن رويفع بن ثابت به .

... سَحَى بِرَجِيعِ دَابَّتِهِ اَوْ بِعَظْمٍ، فَاِنَّ مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَرِیءٌ مِنْهُ

ہے۔

**4365** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ الْمِصْرِيُّ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، وَحَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى، قَالَا: ثنا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ بَكْرِ بْنِ سَوَادَةَ، اَخْبَرَهُ اَنَّ سُحَيْمًا، حَدَّثَهُ عَنْ رُوَيْفِعِ بْنِ ثَابِتٍ، قَالَ: قُرِّبَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَمْرٌ وَرُطَبٌ، فَاَكَلُوا مِنْهُ حَتّٰى لَمْ يُبْقُوا شَيْئًا اِلَّا نَوًى وَمَا لَا خَيْرَ فِيهِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَدْرُونَ مَا هٰذَا؟ قَالُوا: اللّٰهُ وَرَسُولُهُ اَعْلَمُ، قَالَ: تُذْهِبُونَ الْخَيْرَ فَالْخَيْرَ حَتّٰى لَا يَبْقٰى مِنْكُمْ اِلَّا مِثْلُ هٰذَا

حضرت رویفع بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کے پاس خشک اور تازہ کھجوریں آئیں تو سب نے اس سے کھائیں' کوئی شی باقی نہیں رہی سوائے گٹھلی کے اور اس کے جس میں کوئی فائدہ نہیں۔ حضور ﷺ نے فرمایا: تم جانتے ہو کہ یہ کیا ہے؟ صحابہ کرام نے عرض کی: اللہ اور اس کا رسول زیادہ جانتے ہیں! فرمایا: تم بھلائی لے جاتے ہو' بھلائی کے بدلے حتیٰ کہ تم میں سے اس کی مثل باقی رہ جاتا ہے۔

**4366** - حَدَّثَنَا مُطَّلِبُ بْنُ شُعَيْبٍ الْاَزْدِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي حَبِيبٍ، عَنْ اَبِي الْخَيْرِ، قَالَ: سَمِعْتُ رُوَيْفِعَ بْنَ ثَابِتٍ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: صَاحِبُ الْمَكْسِ فِي نَارٍ يَعْنِي الْعَاشِرَ

حضرت رویفع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ ناجائز ٹیکس لینے والا جہنم میں ہوگا' اس سے آپ کی مراد عشر لینے والا ہے۔

## رِفَاعَةُ بْنُ عَبْدِ الْمُنْذِرِ

## حضرت رفاعہ بن عبدالمنذر ر



---

4365- أخرجه الحاكم في مستدركه جلد 4 صفحه 480' رقم الحديث: 8336 عن بكر بن سوادة عن سحيم عن رويفع بن ثابت به .

4366- أورده أحمد في مسنده جلد 4 صفحه 109 عن يزيد بن أبي حبيب عن أبي الخير عن رويفع بن ثابت به .

# اَبُو لُبَابَةَ الْاَنْصَارِيُّ

مِنْ بَنِي عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ، ثُمَّ مِنْ بَنِي اُمَيَّةَ بْنِ زَيْدٍ وَيُقَالُ بِشْرُ بْنُ عَبْدِ الْمُنْذِرِ، وَيُقَالُ بَشِيرُ بْنُ عَبْدِ الْمُنْذِرِ

**4367** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ اَنَّ بَشِيرَ بْنَ عَبْدِ الْمُنْذِرِ بْنِ الزَّنْبَرِ وَالْحَارِثَ بْنَ حَاطِبٍ خَرَجَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى بَدْرٍ فَارْجَعَهُمَا وَاَمَّرَ اَبَا لُبَابَةَ عَلَى الْمَدِينَةِ وَضَرَبَ لَهُمَا بِسَهْمَيْنِ مَعَ اَصْحَابِ بَدْرٍ

**4368** - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْاَنْصَارِ، ثُمَّ مِنَ الْاَوْسِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ، ثُمَّ مِنْ بَنِي اُمَيَّةَ بْنِ زَيْدٍ اَبُو لُبَابَةَ، بَشِيرُ بْنُ عَبْدِ الْمُنْذِرِ

**4369** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ يَقُولُ: اَبُو لُبَابَةَ رِفَاعَةُ بْنُ عَبْدِ الْمُنْذِرِ

**4370** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحِيمِ الْبَرْقِيُّ، ثنا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ هِشَامٍ، ثنا زِيَادُ

# ابولبابہ انصاری رضی اللہ عنہ

بنی عمرو بن عوف اور بنی امیہ بن زید سے' ان کو بشر بن عبدالمنذ ر بھی کہا جاتا ہے اور بشیر بن عبدالمنذ ر بھی کہا جاتا ہے۔

حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ حضرت بشیر بن عبدالمنذ ر بن زبیر اور حارث بن حاطب فرماتے ہیں کہ دونوں واپس آئے' حضرت ابولبابہ کو مدینہ میں امیر مقرر کیا گیا' ہم دونوں کے لیے اصحابِ بدر کے ساتھ دو حصے دیئے۔

حضرت ابن شہاب فرماتے ہیں کہ انصار اور قبیلہ اوس اور بنی عمرو بن عوف اور بنی امیہ بن زید سے جو بدر میں شریک ہوئے' ان کے ناموں میں سے ایک نام ابولبابہ بشیر بن عبدالمنذ ر کا بھی ہے۔

حضرت محمد بن عبداللہ بن نمیر فرماتے ہیں کہ ابولبابہ رفاعہ بن عبدالمنذ ر ہیں۔

حضرت محمد بن اسحاق فرماتے ہیں: ابولبابہ بن عبدالمنذ ر بن زنبر بن امیہ بن زید بن مالک بن عوف

بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، قَالَ: اَبُو لُبَابَةَ بْنُ عَبْدِ الْمُنْذِرِ بْنِ زَنْبَرِ بْنِ اُمَيَّةَ بْنِ زَيْدِ بْنِ مَالِكِ بْنِ عَوْفِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عَوْفِ بْنِ مَالِكِ بْنِ الْاَوْسِ، كَانَ خَرَجَ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى بَدْرٍ فَرَدَّهُ، وَاَمَّرَهُ عَلَى الْمَدِينَةِ، وَضَرَبَ لَهُ بِسَهْمِهِ وَاَخْرَجَهُ مَعَ اَهْلِ بَدْرٍ

بن عمرو بن عوف بن مالک بن اوس' حضورﷺ کے ساتھ بدر کی طرف نکلے' آپ نے ان کو واپس کیا اور مدینہ میں ان کو امیر مقرر کیا اور ان کے لیے وہی حصہ مقرر کیا جو بدر میں جانے والوں کے لیے نکالا۔

**4371** - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اقْتُلُوا الْحَيَّاتِ اقْتُلُوا ذَا الطُّفْيَتَيْنِ وَالْاَبْتَرَ فَاِنَّهُمَا يُسْقِطَانِ الْحَبَلَ وَيَطْمِسَانِ الْبَصَرَ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: دھاریوں والے اور چھوٹے سانپ کو مارو کیونکہ یہ دونوں حمل گرا دیتے ہیں اور آنکھ کی بینائی اُچک لیتے ہیں۔

**4372** - قَالَ ابْنُ عُمَرَ: فَرَآنِي اَبُو لُبَابَةَ اَوْ زَيْدُ بْنُ الْخَطَّابِ، وَاَنَا اُطَارِدُ حَيَّةً لِاَقْتُلَهَا، فَنَهَانِي، فَقُلْتُ: اِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ اَمَرَ بِقَتْلِهِنَّ فَقَالَ: اِنَّهُ قَدْ نَهَى بَعْدَ ذٰلِكَ عَنْ قَتْلِ ذَوَاتِ الْبُيُوتِ قَالَ الزُّهْرِيُّ: وَهُنَّ الْعَوَامِرُ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: پس حضرت ابولبابہ یا زید بن خطاب نے مجھے دیکھا جبکہ میں سانپ کو دھتکار رہا تھا تاکہ میں اس کو قتل کروں۔ پس انہوں نے مجھے منع کیا۔ پس میں نے عرض کی: بے شک رسول کریمﷺ نے ان کو قتل کرنے کا حکم دیا' پس آپ رضی اللہ عنہ نے بتایا کہ آپﷺ نے اس کے بعد گھروں میں رہنے والے سانپوں کو مارنے سے منع فرمایا۔ حضرت امام زہری نے کہا: اور وہ آبادیوں میں رہنے والے ہیں۔



4371- اخرج نحوه مسلم فی صحيحه جلد 4صفحه1752 رقم الحديث: 2233' جلد 4صفحه1753 رقم الحديث: 2233' ونحوه البخاری فی صحيحه جلد 3صفحه 1201 رقم الحديث: 3123 كلاهما عن الزهری عن سالم عن ابن عمر به .

**4373** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا الْقَعْنَبِيُّ، ثنا حَاتِمُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُجَمِّعٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اقْتُلُوا الْحَيَّاتِ

حضرت سالم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: سانپوں کو مار دو۔

**4374** - قَالَ ابْنُ عُمَرَ: فَرَآنِي أَبُو لُبَابَةَ، وَزَيْدُ بْنُ الْخَطَّابِ، وَأَنَا أَقْتُلُ حَيَّةً مِنْ ذَوَاتِ الْبُيُوتِ، وَكُنَّا نَدْعُوهُنَّ الْجِنَّانَ، فَقَالَا: يَا عَبْدَ اللّٰهِ، إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى أَنْ تُقْتَلَ ذَوَاتُ الْبُيُوتِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ مجھے ابولبابہ اور زید بن خطاب نے دیکھا کہ میں گھر میں رہنے والے سانپوں کو مار رہا تھا' ہم ان کو جن کہتے تھے' ان دونوں نے فرمایا: اے عبداللہ! حضورﷺ نے گھر میں رہنے والے کیڑوں کو مارنے سے منع کیا ہے۔

**4375** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا الْقَعْنَبِيُّ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ أَبِي لُبَابَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ قَتْلِ الْجِنَّانِ الَّتِي فِي الْبُيُوتِ إِلَّا أَنْ تَكُونَ ذَا الطُّفْيَتَيْنِ وَالْأَبْتَرَ، فَإِنَّهُمَا يَخْطِفَانِ الْبَصَرَ وَيَطْرَحَانِ مَا فِي بُطُونِ فِي النِّسَاءِ

حضرت ابولبابہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے گھر میں رہنے والے کیڑوں کو مارنے سے منع کیا سوائے دو دھاریوں والے اور چھوٹے سانپ کے' دونوں آنکھوں کی بینائی اُچک لیتے ہیں اور حاملہ کے حمل کو گرا دیتے ہیں۔

**4376** - حَدَّثَنَا مُطَّلِبُ بْنُ شُعَيْبٍ الْأَزْدِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، حَدَّثَنِي نَافِعٌ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ أَبِي لُبَابَةَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ قَتْلِ الْجِنَّانِ الَّتِي فِي الْبُيُوتِ

حضرت ابو لبابہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے گھر میں رہنے والے (کیڑوں کی صورت میں) جنوں کو مارنے سے منع کیا۔

**4377** - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ أَسْمَاءَ، ثنا جُوَيْرِيَةُ بْنُ أَسْمَاءَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّ أَبَا لُبَابَةَ، أَخْبَرَهُ أَنَّ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضرت ابولبابہ نے بتایا کہ حضورﷺ نے گھر میں رہنے والے جنوں کو مارنے سے منع کیا۔

رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ قَتْلِ الْجِنَّانِ الَّتِي تَكُونُ فِي الْبُيُوتِ

**4378** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نُمَيْرٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ اَبِي لُبَابَةَ، قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ قَتْلِ الْجِنَّانِ الَّتِي فِي الْبُيُوتِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضرت ابولبابہ نے بتایا کہ حضور ﷺ نے گھر میں رہنے والے جنوں (خواہ وہ کسی شکل میں ہوں) کو مارنے سے منع کیا۔

**4379** - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ اَبِي لُبَابَةَ، قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ قَتْلِ الْجِنَّانِ الَّتِي تَكُونُ فِي الْبُيُوتِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضرت ابولبابہ نے بتایا کہ حضور ﷺ نے گھر میں رہنے والے جنوں کو مارنے سے منع کیا۔

**4380** - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا يَحْيَى، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، حَدَّثَنِي نَافِعٌ، اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا لُبَابَةَ، يُخْبِرُ ابْنَ عُمَرَ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ قَتْلِ الْجِنَّانِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضرت ابولبابہ نے بتایا کہ حضور ﷺ نے گھر میں رہنے والے جنوں کو مارنے سے منع کیا۔

**4381** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ، ثنا اَبُو مُصْعَبٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ دِينَارٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ اَبَا لُبَابَةَ، اَخْبَرَهُ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ قَتْلِ الْجِنَّانِ الَّتِي فِي الْبُيُوتِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضرت ابولبابہ نے بتایا کہ حضور ﷺ نے گھر میں رہنے والے جنوں کو مارنے سے منع کیا۔

**4382** - وَقَالَ: كُلُّكُمْ مَسْؤُولٌ عَنْ

(حضرت ابولبابہ نے فرمایا کہ) حضور ﷺ نے

---

4382- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 5 صفحه 207 وقال: قلت لأبي لبابة في الصحيح النهي عن قتل الحيات

رَعِيَّتِهِ، آلا فَالْاَمِيرُ الَّذِى عَلَى النَّاسِ رَاعٍ، وَهُوَ مَسْئُولٌ عَنْ رَعِيَّتِهِ، وَالرَّجُلُ رَاعٍ عَلَى اَهْلِهِ، وَهُوَ مَسْئُولٌ عَنْهُمْ، وَامْرَاَةُ الرَّجُلِ رَاعِيَةٌ عَلَى بَيْتِ زَوْجِهَا، وَهِىَ مَسْئُولَةٌ عَنْهُ، وَعَبْدُ الرَّجُلِ عَلَى مَالِ سَيِّدِهِ، وَهُوَ مَسْئُولٌ عَنْهُ

فرمایا: تم میں سے ہر ایک سے اس کی نگہبانی کے متعلق پوچھا جائے گا' خبردار! وہ امیر جو لوگوں پر مقرر ہے اس سے اس کی نگہبانی کے متعلق پوچھا جائے گا' آدمی اپنے گھر والوں کا نگہبان ہے' اس سے ان کے متعلق پوچھا جائے گا' عورت اپنے شوہر کے گھر کی نگہبان ہے اس سے اس کے متعلق پوچھا جائے گا' آدمی کا غلام اپنے آقا کے مال کا نگہبان ہے' اس سے اس کے متعلق پوچھا جائے گا۔

4383 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ سَهْلٍ اَبُو عِمْرَانَ الْجَوْنِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ رُمْحٍ، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِى حَبِيبٍ، اَنَّ بُكَيْرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، اَخْبَرَهُ عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّهُ كَانَ - بَعْدَمَا اَخْبَرَهُ اَبُو لُبَابَةَ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَا اَخْبَرَهُ - اِذَا رَآهُ تَوَعَّدَ وَتَقَدَّمَ اِلَيْهِ، وَرُبَّمَا اَمَرَنَا مَعًا نَحْمِلُهُ حَتَّى نُلْقِيَهُ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ اس کے بعد حضرت ابولبابہ رضی اللہ عنہ نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حوالہ سے بتایا کہ اُنہوں نے ان کو دیکھا تو دھمکی دی اور اس کی طرف بڑھے' بسا اوقات ہم کو ساتھ اُٹھانے کا حکم دیتے یہاں تک کہ ہم اس کو پھینک دیتے۔

4384 - حَدَّثَنَا عَبَّاسُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِى عَقِيلٍ الْبَغْدَادِيُّ، ثنا مَحْمُودُ بْنُ غَيْلَانَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَكْرٍ الْبُرْسَانِيُّ، ثنا هِشَامُ بْنُ حَسَّانَ، عَنْ اَيُّوبَ، عَنْ نَافِعٍ، اَنَّ ابْنَ عُمَرَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُمَا كَانَ يَقْتُلُ الْجِنَّانَ كُلَّهَا الَّتِى فِى الْبُيُوتِ حَتَّى اَخْبَرَهُ اَبُو لُبَابَةَ بْنُ عَبْدِ الْمُنْذِرِ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ قَتْلِ الْجِنَّانِ

حضرت نافع فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما گھروں میں رہنے والے سب کیڑوں کو مارتے تھے۔ حضرت ابولبابہ بن عبدالمنذر نے بتایا کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے گھروں میں رہنے والے جنوں کو (جو اکثر سانپ کی شکل میں ہوتے ہیں) مارنے سے منع کیا ہے' میں نے اس کے بعد چھوڑ دیا' اس کے علاوہ کو مارتا تھا۔



فقط رواه الطبرانى فى الأوسط والكبير ورجال الكبير رجال الصحيح .

الَّتِی فِی الْبُیُوتِ فَتَرَکَهَا بَعْدُ وَکَانَ یَقْتُلُ مَا سِوَی ذَلِکَ

4385 - حَدَّثَنَا یَحْیَی بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، ثنا نُعَیْمُ بْنُ حَمَّادٍ، ثنا ابْنُ الْمُبَارَکِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِی حَفْصَةَ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، عَنِ الْحُسَیْنِ بْنِ السَّائِبِ بْنِ اَبِی لُبَابَةَ، عَنْ اَبِیهِ، قَالَ: لَمَّا تَابَ اللّٰهُ عَلَی اَبِی لُبَابَةَ قَالَ اَبُو لُبَابَةَ: جِئْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ لَهُ: یَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنِّی اَهْجُرُ دَارَ قَوْمِی الَّتِی اَصَبْتُ بِهَا الذَّنْبَ، وَاَنْخَلِعُ مِنْ مَالِی صَدَقَةً لِلّٰهِ وَلِرَسُولِهِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: یَا اَبَا لُبَابَةَ، یُجْزِءُ عَنْکَ الثُّلُثُ قَالَ: فَتَصَدَّقْتُ بِالثُّلُثِ

حضرت حسین بن سائب بن ابولبابہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں: جب اللہ عزوجل نے ابولبابہ کی توبہ قبول کی تو حضرت ابولبابہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آیا' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں اپنی قوم کا گھر چھوڑتا ہوں جس میں مجھے گناہ پہنچا' میں اپنا مال اللہ اور اس کے رسول کے لیے صدقہ کرتا ہوں۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے ابولبابہ! تمہارے لیے تہائی کافی ہے' حضرت ابولبابہ رضی اللہ عنہ نے عرض کی: میں نے تہائی صدقہ کیا۔

4386 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْخَلَّالُ، ثنا یَعْقُوبُ بْنُ حُمَیْدٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسَی التَّیْمِیُّ، عَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَیْدٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، حَدَّثَنِی بَعْضُ بَنِی السَّائِبِ بْنِ اَبِی لُبَابَةَ، عَنْ اَبِی لُبَابَةَ، اَنَّهُ قَالَ: یَا رَسُولَ اللّٰهِ اِنَّ مِنْ تَوْبَتِی اَنْ اَهْجُرَ دَارَ قَوْمِی الَّتِی اَصَبْتُ فِیهَا الذَّنْبَ، وَاَنْخَلِعُ مِنْ مَالِی صَدَقَةً اِلَی اللّٰهِ وَرَسُولِهِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: یُجْزِءُ عَنْکَ الثُّلُثُ مِنْ مَالِکِ

حضرت حسین بن سائب بن ابولبابہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں: جب اللہ عزوجل نے ابولبابہ کی توبہ قبول کی تو حضرت ابولبابہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آیا' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں اپنی قوم کا گھر چھوڑتا ہوں جس میں مجھے گناہ پہنچا' میں اپنا مال اللہ اور اس کے رسول کے لیے صدقہ کرتا ہوں۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے ابولبابہ! تمہارے لیے تہائی کافی ہے' حضرت ابولبابہ رضی اللہ عنہ نے عرض کی: میں نے تہائی صدقہ کیا۔



4385- أورده البخاری فی التاریخ الکبیر جلد 2 صفحه 385' رقم الحدیث: 2864 عن الزهری عن الحسین بن السائب بن أبی لبابة عن أبیه به .

4387 - حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ بْنِ الصَّبَّاحِ الرَّقِّيُّ، ثنا اَبُو حُذَيْفَةَ، ثنا زُهَيْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، ح وَحَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ بَحْرٍ، وَعُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، قَالُوا: ثنا يَحْيَى بْنُ اَبِي بَكْرٍ، ثنا زُهَيْرٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَقِيلٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ بْنِ جَارِيَةَ، عَنْ اَبِي لُبَابَةَ بْنِ عَبْدِ الْمُنْذِرِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ يَوْمَ الْجُمُعَةِ سَيِّدُ الْاَيَّامِ وَاَعْظَمُهَا عِنْدَ اللّٰهِ مِنْ يَوْمِ الْاَضْحَى وَيَوْمِ الْفِطْرِ، فِيهِ خَمْسُ خِلَالٍ، خَلَقَ اللّٰهُ فِيهِ آدَمَ، وَاَهْبَطَ اللّٰهُ فِيهِ آدَمَ اِلَى الْاَرْضِ، وَفِيهِ تَوَفَّى اللّٰهُ آدَمَ، وَفِيهِ سَاعَةٌ لَا يَسْاَلُ اللّٰهَ الْعَبْدُ فِيهَا شَيْئًا اِلَّا اَعْطَاهُ مَا لَمْ يَسْاَلْ حَرَامًا، وَفِيهِ تَقُومُ السَّاعَةُ، مَا مِنْ مَلَكٍ مُقَرَّبٍ وَلَا سَمَاءٍ وَلَا اَرْضٍ وَلَا بَحْرٍ اِلَّا وَهُوَ مُشْفِقٌ مِنْ يَوْمِ الْجُمُعَةِ

حضرت ابولبابہ بن عبدالمنذ ر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جمعہ کا دن تمام دنوں کا سردار ہے' اللہ کے ہاں اس کا مقام عیدالاضحی اور عیدالفطر کے دن سے بڑا ہے' اس میں پانچ باتیں ہیں: اس دن اللہ عزوجل نے آدم علیہ السلام کو پیدا کیا' اس دن اللہ عزوجل نے آدم علیہ السلام کو زمین پر اُتارا' اس دن حضرت آدم علیہ السلام کا وصال ہوا' اس دن ایک ایسا وقت ہے کہ جو بھی اللہ عزوجل سے مانگے وہ دعا قبول ہوتی ہے بشرطیکہ حرام کام کے لیے دعا نہ کرے' اس دن قیامت آئے گی' زمین و آسمان' سمندر میں رہنے والی اشیاء اور مقرب فرشتے جمعہ کے دن ڈرتے ہیں (کہ کہیں قیامت نہ آجائے)۔

حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُغِيرَةِ، ثنا عَمْرُو بْنُ ثَابِتٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَقِيلٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ بْنِ جَارِيَةَ، عَنْ اَبِي لُبَابَةَ بْنِ عَبْدِ الْمُنْذِرِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَوْمُ الْجُمُعَةِ سَيِّدُ الْاَيَّامِ فَذَكَرَ مِثْلَهُ

حضرت ابولبابہ بن عبدالمنذ ر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جمعہ کا دن تمام دنوں کا سردار ہے' اس کے بعد پہلے کی مثل حدیث ذکر کی۔

---

4387- أورده ابن ماجه في سننه جلد1صفحه344' رقم الحديث: 1084 عن عبد الله بن محمد بن عقيل عن عبد الرحمٰن بن يزيد عن أبي لبابة به .

**4388** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَابَهْرَامَ الْاَيْذَجِيُّ، ثنا اِسْحَاقُ بْنُ زِيَادٍ الْقَطَّانُ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثنا عَاصِمُ بْنُ سُوَيْدٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَجَّاجِ بْنِ حُسَيْنِ بْنِ السَّائِبِ بْنِ اَبِي لُبَابَةَ، قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ بَدْرٍ: كَيْفَ تُقَاتِلُونَ الْقَوْمَ اِذَا لَقِيتُمُوهُمْ؟ فَقَامَ عَاصِمُ بْنُ ثَابِتٍ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اِذَا كَانَ الْقَوْمُ مِنَّا حَيْثُ يَنَالُهُمُ النَّبْلُ، كَانَتِ الْمُرَامَاةُ بِالنَّبْلِ، فَاِذَا اقْتَرَبُوا حَتّٰى يَنَالَنَا وَاِيَّاهُمُ الْحِجَارَةُ، كَانَتِ الْمُرَاضَخَةُ بِالْحِجَارَةِ، فَاَخَذَ ثَلَاثَةَ اَحْجَارٍ فِي يَدِهِ وَحَجَرَيْنِ فِي حِزْمَتِهِ، فَاِذَا اقْتَرَبُوا حَتّٰى يَنَالَنَا وَاِيَّاهُمُ الرِّمَاحُ، كَانَتِ الْمُدَاعَسَةُ بِالرِّمَاحِ، فَاِذَا انْقَضَتِ الرِّمَاحُ، كَانَتِ الْجِلَادُ بِالسُّيُوفِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بِهٰذَا اُنْزِلَتِ الْحَرْبُ، مَنْ قَاتَلَ فَلْيُقَاتِلْ قِتَالَ عَاصِمٍ

حضرت ابولبابہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول کریم ﷺ نے بدر کے دن فرمایا: جب تم قوم سے ملتے ہو تو ان سے جنت کیسے کرتے ہو؟ حضرت عاصم بن ثابت نے کھڑے ہو کر عرض کی: اے اللہ کے رسول! جب قوم ہم سے اتنے فاصلے پر ہو کہ ان تک تیر کے بھالے پہنچ سکتے ہوں تو ہتھیار بھالے کو بنائیں گے۔ پس جب وہ اتنے قریب ہو جائیں کہ ہمارے اور ان کے درمیان پتھر پہنچ سکیں تو پھر ہمارا ہتھیار پتھر ہوں گے۔ پس انہوں نے تین پتھر ہاتھ میں اُٹھائے اور دو اپنی تھیلی میں رکھے۔ پس جب وہ اور زیادہ قریب آجائیں یہاں تک کہ تیر ان تک پہنچ جائے پھر تیر سے کام چلائیں گے، پس جب تیر اختتام پذیر ہو جائیں گے تو تلواروں سے جنگ کریں گے۔ تو رسول کریم ﷺ نے فرمایا: جنگ کرنے کا صحیح طریقہ یہی ہے جو جنگ کرے تو اسے چاہیے کہ پھر عاصم کی طرح جنگ کرے۔

**4389** - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، ثنا عَبْدُ الْاَعْلٰى بْنُ حَمَّادٍ النَّرْسِيُّ، ثنا عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ الْوَرْدِ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ اَبِي مُلَيْكَةَ، يَقُولُ: سَمِعْتُ عُبَيْدَ اللّٰهِ بْنَ اَبِي نَهِيكٍ، يَقُولُ: بَيْنَمَا اَنَا

حضرت عبیداللہ بن ابونہیک فرماتے ہیں کہ میں اور عبداللہ بن سائب بن ابوسائب کھڑے تھے اچانک ہمارے پاس سے حضرت ابولبابہ رضی اللہ عنہ گزرے، ہم آپ کے پیچھے آپ کے گھر داخل ہوئے، ہم نے آپ



---

**4388**- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 5 صفحه 327 وقال: رواه الطبراني ومحمد بن الحجاج قال أبو حاتم: مجهول .

**4389**- أورده أبو بكر الشيباني في الآحاد والمثاني جلد 3 صفحه 450، رقم الحديث: 1903 عن ابن أبي مليكة عن عبيد الله عن أبي لبابة به .

وَاقِفٌ وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ السَّائِبِ بْنِ اَبِي السَّائِبِ اِذْ مَرَّ بِنَا اَبُو لُبَابَةَ، فَاتَّبَعْنَاهُ حَتّٰى دَخَلَ بَيْتَهُ، فَاسْتَأْذَنَّاهُ فَاَذِنَ لَنَا، فَاِذَا رَثُّ الْمَتَاعِ رَثُّ الْحَالِ فَقَالَ: مَنْ اَنْتُمْ؟ فَانْتَسَبْنَا لَهُ، فَقَالَ: مَرْحَبًا وَاَهْلًا تُجَّارٌ كَسَبَةٌ، فَسَمِعْتُهُ يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَيْسَ مِنَّا مَنْ لَمْ يَتَغَنَّ بِالْقُرْآنِ قَالَ ابْنُ اَبِي مُلَيْكَةَ: فَقُلْتُ: يَا مُحَمَّدُ، اَرَاَيْتَ اِنْ لَمْ يَكُنْ حَسَنَ الصَّوْتِ؟ قَالَ: يُحَسِّنُهُ مَا اسْتَطَاعَ

سے اجازت مانگی' آپ نے ہمیں اجازت دی' آپ کا سامان بھی بوسیدہ تھا اور حالت بھی پراگندہ تھی' آپ نے فرمایا: تم کون ہو؟ ہم نے آپ سے اپنا نسب بیان کیا تو آپ نے فرمایا: خوش آمدید! تجارت کرنے والوں کو خوش آمدید! میں نے حضور ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: اس کا تعلق ہم سے نہیں جس نے قرآن اچھی طرز میں نہ پڑھا۔ حضرت ابن ابی ملیکہ نے عرض کی: یا محمد! آپ بتائیں کہ جو قرآن اچھی آواز میں نہ پڑھ سکے؟ آپ نے فرمایا: اچھی آواز میں پڑھنے کی کوشش کرے' جتنی طاقت ہے۔

**4390** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، ثنا عُقْبَةُ بْنُ مُكْرَمٍ، ثنا يُونُسُ بْنُ بُكَيْرٍ، اَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ عُمَرَ بْنِ قَتَادَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَقُولُ: كَانَ اَبْعَدُ النَّاسِ مَنْزِلًا مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلَيْنِ مِنَ الْاَنْصَارِ، اَبُو لُبَابَةَ بْنُ عَبْدِ الْمُنْذِرِ وَمَنْزِلُهُ بِقُبَاءَ، وَاَبُو يَحْيَى فِي بَنِي حَارِثَةَ، وَكَانَ يُصَلِّيَانِ مَعَهُ الْعَصْرَ، ثُمَّ يَاْتِيَانِ قَوْمَهُمَا وَلَمْ يُصَلُّوا، لِتَبْكِيرِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْعَصْرِ

حضرت عاصم بن عمر بن قتادہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا: لوگ رسول اللہ ﷺ کے گھر سے دور تھے' انصار کے دو آدمی تھے' حضرت ابولبابہ بن عبدالمنذر' ان کا گھر قباء میں تھا اور حضرت ابو یحییٰ بنی حارثہ کے رہنے والے تھے' دونوں آپ کے ساتھ نماز ادا کرتے تھے' پھر دونوں اپنی قوم کے پاس آتے' اُنہوں نے نماز نہیں پڑھی ہوتی تھی' حضور ﷺ نماز عصر جلدی پڑھتے تھے۔



## رِفَاعَةُ بْنُ رَافِعٍ الزُّرَقِيُّ الْاَنْصَارِيُّ عَقَبِيٌّ بَدْرِيٌّ

## حضرت رفاعہ بن رافع الزرقی انصاری عقبی بدری رضی اللہ عنہ

**4391** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ

حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ انصار میں سے

الْحَرَّانِی، حَدَّثَنِی اَبِی، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِی الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ فِی تَسْمِيَةِ اَصْحَابِ الْعَقَبَةِ مِنَ الْاَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِی زُرَيْقٍ، رِفَاعَةُ بْنُ رَافِعِ بْنِ مَالِكِ بْنِ عَجْلَانَ بْنِ عَمْرِو بْنِ زُرَيْقٍ وَهُوَ نَقِيبٌ وَقَدْ شَهِدَ بَدْرًا

اصحابِ عقبہ اور بنی زریق میں سے رفاعہ بن رافع بن مالک بن عجلان بن عمرو بن زریق ہیں' آپ نقیب تھے اور آپ بدر میں شریک ہوئے۔

**4392** - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ الْاَصْبَهَانِیُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِیُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، فِی تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْاَنْصَارِ ثُمَّ مِنْ بَنِی زُرَيْقٍ، رِفَاعَةُ بْنُ رَافِعِ بْنِ مَالِكِ بْنِ عَجْلَانَ

حضرت ابن شہاب فرماتے ہیں کہ انصار اور بنی زریق میں سے جو بدر میں شریک ہوئے' اُن کے ناموں میں سے ایک رفاعہ بن رافع بن مالک بن عجلان کا بھی ہے۔

**4393** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَرْقِیُّ، ثنا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ هِشَامٍ، ثنا زِيَادُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، فِی تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْاَنْصَارِ، ثُمَّ مِنَ الْخَزْرَجِ، ثُمَّ مِنْ بَنِی زُرَيْقٍ، رِفَاعَةُ بْنُ رَافِعِ بْنِ مَالِكِ بْنِ الْعَجْلَانِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عَاصِمِ بْنِ زُرَيْقِ بْنِ عَبْدِ حَارِثَةَ بْنِ مَالِكِ بْنِ غَضَبِ بْنِ جُشَمِ بْنِ الْخَزْرَجِ

حضرت ابن شہاب فرماتے ہیں کہ انصار اور بنی زریق میں سے جو بدر میں شریک ہوئے' اُن کے ناموں میں سے ایک رفاعہ بن رافع بن مالک بن عجلان کا بھی ہے۔

**4394** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِی شَيْبَةَ، ثنا ضِرَارُ بْنُ صُرَدٍ، ثنا عَلِیُّ بْنُ هَاشِمٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِی رَافِعٍ، عَنْ اَبِيهِ، فِی تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ مَعَ عَلِیٍّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رِفَاعَةُ بْنُ رَافِعٍ بَدْرِیٌّ، مِنْ بَنِی زُرَيْقٍ

حضرت محمد بن عبیداللہ بن ابورافع اپنے والد سے روایت کرتے ہیں: جو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اصحاب میں سے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ شریک ہوئے' اُن کے ناموں میں سے ایک نام رفاعہ بن رافع بدری بنی زریق والے کا بھی ہے۔

رفاعة بن رافع الزرقی الانصاری عقبی بدری

**4395** - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، أَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أَنَا دَاوُدُ بْنُ قَيْسٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ يَحْيَى بْنِ خَلَّادِ بْنِ رَافِعِ بْنِ مَالِكٍ الزُّرَقِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ عَمِّهِ، وَكَانَ بَدْرِيًّا قَالَ: بَيْنَا نَحْنُ جُلُوسٌ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْمَسْجِدِ إِذْ دَخَلَ رَجُلٌ فَصَلَّى رَكْعَتَيْنِ، وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَرْمُقُهُ، ثُمَّ جَاءَ فَسَلَّمَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَدَّ عَلَيْهِ، ثُمَّ قَالَ: ارْجِعْ فَصَلِّ فَإِنَّكَ لَمْ تُصَلِّ قَالَ: فَرَجَعَ فَصَلَّى، ثُمَّ جَاءَ فَسَلَّمَ فَرَدَّ عَلَيْهِ السَّلَامَ ثُمَّ قَالَ: ارْجِعْ فَصَلِّ فَإِنَّكَ لَمْ تُصَلِّ فَأَعَادَ عَلَيْهِ الثَّالِثَةَ أَوِ الرَّابِعَةَ، وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ قَوْلَهُ الْأَوَّلَ، قَالَ: أَيْ رَسُولَ اللّٰهِ بِأَبِي أَنْتَ وَأُمِّي، وَالَّذِي أَنْزَلَ عَلَيْكَ الْكِتَابَ لَقَدِ اجْتَهَدْتُ وَحَرَصْتُ فَأَرِنِي وَعَلِّمْنِي قَالَ: إِذَا أَرَدْتَ أَنْ تُصَلِّيَ فَتَوَضَّأْ فَأَحْسِنْ وُضُوءَكَ، ثُمَّ اسْتَقْبِلِ الْقِبْلَةَ فَكَبِّرْ، وَاقْرَأْ ثُمَّ ارْكَعْ حَتَّى تَطْمَئِنَّ رَاكِعًا، ثُمَّ ارْفَعْ حَتَّى تَعْتَدِلَ رَافِعًا، ثُمَّ اسْجُدْ حَتَّى تَطْمَئِنَّ سَاجِدًا، ثُمَّ ارْفَعْ حَتَّى تَطْمَئِنَّ قَاعِدًا، ثُمَّ اسْجُدْ حَتَّى تَطْمَئِنَّ سَاجِدًا، ثُمَّ ارْفَعْ، فَإِذَا أَتْمَمْتَ عَلَى هَذَا صَلَاتَكَ فَقَدْ أَتْمَمْتَ، وَمَا نَقَصْتَ مِنْ هَذَا، فَإِنَّمَا تَنْقُصُهُ مِنْ نَفْسِكَ

حضرت علی بن یحییٰ بن خلاد بن رافع بن مالک الزرقی فرماتے ہیں کہ مجھے والد نے اُنہوں نے اپنے والد سے روایت کیا' یہ بدری ہیں' فرماتے ہیں کہ ہم حضورﷺ کے ساتھ مسجد میں بیٹھے ہوئے تھے کہ اچانک ایک آدمی آیا' اس نے دو رکعتیں پڑھیں اور نبی کریمﷺ اس کا انتظار کر رہے تھے' پھر آیا اور اُس نے حضورﷺ کو سلام کیا' آپﷺ نے اس کے سلام کا جواب دیا' پھر فرمایا: واپس جاؤ اور نماز پڑھو! تم نے نماز نہیں پڑھی۔ وہ آدمی واپس گیا اور اُس نے نماز پڑھی' پھر آیا اور سلام کیا تو حضورﷺ نے اس کے سلام کا جواب دیا' پھر آپﷺ نے فرمایا: واپس جاؤ اور نماز پڑھو! تم نے نماز نہیں پڑھی۔ وہ تین یا چار مرتبہ گیا' حضورﷺ نے پہلے والی ہی بات فرمائی تو اُس نے عرض کی: یارسول اللہ! میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں! اُس ذات کی قسم جس نے آپ پر قرآن اُتارا ہے! میں نے کوشش کی اور میں اس کا خواہش مند ہوں کہ مجھے سکھائیں اور بتائیں۔ آپﷺ نے فرمایا: جب نماز پڑھنے کا ارادہ کرے تو اچھا وضو کر پھر قبلہ کی طرف منہ کر کے اللہ اکبر کہہ اور قرأت کر' رکوع بڑے اطمینان سے کر پھر رکوع سے اطمینان سے اُٹھ پھر اطمینان سے سجدہ کر' پھر سجدہ سے اُٹھ' پھر بڑے اطمینان سے بیٹھ جا' پھر دوسرا سجدہ اطمینان سے کر' پھر

**4395**- أورد نحوه النسائي في سننه (المجتبى) جلد **2** صفحه **193** رقم الحديث: **1053**' جلد **3** صفحه **60** رقم الحديث: **1314** عن علي بن يحيى الزرقي عن أبيه عن عمه رفاعة بن رافع به .

**4396 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمُبَارَكِ الصَّنْعَانِيُّ، ثنا، اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِي اُوَيْسٍ، حَدَّثَنِي، سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَحْيَى بْنِ خَلَّادٍ الزُّرَقِيِّ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَمِّهِ، قَالَ: كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْمَسْجِدِ فَاِذَا رَجُلٌ يُصَلِّي فِي نَاحِيَةِ الْمَسْجِدِ، قَالَ: وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَرْمُقُهُ وَلَا يَفْطِنُ لَهُ، فَلَمَّا صَلَّى اَقْبَلَ حَتَّى وَقَفَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَسَلَّمَ عَلَيْهِ، فَرَدَّ عَلَيْهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ قَالَ: ارْجِعْ فَصَلِّ فَاِنَّكَ لَمْ تُصَلِّ فَرَجَعَ فَصَلَّى، ثُمَّ اَقْبَلَ فَسَلَّمَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَرَدَّ عَلَيْهِ، ثُمَّ قَالَ: ارْجِعْ فَصَلِّ فَاِنَّكَ لَمْ تُصَلِّ فَصَنَعَ ذٰلِكَ مَرَّتَيْنِ اَوْ ثَلَاثًا، قَالَ الرَّجُلُ: وَالَّذِي اَنْزَلَ عَلَيْكَ الْكِتَابَ بِالْحَقِّ لَقَدْ جَهَدْتُ وَحَرَصْتُ، فَاَرِنِي يَا رَسُولَ اللّٰهِ وَعَلِّمْنِي، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا اَرَدْتَ اَنْ تُصَلِّيَ فَتَوَضَّاْ وَاَحْسِنْ وُضُوءَكَ كَمَا اَمَرَ اللّٰهُ، ثُمَّ اقْرَاْ، ثُمَّ ارْكَعْ حَتَّى تَطْمَئِنَّ رَاكِعًا، ثُمَّ ارْفَعْ حَتَّى تَعْتَدِلَ قَائِمًا، ثُمَّ اسْجُدْ حَتَّى تَطْمَئِنَّ سَاجِدًا، ثُمَّ ارْفَعْ حَتَّى تَسْتَوِيَ قَاعِدًا، ثُمَّ اسْجُدْ حَتَّى تَطْمَئِنَّ**

اُٹھ' جب تُو نماز اس طرح مکمل کرے گا تو تیری نماز مکمل ہو جائے گی جو اس میں کمی کرے گا تو کمی اپنی ذات کے لیے کرے گا۔

حضرت علی بن یحییٰ بن خلاد زرقی نے اپنے والد سے' وہ اپنے چچا سے روایت کرتے ہیں' یہ بدری ہیں' فرماتے ہیں کہ ہم حضورﷺ کے ساتھ مسجد میں بیٹھے ہوئے تھے کہ اچانک ایک آدمی مسجد کے کونے میں نماز پڑھ رہا تھا جبکہ اس کا انتظار کر رہے تھے' جبکہ اسے معلوم نہ تھا' جب اس نے نماز پڑھ لی پھر آیا اور اُس نے حضورﷺ کو سلام کیا' آپﷺ نے اس کے سلام کا جواب دیا' پھر فرمایا: واپس جاؤ اور نماز پڑھو! تم نے نماز نہیں پڑھی۔ وہ آدمی واپس گیا اور اُس نے نماز پڑھی' پھر آیا اور سلام کیا تو حضورﷺ نے اس کے سلام کا جواب دیا' پھر آپﷺ نے فرمایا: واپس جاؤ اور نماز پڑھو! تم نے نماز نہیں پڑھی۔ وہ دو یا تین مرتبہ گیا' تو اُس نے عرض کی: یارسول اللہ! میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں! اُس ذات کی قسم جس نے آپ پر قرآن اُتارا ہے! میں نے کوشش کی اور میں اس کا خواہش مند ہوں کہ مجھے نماز پڑھ کر دکھائیں اور بتائیں۔ آپﷺ نے فرمایا: جب نماز پڑھنے کا ارادہ کرے تو اچھا وضو کر پھر قبلہ کی طرف منہ کر کے اللہ اکبر کہہ اور قرأت کر' رکوع بڑے اطمینان سے کر پھر رکوع سے اطمینان سے اُٹھ پھر اطمینان سے سجدہ کر' پھر سجدہ سے اُٹھ' پھر بڑے اطمینان سے بیٹھ جا' پھر دوسرا سجدہ

سَاجِدًا، ثُمَّ قُمْ، فَإِنْ اَتْمَمْتَ صَلَاتَكَ عَلَى هٰذَا، فَقَدْ تَمَّتْ، وَإِنِ انْتَقَصْتَ مِنْ ذٰلِكَ فَإِنَّمَا تَنْقُصُهُ مِنْ صَلَاتِكَ

اطمینان سے کر' پھر اُٹھ' جب تُو نماز اس طرح مکمل کرے گا تو تیری نماز مکمل ہو جائے گی جو اس میں کمی کرے گا تو کمی اپنی نماز سے کرے گا۔

رفاعة بن رافع الزرقی الانصاری عقبی بدری

**4397** - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ عَجْلَانَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَحْيَى مِنْ آلِ رِفَاعَةَ بْنِ رَافِعٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَمٍّ لَهُ بَدْرِيٍّ حَدَّثَهُ اَنَّ رَجُلًا دَخَلَ الْمَسْجِدَ فَصَلَّى وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَرْمُقُهُ، وَهُوَ لَا يَشْعُرُ، فَلَمَّا فَرَغَ اَقْبَلَ فَسَلَّمَ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ لَهُ: ارْجِعْ فَصَلِّ فَإِنَّكَ لَمْ تُصَلِّ فَرَجَعَ فَصَلَّى، ثُمَّ اَقْبَلَ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَهُ: ارْجِعْ فَصَلِّ فَإِنَّكَ لَمْ تُصَلِّ فَرَجَعَ فَصَلَّى مَرَّتَيْنِ اَوْ ثَلَاثًا، قَالَ الرَّجُلُ: وَالَّذِي اَكْرَمَكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ لَقَدْ جَهِدْتُ فَعَلِّمْنِي، قَالَ لَهُ: اِذَا قُمْتَ تُرِيدُ الصَّلَاةَ فَتَوَضَّأْ فَاَحْسِنْ وُضُوءَكَ، ثُمَّ اسْتَقْبِلِ الْقِبْلَةَ، ثُمَّ اقْرَاْ، ثُمَّ ارْكَعْ فَاطْمَئِنَّ، ثُمَّ اسْجُدْ فَاطْمَئِنَّ سَاجِدًا، ثُمَّ ارْفَعْ حَتَّى تَطْمَئِنَّ قَاعِدًا، ثُمَّ اسْجُدْ حَتَّى تَطْمَئِنَّ سَاجِدًا، ثُمَّ ارْفَعْ، ثُمَّ افْعَلْ ذٰلِكَ حَتَّى تَفْرُغَ مِنْ صَلَاتِكَ

حضرت علی بن یحییٰ بن خلاد بن رافع بن مالک زرقی فرماتے ہیں کہ مجھے والد نے' اُنہوں نے اپنے چچا سے روایت کیا' جو بدری ہیں' فرماتے ہیں کہ مسجد میں تھے کہ اچانک ایک آدمی آیا' اس نے دو رکعتیں پڑھیں جبکہ رسول کریم ﷺ اس کا انتظار کر رہے تھے' اسے شعور نہیں تھا جب نماز سے فارغ ہوا تو پھر آیا اور اُس نے حضور ﷺ کو سلام کیا' آپ ﷺ نے اس کے سلام کا جواب دیا' پھر فرمایا: واپس جاؤ اور نماز پڑھو! تم نے نماز نہیں پڑھی۔ وہ آدمی واپس گیا اور اُس نے نماز پڑھی' پھر آیا اور سلام کیا تو حضور ﷺ نے اس کے سلام کا جواب دیا' پھر آپ ﷺ نے فرمایا: واپس جاؤ اور نماز پڑھو! تم نے نماز نہیں پڑھی۔ وہ دو یا تین مرتبہ نماز پڑھی' تو اُس نے عرض کی: یارسول اللہ! اُس ذات کی قسم جس نے آپ پر قرآن اُتارا ہے! میں نے کوشش کی ہے اور میں اس کا خواہش مند ہوں کہ مجھے نماز پڑھ کر دکھائی جائے اور بتائیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: جب نماز پڑھنے کا ارادہ کرے تو اچھا وضو کر پھر قبلہ کی طرف منہ کر کے اللہ اکبر کہہ اور قرأت کر' رکوع بڑے اطمینان سے کر پھر رکوع سے اطمینان سے اُٹھ پھر اطمینان سے سجدہ کر' پھر سجدہ سے اُٹھ' پھر بڑے اطمینان سے بیٹھ جا' پھر دوسرا سجدہ اطمینان سے کر' پھر

اُٹھ' جب تُو نماز اس طرح مکمل کرے گا تو تیری نماز مکمل ہو جائے گی جو اس میں کمی کرے گا تو کمی اپنی ذات کے لیے کرے گا۔

حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا يَحْيَى، عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ، حَدَّثَنِي عَلِيُّ بْنُ يَحْيَى بْنِ خَلَّادٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَمِّهِ، وَكَانَ بَدْرِيًّا قَالَ: كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْمَسْجِدِ فَدَخَلَ رَجُلٌ فَصَلَّى، ثُمَّ ذَكَرَ نَحْوَهُ،

حضرت علی بن یحییٰ بن خلاد اپنے والد گرامی سے' وہ ان کے چچا سے روایت کرتے ہیں' وہ بدری ہیں' فرماتے ہیں کہ ہم مسجد میں حضور ﷺ کے ساتھ تھے' ایک آدمی آیا' اُس نے نماز پڑھی پھر اس کے بعد اوپر والی حدیث ذکر کی۔

حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا اَبُو خَالِدٍ الْاَحْمَرُ، عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَحْيَى بْنِ خَلَّادٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَمِّهِ، وَكَانَ بَدْرِيًّا قَالَ: كُنَّا جُلُوسًا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَاءَ رَجُلٌ يُصَلِّي، فَصَلَّى صَلَاةً خَفِيفَةً لَا يُتِمُّ رُكُوعَهَا وَلَا سُجُودَهَا، وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَرْمُقُهُ، فَذَكَرَ نَحْوَهُ

حضرت علی بن یحییٰ بن خلاد اپنے والد گرامی سے' وہ ان کے چچا سے' وہ بدری ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے ساتھ بیٹھے ہوئے تھے کہ ایک آدمی نماز پڑھنے کے لیے آیا' اُس نے مختصر نماز پڑھی اور رکوع و سجود مکمل نہیں کیے' حضور ﷺ اس کا انتظار کر رہے تھے' اس کے بعد اوپر والی حدیث ذکر کی۔

**4398** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَيَّانَ الْمَازِنِيُّ، ثنا اَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، قَالَا: ثنا هَمَّامٌ، اَنَا اِسْحَاقُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي طَلْحَةَ، حَدَّثَنِي عَلِيُّ بْنُ يَحْيَى بْنِ خَلَّادٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَمِّهِ رِفَاعَةَ بْنِ رَافِعٍ، - زَادَ اَبُو الْوَلِيدِ فِي حَدِيثِهِ: وَكَانَ رِفَاعَةُ وَمَالِكٌ اَخَوَيْنِ مِنْ اَهْلِ بَدْرٍ - قَالَ: بَيْنَمَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَالِسٌ نَظَرَ

حضرت علی بن یحییٰ بن خلاد اپنے والد گرامی سے' وہ ان کے چچا رفاعہ بن رافع سے روایت کیا۔ ابوالولید نے اپنی حدیث میں اضافہ کیا ہے کہ حضرت رفاعہ اور مالک دونوں بھائی تھے' بدر میں شریک ہوئے تھے' وہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے آپ نے اردگرد دیکھا تو ایک آدمی قبلہ کی طرف منہ کیے ہوئے نماز پڑھ رہا تھا' اُس نے دو رکعتیں پڑھیں۔ حجاج اپنی حدیث میں فرماتے ہیں: میں حضور ﷺ کے

حَوْلَهُ، فَإِذَا رَجُلٌ فَاسْتَقْبَلَ الْقِبْلَةَ فَصَلَّى رَكْعَتَيْنِ - وَقَالَ حَجَّاجٌ فِي حَدِيثِهِ - كُنْتُ جَالِسًا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذْ جَاءَ رَجُلٌ فَدَخَلَ الْمَسْجِدَ، فَلَمَّا قَضَى صَلَاتَهُ جَاءَ فَسَلَّمَ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَلَى الْقَوْمِ، فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَعَلَيْكَ، ارْجِعْ فَصَلِّ فَإِنَّكَ لَمْ تُصَلِّ قَالَ: فَرَجَعَ فَصَلَّى، فَجَعَلَ يَرْمُقُ صَلَاتَهُ لَا يَدْرِي مَا يَعِيبُ مِنْهَا، فَلَمَّا قَضَى صَلَاتَهُ جَاءَ فَسَلَّمَ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَلَى الْقَوْمِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ارْجِعْ فَصَلِّ فَإِنَّكَ لَمْ تُصَلِّ قَالَ: وَذَكَرَ إِمَّا مَرَّتَيْنِ وَإِمَّا ثَلَاثًا، فَقَالَ الرَّجُلُ: مَا أَدْرِي مَا عِبْتَ عَلَيَّ، قَالَ: فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَتِمُّ صَلَاةُ أَحَدِكُمْ حَتَّى يُسْبِغَ الْوُضُوءَ كَمَا أَمَرَهُ اللّٰهُ، يَغْسِلُ وَجْهَهُ وَيَدَيْهِ إِلَى الْمِرْفَقَيْنِ، وَيَمْسَحُ رَأْسَهُ وَرِجْلَيْهِ إِلَى الْكَعْبَيْنِ، ثُمَّ يُكَبِّرُ اللّٰهَ وَيَحْمَدُهُ وَيَقْرَأُ مِنَ الْقُرْآنِ مَا أَذِنَ اللّٰهُ لَهُ فِيهِ وَيَسَّرَ، ثُمَّ يُكَبِّرُ فَيَرْكَعُ فَيَضَعُ كَفَّيْهِ عَلَى رُكْبَتَيْهِ حَتَّى تَطْمَئِنَّ مَفَاصِلُهُ وَتَسْتَرْخِيَ، ثُمَّ يَقُولُ: سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ، فَيَسْتَوِي قَائِمًا حَتَّى يَأْخُذَ كُلُّ عَظْمٍ مَأْخَذَهُ، وَيُقِيمَ صُلْبَهُ، ثُمَّ يُكَبِّرُ فَيَسْجُدُ فَيُمَكِّنُ جَبْهَتَهُ - قَالَ هَمَّامٌ: وَرُبَّمَا قَالَ - فَيُمَكِّنُ وَجْهَهُ مِنَ الْأَرْضِ حَتَّى تَطْمَئِنَّ مَفَاصِلُهُ وَتَسْتَرْخِيَ، ثُمَّ

پاس بیٹھا ہوا تھا کہ اچانک ایک آدمی مسجد میں آیا جب اُس نے نماز مکمل کی تو وہ حضورﷺ کو اور لوگوں کو سلام کرنے کے لیے آیا' حضورﷺ نے فرمایا: دوبارہ نماز پڑھ تُو نے نماز نہیں پڑھی ہے۔ وہ آدمی واپس گیا' اُس نے نماز پڑھی اور حضورﷺ اُسے نماز پڑھتے دیکھنے لگے' اسکو معلوم نہیں تھا کہ نماز میں کیا کمی ہوئی' جب اُس نے نماز مکمل کی اور حضورﷺ کو اور لوگوں کو سلام کرنے کے لیے آیا تو حضورﷺ نے فرمایا: واپس جاؤ اور نماز پڑھو کیونکہ تُو نے نماز نہیں پڑھی۔ آپﷺ نے دو مرتبہ یا تین مرتبہ ایسے ہی فرمایا تو اُس آدمی نے عرض کی: مجھے معلوم نہیں ہے کہ مجھ سے کیا کمی ہوئی ہے؟ حضورﷺ نے فرمایا: مکمل وضو کے بغیر نماز مکمل نہیں ہو گی' وضو ایسے کر جس طرح اللہ نے حکم دیا ہے' اپنے چہرے اور ہاتھوں کو کہنیوں تک دھو اور اپنے سر کا مسح کر اور پاؤں کو ٹخنوں تک دھو' پھر اللہ اکبر کہہ' الحمد للہ پڑھ اور قرأت کی جس کا اللہ نے حکم دیا اور آسان لگے' پھر تکبیر کہہ اور رکوع کر اور رکوع میں اپنے دونوں ہاتھ گھٹنوں پر رکھ' اعضاء اطمینان سے رکھ کر ڈھیلا چھوڑ' پھر سمع اللہ لمن حمدہ پڑھ اور سیدھا کھڑا ہو یہاں تک کہ سارے اعضاء سیدھے ہو جائیں اور پشت سیدھی ہو' اللہ اکبر کہہ اور سجدہ کر اور پیشانی جما کر رکھ۔ حضرت ہمام فرماتے ہیں: بسا اوقات فرماتے: اپنا چہرہ زمین پر جما کر رکھ' اعضاء اطمینان سے رکھ تاکہ ڈھیلے ہو جائیں پھر اللہ اکبر کہہ اور اپنا سر اُٹھا اور اپنی مقعد پر بیٹھ اور اپنی پشت

يُكَبِّرُ فَيَرْفَعُ رَأْسَهُ فَيَسْتَوِي قَاعِدًا عَلَى مَقْعَدَتِهِ وَيُقِيمُ صُلْبَهُ فَوَصَفَ الصَّلَاةَ هٰكَذَا حَتّٰى فَرَغَ، ثُمَّ قَالَ: لَا تَتِمُّ صَلَاةُ اَحَدِكُمْ حَتّٰى يَفْعَلَ ذٰلِكَ وَاللَّفْظُ لِحَدِيثِ حَجَّاجٍ

سیدھی رکھ' نماز اسی طرح پڑھی' اسی طرح کرو فارغ ہونے تک۔ پھر فرمایا: تم میں سے ہر ایک کی نماز اسی طرح کرنے سے مکمل ہو گی۔ اور یہ الفاظ' حجاج کی حدیث کے ہیں۔

**4399** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ، ثنا حَمَّادٌ، ثنا اِسْحَاقُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي طَلْحَةَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَحْيَى بْنِ خَلَّادٍ، عَنْ عَمِّهِ، اَنَّ رَجُلًا دَخَلَ الْمَسْجِدَ وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَالِسٌ، فَصَلَّى فَاَمَرَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَعَادَ مَرَّتَيْنِ اَوْ ثَلَاثًا، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَا اَلَوْتُ بَعْدَ مَرَّتَيْنِ اَوْ ثَلَاثٍ اَنْ اُتِمَّ صَلَاتِي، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّهُ لَا تَتِمُّ صَلَاةٌ لِاَحَدٍ مِنَ النَّاسِ حَتّٰى يَتَوَضَّاَ فَيَضَعَ الْوُضُوءَ مَوَاضِعَهُ، ثُمَّ يَقُولُ: اللّٰهُ اَكْبَرُ، ثُمَّ يَحْمَدُ اللّٰهَ تَعَالٰى وَيُثْنِي عَلَيْهِ وَيَقْرَاُ مَا تَيَسَّرَ مِنَ الْقُرْآنِ، ثُمَّ يُكَبِّرُ حَتّٰى تَطْمَئِنَّ مَفَاصِلُهُ، ثُمَّ يَقُولُ: سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ حَتّٰى يَسْتَوِيَ قَائِمًا، ثُمَّ يُكَبِّرُ وَيَسْجُدُ حَتّٰى تَطْمَئِنَّ مَفَاصِلُهُ، ثُمَّ يَرْفَعُ رَاْسَهُ حَتّٰى يَسْتَوِيَ قَاعِدًا، ثُمَّ يَسْجُدُ حَتّٰى تَطْمَئِنَّ مَفَاصِلُهُ، فَاِذَا لَمْ يَفْعَلْ ذٰلِكَ لَمْ تَتِمَّ صَلَاتُهُ

حضرت علی بن یحییٰ بن خلاد اپنے چچا سے روایت کرتے ہیں کہ ایک آدمی مسجد میں داخل ہوا' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بیٹھے ہوئے تھے' اس نے نماز پڑھی' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کو دو مرتبہ یا تین مرتبہ کہا کہ دوبارہ نماز پڑھو۔ اس نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھے دو یا تین مرتبہ معلوم نہیں ہوا کہ میں نماز کیسے مکمل کروں گا؟ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کوئی بھی نماز مکمل نہیں کر سکتا ہے یہاں تک کہ وضو کرے جس طرح اللہ نے حکم دیا ہے' پھر فرمایا: اللہ اکبر کہے اور اللہ کی حمد وثناء کرے اور جہاں سے قرآن آسان لگے' پڑھے' پھر اطمینان سے رکوع کرے' پھر رکوع سے اُٹھے' سمع اللہ لمن حمدہ پڑھے' سیدھا کھڑا ہو پھر اللہ اکبر کہے اور سجدہ کرے اور اعضاء سیدھے ہوں' پھر سجدہ سے سر اُٹھائے اور سیدھا بیٹھے پھر اطمینان سے دوسرا سجدہ کرے' اعضاء سیدھے ہوں جو ایسے نہ کرے گا اس کی نماز مکمل نہیں ہو گی۔

**4400** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ رِشْدِينَ الْمِصْرِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي هِلَالٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ عَلِيِّ بْنِ يَحْيَى، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ

حضرت یحییٰ بن علی بن یحییٰ اپنے والد گرامی سے وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ وہ حضرت رفاعہ بن رافع سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مسجد میں ایک آدمی کو نماز پڑھتے دیکھا' آپ نے

جَدِّهِ، عَنْ رِفَاعَةَ بْنِ رَافِعٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاَى رَجُلًا يُصَلِّى فِى الْمَسْجِدِ فَقَالَ: ارْجِعْ فَصَلِّ قَالَهَا مَرَّتَيْنِ اَوْ ثَلَاثًا، ثُمَّ قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ عَلِّمْنِى، فَقَالَ: اِذَا قُمْتَ اِلَى الصَّلَاةِ فَتَوَضَّأْ كَمَا اَمَرَكَ اللّٰهُ، ثُمَّ قُمْ فَاسْتَقْبِلِ الْقِبْلَةَ فَكَبِّرْ، فَاِنْ كَانَ مَعَكَ قُرْآنٌ فَاقْرَاْ، وَاِلَّا فَسَبِّحِ اللّٰهَ وَكَبِّرْهُ، ثُمَّ ارْكَعْ فَاَمْكِنْ كَفَّيْكَ مِنْ رُكْبَتَيْكَ، ثُمَّ ارْفَعْ حَتَّى يَعْتَدِلَ صُلْبُكَ، ثُمَّ اسْجُدْ فَاَمْكِنْ جَبْهَتَكَ مِنَ الْاَرْضِ، ثُمَّ اصْنَعْ ذٰلِكَ فَاِذَا صَنَعْتَ ذٰلِكَ فَقَدْ تَمَّتْ صَلَاتُكَ، وَمَا نَقَصْتَ مِنْ ذٰلِكَ فَقَدْ نَقَصْتَ مِنْ صَلَاتِكَ

فرمایا: واپس جاؤ اور نماز پڑھو! آپ ﷺ نے اسے دو یا تین مرتبہ فرمایا' اُس نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھے نماز پڑھنا سکھائیں! آپ ﷺ نے فرمایا: جب تُو نماز کی ادائیگی کا ارادہ کرے تو وضو کر اس طرح جیسے اللہ نے تجھے حکم دیا ہے' پھر کھڑا ہو' قبلہ کی طرف منہ کر' اگر تجھے قرآن یاد ہو تو اس کو پڑھ ورنہ اللہ کی تسبیح اور تکبیر پڑھ پھر رکوع اور رکوع میں گھٹنے ہتھیلیوں سے پکڑ' پھر رکوع سے اُٹھ اور تیری پشت سیدھی ہو' پھر سجدہ کر' اپنی پیشانی زمین پر جما کر رکھ پھر دوبارہ ایسا کر' جب ایسا کرے گا تو تیری نماز مکمل ہوگی' جو کمی کرے گا نماز میں کمی ہوگی۔

**4401** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِى اَبِى، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِىُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ اَبِى شَيْبَةَ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عُلَيَّةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنِى عَلِىُّ بْنُ يَحْيَى بْنِ خَلَّادِ بْنِ رَافِعٍ الْاَنْصَارِىُّ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَمِّهِ رِفَاعَةَ بْنِ رَافِعٍ، قَالَ: بَيْنَمَا نَحْنُ عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَقْبَلَ رَجُلٌ مِنَ الْاَنْصَارِ بَعْدَ اَنْ فَرَغَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الصَّلَاةِ فَصَلَّى، ثُمَّ اَقْبَلَ فَسَلَّمَ عَلَيْهِ فَقَالَ: وَعَلَيْكَ السَّلَامُ، ارْجِعْ فَصَلِّ فَاِنَّكَ لَمْ تُصَلِّ قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَدْ جَهَدْتُ فَبَيِّنْ لِى قَالَ: اِذَا اَنْتَ قُمْتَ فِى صَلَاتِكَ فَكَبِّرِ اللّٰهَ، ثُمَّ اقْرَاْ مَا تَيَسَّرَ

حضرت رفاعہ بن رافع فرماتے ہیں کہ اس دوران کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے پاس تھے' حضور ﷺ نے نماز پڑھ لی تھی' ایک انصاری آدمی آیا' اُس نے نماز پڑھی پھر حضور ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوکر سلام پیش کیا تو آپ ﷺ نے اس کا جواب لوٹایا' آپ نے فرمایا: واپس جاؤ اور نماز پڑھو! اُس نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھے نماز پڑھنا سکھائیں! آپ ﷺ نے فرمایا: جب تُو اپنی نماز میں سیدھا کھڑا ہو جائے تو تکبیر پڑھ' پھر جو تجھے قرآن یاد ہو تو اس کو پڑھ پھر رکوع اور رکوع میں گھٹنے ہتھیلیوں سے پکڑ' پھر رکوع سے اُٹھ اور تیری پشت سیدھی ہو' پھر پورے اطمینان سے سجدہ کر' حتیٰ کہ تیری ہر ہڈی سیدھی ہو جائے' پھر جب تُو سجدے سے سر اُٹھائے تو مضبوطی سے بیٹھ حتیٰ کہ تیری ہر ہڈی

عَلَيْكَ مِنَ الْقُرْآنِ، ثُمَّ إِذَا أَنْتَ رَكَعْتَ فَاثْبُتْ يَدَيْكَ عَلَى رُكْبَتَيْكَ حَتَّى يَطْمَئِنَّ كُلُّ عَظْمٍ مِنْكَ، ثُمَّ إِذَا رَفَعْتَ رَأْسَكَ فَاعْتَدِلْ حَتَّى يَرْجِعَ كُلُّ عَظْمٍ مِنْكَ، ثُمَّ إِذَا سَجَدْتَ فَاطْمَئِنَّ حَتَّى يَعْتَدِلَ كُلُّ عَظْمٍ مِنْكَ، ثُمَّ إِذَا رَفَعْتَ رَأْسَكَ فَاثْبُتْ حَتَّى يَرْجِعَ كُلُّ عَظْمٍ إِلَى مَوْضِعِهِ، ثُمَّ مِثْلَ ذَلِكَ فَإِذَا جَلَسْتَ فِي وَسَطِ صَلَاتِكَ فَاطْمَئِنَّ وَافْتَرِشْ فَخِذَكَ الْيُسْرَى ثُمَّ تَشَهَّدْ، ثُمَّ إِذَا قُمْتَ فَمِثْلَ ذَلِكَ حَتَّى تَفْرُغَ مِنْ صَلَاتِكَ

اپنی جگہ واپس آ جائے' پھر (دوسرا سجدہ) اسی کی مثل' پس جب تجھے نماز کے درمیان میں بیٹھنا ہو (اگر تین یا چار رکعت والی نماز ہو) تو پورے اطمینان سے بیٹھ' اپنی بائیں ران کو بچھا دے پھر تشہد پڑھ' پھر جب تُو کھڑا ہو تو پہلے کی مثل پڑھ (جیسے پہلی رکعت پڑھی ہے) یہاں تک کہ تُو اپنی نماز سے فارغ ہو جائے۔

حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْقَزَّازُ الْبَصْرِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ حَبِيبِ بْنِ عَرَبِيٍّ، ثنا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَحْيَى، عَنْ رِفَاعَةَ بْنِ رَافِعٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ

حضرت رفاعہ بن رافع رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے اسی طرح کی حدیث روایت کرتے ہیں۔

**4402** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدٍ ح وَحَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعْدٍ، ثنا عَمِّي، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا شَرِيكٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَوْنٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَحْيَى بْنِ خَلَّادٍ، عَنْ رِفَاعَةَ بْنِ رَافِعٍ، وَكَانَ بَدْرِيًّا قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ جَالِسٌ فِي الْمَسْجِدِ، فَصَلَّى قَرِيبًا مِنْهُ، ثُمَّ انْصَرَفَ فَوَقَفَ فَسَلَّمَ عَلَيْهِ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَعِدْ صَلَاتَكَ، فَإِنَّكَ لَمْ تُصَلِّ فَصَلَّى نَحْوًا

حضرت علی بن یحییٰ بن خلاد' حضرت رفاعہ بن رافع سے روایت کرتے ہیں' وہ بدری ہیں' کہ حضور ﷺ کی خدمت میں ایک آدمی آیا جبکہ آپ ﷺ مسجد میں تشریف فرما تھے' اس نے آپ ﷺ کے قریب نماز پڑھی پھر فارغ ہو کر ٹھہر گیا' اس نے آپ ﷺ پر سلام کیا۔ آپ نے فرمایا: واپس جاؤ اور نماز پڑھو! آپ ﷺ نے اسے دو مرتبہ فرمایا' اُس نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھے نماز پڑھنا سکھائیں! آپ ﷺ نے فرمایا: جب تُو قبلہ کی طرف منہ کرے تو تکبیر پڑھ' اگر تجھے قرآن یاد ہو تو اس کو پڑھ

مِمَّا صَلَّى، ثُمَّ انصرفَ فوقفَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَعِدْ صَلَاتَكَ فَإِنَّكَ لَمْ تُصَلِّ قَالَ: يَا نَبِيَّ اللَّهِ عَلِّمْنِي، قَالَ: إِذَا تَوَجَّهْتَ إِلَى الْقِبْلَةِ فَكَبِّرْ، ثُمَّ اقْرَأْ بِمَا شَاءَ اللَّهُ أَنْ تَقْرَأَ، فَإِذَا رَكَعْتَ فَاجْعَلْ رَاحَتَيْكَ عَلَى رُكْبَتَيْكَ وَامْدُدْ ظَهْرَكَ وَمَكِّنْ لِرُكُوعِكَ، فَإِذَا رَفَعْتَ فَأَقِمْ صُلْبَكَ حَتَّى تَرْجِعَ الْعِظَامُ إِلَى مَفَاصِلِهَا، فَإِذَا سَجَدْتَ فَمَكِّنْ سُجُودَكَ، فَإِذَا رَفَعْتَ فَاجْلِسْ عَلَى فَخِذِكَ الْيُسْرَى وَافْعَلْ مِثْلَ ذَلِكَ فِي كُلِّ رَكْعَةٍ وَسَجْدَةٍ

پھر رکوع اور رکوع میں گھٹنے ہتھیلیوں سے پکڑ' پھر رکوع سے اُٹھ اور تیری پشت سیدھی ہو' پھر سجدہ کر' اپنی پیشانی زمین پر جما کر رکھ' پس جب تُو مسجد سے اُٹھے تو اپنی بائیں ران پر بیٹھ اور ہر رکوع اور سجدے میں اس کی مثل کر۔

**4403** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا الْقَعْنَبِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ الدِّمْيَاطِيُّ، ثنا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ يُوسُفَ، ح وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمُبَارَكِ الصَّنْعَانِيُّ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ أَبِي أُوَيْسٍ، كُلُّهُمْ عَنْ مَالِكٍ، عَنْ نُعَيْمٍ الْمُجْمِرِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَحْيَى الزُّرَقِيِّ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ رِفَاعَةَ بْنِ رَافِعٍ قَالَ: كُنَّا يَوْمًا نُصَلِّي وَرَاءَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَإِذَا رَفَعَ رَأْسَهُ مِنَ الرَّكْعَةِ وَقَالَ: سَمِعَ اللَّهُ لِمَنْ حَمِدَهُ قَالَ رَجُلٌ مِنْ وَرَائِهِ: رَبَّنَا وَلَكَ الْحَمْدُ، حَمْدًا كَثِيرًا طَيِّبًا مُبَارَكًا فِيهِ، فَلَمَّا انْصَرَفَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنِ الْمُتَكَلِّمُ آنِفًا؟ فَقَالَ الرَّجُلُ: أَنَا يَا رَسُولَ اللَّهِ،

حضرت رفاعہ بن رافع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم ایک دن حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پیچھے نماز پڑھ رہے تھے' جب آپ نے رکوع سے سر اُٹھایا تو آپ نے سمع اللہ لمن حمدہ پڑھا' ایک آدمی نے پیچھے سے ''ربنا لك الحمد حمدًا كثيرًا طيبًا مباركًا فينا'' جب حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سلام پھیرا' آپ نے فرمایا: ابھی یہ کلمات کس نے پڑھے ہیں؟ اس آدمی نے عرض کی: یارسول اللہ! میں نے! آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں نے تیس سے زیادہ فرشتے دیکھے کہ وہ جلدی کر رہے تھے کہ کون جلدی جلدی اس کا ثواب لکھے گا۔

---

4403- أخرجه البخاری فی صحيحه جلد 1 صفحه 275' رقم الحديث: 766 عن علی بن يحيیٰ بن خلاد عن أبيه عن رفاعة بن رافع به .

فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَقَدْ رَأَيْتُ بَضْعَةً وَثَلَاثِينَ مَلَكًا يَبْتَدِرُونَهَا أَيُّهُمْ يَكْتُبُهَا أَوَّلًا

**4404** - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، ثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ عَبْدِ الْجَبَّارِ الْكَرَابِيسِيُّ قَالَا: ثنا رِفَاعَةُ بْنُ يَحْيَى إِمَامُ مَسْجِدِ بَنِي زُرَيْقٍ بِالْمَدِينَةِ، قَالَ: سَمِعْتُ مُعَاذَ بْنَ رِفَاعَةَ بْنِ رَافِعٍ، عَنْ أَبِيهِ رِفَاعَةَ، أَنَّهُ صَلَّى مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَغْرِبَ، فَعَطَسَ رِفَاعَةُ، فَقَالَ: الْحَمْدُ لِلّٰهِ حَمْدًا كَثِيرًا طَيِّبًا مُبَارَكًا فِيهِ مُبَارَكًا عَلَيْهِ كَمَا يُحِبُّ رَبُّنَا وَيَرْضَى، فَلَمَّا صَلَّى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: أَيْنَ الْمُتَكَلِّمُ فِي الصَّلَاةِ؟ قَالَ رِفَاعَةُ: وَدِدْتُ أَنِّي غَرِمْتُ غُرَّةً مِنْ مَالٍ وَإِنِّي لَمْ أَشْهَدْ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تِلْكَ الصَّلَاةَ حِينَ قَالَ: أَيْنَ الْمُتَكَلِّمُ؟ فَقُلْتُ: أَنَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَالَ: كَيْفَ قُلْتَ؟ قَالَ: قُلْتُ: الْحَمْدُ لِلّٰهِ حَمْدًا كَثِيرًا طَيِّبًا مُبَارَكًا فِيهِ مُبَارَكًا عَلَيْهِ كَمَا يُحِبُّ رَبُّنَا وَيَرْضَى، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَقَدِ ابْتَدَرَهَا بِضْعًا وَثَلَاثُونَ مَلَكًا أَيُّهُمْ يَصْعَدُ بِهَا

حضرت معاذ بن رفاعہ بن رافع اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے حضور ﷺ کے ساتھ نماز مغرب پڑھی، حضرت رفاعہ کو چھینک آئی، اُنہوں نے پڑھا: ''الحمد للّٰہ حمدًا کثیرًا الٰی آخرہٖ'' جب حضور ﷺ نے نماز پڑھائی تو آپ نے فرمایا: یہ کلمات پڑھنے والا کون ہے؟ حضرت رفاعہ رضی اللہ عنہ نے عرض کی: میں نے چاہا کہ میں مال کی چٹی دے دیتا اور اس نماز میں شریک نہ ہوا ہوتا، جب آپ ﷺ نے فرمایا: کلام کرنے والا کہاں ہے؟ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں ہوں! آپ ﷺ نے فرمایا: تُو نے کیا پڑھا ہے؟ میں نے عرض کی: میں نے ''اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الٰی آخرہٖ'' حضور ﷺ نے فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! میں نے تینتیس سے زیادہ فرشتے دیکھے کہ وہ جلدی کر رہے تھے کہ کون اس کے ثواب کو لے کر جائے۔

**4405** - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْأَسْفَاطِيُّ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ يَحْيَى الشَّجَرِيُّ، ثنا

حضرت معاذ بن رفاعہ اپنے والد گرامی سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اے اللہ!

اَبِى، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ يَحْيَى، عَنْ مُعَاذِ بْنِ رِفَاعَةَ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اللّٰهُمَّ: اغْفِرْ لِلْاَنْصَارِ وَلِاَبْنَاءِ الْاَنْصَارِ وَلِاَبْنَاءِ اَبْنَاءِ الْاَنْصَارِ وَلِذَرَارِيهِمْ وَلِجِيرَانِهِمْ

انصار اور انصار کی اولاد اور اُن کی اولاد کی اولاد اور ان کے بچوں اور ان کے پڑوسیوں کو بخش دے۔

**4406** - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ هَاشِمٍ الْبَغَوِيُّ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي عَرْعَرَةَ، ح وَحَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، قَالَا: ثنا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ، ثنا هِشَامُ بْنُ هَارُونَ الْمَدَنِيُّ الْاَنْصَارِيُّ، حَدَّثَنِي مُعَاذُ بْنُ رِفَاعَةَ بْنِ رَافِعٍ الْاَنْصَارِيُّ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِلْاَنْصَارِ وَلِاَبْنَاءِ الْاَنْصَارِ وَلِذَرَارِيِّهِمْ وَلِجِيرَانِهِمْ

حضرت معاذ بن رفاعہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اے اللہ! انصار اور انصار کی اولاد اور اُن کی اولاد کی اولاد اور ان کے بچوں اور ان کے پڑوسیوں کو بخش دے۔

**4407** - حَدَّثَنَا مَسْعَدَةُ بْنُ سَعْدٍ الْعَطَّارُ الْمَكِّيُّ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ الْحِزَامِيُّ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ عِمْرَانَ، ثنا رِفَاعَةُ بْنُ يَحْيَى، عَنْ مُعَاذِ بْنِ رِفَاعَةَ، عَنْ رَافِعٍ قَالَ: لَمَّا كَانَ يَوْمُ بَدْرٍ تَجَمَّعَ النَّاسُ عَلَى اُمَيَّةَ بْنِ خَلَفٍ اَقْبَلْتُ فَنَظَرْتُ اِلَى قِطْعَةٍ مِنْ دِرْعِهِ قَدِ انْقَطَعَتْ مِنْ تَحْتِ اِبْطِهِ قَالَ: فَاطْعَنُهُ بِالسَّيْفِ طَعْنَةً فَقَتَلْتُهُ وَرُمِيتُ بِسَهْمٍ يَوْمَ بَدْرٍ فَفُقِئَتْ عَيْنِي فَبَسَقَ فِيهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى

حضرت رافع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب بدر کا دن تھا' لوگ اُمیہ بن خلف کے پاس جمع ہوئے' میں آیا تو میں نے دیکھا: اس کی زرع کا ایک ٹکڑا اس کی بغل سے کاٹا ہوا تھا۔ حضرت رافع فرماتے ہیں: میں نے تلوار کے ساتھ وار کیا اور میں نے اس کو قتل کر دیا' بدر کے دن میری طرف تیر مارا گیا' میری آنکھ پھوڑ دی گئی' حضور ﷺ نے لعابِ دہن لگایا اور میرے لیے دعا کی' مجھے اس سے کسی شی کی تکلیف نہ ہوئی۔



---

**4406**- أورد نحوه ابن حبان في صحيحه جلد **16** صفحه **272**' رقم الحديث: **7283** عن هشام بن هارون عن معاذ بن رفاعة بن رافع به .

**4407**- أخرجه الحاكم في مستدركه جلد **3** صفحه **258**' رقم الحديث: **5024** عن رفاعة بن يحيىٰ عن معاذ بن رفاعة عن رافع بن رفاعة بنه .

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَدَعَا لِي فَمَا آذَانِي مِنْهَا شَيْءٌ"

**4408** - حَدَّثَنَا مُطَّلِبُ بْنُ شُعَيْبٍ الْاَزْدِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، حَدَّثَنِي يَزِيدُ بْنُ اَبِي حَبِيبٍ، عَنْ مَعْمَرِ بْنِ اَبِي حَبِيبَةَ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ رِفَاعَةَ، اَنَّ زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ كَانَ يَقُصُّ فَقَالَ فِي قَصَصِهِ: اِذَا خَالَطَ الرَّجُلُ الْمَرْاَةَ، فَلَمْ يُمْنِ فَلَيْسَ عَلَيْهِ غُسْلٌ فَلْيَغْسِلْ فَرْجَهُ وَلْيَتَوَضَّاْ، فَقَامَ رَجُلٌ مِنَ الْمَجْلِسِ، فَذَكَرَ ذٰلِكَ لِعُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ، فَقَالَ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: ائْتِنِي بِهِ لِاَكُونَ عَلَيْهِ شَهِيدًا، فَلَمَّا جَاءَهُ قَالَ لَهُ: يَا عَدُوَّ نَفْسِهِ اَنْتَ تُضِلُّ النَّاسَ بِغَيْرِ عِلْمٍ، قَالَ: يَا اَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ اَمَا وَاللّٰهِ مَا ابْتَدَعْتُهُ، وَلٰكِنِّي سَمِعْتُ ذٰلِكَ مِنْ اَعْمَامِي، قَالَ: اَيُّ اَعْمَامِكَ؟ قَالَ: اُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ، وَرِفَاعَةُ بْنُ رَافِعٍ، وَاَبُو اَيُّوبَ، فَقَالَ رِفَاعَةُ وَكَانَ حَاضِرًا: لَا تَنْهَرْهُ يَا اَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ، فَقَدْ كُنَّا وَاللّٰهِ نَصْنَعُ هٰذَا عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: هَلْ عَلِمْتُمْ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اطَّلَعَ عَلَى شَيْءٍ مِنْ ذٰلِكَ؟ فَقَالَ: لَا، فَقَالَ عَلِيُّ بْنُ اَبِي طَالِبٍ: يَا اَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ، اِنَّ هٰذَا الْاَمْرَ لَا يَصْلُحُ، فَقَالَ: مَنْ اَسْاَلُ بَعْدَكُمْ يَا اَهْلَ بَدْرٍ الْاَخْيَارِ؟ فَقَالَ عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: اَرْسِلْ اِلَى اُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِينَ،

حضرت عبید بن رفاعہ سے روایت ہے کہ حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ بیان کر رہے تھے کہ اُنہوں نے اپنی بات بیان کی' جب آدمی اپنی بیوی کے پاس لیٹے' منی نہ نکلے تو اس پر غسل نہیں ہے' اپنی شرمگاہ کو دھوئے اور وضو کرلے۔ اس مجلس سے ایک آدمی کھڑا ہوا' اس نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے ذکر کیا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اس کو میرے پاس لاؤ تاکہ اس پر گواہ بھی لائے۔ جب اس کو لایا گیا' تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس کو فرمایا: اے اپنی جان کے دشمن! تُو لوگوں کو بغیر علم کے گمراہ کرنا چاہتا ہے۔ حضرت زید رضی اللہ عنہ نے عرض کی: اے امیر المؤمنین! اللہ کی قسم! میں نے تو کوئی نئی بات نہیں کی ہے' لیکن یہ بات تو میں نے اپنے چچا سے سنی ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: آپ کے کون سے چچا؟ حضرت زید رضی اللہ عنہ نے عرض کی: ابی بن کعب اور رفاعہ بن رافع اور ابوایوب۔ حضرت رفاعہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں وہاں موجود تھا' اے امیر المؤمنین! اس کو نہ جھڑکیں' اللہ کی قسم! ہم ایسا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانہ میں کرتے تھے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کیا آپ کو علم ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس شی پر مطلع تھے۔ حضرت رفاعہ نے عرض کی: نہیں! حضرت علی بن



4408- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 1 صفحه 266 وقال: رواه أحمد والطبراني في الكبير ورجال أحمد ثقات الا أن ابن اسحاق مدلس وهو ثقة وفي الصحيح طرف منه زاد الطبراني في الكبير ثم أفاضوا في العزل......الى آخره .

فَأَرْسَلَ إِلَى حَفْصَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا، فَقَالَتْ: لَا عِلْمَ لِي، فَأَرْسَلَ إِلَى عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا فَقَالَتْ: إِذَا جَاوَزَ الْخِتَانُ الْخِتَانَ فَقَدْ وَجَبَ الْغُسْلُ، ثُمَّ أَفَاضُوا فِي ذِكْرِ الْعَزْلِ، فَقَالُوا: لَا بَأْسَ، فَسَارَّ رَجُلٌ صَاحِبَهُ، فَقَالَ: مَا هَذِهِ الْمُنَاجَاةُ؟ أَحَدُهُمَا يَزْعُمُ أَنَّهَا الْمَوْؤُودَةُ الصُّغْرَى، فَقَالَ عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: إِنَّهَا لَا تَكُونُ مَوْءُودَةً حَتَّى تَمُرَّ بِسَبْعِ تَارَاتٍ، قَالَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: (وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْإِنْسَانَ مِنْ سُلَالَةٍ مِنْ طِينٍ ثُمَّ جَعَلْنَاهُ نُطْفَةً فِي قَرَارٍ مَكِينٍ ثُمَّ خَلَقْنَا النُّطْفَةَ عَلَقَةً فَخَلَقْنَا الْعَلَقَةَ مُضْغَةً فَخَلَقْنَا الْمُضْغَةَ عِظَامًا فَكَسَوْنَا الْعِظَامَ لَحْمًا ثُمَّ أَنْشَأْنَاهُ خَلْقًا آخَرَ فَتَبَارَكَ اللّٰهُ أَحْسَنُ الْخَالِقِينَ) (المؤمنون: 13) فَتَفَرَّقُوا عَلَى قَوْلِ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ أَنَّهُ لَا بَأْسَ بِهِ

ابوطالب رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے امیر المؤمنین! یہ بات درست نہیں ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: اے پسندیدہ بدریو! تمہارے بعد میں کس سے سوال کروں گا (اور وہ مجھے درست جواب دیں گے)۔ حضرت علی نے کہا: اُمہات المؤمنین کی طرف آدمی بھیجو! پس انہوں نے حضرت حفصہ کی طرف آدمی بھیجا۔ پس انہوں نے فرمایا: مجھے معلوم نہیں ہے۔ پس حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی طرف کوئی آدمی بھیجو! پس انہوں نے فرمایا: جب ایک شرمگاہ دوسری شرمگاہ سے تجاوز کر جائے تو غسل واجب ہوگا۔ پھر عزل کا ذکر چھڑا۔ کئی صحابہ نے کہا: کوئی حرج نہیں ہے۔ پس ایک آدمی نے دوسرے سے سرگوشی کی تو آپ نے فرمایا: یہ سرگوشی کیسی ہے؟ ان میں سے ایک گمان کرتا تھا کہ یہ چھوٹا زندہ درگور کرنا ہے۔ پس حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یہ زندہ درگور کرنا نہیں ہے، حتیٰ کہ سات باریاں گزر جائیں۔ اللہ کا فرمان ہے: ''ولقد خلقنا الانسان الیٰ آخرہٖ'' پس حضرت علی رضی اللہ عنہ کی بات پر سب اُٹھ کر چلے گئے کہ کوئی حرج نہیں ہے۔

## رفاعة بن رافع الزرقى الانصارى عقبى بدرى

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ إِدْرِيسَ، وَعَبْدُ الْأَعْلَى، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي حَبِيبٍ، عَنْ مَعْمَرِ بْنِ أَبِي حَبِيبَةَ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ رِفَاعَةَ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: كُنَّا نَفْعَلُهُ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَإِذَا لَمْ نُنْزِلْ لَمْ

حضرت عبید بن رفاعہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں، وہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے زمانہ میں ایسا کرتے تھے اگر انزال نہ ہوتا تو غسل نہ کرتے۔

نَغْتَسِلُ

**4409** - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، ثنا اَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنِ اَبِي جَعْفَرٍ، عَنْ بُكَيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْاَشَجِّ، عَنْ خَلَّادِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ رِفَاعَةَ الْاَنْصَارِيِّ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يُقْرَاُ فِي الصُّبْحِ بِدُونِ عِشْرِينَ آيَةً وَلَا يُقْرَاُ فِي الْعِشَاءِ بِدُونِ عَشْرِ آيَاتٍ

حضرت رفاعہ انصاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: صبح کی نماز میں بیس آیتیں اور نمازِ عشاء میں دس آیتیں قرأت کی جائیں۔

**4410** - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ اَبِي خُثَيْمٍ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ عُبَيْدِ بْنِ رِفَاعَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: خَرَجْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى السُّوقِ فَقَالَ: يَا مَعْشَرَ التُّجَّارِ فَرَفَعَ اِلَيْهِ التُّجَّارُ اَبْصَارَهُمْ وَاسْتَجَابُوا لَهُ فَقَالَ: اِنَّ التُّجَّارَ يُبْعَثُونَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فُجَّارًا اِلَّا مَنِ اتَّقَى وَبَرَّ وَصَدَقَ

حضرت اسماعیل بن عبید بن رفاعہ اپنے والد سے وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں کہ میں حضورﷺ کے ساتھ بازار گیا آپ نے فرمایا: اے تاجروں کے گروہ! تاجروں نے آپ کی طرف آنکھیں اُٹھا کر دیکھا اور آپ کو جواب دیا آپﷺ نے فرمایا: بُرے لوگوں میں تاجر قیامت کے دن اُٹھائے جائیں گے مگر جو ڈرا اور نیکی کی اور سچ بولا۔

**4411** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا اَبُو نُعَيْمٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُثْمَانَ بْنَ خُثَيْمٍ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ عُبَيْدِ بْنِ رِفَاعَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: خَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت اسماعیل بن عبید بن رفاعہ اپنے والد سے وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں کہ میں حضورﷺ کے ساتھ بازار گیا آپ نے فرمایا: اے تاجروں کے گروہ! تاجروں نے آپ کی طرف



---

**4409**- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 2 صفحه 119 وقال: رواه الطبراني في الكبير وفيه ابن لهيعة واختلف في الاحتجاج به .

**4410**- أورده ابن حبان في صحيحه جلد 11 صفحه 176 رقم الحديث: 4910 عن اسماعيل بن عبيد بن رفاعة بن رافع عن أبيه عن جده به .

وَسَلَّمَ اِلَى الْبَقِيعِ فَقَالَ: يَا مَعْشَرَ التُّجَّارِ حَتَّى اشْرَاَبُّوا قَالَ: اِنَّ التُّجَّارَ يُحْشَرُونَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فُجَّارًا اِلَّا مَنِ اتَّقَى وَبَرَّ وَصَدَقَ

آنکھیں اُٹھا کر دیکھا اور آپ کو جواب دیا' آپ ﷺ نے فرمایا: بُرے لوگوں میں تاجر قیامت کے دن اُٹھائے جائیں گے مگر جو ڈرا اور نیکی کی اور سچ بولا۔

**4412** - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ، وَاِسْمَاعِيلُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ قَالَا: ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ خُثَيْمٍ، حَدَّثَنِي اِسْمَاعِيلُ بْنُ عُبَيْدِ بْنِ رِفَاعَةَ بْنِ رَافِعٍ الزُّرَقِيُّ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: خَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْمَدِينَةِ، فَوَجَدَ النَّاسَ يَتَبَايَعُونَ فَنَادَى: يَا مَعْشَرَ التُّجَّارِ فَاسْتَجَابُوا لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَرَفَعُوا اَبْصَارَهُمْ اِلَيْهِ فَقَالَ: اِنَّ التُّجَّارَ يُبْعَثُونَ فُجَّارًا اِلَّا مَنِ اتَّقَى وَبَرَّ وَصَدَقَ

حضرت اسماعیل بن عبید بن رفاعہ بن رافع الزرقی اپنے والد سے' وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ مدینہ میں نکلے اور لوگوں کو خرید وفروخت کرتے ہوئے پایا' آپ نے آواز دی: اے تاجروں کے گروہ! انہوں نے رسول اللہ ﷺ کی بات کا جواب دیا اور اپنی آنکھیں اُٹھا کر آپ کو دیکھنے لگے' آپ نے فرمایا: تاجر بُری حالت والے لوگوں میں قیامت کے دن اُٹھائے جائیں گے' سوائے اس کے جو اللہ سے ڈرا اور نیکی کی اور سچ بولا۔

**4413** - حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ عَمْرٍو الْعُكْبَرِيُّ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ الرَّبِيعِ الْكُوفِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا يُوسُفُ الْقَاضِي، ثنا عَبْدُ الْاَعْلَى بْنُ حَمَّادٍ النَّرْسِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا اَبُو حَبِيبٍ يَحْيَى بْنُ نَافِعٍ الْمِصْرِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ اَبِي مَرْيَمَ، قَالُوا: ثنا دَاوُدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْعَطَّارُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُثْمَانَ بْنِ خُثَيْمٍ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ عُبَيْدِ بْنِ رِفَاعَةَ الْاَنْصَارِيِّ ثُمَّ الزُّرَقِيِّ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، اَنَّهُ خَرَجَ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى الْمُصَلَّى بِالْمَدِينَةِ فَوَجَدَ النَّاسَ يَتَبَايَعُونَ فَقَالَ: يَا مَعْشَرَ التُّجَّارِ فَاسْتَجَابُوا وَرَفَعُوا اِلَيْهِ اَعْنَاقَهُمْ

حضرت اسماعیل بن عبید بن رفاعہ انصاری الزرقی اپنے والد سے' وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں' وہ حضور ﷺ کے ساتھ مدینہ شریف کی عیدگاہ کی طرف نکلے' آپ نے لوگوں کو خرید وفروخت کرتے ہوئے پایا' آپ نے فرمایا: اے تاجروں کے گروہ! اُنہوں نے آپ کی بات کا جواب دیا' انہیں گردنیں اور آنکھیں اُٹھا کر دیکھنے لگے' آپ نے فرمایا: قیامت کے دن تاجر بُرے لوگوں میں اُٹھائے جائیں گے' مگر جو اللہ سے ڈرا اور سچ بولا اور نیکی کی۔

وَاَبْصَارَهُمْ فَقَالَ: اِنَّ التُّجَّارَ يُبْعَثُونَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فُجَّارًا اِلَّا مَنِ اتَّقَى وَصَدَقَ وَبَرَّ

حَدَّثَنَا يُوسُفُ الْقَاضِي، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، ثنا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ، ثنا ابْنُ خُثَيْمٍ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ عُبَيْدِ بْنِ رِفَاعَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

حضرت اسماعیل بن عبید بن رفاعہ اپنے والد سے وہ ان کے دادا سے وہ حضورﷺ سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

**4414** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا زُهَيْرٌ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ خُثَيْمٍ، حَدَّثَنِي اِسْمَاعِيلُ بْنُ عُبَيْدِ بْنِ رِفَاعَةَ بْنِ رَافِعٍ، عَنْ اَبِيهِ عُبَيْدٍ، عَنْ رِفَاعَةَ بْنِ رَافِعٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِعُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: اجْمَعْ لِي قَوْمَكَ يَا عُمَرُ فَجَمَعَهُمْ، فَلَمَّا اَنْ حَضَرُوا بَابَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، دَخَلَ عَلَيْهِ عُمَرُ، فَقَالَ: قَدْ جَمَعْتُ لَكَ قَوْمِي، فَسَمِعَ ذٰلِكَ الْاَنْصَارُ، فَقَالَ: قَدْ نَزَلَ فِي قُرَيْشٍ الْوَحْيُ، فَجَاءَ الْمُسْتَمِعُ وَالنَّاظِرُ مَا يَقُولُ لَهُمْ؟ فَخَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَامَ بَيْنَ اَظْهُرِهِمْ فَقَالَ: هَلْ فِيكُمْ مِنْ غَيْرِكُمْ؟ قَالُوا: نَعَمْ، فِينَا حَلِيفُنَا وَابْنُ اُخْتِنَا وَمَوْلَانَا فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ: حَلِيفُنَا مِنَّا وَابْنُ اُخْتِنَا مِنَّا، وَمَوْلَانَا مِنَّا، اَنْتُمْ تَسْمَعُونَ، اِنَّ اَوْلِيَائِي يَوْمَ الْقِيَامَةِ الْمُتَّقُونَ، فَاِنْ كُنْتُمْ اُولَئِكَ فَذَاكَ وَاِلَّا

حضرت رفاعہ بن رافع سے روایت ہے کہ حضورﷺ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے فرمایا: اے عمر! اپنی قوم کو میرے سامنے جمع کرو! حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے جمع کیا' جب حضورﷺ کے دروازے کے پاس آئے' حضرت عمر رضی اللہ عنہ داخل ہوئے' عرض کی: میں نے آپ کے لیے اپنی قوم کو جمع کیا ہے' انصار نے یہ بات کی' اُنہوں نے کہا: قریش کے متعلق وحی اُتری ہے' ان میں سے سننے اور دیکھنے والا آیا کہ آپ ان کو کیا فرماتے ہیں؟ حضورﷺ نکلے' ان کے درمیان کھڑے ہوئے' آپ نے فرمایا: کیا تمہارے علاوہ کوئی ہے؟ اُنہوں نے کہا: جی ہاں! ہمارا حلیف اور ہماری بہن کا بیٹا اور ہمارا غلام ہے۔ حضورﷺ نے فرمایا: حلیف بھی ہم سے ہے اور ہماری بہن کا بیٹا بھی ہم سے ہے اور ہمارا غلام ہم سے ہے' تم سن رہے ہو کہ میرے دوست قیامت کے دن پرہیزگار ہوں گے' اگر تم وہ ہو تو ٹھیک ہے ورنہ دیکھو! ایسا نہ ہو کہ لوگ قیامت کے دن



**4414**- أورده البزار في مسنده جلد **9** صفحه **176**' رقم الحديث: **3725** عن اسماعيل بن عبيد بن رفاعة عن أبيه عن جده به .

فَانْظُرُوا لَا يَأْتِ النَّاسُ بِالْاَعْمَالِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَتَأْتُونَ بِالْاَثْقَالِ، فَيُعْرَضُ عَنْكُمْ ثُمَّ نَادَى فَقَالَ: اَيُّهَا النَّاسُ اِنَّ قُرَيْشًا اَهْلُ اَمَانَةٍ مَنْ بَغَاهُمُ الْغَوَائِرَ اَوِ الْعَوَاثِرَ- قَالَ زُهَيْرٌ: وَاَظُنُّهَا الْعَوَاثِرَ- كَبَّهُ اللّٰهُ لِمَنْخِرِهِ قَالَ ذٰلِكَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ

اعمال کے ساتھ آئیں اور تم گناہوں کے ساتھ آؤ پھر تم سے اعراض کرلیا جائے' پھر آواز دی اور فرمایا: اے لوگو! قریش امانت والے ہیں جو ان سے بغاوت کرے گا' ان کو اوندھے منہ جہنم میں ڈالا جائے گا۔ حضرت زہیر فرماتے ہیں: عواثر کا لفظ فرمایا' اس کا معنی یہ ہے کہ اوندھے منہ جہنم میں ڈالنا۔ آپ نے یہ کلمہ تین مرتبہ فرمایا۔

رفاعة بن رافع الزرقی الانصاری عقبی بدری

**4415** - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ خُثَيْمٍ، حَدَّثَنِي اِسْمَاعِيلُ بْنُ عُبَيْدِ بْنِ رِفَاعَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِعُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: اجْمَعْ قَوْمَكَ فَجَمَعَهُمْ عِنْدَ بَيْتِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ دَخَلَ عَلَيْهِ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اُدْخِلُهُمْ عَلَيْكَ اَوْ تَخْرُجُ اِلَيْهِمْ؟ فَقَالَ: لَا بَلْ اَخْرُجُ اِلَيْهِمْ فَاَتَاهُمْ فَقَامَ عَلَيْهِمْ فَقَالَ: هَلْ فِيكُمْ غَيْرُكُمْ؟ فَقَالُوا: نَعَمْ، فِينَا حُلَفَاؤُنَا وَفِينَا اَبْنَاءُ اِخْوَتِنَا وَفِينَا مَوَالِينَا فَقَالَ: حَلِيفُنَا مِنَّا وَابْنُ اُخْتِنَا مِنَّا قَالَ: اَنْتُمْ تَسْمَعُونَ اِنَّ اَوْلِيَائِي مِنْكُمُ الْمُتَّقُونَ، فَاِنْ كُنْتُمْ اُولَئِكَ فَذَلِكَ وَاِلَّا فَانْظُرُوا، لَا يَأْتِ النَّاسُ بِالْاَعْمَالِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَتَأْتُونَ بِاَثْقَالٍ فَاُعْرِضُ عَنْكُمْ ثُمَّ رَفَعَ يَدَيْهِ وَهُوَ قَائِمٌ وَهُمْ قُعُودٌ فَقَالَ: يَا اَيُّهَا النَّاسُ اِنَّ قُرَيْشًا اَهْلُ اَمَانَةٍ وَمَنْ بَغَاهُمُ الْعَوَاثِرَ اَكَبَّهُ اللّٰهُ لِمَنْخِرِهِ قَالَهَا ثَلَاثًا

حضرت اسماعیل بن عبید بن رفاعہ اپنے والد سے وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے فرمایا: اپنی قوم کو جمع کرو' ان کو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضور ﷺ کے گھر کے پاس جمع کیا' پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ کے گھر داخل ہوئے' عرض کی: یارسول اللہ! ان کو آپ کے پاس بھیجوں یا آپ خود ان کے پاس تشریف لائیں گے؟ آپ نے فرمایا: میں خود ان کے پاس آؤں گا' آپ ان کے پاس آئے' ان کے سامنے کھڑے ہوئے' آپ نے فرمایا: کیا تم میں تمہارے علاوہ کوئی اور بھی ہے؟ انہوں نے عرض کی: ہمارے حلیف اور ہماری بہن کے بیٹے اور ہمارے غلام۔ حضور ﷺ نے فرمایا: ہمارا حلیف اور بہن کا بیٹا ہم سے ہے' آپ نے فرمایا: تم سن رہے ہو کہ میرے دوست تم میں پرہیزگار ہوں گے' اگر تم ایسے ہو تو ٹھیک ہے' ورنہ دیکھو! ایسا نہ ہو کہ لوگ قیامت کے دن اعمال کے ساتھ آئیں اور تم بھاری گناہوں کے ساتھ' تم سے اعراض کرلیا جائے' پھر آپ نے اپنے

دونوں ہاتھ اُٹھائے' آپ کھڑے تھے' وہ بیٹھے ہوئے تھے' آپ نے فرمایا: اے لوگو! قریش امانت والے ہیں جو ان سے بغاوت کرے گا' اللہ عزوجل ان کو اوندھے منہ جہنم میں ڈالے گا' یہ آپ نے تین مرتبہ فرمایا۔

حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ خُثَيْمٍ، حَدَّثَنِي اِسْمَاعِيلُ بْنُ عُبَيْدِ بْنِ رِفَاعَةَ بْنِ رَافِعٍ الزُّرَقِيُّ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِعُمَرَ: اجْمَعْ قَوْمَكَ، ثُمَّ ذَكَرَ نَحْوَهُ

حضرت اسماعیل بن عبید بن رفاعہ الزرقی اپنے والد سے' وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت عمر سے فرمایا: اپنی قوم کو جمع کرو' پھر اس کے بعد اوپر والی حدیث ذکر کی۔

**4416** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا وَكِيعٌ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُثْمَانَ بْنِ خُثَيْمٍ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ عُبَيْدِ بْنِ رِفَاعَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِعُمَرَ: اجْمَعْ لِي قَوْمَكَ فَجَمَعَهُمْ فَكَانُوا بِالْبَابِ فَقَالَ: هَلْ فِيكُمْ اَحَدٌ مِنْ غَيْرِكُمْ؟ قَالُوا: لَا، ابْنُ اُخْتِنَا وَمَوْلَانَا فَقَالَ: ابْنُ اُخْتِكُمْ وَمَوْلَاكُمْ مِنْكُمْ فَقَالَ: اِنَّ اَوْلِيَائِي مِنْكُمُ الْمُتَّقُونَ، اِيَّاكُمْ اَنْ يَاْتُونِي النَّاسُ بِالْاَعْمَالِ وَتَجِيئُونِي بِالْاَثْقَالِ تَحْمِلُونَهَا عَلَى ظُهُورِكُمْ ثُمَّ قَالَ: اِنَّ قُرَيْشًا اَهْلُ صَبْرٍ وَاَمَانَةٍ، فَمَنْ بَغَى لَهُمُ الْعَوَاثِرَ اَكَبَّهُ اللّٰهُ لِوَجْهِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

حضرت اسماعیل بن عبید بن رفاعہ اپنے والد سے' وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے فرمایا: اپنی قوم کو جمع کرو' ان کو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے گھر کے پاس جمع کیا' آپ نے فرمایا: کیا تم میں تمہارے علاوہ کوئی اور بھی ہے؟ انہوں نے عرض کی: ہماری بہن کے بیٹے اور ہمارے غلام۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ہمارا حلیف اور بہن کا بیٹا ہم سے ہے' آپ نے فرمایا: تم سن رہے ہو کہ میرے دوست تم میں پرہیزگار ہوں گے' اگر تم ایسے ہو تو ٹھیک ہے' ورنہ دیکھو! ایسا نہ ہو کہ لوگ قیامت کے دن اعمال کے ساتھ رہیں گے' تم بھاری گناہوں کے ساتھ' تم ان کو اپنی پیٹھوں پر اُٹھائے ہوئے ہو' پھر آپ نے فرمایا: قریش صبر و امانت والے ہیں جو ان سے بغاوت کرے گا' اللہ عزوجل ان کو

اوندھے منہ جہنم میں ڈالے گا۔

**4417** - حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ السَّدُوسِيُّ، ثنا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ اَبُو مَعْشَرٍ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ عُبَيْدِ بْنِ رِفَاعَةَ بْنِ رَافِعِ بْنِ مَالِكِ بْنِ عَجْلَانَ الْاَنْصَارِيِّ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ قَالَ: اَقْبَلْنَا يَوْمَ بَدْرٍ، فَفَقَدْنَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَنَادَتِ الرِّفَاقُ بَعْضُهَا بَعْضًا: اَفِيكُمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَوَقَفُوا حَتَّى جَاءَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَعَهُ عَلِيُّ بْنُ اَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ فَقَدْنَاكَ فَقَالَ: اِنَّ اَبَا حَسَنٍ وَجَدَ مَغْصًا فِي بَطْنِهِ فَتَخَلَّفْتُ عَلَيْهِ

حضرت رافع بن رفاعہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم بدر کے دن آئے، ہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو نہ پایا ہمارے بعض دوست ایک دوسرے کو اعلان کرنے لگے: کیا تم میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم موجود ہیں؟ یہ اعلان ہوتا رہا یہاں تک کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تشریف لائے، آپ کے ساتھ حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ بھی تھے، اُنہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم نے آپ کو نہ پایا، آپ نے فرمایا: ابوحسن کے پیٹ میں درد تھا۔ میں ان کے لیے پیچھے رہ گیا تھا۔

**4418** - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ دُحَيْمٍ الدِّمَشْقِيُّ، ثنا اَبِي، ح وَحَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا دَاوُدُ بْنُ عَمْرٍو الضَّبِّيُّ، ح وَحَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَلْمٍ الرَّازِيُّ، ثنا سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ، قَالُوا: ثنا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، ثنا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ اَيْمَنَ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ رِفَاعَةَ الزُّرَقِيِّ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: لَمَّا كَانَ يَوْمُ اُحُدٍ وَانْكَفَا الْمُشْرِكُونَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اسْتَوُوا حَتَّى اُثْنِي عَلَى رَبِّي قَالَ: فَصَارُوا خَلْفَهُ صُفُوفًا،

حضرت عبید بن رفاعہ الزرقی اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ جب اُحد کا دن تھا تو مشرکین بھاگ گئے، حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: سیدھے رہو، میں اپنے رب کی تعریف کرلوں، سارے صحابہ کرام آپ کے پیچھے رہے، حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ دعا کی: ''اللّٰهم لك الحمد الٰی آخرہ''۔

---

**4417**- أخرجه الحاكم في مستدركه جلد3صفحه258، رقم الحديث: 5025 عن ابراهيم بن عبيد بن رفاعة عن أبيه عن جده به .

**4418**- أورده أحمد في مسنده جلد3صفحه424 عن عبد الواحد بن أيمن عن عبيد بن رفاعة عن أبيه به .

فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ كُلُّهُ لَا قَابِضَ لِمَا بَسَطْتَ، وَلَا بَاسِطَ لِمَا قَبَضْتَ، وَلَا هَادِيَ لِمَا اَضْلَلْتَ وَلَا مُضِلَّ لِمَنْ هَدَيْتَ وَلَا مُقَرِّبَ لِمَا بَاعَدْتَ وَلَا مُبَاعِدَ لِمَا قَرَّبْتَ وَلَا مُعْطِيَ لِمَا مَنَعْتَ وَلَا مَانِعَ لِمَا اَعْطَيْتَ، اللّٰهُمَّ ابْسُطْ عَلَيْنَا مِنْ بَرَكَاتِكَ وَرَحْمَتِكَ وَفَضْلِكَ وَرِزْقِكَ، اللّٰهُمَّ اِنِّي اَسْاَلُكَ النَّعِيمَ الْمُقِيمَ يَوْمَ الْعَيْلَةِ وَالْاَمْنَ يَوْمَ الْخَوْفِ، اللّٰهُمَّ عَائِذٌ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا اَعْطَيْتَنَا وَشَرِّ مَا مَنَعْتَ مِنَّا، اللّٰهُمَّ تَوَفَّنَا مُسْلِمِينَ وَاَلْحِقْنَا بِالصَّالِحِينَ غَيْرَ خَزَايَا وَلَا مَفْتُونِينَ، اللّٰهُمَّ قَاتِلِ الْكَفَرَةَ الَّذِينَ يَصُدُّونَ عَنْ سَبِيلِكَ وَيُكَذِّبُونَ رُسُلَكَ، اللّٰهُمَّ قَاتِلِ الْكَفَرَةَ الَّذِينَ اُوتُوا الْكِتَابَ اِلٰهَ الْحَقِّ

**4419** - حَدَّثَنَا مَسْعَدَةُ بْنُ سَعْدٍ الْعَطَّارُ الْمَكِّيُّ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُنْذِرٍ الْحِزَامِيُّ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ عِمْرَانَ، قَالَ: حَدَّثَنِي هِشَامُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ عَبْدِ رَبِّهِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ قَيْسٍ الْاَنْصَارِيِّ، عَنْ رِفَاعَةَ بْنِ رَافِعٍ، قَالَ: لَمَّا رَاَى اِبْلِيسُ مَا تَفْعَلُ الْمَلَائِكَةُ بِالْمُشْرِكِينَ يَوْمَ بَدْرٍ اَشْفَقَ اَنْ يَخْلُصَ الْقَتْلُ اِلَيْهِ، فَتَشَبَّثَ بِهِ الْحَارِثُ بْنُ هِشَامٍ، وَهُوَ يَظُنُّ اَنَّهُ سُرَاقَةُ بْنُ مَالِكٍ، فَوَكَزَ فِي صَدْرِ الْحَارِثِ، فَاَلْقَاهُ، ثُمَّ خَرَجَ هَارِبًا حَتَّى اَلْقَى نَفْسَهُ فِي الْبَحْرِ وَرَفَعَ يَدَيْهِ، فَقَالَ: اِنِّي اَسْاَلُكَ نَظْرَتَكَ

حضرت رفاعہ بن رافع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب ابلیس نے دیکھا کہ فرشتے بدر کے دن مشرکوں کے ساتھ کیا کر رہے ہیں تو وہ ڈر گیا کہ کہیں قتل نہ ہو جائے' حارث بن ہشام اس کو لے کر بھاگا' وہ گمان کر رہا تھا کہ سراقہ بن مالک ہے' حارث کے سینے میں مُکا مارا' وہ گرا' پھر بھاگ کر نکلا' اپنے آپ کو سمندر میں ڈالا اور اپنے دونوں ہاتھ اُٹھائے' کہنے لگا: میں تجھ سے نظر چاہتا ہوں اور خوف کرتا ہوں قتل ہونے کا۔ ابوجہل بن ہشام آیا' اس نے کہا: اے لوگوں کے گروہ! تم میں سے کوئی بھی سراقہ کی ذلت و رسوائی سے نہ بھاگے' وہ

**4419**- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد6صفحه77 وقال: رواه الطبراني وفيه عبد العزيز بن عمران وهو ضعيف .

إِيَّایَ، وَخَافَ اَنْ یَخْلُصَ إِلَیْهِ الْقَتْلُ، فَأَقْبَلَ اَبُو جَهْلِ بْنِ هِشَامٍ، فَقَالَ: یَا مَعْشَرَ النَّاسِ لَا یَهْزِمَنَّكُمْ خُذْلَانُ سُرَاقَةَ إِیَّاكُمْ، فَإِنَّهُ كَانَ عَلَی مِیعَادٍ مِنْ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، وَلَا یَهُولَنَّكُمْ قَتْلُ عُتْبَةَ وَشَیْبَةَ وَالْوَلِیدِ، فَإِنَّهُمْ قَدْ عَجَّلُوا، فَوَاللَّاتِ وَالْعُزَّی لَا نَرْجِعُ حَتَّی نُقْرِنَهُمْ بِالْحِبَالِ، وَلَا أُلْفِیَنَّ رَجُلًا مِنْكُمْ قَتَلَ مِنْهُمْ رَجُلًا، وَلَكِنْ خُذُوهُمْ أَخْذًا حَتَّی تُعَرِّفُوهُمْ سُوءَ صَنِیعِهِمْ مِنْ مُفَارَقَتِهِمْ إِیَّاكُمْ، وَرَغْبَتِهِمْ عَنِ اللَّاتِ وَالْعُزَّی، ثُمَّ قَالَ اَبُو جَهْلٍ مُتَمَثِّلًا:

(البحر الرجز)

مَا تَنْقِمُ الْحَرْبُ الشُّمُوسُ مِنِّی ... بَازِلُ عَامَیْنِ حَدِیثُ سِنِّی
لِمِثْلِ هٰذَا وَلَدَتْنِی أُمِّی

محمد ﷺ کی طرف سے وعدہ پر ہے' تم عتبہ' شیبہ اور ولید کے قتل سے پریشان نہ ہو کیونکہ اُنہوں نے جلدی کی' لات اور عزیٰ کی قسم! ہم واپس نہیں جائیں گے یہاں تک کہ ہم ان کو رسیوں کے ساتھ ملا دیں' مجھے پسند نہیں ہے کہ تم میں سے کوئی بھی آدمی اُن میں سے کسی آدمی کو قتل کرے لیکن تم پکڑو یہاں تک کہ ان کے بُرے ارادہ سے محفوظ ہو جاؤ اور لات وعزیٰ سے رغبت کرو۔ پھر ابوجہل نے مثال دے کر کہا:

''جب سے اس کی مثل میری ماں نے جنا ہے' تم مجھ سے کسی جنگ میں بھاگتے ہوئے نہ دیکھو گے''۔

## رِفَاعَةُ بْنُ عَمْرِو بْنِ زَیْدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ ثَعْلَبَةَ بْنِ مَالِكِ بْنِ سَالِمٍ عَقَبِیٌّ بَدْرِیٌّ اسْتُشْهِدَ یَوْمَ أُحُدٍ

## حضرت رفاعہ بن عمرو بن زید بن عمرو بن ثعلبہ بن مالک بن سالم عقبی بدری' اُحد کے دن شہید کیے گئے تھے



4420 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِیُّ، حَدَّثَنِی أَبِی، ثنا ابْنُ لَهِیعَةَ، عَنْ أَبِی

حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ اصحابِ عقبہ میں سے جو رسول اللہ ﷺ کی طرف ہجرت کر کے نکلے تھے' ان

الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ، فِی تَسْمِيَةِ اَصْحَابِ الْعَقَبَةِ رِفَاعَةُ بْنُ عَمْرِو بْنِ زَيْدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ قَيْسِ بْنِ ثَعْلَبَةَ بْنِ مَالِكِ بْنِ سَالِمِ بْنِ غَانِمِ بْنِ عَوْفِ بْنِ الْخَزْرَجِ، وَقَدْ شَهِدَ بَدْرًا وَهُوَ مِمَّنْ خَرَجَ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُهَاجِرًا

کے ناموں میں سے ایک نام رفاعہ بن عمرو بن زید بن عمرو بن قیس بن ثعلبہ بن مالک بن سالم بن غانم بن عوف بن الخزرج کا ہے' جو بدر میں شریک ہوئے تھے اور وہ ان لوگوں میں سے ہیں جو رسول کریم ﷺ کی طرف ہجرت کرتے ہوئے نکلے۔

**4421** - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ الْاَصْبَهَانِیُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِیُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، فِی تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ الْعَقَبَةَ مِنَ الْاَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِی الْحُبْلَى، رِفَاعَةُ بْنُ عَمْرٍو وَشَهِدَ بَدْرًا

حضرت ابن شہاب فرماتے ہیں کہ انصار اور بنی حبلی میں سے جو بدر میں شریک ہوئے' اُن کے ناموں میں سے ایک نام رفاعہ بن عمرو کا ہے جو بدر میں شریک ہوئے تھے۔

**4422** - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِیُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، فِی تَسْمِيَةِ مَنِ اسْتُشْهِدَ يَوْمَ اُحُدٍ مِنَ الْاَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِی سَوَاءٍ، رِفَاعَةُ بْنُ عَمْرٍو

حضرت ابن شہاب فرماتے ہیں: انصار اور بنی سواء میں سے جو اُحد میں شریک ہوئے' اُن کے ناموں میں سے ایک نام رفاعہ بن عمرو ہے۔

## رِفَاعَةُ بْنُ عَبْدِ الْمُنْذِرِ بْنِ رِفَاعَةَ بْنِ دِينَارٍ الْاَنْصَارِیُّ عَقَبِیٌّ بَدْرِیٌّ

## حضرت رفاعہ بن عبدالمنذر بن رفاعہ بن دینار انصاری عقبی بدری ہیں

**4423** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِیُّ، حَدَّثَنِی اَبِی، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِی الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ، فِی تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ الْعَقَبَةَ

حضرت عروہ سے روایت ہے کہ انصار میں اور بنی ظفر' ظفر کا نام کعب الخزرج ہے جو عقبہ میں شریک ہوئے' اُن کے ناموں میں سے ایک نام رفاعہ بن منذر

مِنَ الْاَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي ظَفَرٍ وَاسْمُ ظَفَرٍ كَعْبُ الْخَزْرَجِ، رِفَاعَةُ بْنُ الْمُنْذِرِ بْنِ رِفَاعَةَ بْنِ دِينَارِ بْنِ زَيْدِ بْنِ اُمَيَّةَ بْنِ مَالِكِ بْنِ عَوْفِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ، وَقَدْ شَهِدَ بَدْرًا

بن رفاعہ بن دینار بن زید بن امیہ بن مالک بن عوف بن عمرو بن عوف کا ہے اور یہ آدمی بدر میں بھی شریک ہوا۔

**4424** - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْاَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي الْاَوْسِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ، ثُمَّ مِنْ بَنِي اُمَيَّةَ بْنِ زَيْدٍ، رِفَاعَةُ بْنُ عَبْدِ الْمُنْذِرِ

حضرت ابن شہاب فرماتے ہیں کہ انصار اور بنی اوس اور بنی عمرو بن عوف اور بنی امیہ بن زید میں سے جو بدر میں شریک ہوئے اُن کے ناموں میں سے ایک نام رفاعہ بن عبدالمنذر رہے۔

## رِفَاعَةُ بْنُ عَرَابَةَ الْجُهَنِيُّ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

## حضرت رفاعہ بن عرابہ الجہنی رضی اللہ عنہ حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں

**4425** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَهْلِ بْنِ الْمُهَاجِرِ الرَّقِّيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُصْعَبٍ الْقُرْقُسَائِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ، ثنا عَمْرُو بْنُ هَاشِمٍ الْبَيْرُوتِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا اَبُو شُعَيْبٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَابْلُتِّيُّ، قَالُوا: ثنا الْاَوْزَاعِيُّ، حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ

حضرت رفاعہ بن عرابہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے ساتھ واپس آئے، کچھ لوگ رسول اللہ ﷺ سے اجازت مانگنے لگے ان کو اجازت دینے دیئے حضور ﷺ نے فرمایا: درخت کا وہ حصہ جو رسول اللہ ﷺ کے ساتھ ملا ہے تمہارے ہاں وہ دوسری سے بُرا ہے؟ کہا: آپ لوگوں کو روتے دیکھتے ہیں حضرت



---

**4425**- أورده ابن حبان في صحيحه جلد **1** صفحه **444**، رقم الحديث: **212** عن هلال بن أبي ميمونة عن عطاء عن رفاعة بن عرابة به .

هِلَالِ بْنِ اَبِي مَيْمُونَةَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ رِفَاعَةَ بْنِ عَرَابَةَ، قَالَ: صَدَرْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَعَلَ نَاسٌ يَسْتَأْذِنُونَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَجَعَلَ يَأْذَنُ لَهُمْ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا بَالُ شِقِّ الشَّجَرَةِ الَّتِي تَلِي رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَبْغَضُ اِلَيْكُمْ مِنَ الشِّقِّ الْآخَرِ؟ قَالَ: فَلَا تَرَى مِنَ الْقَوْمِ اِلَّا بَاكِيًا، قَالَ: يَقُولُ اَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: اِنَّ الَّذِي يَسْتَأْذِنُكَ فِي نَفْسِي بَعْدَهَا لَسَفِيهٌ، فَقَامَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَحَمِدَ اللّٰهَ وَاَثْنَى عَلَيْهِ وَقَالَ: اَشْهَدُ عِنْدَ اللّٰهِ - وَكَانَ اِذَا حَلَفَ قَالَ - وَالَّذِي نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهِ مَا مِنْكُمْ مَنْ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ ثُمَّ يُسَدِّدُ اِلَّا سَلَكَ بِهِ فِي الْجَنَّةِ، وَلَقَدْ وَعَدَنِي رَبِّي عَزَّ وَجَلَّ اَنْ يُدْخِلَ مِنْ اُمَّتِي الْجَنَّةَ سَبْعِينَ اَلْفًا لَا حِسَابَ عَلَيْهِمْ وَلَا عَذَابَ، وَاِنِّي لَاَرْجُو اَنْ لَا يَدْخُلُوهَا حَتَّى تَتَبَوَّءُوا اَنْتُمْ وَمَنْ صَلَحَ مِنْ اَزْوَاجِكُمْ وَذُرِّيَّاتِكُمْ مَسَاكِنَ فِي الْجَنَّةِ

ابوبکر نے فرمایا: آپ سے جو آپ کی ذات کے لیے اجازت مانگے گا' اس کے بعد وہ بیوقوف ہو گا۔ حضور ﷺ کھڑے ہوئے' اللہ کی حمد وثناء کی اور فرمایا: میں اللہ کے ہاں گواہی دیتا ہوں کہ آپ جب قسم اُٹھاتے تو یہ کہتے: وہ ذات جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! تم میں سے کوئی اللہ پر ایمان لائے اور اچھے عمل کرے تو وہ جنت کے راستے پر ہو گا' میرے رب نے مجھ سے وعدہ کیا کہ آپ کی اُمت کے لوگ ستّر ہزار بغیر حساب وعذاب کے جنت میں داخل ہوں گے' میں اُمید کرتا ہوں کہ داخل نہ ہوں گے یہاں تک کہ ٹھکانہ بناؤ' جو تمہاری ازواج اور اولاد جنت میں رہنے کے لیے داخل ہوں۔

پیچھے چل رہے تھے آپ کے پیچھے ایک ایسا آدمی تھا جو بھینگا اور بدصورت بالوں والا تھا' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قبیلہ کے پاس ٹھہرے' آپ فرماتے: اے بنی فلاں! میں اللہ کا بھیجا ہوا ہوں تمہاری طرف' میں تم کو اللہ کی عبادت کرنے کا حکم دیتا ہوں اور اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہراؤ' اگر تم میری تصدیق کرو گے اور میری حفاظت کرو گے حتیٰ کہ میں اللہ کا پیغام تمہاری طرف بھیجوں جو مجھے دے کر بھیجا گیا ہے۔ جب آپ اپنی گفتگو سے فارغ ہوئے تو دوسرے نے آپ کے پیچھے سے کہا: اے بنی فلاں! یہ تم کو لات و عزیٰ سے دور کرنا چاہتا ہے' بنی مالک بن اقیش کے قبیلہ کے خلفاء سے ہے' تمہارے پاس گمراہی اور نئی شی لایا ہے' اس کی بات نہ سنو اور نہ اتباع کرو۔ میں نے اپنے والد سے کہا: یہ کون ہے؟ اُنہوں نے کہا: یہ آپ کا چچا ابولہب ہے۔

**4456** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ الْحِزَامِيُّ، ثنا ابْنُ وَهْبٍ، أَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، أَنَّ بُكَيْرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْأَشَجِّ، حَدَّثَهُ عَنْ رَبِيعَةَ بْنِ عِبَادٍ قَالَ: رَأَيْتُ أَبَا لَهَبٍ بِعُكَاظٍ وَهُوَ يَتْبَعُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَقُولُ: يَا أَيُّهَا النَّاسُ، إِنَّ هَذَا قَدْ غَوَى فَلَا يُغْوِيَنَّكُمْ عَنْ مَآثِرِ آبَائِكُمْ، وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْعَى وَهُوَ عَلَى أَثَرِهِ وَنَحْنُ نَتْبَعُهُ، كَأَنِّي أَنْظُرُ إِلَيْهِ أَحْوَلُ ذُو غَدِيرَتَيْنِ أَبْيَضُ النَّاسِ وَأَجْمَلُهُ

حضرت ربیعہ بن عباد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے ابولہب کو دیکھا کہ وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پیچھے چل رہے تھے اور کہہ رہے تھے: اے لوگو! یہ گمراہ ہے' یہ تم کو تمہارے آباء کے دین سے دور کرنا چاہتا ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم چل رہے تھے اور وہ آپ کے پیچھے تھا' ہم آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پیچھے چل رہے تھے' میں نے دیکھا کہ ابولہب بھینگا اور دولٹوں والا تھا اور لوگوں میں زیادہ سفید اور خوبصورت تھا۔

**4457** - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْاَسْفَاطِيُّ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنِ الْخَطَّابِ، ثنا مَسْعُودِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنِ ابْنِ عِبَادٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاقِفًا فِي مَكَانٍ قَبْلَ انْ يُبْعَثَ، ثُمَّ رَاَيْتُهُ بَعْدَمَا بُعِثَ وَاقِفًا فِي ذٰلِكَ الْمَوْضِعِ بِعَرَفَاتٍ

حضرت ابن عباس اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو بعثت سے پہلے ایک جگہ کھڑے دیکھا' پھر اس جگہ میدان عرفات میں اعلانِ نبوت کے بعد کھڑے ہوئے دیکھا۔

**4458** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ رَاهَوَيْهِ، ثنا اَبِي، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ قَالَا: ثنا جَرِيرٌ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنِ ابْنِ رَبِيعَةَ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاقِفًا مَعَ الْمُشْرِكِينَ بِعَرَفَاتٍ، ثُمَّ رَاَيْتُهُ بَعْدَ مَا بُعِثَ وَاقِفًا فِي مَوْقِفِهِ ذٰلِكَ فَعَلِمْتُ اَنَّ اللّٰهَ وَفَّقَهُ لِذٰلِكَ

حضرت ابن ربیعہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو مقامِ عرفات میں مشرکوں کے ساتھ ٹھہرے ہوئے دیکھا' پھر میں نے اس جگہ اعلانِ نبوت کے بعد دیکھا' مجھے یقین ہو گیا کہ اللہ عزوجل کے حکم سے کھڑے ہوئے ہیں۔

**4459** - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْاَسْفَاطِيُّ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ الْخَطَّابِ، ثنا مَسْعُودُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنِ ابْنِ عَبَّادٍ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ مِنْ بَنِي لَيْثٍ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اَنْشُدُكَ قَالَهَا ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، فَاَنْشَدَهُ

حضرت ابن عباد اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ بنی لیث کا ایک آدمی حضور ﷺ کے پاس آیا' اس نے عرض کی: یارسول اللہ! میں نے آپ کو کچھ اشعار سنانے ہیں' یہ تین مرتبہ عرض کی' چوتھی مرتبہ اشعار سنانے کے لیے عرض کی تو حضور ﷺ نے فرمایا: اگر شعراء میں سے کوئی اچھی طرز پر پڑھتا ہوتا تو تُو نے اچھا



---

**4458**- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد3صفحه251 وقال: رواه الطبراني في الكبير وفيه عطاء بن السائب وهو ثقة ولكنه اختلط .

**4459**- أورده ابن أبي شيبة في مصنفه جلد5صفحه280' رقم الحديث: 26075 عن عطاء بن السائب عن ابن عباس عن أبيه به .

الرَّابِعَةَ مِدْحَةً لَهُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنْ كَانَ اَحَدٌ مِنَ الشُّعَرَاءِ يُحْسِنُ فَقَدْ اَحْسَنْتَ

کیا۔

# رَبِيعَةُ بْنُ عَامِرِ بْنِ بِجَادٍ

# حضرت ربیعہ بن عامر بن بجاد رضی اللہ عنہ

**4460** - حَدَّثَنَا اَبُو حُصَيْنٍ وَالْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالُوا: ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا ابْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ يَحْيَى بْنِ حَسَّانَ، عَنْ رَبِيعَةَ بْنِ عَامِرِ بْنِ بِجَادٍ قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اَلِظُّوا بِيَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ

حضرت ربیعہ بن عامر بن بجاد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: یاذاالجلال والاکرام کی کثرت سے دعا کرو۔

# رَبِيعَةُ بْنُ الْفَضْلِ بْنِ حَبِيبٍ الْاَنْصَارِيُّ اسْتُشْهِدَ يَوْمَ اُحُدٍ

# حضرت ربیعہ بن فضل بن حبیب انصاری رضی اللہ عنہ اُحد کے دن شہید کیے گئے تھے

**4461** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ، فِي تَسْمِيَةِ مَنِ اسْتُشْهِدَ يَوْمَ اُحُدٍ مِنَ الْاَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي مُعَاوِيَةَ بْنِ عَوْفٍ، رَبِيعَةُ بْنُ الْفَضْلِ بْنِ حَبِيبِ بْنِ زَيْدِ بْنِ تَمِيمٍ

حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ اُحد کے دن انصار اور بنی معاویہ بن عوف میں سے جو شریک ہوئے' ان کے ناموں میں سے ایک نام ربیعہ بن فضل بن حبیب بن زید بن تمیم کا ہے۔

# رَبِيعَةُ بْنُ الْغَازِ الْجُرَشِيُّ

# حضرت ربیعہ بن الغاز الجرشی رضی



**4460**- أورده احمد فی مسنده جلد4صفحه177 عن عبد الله بن المبارك عن يحيٰى بن حسان عن ربيعة بن عامر به .

## وَيُقَالُ ابْنُ عَمْرٍو وَهُوَ جَدُّ هِشَامِ بْنِ الْغَازِ

## اللہ عنہ ان کو ابن عمرو کہا جاتا ہے یہ ہشام بن الغاز کے دادا ہیں

4462 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ الْعَلَّافُ الْمِصْرِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ اَبِي مَرْيَمَ، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، حَدَّثَنِي الْحَارِثُ بْنُ يَزِيدَ، اَنَّهُ سَمِعَ رَبِيعَةَ الْجُرَشِيَّ يَقُولُ: اِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اسْتَقِيمُوا وَنِعِمَّا اِنِ اسْتَقَمْتُمْ، وَحَافِظُوا عَلَى الْوُضُوءِ، فَاِنَّ خَيْرَ عَمَلِكُمُ الصَّلَاةُ، وَتَحَفَّظُوا مِنَ الْاَرْضِ فَاِنَّهَا اُمُّكُمْ، وَاِنَّهُ لَيْسَ مِنْ اَحَدٍ عَامِلٍ عَلَيْهَا خَيْرًا اَوْ شَرًّا اِلَّا وَهِيَ مُخْبِرَةٌ

حضرت ربیعہ الجرشی فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: استقامت اختیار کرو' اگر تم مستقیم ہو جاؤ تو بہت اچھا ہے' وضو پر ہمیشگی کرو' تمہارے بہتر اعمال میں سے نماز ہے' زمین کی حفاظت کرو کیونکہ یہ تمہاری ماں ہے جو کوئی اس پر اچھے اعمال یا بُرے اعمال کرے گا' یہ اس کے متعلق (قیامت کے دن) خبر دے گی۔

4463 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلَّامٍ، ح وَحَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي النَّضْرِ قَالَا: ثنا رَيْحَانُ بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ عَبَّادِ بْنِ مَنْصُورٍ، عَنْ اَيُّوبَ، عَنْ اَبِي قِلَابَةَ، عَنْ عَطِيَّةَ، اَنَّهُ سَمِعَ رَبِيعَةَ الْجُرَشِيَّ يَقُولُ: اِنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُتِيَ فَقِيلَ لَهُ: لِتَنَمْ عَيْنُكَ وَلْتَسْمَعْ اُذُنُكَ وَلْيَعْقِلْ قَلْبُكَ قَالَ: فَنَامَتْ عَيْنِي وَسَمِعَتْ

حضرت ربیعہ الجرشی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کے پاس ایک آدمی لایا گیا' اس کے حوالے سے کہا گیا: آپ کی آنکھیں سوتی ہیں اور کان سنتے ہیں اور دل سمجھتا ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: میری آنکھیں سوتی ہیں اور میرے کان سنتے ہیں اور میرا دل سمجھتا ہے۔ راوی کا بیان ہے: آپ ﷺ سے عرض کی گئی: ایک سردار ہے جس نے دعوت گاہ بنائی' دعوت دینے والے کو بھیجا جو دعوت قبول کرے وہ گھر میں داخل

---

4462- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد1صفحه241 وقال: رواه الطبراني في الكبير وفيه ابن لهيعة وهو ضعيف .

4463- أورده الدارمي في سننه جلد 1صفحه18' رقم الحديث: 11 عن أبي قلابة عن عطية عن ربيعة الجرشي به . ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد5صفحه339 وقال: رواه الطبراني وفيه رجل لم يسم وابن لهيعة وبقية رجاله ثقات .

أُذُنِي وَعَقَلَ قَلْبِي قَالَ: فَقِيلَ لَهُ: سَيِّدٌ بَنَى دَارًا وَصَنَعَ مَأْدُبَةً فَأَرْسَلَ دَاعِيًا فَمَنْ أَجَابَ الدَّاعِيَ دَخَلَ الدَّارَ، وَأَكَلَ مِنَ الْمَأْدُبَةِ، وَرَضِيَ عَنْهُ السَّيِّدُ، وَمَنْ لَمْ يَجِبِ الدَّاعِيَ لَمْ يَدْخُلِ الدَّارَ، وَلَمْ يَنَلِ الْمَأْدُبَةَ، وَسَخِطَ عَلَيْهِ السَّيِّدُ، فَالسَّيِّدُ اللّٰهُ، وَالدَّاعِي مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَالْمَأْدُبَةُ الْجَنَّةُ

ہواور دسترخوان سے کھائے اور گھر کا مالک خوش ہو‘ جس نے دعوت قبول نہ کی اور گھر داخل نہ ہوا تو اس کو دسترخوان نہ ملا‘ گھر کا مالک اس سے ناراض ہوا‘ گھر کا مالک اللہ ہے اور دعوت دینے والے محمد ﷺ اور دسترخوان جنت ہے۔

حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ أَبِي الطَّاهِرِ بْنِ أَبِي السَّرْحِ الْمِصْرِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي جَعْفَرٍ، عَنْ رَجُلٍ، حَدَّثَهُ عَنْ رَبِيعَةَ الْجُرَشِيِّ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ كَتَمَ غُلُولًا، فَهُوَ مِثْلُهُ

حضرت ربیعہ الجرشی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے خیانت کے مال کو چھپایا‘ اس کے لیے اس کی مثل گناہ ہے۔

## رَبِيعَةُ بْنُ أَكْثَمَ الْأَسَدِيُّ حَلِيفُ بَنِي عَبْدِ شَمْسِ بْنِ عَبْدِ مَنَافٍ، شَهِدَ بَدْرًا

## حضرت ربیعہ بن اکثم اسدی‘ بنی عبدشمس بن عبدمناف کے حلیف اور یہ بدر میں شریک ہوئے

4464 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ أَبِي الْأَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ، فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنْ حُلَفَاءِ بَنِي عَبْدِ شَمْسِ بْنِ عَبْدِ مَنَافٍ، رَبِيعَةُ بْنُ أَكْثَمَ، مِنْ بَنِي أَسَدِ بْنِ خُزَيْمَةَ

حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ بنی عبدشمس بن عبدمناف کے حلیف اور بنی اسد بن خزیمہ کے رہنے والے جو بدر میں شریک ہوئے‘ اُن کے ناموں میں سے ایک نام ربیعہ بن اکثم کا بھی ہے۔

4465 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ

حضرت ابن شہاب فرماتے ہیں کہ بنی عبدشمس اور بنی اسد کے حلیف سے جو بدر میں شریک ہوئے اُن

الْمُسَيَّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنْ بَنِي عَبْدِ شَمْسٍ، رَبِيعَةُ بْنُ اَكْثَمَ حَلِيفٌ لَهُمْ مِنْ بَنِي اَسَدٍ

کے ناموں میں سے ایک نام ربیعہ بن اکثم کا بھی ہے یہ بنی اسد سے تھے اور ان کے حلیف تھے۔

**4466** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا اَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ، فِي تَسْمِيَةِ مَنِ اسْتُشْهِدَ يَوْمَ اُحُدٍ مِنَ الْمُسْلِمِينَ، ثُمَّ مِنْ قُرَيْشٍ، رَبِيعَةُ بْنُ اَكْثَمَ حَلِيفُ بَنِي عَبْدِ شَمْسٍ، مِنْ بَنِي اَسَدٍ

حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ اُحد کے دن مسلمانوں میں سے اور قریش اور بنی عبد شمس اور بنی اسد کے حلیف سے جو بدر میں شریک ہوئے اُن کے ناموں میں سے ایک نام ربیعہ بن اکثم کا بھی ہے ان کا تعلق بنو اسد سے تھا اور یہ بنو عبد شمس کے حلیف تھے۔

## رَبِيعَةُ بْنُ رُوَاءٍ الْعَنْسِيُّ

## حضرت ربیعہ بن رواء العنسی رضی اللہ عنہ

**4467** - حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ مَرْثَدٍ الطَّبَرَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ بْنِ عَيَّاشٍ، حَدَّثَنِي عِيسَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي بَكْرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ رَبِيعَةَ بْنَ رُوَاءٍ الْعَنْسِيَّ، قَدِمَ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَوَجَدَهُ يَتَعَشَّى، فَدَعَاهُ اِلَى الْعَشَاءِ فَاَكَلَ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَتَشْهَدُ اَنْ لَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ؟ قَالَ رَبِيعَةُ: اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ، قَالَ: رَاغِبًا اَمْ رَاهِبًا؟ قَالَ

حضرت ربیعہ بن رواء العنسی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ وہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آئے' آپ رات کا کھانا کھا رہے تھے' آپ نے کھانے کی دعوت دی تو میں نے کھایا' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کیا آپ گواہی دیتے ہیں کہ اللہ کے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے اور محمد اسکے بندے اور رسول ہیں؟ حضرت ربیعہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے اور محمد اسکے بندے اور اس کے رسول ہیں! آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: خوشی سے پڑھ رہے ہو یا ڈر کر؟ حضرت ربیعہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ



4467- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد9صفحه395 وقال: رواه الطبراني مرسلًا وفيه محمد بن اسماعيل بن عياش وهو ضعيف ولم يسمع من أبيه .

رَبِيعَةُ: اَمَّا الرَّغْبَةُ فَوَاللّٰهِ مَا هِيَ فِي يَدِكَ، وَاَمَّا الرَّهْبَةُ فَوَاللّٰهِ اَنَا بِبِلَادٍ مَا يَبْلُغُنَا جُيُوشُكَ وَلَا خُيُولُكَ، وَلٰكِنِّي خُوِّفْتُ فَخِفْتُ، وَقِيلَ لِي آمِنْ فَآمَنْتُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: رُبَّ خَطِيبٍ مِنْ عَنَسٍ فَاَقَامَ يَخْتَلِفُ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ جَاءَهُ فَوَدَّعَهُ، فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنْ اَحْسَسْتَ حَسًّا فَوَائِلْ اِلَى اَهْلِ الْقَرْيَةِ فَخَرَجَ فَاَحَسَّ حَسًّا فَوَاءَلَ اِلَى قَرْيَةٍ، فَمَاتَ بِهَا

میں نے عرض کی: خوشی سے! اللہ کی قسم! آپ کے ہاتھ میں کیا کوئی ہتھیار ہے؟ بہرحال ڈر! اللہ کی قسم! ہمارے شہر میں آپ کا لشکر اور آپ کے گھوڑے نہیں پہنچ سکتے لیکن مجھے ڈرایا گیا ہے تو میں ڈر گیا' مجھے کہا گیا: ایمان لا! تو میں ایمان لایا' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کئی خطیب عنس سے ہیں۔ میں کھڑا ہوا' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم الوداع کرنے کے لیے آئے' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے فرمایا: اگر تُو نے محسوس کیا تو بستی والوں کی طرف پناہ تلاش کر۔ میں نکلا اور احساس کیا' بستی میں جا کر پناہ لی' وہاں فوت ہوا۔

# رَبِيعَةُ بْنُ اُمَيَّةَ بْنِ خَلَفٍ الْجُمَحِيُّ

# حضرت ربیعہ بن امیہ بن خلف جمحی رضی اللہ عنہ

**4468** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَبُو كُرَيْبٍ، ثنا يُونُسُ بْنُ بُكَيْرٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ عَبَّادِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: كَانَ رَبِيعَةُ بْنُ اُمَيَّةَ بْنِ خَلَفٍ الْجُمَحِيُّ هُوَ الَّذِي يَصْرُخُ يَوْمَ عَرَفَةَ تَحْتَ لَبَّةِ نَاقَةِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اصْرُخْ وَكَانَ صَيِّتًا اَيُّهَا النَّاسُ، اَتَدْرُونَ اَيَّ شَهْرٍ هَذَا؟ فَصَرَخَ فَقَالُوا: نَعَمْ، الشَّهْرُ الْحَرَامُ قَالَ: فَاِنَّ اللّٰهَ قَدْ حَرَّمَ عَلَيْكُمْ دِمَاءَكُمْ وَاَمْوَالَكُمْ اِلَى اَنْ تَلْقَوْا رَبَّكُمْ كَحُرْمَةِ شَهْرِكُمْ هَذَا ثُمَّ قَالَ:

حضرت یحییٰ بن عباد بن عبداللہ بن زبیر اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ حضرت ربیعہ بن امیہ بن خلف جمحی رضی اللہ عنہ وہ آدمی تھے جنہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اونٹنی کے نیچے سے باآوازِ بلند آواز دی حج کے دن تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: بلند آواز دو! اُنہوں نے آواز دی: اے لوگو! کیا تم جانتے ہو کہ یہ کون سا مہینہ ہے؟ پس اُنہوں نے بلند آواز سے کہا' اُنہوں نے کہا: جی ہاں! یہ حرمت والا مہینہ ہے' کہا: اللہ عزوجل تم پر دوسروں کے خون اور اموال مرنے تک اس مہینہ کی طرح حرام کیے ہیں' پھر فرمایا: آواز دو! کیا تم جانتے ہو کہ یہ کون سا شہر ہے؟ بلند آواز دی' اُنہوں

اصْرُخْ هَلْ تَدْرُونَ اَیَّ بَلَدٍ هٰذَا؟ فَصَرَخَ، قَالُوا: نَعَمْ، الْبَلَدُ الْحَرَامُ قَالَ: فَاِنَّ دِمَاءَ كُمْ وَاَمْوَالَكُمْ عَلَيْكُمْ حَرَامٌ اِلٰی يَوْمِ تَلْقَوْنَهُ كَحُرْمَةِ بَلَدِكُمْ هٰذَا، ثُمَّ قَالَ: اصْرُخْ اَیَّ يَوْمٍ هٰذَا؟ فَصَرَخَ، قَالُوا: نَعَمْ، هٰذَا يَوْمٌ حَرَامٌ وَهٰذَا يَوْمُ الْحَجِّ الْاَكْبَرِ قَالَ: فَاِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ قَدْ حَرَّمَ عَلَيْكُمْ دِمَاءَ كُمْ وَاَمْوَالَكُمْ اِلٰی يَوْمِ تَلْقَوْنَهُ كَحُرْمَةِ يَوْمِكُمْ هٰذَا

نے کہا جی ہاں! یہ حرمت والا شہر ہے۔ فرمایا: تمہارے خون اور اموال ایک دوسرے پر مرتے دم تک اس شہر کی طرح حرام ہیں۔ پھر فرمایا: کیا تم جانتے ہو کہ یہ کون سا دن ہے؟ اُنہوں نے کہا: جی ہاں! یہ حرمت والا دن ہے اور حج اکبر کا دن ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل نے تمہارے خون اور اموال تم میں ایک دوسرے پر حرام کیے ہیں تمہارے اس دن کی طرح۔

## رَبِيعُ الْجَرْمِيُّ

## حضرت ربیع الجرمی رضی اللہ عنہ

**4469** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا الْقَاسِمُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا سَلَمَةُ بْنُ رَجَاءٍ، ثنا سَلْمُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْجَرْمِيُّ، عَنْ سَوَادَةَ بْنِ الرَّبِيعِ، قَالَ: انْطَلَقْتُ اَنَا وَاَبِي اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَمَرَ لَنَا بِذَوْدَيْنِ، وَقَالَ: مُرْ بَيْتَكَ فَلْيُقَلِّمُوا اَظَافِيرَهُمْ لَا يَعْقِرُوا بِهَا ضُرُوعَ مَوَاشِيهِمْ اِذَا حَلَبُوا

حضرت سوادہ بن ربیع فرماتے ہیں کہ میں اور میرے والد حضور ﷺ کی طرف گئے، آپ نے ہم کو دو اونٹوں کا حکم دیا اور فرمایا: اپنے گھر والوں کو حکم دو کہ وہ ان کے ناخن کاٹیں تاکہ جانوروں کا دودھ دھوئیں تو ان کے تھن زخمی نہ ہوں، جب ان کا دودھ دوہا جائے۔

## رَبِيعُ بْنُ اِيَاسٍ الْاَنْصَارِيُّ بَدْرِيٌّ

## حضرت ربیع بن ایاس انصاری بدری رضی اللہ عنہ

**4470** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ، فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْاَنْصَارِ مِنْ بَنِي لَوْذَانَ بْنِ غَنْمِ بْنِ عَوْفِ بْنِ

حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ انصار اور بنی لوذان بن غنم بن عوف بن خزرج میں سے جو بدر میں شریک ہوئے، اُن کے ناموں میں سے ایک نام ربیع بن ایاس بن غنم بن امیہ بن لوذان بن غنم کا بھی ہے۔

---

4469- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد5 صفحه168 وقال: رواه أحمد والطبراني .

الْخَزْرَجِ، رَبِيعُ بْنُ إِيَاسِ بْنِ غَنْمِ بْنِ أُمَيَّةَ بْنِ لَوْذَانَ بْنِ غَنْمٍ

**4471** - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْأَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي عَوْفِ بْنِ الْخَزْرَجِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي بَلْحُبْلَى، رَبِيعُ بْنُ إِيَاسٍ

حضرت ابن شہاب فرماتے ہیں کہ انصار اور بنی عوف بن خزرج اور بنی بلحبلی میں سے جو بدر میں شریک ہوئے' اُن کے ناموں میں سے ایک نام ربیع بن ایاس کا بھی ہے۔

## رَبِيعُ الْأَنْصَارِيُّ

## حضرت ربیع انصاری رضی اللہ عنہ

**4472** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامِ بْنِ حَفْصِ بْنِ غِيَاثٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَا: ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، قَالَا ثنا جَرِيرٌ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ رَبِيعٍ الْأَنْصَارِيِّ، أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَادَ ابْنَ أَخِي جَبْرَ الْأَنْصَارِيَّ، فَجَعَلَ أَهْلُهُ يَبْكُونَ عَلَيْهِ، فَقَالَ لَهُمْ جَبْرٌ: لَا تُؤْذُوا رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: دَعْهُنَّ فَلْيَبْكِينَ مَا دَامَ حَيًّا، فَإِذَا وَجَبَ فَلْيَسْكُتْنَ فَقَالَ بَعْضُهُمْ: مَا كُنَّا نَرَى أَنْ يَكُونَ مَوْتُكَ عَلَى فِرَاشِكَ، حَتَّى تُقْتَلَ فِي سَبِيلِ اللهِ، مَعَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ

حضرت ربیع انصاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے میرے بھائی جبر انصاری کی عیادت کی تو ان کے گھر والے ان کے پاس رونے لگے' ان کو جبر نے کہا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو تکلیف نہ دو! حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب تک یہ زندہ ہے ان کو رونے دو' جب فوت ہو جائے تو خاموش ہو جائیں۔ بعض نے کہا: ہم دیکھتے ہیں کہ آپ اپنے بستر پر ہی مر رہے ہیں' آپ کو اللہ کی راہ میں شہید ہونا چاہیے تھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم شہید اس کو کہتے ہو جو اللہ کی راہ میں شہید ہو؟ پھر تو میری اُمت کے لوگوں میں شہداء بہت کم ہوں گے' طعن اور طاعون میں مرنے والا شہید ہے' پیٹ کی بیماری میں مرنے والا شہید ہے اور حالتِ نفاس میں مرنے والی عورت بھی شہید ہے اور



---

4472- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد5 صفحه300 وقال: رواه الطبراني ورجاله رجال الصحيح .

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَوَ مَا الشَّهَادَةُ اِلَّا فِى الْقَتْلِ فِى سَبِيلِ اللّٰهِ؟ اِنَّ شُهَدَاءَ اُمَّتِى اِذَنْ لَقَلِيلٌ، اِنَّ الطَّعْنَ وَالطَّاعُونَ شَهَادَةٌ وَالْبَطْنَ شَهَادَةٌ وَالنُّفَسَاءَ بِجُمْعٍ شَهَادَةٌ وَالْحَرَقَ شَهَادَةٌ وَالْغَرَقَ شَهَادَةٌ وَالْهَدْمَ شَهَادَةٌ وذَاتَ الْجَنْبِ شَهَادَةٌ

جلنے والا شہید ہے اور ڈوب کر مرنے والا شہید ہے اور دیوار کے نیچے آ کر مرنے والا شہید ہے' پیٹ کی بیماری میں مرنے والا شہید ہے۔

## رَبِيعُ بْنُ زَيْدٍ غَيْرُ مَنْسُوبٍ

**4473** - حَدَّثَنَا عَلِىُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا اَبُو غَسَّانَ مَالِكُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ، ثنا زُهَيْرُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، ثنا دَاوُدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَوْدِىُّ، اَنَّهُ سَمِعَ وَبَرَةَ اَبَا كُرْزٍ يُحَدِّثُ اَنَّهُ سَمِعَ رَبِيعَ بْنَ زِيَادٍ يَقُولُ: بَيْنَمَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسِيرُ اِذْ بَصَرَ شَابًّا مِنْ قُرَيْشٍ يَسِيرُ مُعْتَزِلًا فَقَالَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلَيْسَ ذَاكَ فُلَانٌ؟ قَالُوا: نَعَمْ قَالَ: فَادْعُوهُ فَجَاءَ فَقَالَ لَهُ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا لَكَ اعْتَزَلْتَ عَنِ الطَّرِيقِ؟ قَالَ: كَرِهْتُ الْغُبَارَ قَالَ: فَلَا تَعْتَزِلْهُ فَوَالَّذِى نَفْسِى بِيَدِهِ اِنَّهُ لَذَرِيرَةُ الْجَنَّةِ

## حضرت ربیع بن زیدؓ ان کا نسب معلوم نہیں

حضرت ربیع بن زیاد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ آہستہ آہستہ چل رہے تھے' قریش کا ایک نوجوان اچانک علیحدہ ہوا اور آہستہ چلتے ہوئے دیکھا' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تو راستے سے علیحدہ ہو کر کیوں چل رہا ہے؟ اس نے عرض کی: میں نے غبار سے بچنے کے لیے ایسا کیا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: علیحدہ ہو کر نہ چلو' اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے! یہ جنت پاؤڈر (غبار) ہے۔

## رِبْعِىُّ بْنُ عَمْرٍو

## حضرت ربعی بن عمرو



4473- ذكره الهيثمى فى مجمع الزوائد جلد5صفحه287 وقال: رواه الطبرانى ورجاله ثقات .

# الْاَنْصَارِيُّ

**4474** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِی شَیْبَةَ، ثنا ضِرَارُ بْنُ صُرَدٍ، ثنا عَلِیُّ بْنُ هَاشِمٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَیْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِی رَافِعٍ، عَنْ اَبِیهِ، فِی تَسْمِیَةِ مَنْ شَهِدَ مَعَ عَلِیِّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ مِنْ اَصْحَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، رِبْعِیُّ بْنُ عَمْرٍو بَدْرِیٌّ

# انصاری رضی اللہ عنہ

حضرت محمد بن عبیداللہ بن ابورافع اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ کے اصحاب میں سے جو حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ شریک ہوئے' اُن کے ناموں میں سے ایک نام ربعی بن عمرو بدری کا بھی ہے۔

# رِبْعِیُّ بْنُ رَافِعٍ الْاَنْصَارِیُّ بَدْرِیٌّ

**4475** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِی شَیْبَةَ، ثنا ضِرَارُ بْنُ صُرَدٍ، ثنا عَلِیُّ بْنُ هَاشِمٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَیْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِی رَافِعٍ، عَنْ اَبِیهِ، فِی تَسْمِیَةِ مَنْ شَهِدَ مَعَ عَلِیِّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ، رِبْعِیُّ بْنُ رَافِعٍ، مِنْ بَنِی عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ بَدْرِیٌّ

# حضرت ربعی بن رافع انصاری بدری رضی اللہ عنہ

حضرت محمد بن عبیداللہ بن ابورافع اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ جو حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ شریک ہوئے' اُن کے ناموں میں سے ایک نام ربعی بن رافع کا بھی ہے' بنی عمرو بن عوف بدری کے قبیلہ سے۔

# رِبْعِیُّ بْنُ اَبِی رِبْعِیٍّ الْاَنْصَارِیُّ بَدْرِیٌّ

**4476** - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَیْمَانَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُسَیَّبِیُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَیْحٍ، عَنْ مُوسَی بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، فِی تَسْمِیَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا، مِنَ الْاَنْصَارِ، مِنْ بَنِی الْعَجْلَانِ، رِبْعِیُّ بْنُ اَبِی رِبْعِیٍّ

# حضرت ربعی بن ابی ربعی انصاری بدری رضی اللہ عنہ

حضرت ابن شہاب فرماتے ہیں کہ انصار اور بنی عجلان سے جو بدر میں شریک ہوئے' اُن کے ناموں میں سے ایک نام ربعی بن ابوربعی کا بھی ہے۔

# رُكَانَةُ بْنُ عَبْدِ يَزِيدَ

رُكَانَةُ بْنُ عَبْدِ يَزِيدَ بْنِ هَاشِمِ بْنِ الْمُطَّلِبِ بْنِ عَبْدِ مَنَافِ بْنِ قُصَيِّ بْنِ كِلَابِ بْنِ مُرَّةَ بْنِ كَعْبِ بْنِ لُؤَيِّ بْنِ غَالِبِ بْنِ فِهْرٍ وَأُمُّهُ بِنْتُ الْعَجْلَانِ، مِنْ بَنِي سَعْدِ بْنِ لَيْثِ بْنِ بَكْرِ بْنِ كِنَانَةَ، يُقَالُ: إِنَّهُ بَقِيَ إِلَى زَمَنِ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا

**4477** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الْفِرْيَابِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، ح وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ح وَحَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْقَطْرَانِيُّ، ثنا أَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخٍ قَالُوا: ثنا جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ، ثنا الزُّبَيْرُ بْنُ سَعِيدٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ بْنِ رُكَانَةَ فَأَتَيْتُهُ فِي قَرْيَةٍ، فَحَدَّثَنِي عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، أَنَّهُ طَلَّقَ امْرَأَتَهُ الْبَتَّةَ فَأَتَى رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَسَأَلَهُ فَقَالَ لَهُ: مَا نَوَيْتَ؟ قَالَ: وَاحِدَةً، قَالَ: آللّٰهُ قَالَ: آللّٰهِ قَالَ: هُوَ مَا نَوَيْتَ

**4478** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ

## حضرت رکانہ بن عبد یزید

(ان کا نسب یہ ہے:) رکانہ بن عبد یزید بن ہاشم بن مطلب بن عبد مناف بن قصی بن کلاب بن مرہ بن کعب بن لؤی بن غالب بن فہر۔ ان کی والدہ کا نام بنت عجلان' بنی سعد بن لیث بن بکر بن کنانہ کے قبیلہ والی۔ ان کے متعلق کہا جاتا ہے کہ یہ حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کی خلافت تک رہے۔

حضرت عبداللہ بن علی بن یزید بن رکانہ فرماتے ہیں کہ میں ایک بستی میں آیا' مجھے میرے والد نے ان کے دادا کے حوالے سے بتایا کہ اُنہوں نے اپنی بیوی کو طلاقِ بتہ دی اور وہ اس کے بعد رسول اللہ ﷺ کے پاس آئے تو آپ سے اس کے متعلق پوچھا' آپ ﷺ نے فرمایا: تُو نے کیا نیت کی تھی؟ اُنہوں نے عرض کی: ایک کی! آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ کی قسم؟ عرض کی: اللہ کی قسم! آپ ﷺ نے فرمایا: جو تُو نے نیت کی تھی اسی کے مطابق حکم ہوگا۔

حضرت عبداللہ بن علی بن یزید بن رکانہ فرماتے



4477- أورده الدارمي في سننه جلد2 صفحه216' رقم الحديث: 2272 .

الْحَضْرَمِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ الْحِمَّانِيُّ، ثنا ابْنُ الْمُبَارَكِ، عَنِ الزُّبَيْرِ بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ جَدِّهِ رُكَانَةَ بْنِ عَبْدِ يَزِيدَ، اَنَّهُ طَلَّقَ امْرَاَتَهُ الْبَتَّةَ، فَاَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ لَهُ فَقَالَ لَهُ: مَا اَرَدْتَ بِهَا؟ قَالَ: وَاحِدَةً، قَالَ: اللّٰهِ مَا اَرَدْتَ بِهَا اِلَّا وَاحِدَةً؟ قَالَ: اللّٰهِ مَا اَرَدْتُ بِهَا اِلَّا وَاحِدَةً، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هِيَ وَاحِدَةٌ

ہیں کہ میں ایک بستی میں آیا' مجھے میرے والد نے ان کے دادا کے حوالے سے بتایا کہ اُنہوں نے اپنی بیوی کو طلاقِ بتہ دی اور وہ اس کے بعد رسول اللہ ﷺ کے پاس آئے تو آپ سے اس کے متعلق پوچھا' آپ ﷺ نے فرمایا: تُو نے کیا نیت کی تھی؟ اُنہوں نے عرض کی: ایک کی! آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ کی قسم؟ عرض کی: اللہ کی قسم! آپ ﷺ نے فرمایا: جو تُو نے نیت کی تھی اسی کے مطابق حکم ہوگا۔

**4479** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَا: ثنا اَبُو كُرَيْبٍ مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ رَبِيعَةَ الْكِلَابِيُّ قَالَ: لَقِيتُ رَجُلًا بِمَكَّةَ مِنْ اَهْلِ عَسْقَلَانَ يُقَالُ لَهُ: اَبُو الْحَسَنِ، فَحَدَّثَنِي عَنْ اَبِي جَعْفَرٍ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ، عَنِ ابْنِ رُكَانَةَ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ رُكَانَةَ صَارَعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَصَرَعَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ رُكَانَةُ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: فَرْقُ مَا بَيْنَنَا وَبَيْنَ الْمُشْرِكِينَ الْعَمَائِمُ عَلَى الْقَلَانِسِ

حضرت ابن رکانہ فرماتے ہیں کہ حضرت رکانہ رضی اللہ عنہ نے حضور ﷺ کے ساتھ کشتی کی' حضور ﷺ نے ان کو پچھاڑ دیا۔ حضرت رکانہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: ہمارے اور مشرکوں کے درمیان فرق ٹوپی پر عمامہ باندھنا ہے (وہ ٹوپی کے بغیر جبکہ ہم ٹوپہ عمامہ باندھتے ہیں)۔



## رَكْبُ الْمِصْرِيُّ

## حضرت رکب مصری رضی اللہ عنہ

**4480** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ الْمِصْرِيُّ، ثنا يُوسُفُ بْنُ عَدِيٍّ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ

حضرت رکب المصری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اس کے لیے خوشخبری ہے جس

---

4479- أورده الترمذی فی سننه جلد4صفحه247' رقم الحديث: 1784 .

4480- أورده البيهقی فی سننه الكبرىٰ جلد4صفحه182' رقم الحديث: 7572 .

عَيَّاشٍ، عَنْ عَنْبَسَةَ بْنِ سَعِيدِ بْنِ غُنَيْمِ الْكَلَاعِيِّ، عَنْ نَصِيحٍ، عَنْ رَكْبٍ الْمِصْرِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: طُوبَى لِمَنْ تَوَاضَعَ مِنْ غَيْرِ مَنْقَصَةٍ، وَذَلَّ فِي نَفْسِهِ مِنْ غَيْرِ مَسْكَنَةٍ، وَأَنْفَقَ مَالًا جَمَعَهُ مِنْ غَيْرِ مَعْصِيَةٍ، وَرَحِمَ الْمَسَاكِينَ أَهْلَ الْمَسْكَنَةِ، وَخَالَطَ أَهْلَ الْفِقْهِ وَالْحِكْمَةِ، طُوبَى لِمَنْ ذَلَّ فِي نَفْسِهِ وَطَابَ كَسْبُهُ، وَأَصْلَحَ سَرِيرَتَهُ وَعَزَلَ عَنِ النَّاسِ شَرَّهُ، طُوبَى لِمَنْ عَمِلَ بِعِلْمِهِ وَأَنْفَقَ الْفَضْلَ مِنْ مَالِهِ وَأَمْسَكَ الْفَضْلَ مِنْ قَوْلِهِ

نے بغیر کمی کے عاجزی کی' بغیر ٹھکانہ کے اپنے نفس کو ذلیل کیا' بغیر نافرمانی کے جمع کیا ہوا مال خرچ کیا' وہاں کے رہنے والے مساکین پر رحم کیا' سمجھدار اور حکمت والوں سے لوگوں کے ساتھ' خوشخبری ہے اسکے لیے جس نے اپنے آپ کو ذلیل کیا اور اپنی کمائی پر خوش رہا اور اپنی موت کی تیاری کرتا رہا' لوگوں سے اپنے شر کو دور رکھا' خوشخبری ہے اس کے لیے جس نے اپنے علم پر عمل کیا اور اپنے زیادہ مال کو خرچ کیا اور فضول گفتگو سے رُکا رہا۔

**4481** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، ثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، ثنا الْمُطْعِمُ بْنُ الْمِقْدَامِ، عَنْ نَصِيحٍ الْعَنْسِيِّ، عَنْ رَكْبٍ الْمِصْرِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: طُوبَى لِمَنْ تَوَاضَعَ مِنْ غَيْرِ مَنْقَصَةٍ، وَذَلَّ فِي نَفْسِهِ مِنْ غَيْرِ مَسْكَنَةٍ، وَأَنْفَقَ مَالًا جَمَعَهُ فِي غَيْرِ مَعْصِيَةٍ، وَرَحِمَ أَهْلَ الذُّلِّ وَالْمَسْكَنَةِ، وَخَالَطَ أَهْلَ الْفِقْهِ وَالْحِكْمَةِ، طُوبَى لِمَنْ طَابَ كَسْبُهُ وَصَلَحَتْ سَرِيرَتُهُ وَكَرُمَتْ عَلَانِيَتُهُ وَعَزَلَ عَنِ النَّاسِ شَرَّهُ، طُوبَى لِمَنْ عَمِلَ بِعِلْمٍ وَأَنْفَقَ الْفَضْلَ مِنْ مَالِهِ وَأَمْسَكَ الْفَضْلَ مِنْ قَوْلِهِ

حضرت رکب المصری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اس کے لیے خوشخبری ہے جس نے بغیر کمی کے عاجزی کی' بغیر ٹھکانہ کے اپنے نفس کو ذلیل کیا' بغیر نافرمانی کے جمع کیا ہوا مال خرچ کیا' وہاں کے رہنے والے مساکین پر رحم کیا' سمجھدار اور حکمت والوں سے لوگوں کے ساتھ' خوشخبری ہے اسکے لیے جس نے اپنے آپ کو ذلیل کیا اور اپنی کمائی پر خوش رہا اور اپنی موت کی تیاری کرتا رہا' لوگوں سے اپنے شر کو دور رکھا' خوشخبری ہے اس کے لیے جس نے اپنے علم پر عمل کیا اور اپنے ضرورت سے بچے ہوئے مال کو خرچ کیا اور فضول گفتگو سے رُکا رہا۔

## رَبَاحُ بْنُ الرَّبِيعِ الْأُسَيِّدِی

## حضرت رباح بن ربیع اسیدی'

## اَخُو حَنْظَلَةَ الْكَاتِبُ

**4482** - حَدَّثَنَا اَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ اَبِي مَرْيَمَ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي الزِّنَادِ، اَخْبَرَنِي اَبِي، اَنَا الْمُرَقَّعُ بْنُ صَيْفِيٍّ، قَالَ: ابْنُ اَبِي مَرْيَمَ اَظُنُّهُ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ جَدَّهُ رَبَاحَ بْنَ رَبِيعٍ، اَخَا حَنْظَلَةَ الْكَاتِبَ، اَخْبَرَهُ اَنَّهُ خَرَجَ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي غَزْوَةٍ غَزَاهَا، كَانَ عَلَى مُقَدِّمَتِهِ فِيهَا خَالِدُ بْنُ الْوَلِيدِ، فَمَرَّ رَبَاحُ وَاَصْحَابُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى امْرَاَةٍ مَقْتُولَةٍ مِمَّا اَصَابَتِ الْمُقَدِّمَةُ، فَوَقَفُوا عَلَيْهَا يَنْظُرُونَ اِلَيْهَا، وَيَعْجَبُونَ مِنْ خَلْقِهَا حَتَّى لَحِقَهُمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى نَاقَةٍ لَهُ، فَتَفَرَّجُوا عَنِ الْمَرْاَةِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا كَانَتْ هَذِهِ تُقَاتِلُ، ثُمَّ نَظَرَ فِي وُجُوهِ الْقَوْمِ فَقَالَ لِاَحَدِهِمْ: الْحَقْ خَالِدَ بْنَ الْوَلِيدِ فَلَا يَقْتُلَنَّ ذُرِّيَّةً وَلَا عَسِيفًا

حَدَّثَنَا اَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْحَكَمِ، اَنَا ابْنُ وَهْبٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِي الزِّنَادِ، عَنْ اَبِيهِ، حَدَّثَنِي الْمُرَقَّعُ بْنُ صَيْفِيٍّ، اَنَّ جَدَّهُ رَبَاحَ بْنَ رَبِيعٍ، اَخَا حَنْظَلَةَ الْكَاتِبَ، اَخْبَرَهُ اَنَّهُ خَرَجَ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ ذَكَرَ مِثْلَهُ،

## حضرت حنظلہ الکاتب کے بھائی



حضرت رباح بن ربیع فرماتے ہیں کہ وہ حضورﷺ کے ساتھ ایک جہاد میں نکلے‘ اس جہاد میں حضرت خالد بن ولید آگے تھے‘ حضرت رباح اور حضورﷺ کے اصحاب ایک مقتولہ عورت کے پاس سے گزرے جو آگے والے لشکر نے اس کے ساتھ کیا تھا‘ اس کے پاس ٹھہرے اور اسے دیکھنے لگے‘ اس کی خلقت پر تعجب کرنے لگے یہاں تک کہ رسول اللہﷺ ان کو ملے‘ اس حال میں کہ آپﷺ اپنی اونٹنی پر سوار تھے‘ وہ لوگ عورت کے اردگرد سے علیحدہ ہو گئے‘ حضورﷺ نے فرمایا: اس کو کس نے قتل کیا؟ پھر لوگوں کے چہرے کی طرف دیکھا‘ ان میں سے ایک آدمی سے فرمایا: خالد بن ولید کو پیچھے سے جا کر ملو اُن سے کہو کہ کسی عورت اور بچہ کو قتل نہ کرے۔

حضرت مرقع بن صیفی اپنے دادا سے‘ وہ رسول اللہﷺ سے اس کی مثل حدیث روایت کرتے ہیں۔

---

4482- أورده أبو داؤد فی سننه جلد3صفحه53‘ رقم الحديث: 2669 .

حَدَّثَنَا اَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ اَبِي مَرْيَمَ، ثنا الْمُغِيرَةُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ اَبِي الزِّنَادِ، حَدَّثَهُ عَنِ الْمُرَقَّعِ بْنِ صَيْفِيٍّ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

حضرت مرقع بن صیفی اپنے دادا سے وہ رسول اللہ ﷺ سے اس کی مثل حدیث روایت کرتے ہیں۔

**4483** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ عَبْدِ الْجَبَّارِ الْكَرَابِيسِيُّ، ثنا الْمُغِيرَةُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ اَبِي الزِّنَادِ، عَنْ مُرَقَّعِ بْنِ صَيْفِيٍّ، عَنْ جَدِّهِ رَبَاحِ بْنِ الرَّبِيعِ، قَالَ: كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي غَزْوَةٍ وَعَلَى مُقَدِّمَةِ النَّاسِ خَالِدُ بْنُ الْوَلِيدِ، فَاِذَا امْرَاَةٌ مَقْتُولَةٌ عَلَى الطَّرِيقِ، يَتَعَجَّبُونَ مِنْ خَلْقِهَا قَدْ اَصَابَتْهَا الْمُقَدِّمَةُ، فَاَتَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَوَقَفَ عَلَيْهَا ثُمَّ قَالَ لِرَجُلٍ: اَدْرِكْ خَالِدَ بْنَ الْوَلِيدِ، فَقُلْ لَا يَقْتُلَنَّ ذُرِّيَّةً وَلَا عَسِيفًا

حضرت رباح بن ربیع فرماتے ہیں کہ وہ حضور ﷺ کے ساتھ ایک جہاد میں نکلے اس جہاد میں حضرت خالد بن ولید آگے تھے اچانک راستے پر ایک مقتولہ عورت تھی آگے والے لشکر نے اس کو قتل کیا تھا اس کی خلقت پر تعجب کرنے لگے یہاں تک کہ رسول اللہ ﷺ آئے عورت کے پاس کھڑے ہو کر ان میں سے ایک آدمی سے فرمایا: خالد بن ولید کو پیچھے سے اسے کہو کہ کسی عورت اور بچہ کو قتل نہ کرے۔

**4484** - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، وَالْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْاَسْفَاطِيُّ، قَالَا ثنا اَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، ثنا عُمَرُ بْنُ الْمُرَقَّعِ بْنِ رَبَاحٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ رَبَاحِ بْنِ الرَّبِيعِ قَالَ: كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي غَزَاةٍ، فَاِذَا النَّاسُ مُجْتَمِعُونَ عَلَى امْرَاَةٍ مَقْتُولَةٍ، فَقَالَ: مَا كَانَتْ هَذِهِ تُقَاتِلُ فَقَالَ: مَنْ عَلَى الْمُقَدِّمَةِ؟ قَالُوا: خَالِدُ بْنُ الْوَلِيدِ فَبَعَثَ اِلَيْهِ رَجُلًا فَقَالَ: مُرْ خَالِدًا لَا يَقْتُلْ ذُرِّيَّةً وَلَا عَسِيفًا

حضرت رباح بن ربیع فرماتے ہیں کہ وہ حضور ﷺ کے ساتھ ایک جہاد میں تھے اس جہاد میں حضرت خالد بن ولید آگے تھے اچانک دیکھا کہ لوگ ایک مقتولہ عورت کے پاس جمع تھے حضور ﷺ نے فرمایا: اس کو کس نے قتل کیا؟ لشکر کے آگے کون ہے؟ لوگوں نے کہا: خالد بن ولید۔ ان کی طرف ایک آدمی کو بھیجا کہ خالد بن ولید سے کہو کہ کسی عورت اور بچہ کو قتل نہ کرے۔

**4485** - حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ الْحَسَنِ

حضرت رباح بن ربیع فرماتے ہیں کہ وہ

الْعَطَّارُ، ثنا أَبُو كَامِلٍ الْجَحْدَرِيُّ، ثنا الْفَضْلُ بْنُ سُلَيْمَانَ، ثنا مُوسَى بْنُ عُقْبَةَ، حَدَّثَنِي الْمُرَقَّعُ، أَنَّهُ شَهِدَ عَلَى جَدِّهِ رَبَاحِ بْنِ الرَّبِيعِ الْحَنْظَلِيِّ، أَنَّهُ أَخْبَرَهُ أَنَّهُ خَرَجَ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي غَزْوَةٍ، وَكَانَ الْمُقَدِّمَةُ خَالِدَ بْنَ الْوَلِيدِ فَمَرَّ رَبَاحٌ وَأَصْحَابُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى امْرَأَةٍ قَتِيلَةٍ، قَتَلَتْهَا الْمُقَدِّمَةُ، فَاجْتَمَعُوا عَلَيْهَا يَنْظُرُونَ إِلَيْهَا وَإِلَى خَلْقِهَا، وَيَتَعَجَّبُونَ مِنْهَا، حَتَّى جَاءَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَتَفَرَّجُوا، فَنَظَرَ إِلَيْهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: مَا كَانَتْ هَذِهِ تُقَاتِلُ فَنَظَرَ فِي وُجُوهِ الْقَوْمِ، ثُمَّ قَالَ لِأَحَدِهِمْ: أَدْرِكْ خَالِدَ بْنَ الْوَلِيدِ فَقُلْ لَا تَقْتُلَنَّ ذُرِّيَّةً وَلَا عَسِيفًا

حضورﷺ کے ساتھ ایک جہاد میں نکلے اس جہاد میں حضرت خالد بن ولید آگے گئے تھے حضرت رباح اور حضورﷺ کے اصحاب ایک مقتولہ عورت کے پاس سے گزرے آگے والے لشکر نے اس کو قتل کیا تھا' اس کے پاس ٹھہرے اور اسے دیکھنے لگے اور اس کی تخلیق کی طرف اور اس سے تعجب کرنے لگے یہاں تک کہ رسول اللہﷺ آئے وہ لوگ عورت کے اردگرد سے علیحدہ ہو گئے' حضورﷺ نے اس کی طرف دیکھ کر فرمایا: اس کو تو قتل نہیں کرنا تھا؟ پھر لوگوں کے چہرے کی طرف دیکھا' ان میں سے ایک آدمی سے فرمایا: خالد بن ولید کو جا کر ملو اور اسے کہو کہ کسی عورت اور بچہ کو قتل نہ کرے۔

**4486** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، وَزَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ، قَالَا: ثنا سُفْيَانُ بْنُ وَكِيعٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ إِدْرِيسَ، عَنْ عُمَرَ بْنِ مُرَقِّعٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ زُهَيْرٍ، عَنْ رَبَاحِ بْنِ رَبِيعِ بْنِ مُرَقِّعِ بْنِ صَيْفِيٍّ قَالَ: غَزَوْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَانَ قَدْ أَعْطَى كُلَّ ثَلَاثَةٍ مِنَّا بَعِيرًا يَرْكَبُهُ اثْنَانِ وَيَسُوقُ وَاحِدٌ فِي الصَّحَارِي، وَنَقُودُ فِي الْجِبَالِ فَمَرَّ بِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنَا أَمْشِي فَقَالَ لِي: أَرَاكَ

حضرت رباح بن ربیع بن مرقع بن صیفی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم نے رسول اللہﷺ کے ساتھ جہاد کیا' آپ نے ہم میں سے ہر دو آدمیوں کو ایک اونٹ سواری کے لیے دیا' دو اس پر سوار ہوتے تھے اور ایک خشکی میں پیچھے سے ہانکتا تھا اور پہاڑ کے سفر میں آگے سے پکڑتا تھا' حضورﷺ میرے پاس سے گزرے تو میں چل رہا تھا' آپﷺ نے مجھے فرمایا: اے رباح! تمہیں پیدل چلتے ہوئے دیکھ رہا ہوں! میں نے عرض کی: میں ابھی اُترا ہوں' یہ میرے دوسرے

---

4486- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 9 صفحه 412 وقال: رواه الطبراني وفيه سفيان بن وكيع وهو ضعيف جدا وقيل فيه صدوق وبقية رجاله ثقات .

رباح بن الربیع الاسیدی

يَا رَبَاحُ مَاشِيًا فَقُلْتُ: إِنَّمَا نَزَلْتُ السَّاعَةَ، وَهَذَانِ صَاحِبَايَ قَدْ رَكِبَا، فَمَضَى فَمَرَّ بِصَاحِبَيَّ فَأَنَاخَا بَعِيرَهُمَا وَنَزَلَا عَنْهُ، فَلَمَّا انْتَهَيْتُ قَالَا: ارْكَبْ صَدْرَ هَذَا الْبَعِيرِ فَلَا تَزَالُ عَلَيْهِ حَتَّى نَرْجِعَ وَنَعْتَقِبُ أَنَا وَصَاحِبِي، قُلْتُ: وَلِمَ؟ قَالَا: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ لَكُمَا رَفِيقًا صَالِحًا فَأَحْسِنَا صُحْبَتَهُ

ساتھی سوار ہوئے ہیں' آپ میرے ساتھیوں کے پاس سے گزرے تو دونوں نے اونٹ بٹھایا اور اس سے اُترے جب میں وہاں پہنچا تو اُنہوں نے کہا: آپ اس اونٹ کے آگے سوار ہوں' ہمارے لوٹ کر واپس آنے تک آپ سوار رہیں' میں اور میرا ساتھی پیچھے پیچھے تھے' میں نے کہا: کیوں؟ دونوں نے کہا: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ تمہارا ساتھی نیک ہے' اس کے ساتھ اچھا سلوک کرو۔

## رَبَاحُ اللَّخْمِيُّ جَدُّ مُوسَى بْنِ عَلِيٍّ

**4487** - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ اللَّهِ أَبُو زَكَرِيَّا الدِّينَوَرِيُّ الْبَصْرِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ بَوَّابٍ الْحَضْرَمِيُّ، حَدَّثَنَا مُطَهَّرُ بْنُ الْهَيْثَمِ الطَّائِيُّ، ثنا مُوسَى بْنُ عَلِيِّ بْنِ رَبَاحٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَهُ: مَا وُلِدَ لَكَ؟ قَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ وَمَا عَسَى أَنْ يُولَدَ لِي؟ إِمَّا غُلَامٌ وَإِمَّا جَارِيَةٌ قَالَ: فَمَنْ يُشْبِهُ؟ قَالَ: مَا عَسَى أَنْ يُشْبِهَ؟ إِمَّا أُمَّهُ وَإِمَّا أَبَاهُ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَامَهْ لَا تَقُولَنَّ كَذَلِكَ، إِنَّ النُّطْفَةَ إِذَا اسْتَقَرَّتْ فِي الرَّحِمِ أَحْضَرَهَا اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ كُلَّ نَسَبٍ بَيْنَهُمَا وَبَيْنَ آدَمَ، أَمَا قَرَأْتَ هَذِهِ الْآيَةَ فِي كِتَابِ اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ: (فِي أَيِّ صُورَةٍ مَا

## حضرت موسیٰ بن علی کے دادا رباح اللخمی رضی اللہ عنہ

حضرت موسیٰ بن علی بن رباح اپنے والد گرامی سے' وہ ان کے دادا جان سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ان سے فرمایا: تمہارے ہاں اولاد ہے؟ عرض کی: یارسول اللہ! ہوسکتا ہے کہ بچہ کی ولادت ہو؟ آپ ﷺ نے فرمایا: بچہ یا بچی؟ عرض کی: کس کے مشابہ ہوگا؟ آپ نے فرمایا: کس کے مشابہ ہو ماں کے یا باپ کے؟ حضور ﷺ نے فرمایا: ایسی بات نہ کرو کیونکہ نطفہ جب ماں کے پیٹ میں ٹھہرتا ہے تو اللہ عزوجل اس کے اور آدم علیہ السلام کے درمیان جو نسب ہوتا ہے وہ حاضر کرتا ہے' پھر یہ آیت تلاوت کی: ''جس صورت میں چاہے پیدا کرے''۔

---

**4487**- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد7 صفحه134 وقال: رواه الطبراني وفيه مطهر بن الهيثم وهو متروك .

شَاءَ رَكَّبَكَ) (الانفطار: 8)

**4488** - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ اَبُو زَكَرِيَّا الدِّينَوَرِيُّ الْبَصْرِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ بَوَّابٍ الْحُصَرِيُّ، ثنا مُطَهَّرُ بْنُ الْهَيْثَمِ الطَّائِفِيُّ، ثنا مُوسَى بْنُ عَلِيِّ بْنِ رَبَاحٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ مِصْرًا سَتُفْتَحُ فَانْتَجِعُوا خَيْرَهَا وَلَا تَتَّخِذُوهَا دَارًا اِنَّهُ يُسَاقُ اِلَيْهَا اَقَلُّ النَّاسِ اَعْمَارًا

حضرت موسیٰ بن علی بن رباح اپنے والد گرامی سے وہ ان کے دادا جان سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: عنقریب مصر فتح ہوگا' اس کی اچھی چیز کو تلاش کرنا' لیکن اسے اپنا گھر نہ بنانا' کیونکہ اس تک بہت کم لوگ پہنچیں گے۔

## رَبَاحُ مَوْلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

## حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے غلام حضرت رباح رضی اللہ عنہ

**4489** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، وَعُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، قَالَا: ثنا وَكِيعٌ، عَنْ عِكْرِمَةَ بْنِ عَمَّارٍ، عَنْ اِيَاسِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: كَانَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غُلَامٌ اسْمُهُ رَبَاحٌ

حضرت ایاس بن سلمہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے غلام تھے اُن کا نام رباح تھا۔

**4490** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا سُفْيَانُ بْنُ وَكِيعٍ، ثنا اَبِي، ثنا نَافِعُ بْنُ عُمَرَ، عَنِ ابْنِ اَبِي مُلَيْكَةَ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَخْبَرَنِي بِلَالٌ، قَالَ: كَانَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت ایاس بن سلمہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے غلام تھے اُن کا نام رباح تھا۔

---

**4488**- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **10** صفحه **64** وقال: رواه الطبراني في معجمه الكبير وفيه مطهر بن الهيثم قال أبو سعيد بن يونس متروك الحديث.

**4490**- أورده الروياني في مسنده جلد **2** صفحه **17**' رقم الحديث: **753**.

وَسَلَّمَ غُلَامٌ اسْمُهُ رَبَاحٌ

## رَبَاحٌ الْأَنْصَارِيُّ مَوْلَى بَنِي جَحْجَبَى، اسْتُشْهِدَ يَوْمَ الْيَمَامَةِ

**4491** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ أَبِي الْأَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ، فِي تَسْمِيَةِ مَنْ قُتِلَ يَوْمَ الْيَمَامَةِ، مِنَ الْأَنْصَارِ، رَبَاحٌ مَوْلَى بَنِي جَحْجَبَى

**4492** - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، فِي تَسْمِيَةِ مَنِ اسْتُشْهِدَ يَوْمَ الْيَمَامَةِ مِنَ الْأَنْصَارِ، ثُمَّ مِنَ الْأَوْسِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ، رَبَاحٌ، مَوْلَى بَنِي جَحْجَبَى

## رَزِينُ بْنُ أَنَسٍ السُّلَمِيُّ

**4493** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو رَبِيعَةَ فَهْدُ بْنُ عَوْفٍ، ثنا نَائِلُ بْنُ مُطَرِّفٍ السُّلَمِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ جَدِّي رَزِينِ بْنِ أَنَسٍ، قَالَ: لَمَّا ظَهَرَ الْإِسْلَامُ وَلَنَا بِئْرٌ بِالدَّنِينَةِ، خِفْنَا أَنْ يَغْلِبَنَا عَلَيْهَا مَنْ حَوْلَنَا، قَالَ: فَأَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى

## حضرت رباح انصاری، بنی جحجبی کے غلام، جنگ یمامہ کے دن شہید کیے گئے تھے

حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ انصار میں سے جو جنگ یمامہ میں شہید ہوئے، اُن کے ناموں میں سے ایک نام بنی جحجبی کے غلام حضرت رباح کا بھی ہے۔

حضرت ابن شہاب فرماتے ہیں کہ انصار اور اوس اور بنی عمرو بن عوف میں سے جو جنگ یمامہ میں شریک ہوئے، اُن کے ناموں میں ایک نام بنی جحجبی کے غلام رباح کا بھی ہے۔

## حضرت رزین بن انس السلمی رضی اللہ عنہ

حضرت رزین بن انس فرماتے ہیں: جب اسلام کو غلبہ عطا ہوا، ہمارے پاس دنینہ کے مقام پر ایک کنواں تھا، ہمیں خوف تھا کہ پڑوسی اس پر غلبہ ڈال لیں گے۔ فرماتے ہیں: میں رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں آیا، پس میں نے آپ ﷺ کے سامنے اس کا ذکر



4493- أورده أبو يعلى في مسنده جلد13 صفحه130، رقم الحديث: 7178.

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لَهُ، قَالَ: وَكَتَبَ لِي كِتَابًا: مِنْ مُحَمَّدٍ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ امَا بَعْدُ فَإِنَّ لَهُمْ بِئْرَهُمْ إِنْ كَانَ صَادِقًا قَالَ: فَمَا قَاضَيْنَا فِيهِ إِلَى أَحَدٍ مِنْ قُضَاةِ الْمَدِينَةِ إِلَّا قَضَوْا لَنَا بِهِ، قَالَ: وَفِي كِتَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ كَذَا، وَزَعَمَ أَنَّهُ كَذَا كَانَ كِتَابُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

کیا' فرماتے ہیں: آپ ﷺ نے مجھے ایک خط لکھ کر دیا' اللہ کے رسول محمد ﷺ کی طرف سے' لیکن اس کے بعد۔ پس بے شک ان کی ملکیت ہے۔ کنواں' اگر میرے پاس آنے والا سچا ہے۔ فرماتے ہیں: اس کے بارے میں مدینہ کے قاضیوں میں سے ہم نے جس سے بھی فیصلہ کروایا' انہوں نے ہمارے حق میں فیصلہ کیا۔ فرماتے ہیں: نبی کریم ﷺ کے خط میں اس طرح تھا۔ انہوں نے بھی یہی یقین کیا کہ اس طرح ہے جس طرح نبی کریم ﷺ کا خط ہے۔

## رِقَادُ بْنُ رَبِيعَةَ الْعُقَيْلِيُّ

4494 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ كَثِيرٍ الْبَجَلِيُّ، أَنَا يَعْلَى بْنُ الْأَشْدَقِ قَالَ: أَدْرَكْتُ عِدَّةً مِنْ أَصْحَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِمَّنْ صَدَقَ مِنْهُمْ رِقَادُ بْنُ رَبِيعَةَ، قَالَ: أَخَذَ مِنَّا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْغَنَمِ مِنَ الْمِئَةِ شَاةً، فَإِنْ زَادَتْ فَشَاتَانِ

## حضرت رقاد بن ربیعہ العقیلی رضی اللہ عنہ

حضرت یعلی بن اشدق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور ﷺ کے کئی صحابہ کو پایا' زکوٰۃ وصول کرنے والوں میں سے حضرت رقاد بن ربیعہ بھی تھے' اُنہوں نے فرمایا: ہم سے رسول اللہ ﷺ نے سو بکریوں میں سے ایک بکری زکوٰۃ کے طور پر لی' اگر زیادہ ہوں تو دو بکریاں۔

## رُشَيْدُ بْنُ مَالِكٍ أَبُو عَمِيرَةَ السَّعْدِيُّ

4495 - حَدَّثَنَا أَبُو زُرْعَةَ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ

## حضرت رشید بن مالک ابوعمیرہ السعدی رضی اللہ عنہ

حضرت ابوعمیرہ رشید بن مالک فرماتے ہیں کہ ہم



4494- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد3صفحه74 .

عَمْرٍو الدِّمَشْقِيُّ، ثنا اَبُو نُعَيْمٍ، ح حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، حَدَّثَنَا خَلَّادُ بْنُ يَحْيَى، ح وَحَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا الْحَكَمُ بْنُ مَرْوَانَ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ، ح وَحَدَّثَنَا يُوسُفُ الْقَاضِي، ثنا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ، قَالُوا: ثنا مُعَرِّفُ بْنُ وَاصِلٍ السَّعْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَتْنِي حَفْصَةُ بِنْتُ طَلْقٍ قَالَتْ: حَدَّثَنَا اَبُو عَمِيرَةَ رُشَيْدُ بْنُ مَالِكٍ قَالَ: كُنَّا جُلُوسًا عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَتَاهُ رَجُلٌ بِطَبَقٍ عَلَيْهِ تَمْرٌ، فَقَالَ لَهُ: مَا هَذَا اَهَدِيَّةٌ اَمْ صَدَقَةٌ؟ قَالَ الرَّجُلُ: صَدَقَةٌ، قَالَ: فَقَدِّمْهَا اِلَى الْقَوْمِ قَالَ: وَحَسَنٌ بَيْنَ يَدَيْهِ يَتَعَفَّرُ، قَالَ: فَاَخَذَ الصَّبِيُّ تَمْرَةً فَجَعَلَهَا فِي فِيهِ، قَالَ: فَفَطِنَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَدْخَلَ اِصْبَعَهُ فِي فِيِّ الصَّبِيِّ، فَانْتَزَعَ التَّمْرَةَ ثُمَّ قَذَفَهُ بِهَا، وَقَالَ: اِنَّا آلَ مُحَمَّدٍ لَا نَاْكُلُ الصَّدَقَةَ

حضور ﷺ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے' آپ کے پاس ایک آدمی کھجوروں کا ٹوکرا لے کر آیا' آپ نے فرمایا: یہ کیا ہدیہ کریں یا صدقہ کریں؟ اس آدمی نے عرض کی: صدقہ کیا ہے' آپ نے فرمایا: لوگوں کے سامنے پیش کرو۔ حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ آپ کے آگے تھے' آپ نے کھجور لے لی اور اپنے منہ میں ڈالی' حضور ﷺ نے اپنی انگلی ان کے منہ میں ڈالی اور کھجور نکال کر پھینک دی' فرمایا: ہم آلِ محمد' صدقہ نہیں کھاتے ہیں۔

## رِيَابُ الْمُزَنِيُّ

## حضرت ریاب مزنی رضی اللہ عنہ

**4496** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ غِيَاثٍ، ثنا الْفُرَاتُ بْنُ اَبِي الْفُرَاتِ، قَالَ: سَمِعْتُ الْفَضْلَ بْنَ طَلْحَةَ، يُحَدِّثُ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ قُرَّةَ بْنِ رِيَابٍ، عَنْ اَبِيهِ اَنَّهُ كَانَ مَعَ جَدِّهِ حَيْثُ اَتَى رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ غُلَامٌ فَوَجَدَهُ مَحْلُولَ الْاَزْرَارِ

حضرت معاویہ بن قرہ بن ریاب اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ وہ اپنے دادا کے ساتھ رسول اللہ ﷺ کے غلام کے پاس آئے' میں بچہ تھا' آپ ﷺ نے بٹن کھولے ہوئے تھے۔

## رَسِيمٌ الْعَبْدِيُّ

**4497** - حَدَّثَنَا، مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، وَعُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، قَالَا ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ يَحْيَى بْنِ غَسَّانَ، عَنِ ابْنِ الرَّسِيمِ، عَنْ اَبِيهِ، وَكَانَ مِنْ اَهْلِ هَجَرَ، وَكَانَ فَقِيهًا، اَنَّهُ انْطَلَقَ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي وَفْدٍ بِصَدَقَةٍ، فَحَمَلَهَا اِلَيْهِ، فَنَهَاهُمْ عَنِ النَّبِيذِ فِي هَذِهِ الظُّرُوفِ، فَرَجَعُوا اِلَى اَرْضِهِمْ، وَهِيَ اَرْضُ تِهَامَةَ حَارَّةً، فَاسْتَوْخَمُوا فَرَجَعُوا اِلَيْهِ الْعَامَ الثَّانِيَ فِي صَدَقَاتِهِمْ، فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اِنَّكَ نَهَيْتَنَا عَنْ هَذِهِ الْاَوْعِيَةِ، فَتَرَكْنَاهَا فَشَقَّ ذٰلِكَ عَلَيْنَا فَقَالَ: اذْهَبُوا فَاشْرَبُوا مَا شِئْتُمْ وَلَا تَشْرَبُوا مَا اُوكِيَ سِقَاؤُهُ عَلَى اِثْمٍ

## حضرت رسیم العبدی رضی اللہ عنہ

حضرت ابن رسیم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ ان کے والد ہجرت والوں میں سے تھے اور فقیہ تھے' وہ زکوٰۃ کے وفد میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آئے' اس کو اُٹھا کر لائے' آپ نے ان برتنوں میں نبیذ بنانے سے منع کیا' وہ دوبارہ اپنے ملک آئے' ان کا ملک تہامہ میں انتہائی گرم تھا' گرم آب وہوا سے ان کی صحت خراب ہوگئی' پس آئندہ سال زکوٰۃ لے کر آئے' اُنہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ نے ان برتنوں سے منع کیا تو ہم نے چھوڑ دیا ہے' ہم پر دشوار ہوا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جاؤ پیو! جس میں تم چاہو لیکن نشہ آور شی نہ پینا۔

## رِعْيَةُ الْجُهَنِيُّ ثُمَّ السُّحَيْمِيُّ

**4498** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَكْرٍ الْبُرْسَانِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبَانَ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ التَّسْنِيمِيُّ، ثنا الْاَنْصَارِيُّ، ثنا اِسْرَائِيلُ بْنُ يُونُسَ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ عَامِرٍ الشَّعْبِيِّ،

## حضرت رعیہ جہنی پھر سحیمی رضی اللہ عنہ

حضرت رعیہ سحیمی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کی طرف سرخ چمڑے پر ایک خط لکھا' انہوں نے اس کے ساتھ اپنی ڈول یا مشک کو پیوند لگا لیا۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خبر دی گئی اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک چھوٹا لشکر بھیج دیا' پس انہوں نے



4497- أورده أحمد فی مسنده جلد3صفحه481 .

4498- أورده أحمد فی مسنده جلد5صفحه285' رقم الحديث: 22519 .

رعية الجهني ثم السحيمي

عَنْ رِعْيَةَ السُّحَيْمِيِّ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَتَبَ اِلَيْهِ كِتَابًا فِي اَدِيمٍ اَحْمَرَ، فَرَقَّعَ بِهِ دَلْوَهُ، فَاُخْبِرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبَعَثَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَرِيَّةً فَلَمْ يَدَعُوا لَهُ سَارِحَةً وَلَا بَارِحَةً وَلَا اَهْلًا وَلَا مَالًا اِلَّا اَخَذُوهُ، فَاَفْلَتَ عُرْيَانًا عَلَى فَرَسٍ، فَاَتَى ابْنَتَهُ وَهِيَ مُتَزَوِّجَةٌ فِي بَنِي هِلَالٍ، وَكَانَ مَجْلِسُ الْقَوْمِ بِفِنَاءِ بَابِهَا، فَدَخَلَ مِنْ وَرَاءِ الْبُيُوتِ عَلَيْهَا فَقَالَتْ: مَا لَكَ؟ قَالَ: كُلُّ شَرٍّ قَدْ نَزَلَ بِاَبِيكِ، مَا تُرِكَ لَهُ سَارِحَةٌ وَلَا بَارِحَةٌ وَلَا اَهْلٌ وَلَا مَالٌ اِلَّا اُخِذَ، قُلْتُ قَدْ دُعِيتِ اِلَى الْاِسْلَامِ، وَكَانَتْ قَدْ اَسْلَمَتْ هِيَ، قَالَ: فَطَرَحْتُ عَلَيْهِ ثَوْبًا، فَخَرَجَ، فَقَالَ: اَيْنَ بَعْلُكِ؟ قَالَتْ: فِي الرَّحْلِ فَاَتَاهُ وَعَلَيْهِ ثَوْبٌ اِذَا غُطِّيَ بِهِ رَاْسُهُ انْكَشَفَتِ اسْتُهُ، وَاِنْ غُطِّيَ اسْتُهُ انْكَشَفَ رَاْسُهُ، فَقَالَ: مَا الَّذِي اَرَى بِكَ؟ قَالَ: كُلُّ الشَّرِّ قَدْ نَزَلَ بِي، فَاَعَادَ الْكَلَامَ عَلَيْهِ بِمِثْلِ مَا قَالَ لِابْنَتِهِ، قَالَ: وَاَنَا اُرِيدُ مُحَمَّدًا قَبْلَ اَنْ يُقَسِّمَ مَالِي، قَالَ: خُذْ رَاحِلَتِي، قَالَ: لَا حَاجَةَ لِي بِهَا، وَلَكِنْ اَعْطِنِي الْقَعُودَ، قَالَ: فَاَخَذَهَا وَمَضَى اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَتَاهُ مَعَ صَلَاةِ الصُّبْحِ وَهُوَ يُصَلِّي، فَلَمَّا قَضَى صَلَاتَهُ قَالَ: ابْسُطْ يَدَيْكَ اُبَايِعْكَ، فَبَسَطَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَهُ، فَلَمَّا اَرَادَ اَنْ يَضْرِبَ عَلَيْهَا، قَبَضَهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

نہ باہر چرنے والے نہ گھر میں کھڑے ہوئے جانوروں کو چھوڑا اور نہ گھر میں رہنے والے آدمیوں کو اور نہ مال کو چھوڑا' مگر سب کو پکڑ لیا۔ پس میں اپنے گھوڑے کی ننگی پیٹھ پہ ننگا خالی ہاتھ سوار ہوا۔ اپنی بیٹی کے گھر آیا جو بنی ہلال میں بیاہی ہوئی تھی' اس کے دروازے پر لوگ اکٹھے تھے' میں گھروں کی پچھلی طرف سے اس کے پاس گیا۔ اس نے کہا: آپ کو کیا ہے؟ میں نے کہا: ہر بُرائی تیرے باپ پر نازل ہوئی ہے' نہ کوئی باہر چھوڑا ہوا' نہ گھر بندھا ہوا رہا نہ گھر والے اور نہ مال بچا مگر سب کچھ لے لیا گیا۔ میں نے کہا: تجھے اسلام کی دعوت دوں حالانکہ وہ پہلے اسلام لا چکی تھیں۔ راوی کا بیان ہے: میں نے اس پر کپڑا ڈالا' پس وہ نکلا' اس نے کہا: تیرا شوہر کہاں ہے' اس نے کہا: قیام گاہ میں۔ پس وہ آیا اس حال میں اسے دیکھا کہ اس پر ایک ہی کپڑا تھا' جب اس سے سر ڈھانپا جاتا تو پیٹھ (سرین) ننگی ہو جاتی اور اگر سرین پہ ڈالا جاتا تو سر ننگا ہو جاتا تھا۔ پس اس نے کہا: تیرا کیا حال دیکھ رہا ہوں۔ اس نے جواب دیا: ہر بلال مجھ پر نازل ہوئی ہے' پس اس نے دوبارہ وہی بات کی جو پہلے اپنی بیٹی سے کر چکا تھا۔ کہا: میں محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں جانا چاہتا ہوں' اس سے پہلے کہ میرا مال تقسیم کیا جائے۔ اس نے کہا: میری سواری لے لو۔ اس نے کہا: مجھے اس کی ضرورت نہیں (مجھے اپنی ہی کافی ہے) لیکن مجھے کانٹھی دے دیجئے! وہ کہتے ہیں: پس وہ پکڑی اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف چل دیئے۔ پس آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

وَسَلَّمَ فَعَلَ ذٰلِكَ مِرَارًا، ثُمَّ اَقْبَلَ عَلَيْهِ، فَقَالَ: مَنْ اَنْتَ؟ قَالَ: رِعْيَةُ السُّحَيْمِيُّ، فَاَخَذَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِعَضُدِهِ، فَرَفَعَهُ مِنَ الْاَرْضِ، ثُمَّ قَالَ: هَا هٰذَا رِعْيَةُ السُّحَيْمِي كَتَبْتُ اِلَيْهِ كِتَابًا، فَرَقَّعَ بِهِ دَلْوَهُ، وَقَالَ رِعْيَةُ: مَالِي وَوَلَدِي، قَالَ: اَمَّا مَالُكَ فَهَيْهَاتَ قَدْ قُسِّمَ، وَاَمَّا وَلَدُكَ وَاَهْلُكَ فَمَنْ اَصَبْتَ مِنْهُمْ، قَالَ: فَمَضَى ثُمَّ عَادَ، وَاِذَا ابْنُهُ قَدْ عَرَفَ، فَرَجَعَ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: هٰذَا ابْنِي، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا بِلَالُ اخْرُجْ مَعَهُ، فَاِنْ زَعَمَ اَنَّهُ ابْنُهُ فَادْفَعْهُ اِلَيْهِ، فَخَرَجَ مَعَهُ، فَقَالَ: هٰذَا ابْنِي فَدَفَعَهُ اِلَيْهِ، وَاَقْبَلَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: ذَكَرَ اَنَّهُ ابْنُهُ، وَمَا رَاَيْتُ وَاحِدًا مِنْهُمْ اسْتَعْبَرَ اِلَى صَاحِبِهِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ذَاكَ جَفَاءُ الْاَعْرَابِ

کی خدمت میں صبح کی نماز کے ساتھ پہنچے' اس حال میں کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نماز ادا فرما رہے تھے' پس جب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نماز ادا کر لی تو میں نے عرض کی: اپنا ہاتھ آگے کریں تاکہ آپ سے بیعت کروں۔ پس رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنا ہاتھ آگے کیا' پس جب انہوں نے ہاتھ پر ہاتھ رکھنے کا ارادہ کیا تو آپ نے ہاتھ پکڑ لیا اور کئی بار ایسا کیا' پھر اس کی طرف متوجہ ہوئے' فرمایا: آپ کون ہیں؟ عرض کی: رعیہ سحیمی۔ پس نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کے بازو سے پکڑا اور اس کو زمین سے اُٹھا لیا' پھر فرمایا: ادھر توجہ کرو! یہ وہ رعیہ سحیمی ہے جس کو میں نے خط لکھ کر دیا اور اس نے جا کر اس سے اپنی ڈول کو پیوند لگا لیا۔ رعیہ بول اُٹھا: میرا مال اور میری اولاد۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جہاں تک تیرے مال کا تعلق ہے تو وہ تقسیم کر دیا گیا ہے' لیکن اپنی اولاد اور گھر والوں میں سے جس کو پائے (تو لے جا)۔ وہ کہتے ہیں: وہ گئے' پھر لوٹ کر آئے۔ اچانک اس کے بیٹے نے اس کو پہچان لیا۔ پس وہ لوٹ کر نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف آئے۔ عرض کی: یہ میرا بیٹا ہے۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے بلال! اس کے ساتھ جا' پس اگر اس کا یقین ہے کہ وہ اس کا بیٹا ہے تو اس کے حوالے کر دو' پس وہ اس کے ساتھ گئے' اس نے کہا: یہ میرا بیٹا ہے۔ پس انہوں نے اس کو اس کے حوالے کر دیا اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں آ کر بتایا کہ وہ اس کا بیٹا ہے اور میں نے ان میں سے کسی کو نہیں دیکھا کہ وہ اپنے

دوست کیلئے آنسو بہائے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: یہی تو دیہاتیوں کی بے وفائی ہے۔

4499 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، وَالْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، قَالَا: ثنا أَبُو كُرَيْبٍ، ثنا يَحْيَى بْنُ آدَمَ، عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنِ الْحَجَّاجِ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ رِعْيَةَ الْجُهَنِيِّ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَتَبَ إِلَيْهِ كِتَابًا فَرَقَّعَ بِهِ دَلْوَهُ، فَمَرَّتْ بِهِ سَرِيَّةٌ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاسْتَاقُوا إِبِلًا لَهُ، فَأَسْلَمَ فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَمَا مَا أَدْرَكْتَ مِنْ مَالِكَ بِعَيْنِهِ قَبْلَ أَنْ يُقَسَّمَ فَأَنْتَ أَحَقُّ بِهِ

حضرت رعیہ جہنی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے ان کی طرف خط لکھا' اس نے اس کے ساتھ اپنی ڈول کو پیوند لگا لیا' پس اس کے پاس سے رسول کریم ﷺ کا لشکر گزرا' پس اُنہوں نے اس کے اونٹ ہانک لیے' پس اس نے اسلام قبول کر لیا تو رسول کریم ﷺ نے فرمایا: بہرحال اپنے مال میں سے جو مال بعینہٖ پالے' مال تقسیم ہونے سے پہلے تو اس کا زیادہ حق دار ہے۔

## رُقَيْمُ بْنُ ثَابِتٍ أَبُو ثَابِتٍ الْأَنْصَارِيُّ اسْتُشْهِدَ يَوْمَ الطَّائِفِ

## حضرت رقیم بن ثابت ابوثار انصاری' طائف کے دن شہید کیے گئے تھے

4500 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ أَبِي الْأَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ، فِي تَسْمِيَةِ مَنِ اسْتُشْهِدَ يَوْمَ الطَّائِفِ مِنَ الْأَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ، ثُمَّ مِنْ بَنِي مُعَاوِيَةَ بْنِ الْحَارِثِ، رُقَيْمُ بْنُ ثَابِتِ بْنِ

حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ انصار اور بنی عمرو بن عوف اور بنی معاویہ بن حارث میں سے جو طائف کے دن شہید کیے گئے' ان کے ناموں میں سے ایک نام رقیم بن ثابت بن ثعلبہ رضی اللہ عنہ کا بھی ہے۔



4499- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد6صفحه206 وقال: رواه الطبراني وفيه الحجاج بن أرطاة وهو مدلس وبقية رجاله رجال الصحيح الا أنه من رواية ابن اسحاق عن رعية وقد رواه قبل هذا عن أبي اسحاق عن الشعبي وعن أبي اسحاق عن أبي عمرو الشيباني والله أعلم .

ثَعْلَبَةَ

4501 - حَدَّثَنَا اَبُو شُعَيْبٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا اَبُو جَعْفَرٍ النُّفَيْلِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، فِي تَسْمِيَةِ مَنِ اسْتُشْهِدَ يَوْمَ الطَّائِفِ مِنَ الْاَنْصَارِ، ثُمَّ مِنَ الْاَوْسِ، رُقَيْمُ بْنُ ثَابِتِ بْنِ ثَعْلَبَةَ بْنِ زَيْدِ بْنِ لَوْذَانَ بْنِ مُعَاوِيَةَ

حضرت محمد بن اسحاق فرماتے ہیں کہ انصار میں طائف کے دن اور اوس میں سے جو طائف کے دن شہید ہوئے' اُن کے ناموں میں سے ایک نام رقیم بن ثابت بن ثعلبہ بن زید بن لوذان بن معاویہ کا بھی ہے۔

## رُخَيْلَةُ بْنُ ثَعْلَبَةَ بْنِ خَلْدَةَ الْاَنْصَارِيُّ بَدْرِيٌّ

## حضرت زخیلہ بن ثعلبہ بن خلدہ انصاری بدری رضی اللہ عنہ

4502 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْاَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي بَيَاضَةَ، رُخَيْلَةُ بْنُ ثَعْلَبَةَ بْنِ خَلْدَةَ

حضرت ابن شہاب فرماتے ہیں کہ انصار اور بنی بیاضہ میں سے جو بدر میں شریک ہوئے' اُن کے ناموں میں سے ایک نام زخیلہ بن ثعلبہ بن خلدہ کا بھی ہے۔

## رَوْحُ بْنُ زِنْبَاعٍ الْجُذَامِيُّ

## حضرت روح بن زنباح الجذامی رضی اللہ عنہ

4503 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا يَحْيَى بْنُ مَعِينٍ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ اَبِي مَعْشَرٍ قَالَ: لَمَّا مَاتَ مُعَاوِيَةُ بْنُ يَزِيدَ بَايَعَ اَهْلُ الشَّامِ كُلُّهُمُ ابْنَ الزُّبَيْرِ اِلَّا اَهْلَ الْاُرْدُنِّ، فَلَمَّا

حضرت ابومعشر فرماتے ہیں کہ جب حضرت معاویہ بن یزید فوت ہوئے تو سواء اردن کے لوگوں کے تمام شام والوں نے ابن زبیر کی بیعت کی' جب بنی امیہ اور شام کے مالدار لوگوں نے یہ بات دیکھی تو ان میں



---

4503- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد7صفحه257 وقال: رواه الطبراني واسناده منقطع .

رَاَى ذٰلِكَ رُءُوسُ بَنِي اُمَيَّةَ وَنَاسٌ مِنْ اَهْلِ الشَّامِ مِنْ اَشْرَافِهِمْ، وَفِيهِمْ رَوْحُ بْنُ زِنْبَاعٍ الْجُذَامِيُّ، قَالَ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ: اِنَّ الْمُلْكَ كَانَ فِينَا اَهْلَ الشَّامِ فَيُنْقَلُ ذٰلِكَ اِلَى الْحِجَازِ لَا نَرْضَى بِذٰلِكَ

روح بن زنباع الجذامی تھے' ان میں بعض بعض سے کہنے لگے کہ بادشاہی ہمارے شام والوں میں ہے اور یہ حجاز کی طرف چلی جائے گی اور ہم اس بات پر راضی ہیں۔

# بَابُ الزَّايِ

# باب الزای

## مَنِ اسْمُهُ زَيْدٌ

## جن کا نام زید ہے

## زَيْدُ بْنُ الْخَطَّابِ

## حضرت زید بن خطاب

زَيْدُ بْنُ الْخَطَّابِ بْنِ نُفَيْلِ بْنِ عَبْدِ الْعُزَّى بْنِ رَبَاحِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ قُرْطِ بْنِ رَزَاحِ بْنِ عَدِيِّ بْنِ كَعْبٍ بَدْرِيٌّ اسْتُشْهِدَ يَوْمَ الْيَمَامَةِ

(ان کا نسب یہ ہے:) زید بن خطاب بن نفیل بن عبدالعزیٰ بن رباح بن عبداللہ بن قرط بن رزاح بن عدی بن کعب بدری' یہ یمامہ کے دن شہید کیے گئے تھے۔

4504 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ، فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنْ قُرَيْشٍ، مِنْ بَنِي عَدِيِّ بْنِ كَعْبٍ زَيْدُ بْنُ الْخَطَّابِ

حضرت ابن شہاب فرماتے ہیں: قریش اور بنی عدی بن کعب میں سے جو بدر میں شریک ہوئے' اُن کے ناموں میں سے ایک نام زید بن خطاب کا بھی ہے۔

4505 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنْ قُرَيْشٍ، ثُمَّ مِنْ بَنِي عَدِيِّ بْنِ كَعْبٍ، زَيْدُ بْنُ الْخَطَّابِ

حضرت عروہ فرماتے ہیں: قریش اور بنی عدی بن کعب میں سے جو بدر میں شریک ہوئے' اُن کے ناموں میں سے ایک نام زید بن خطاب کا بھی ہے۔

4506 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ

حضرت عروہ فرماتے ہیں: قریش اور بنی عدی بن

سُلَيْمَانَ الْأَصْبَهَانِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، فِي تَسْمِيَةِ مَنِ اسْتُشْهِدَ يَوْمَ الْيَمَامَةِ مِنْ قُرَيْشٍ، ثُمَّ مِنْ بَنِي عَدِيِّ بْنِ كَعْبٍ، زَيْدُ بْنُ الْخَطَّابِ

کعب میں سے جو بدر میں شریک ہوئے' اُن کے ناموں میں سے ایک نام زید بن خطاب کا بھی ہے۔

**4507** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ الْحَكَمِ بْنَ أَبِي زِيَادٍ يَقُولُ: زَيْدُ بْنُ الْخَطَّابِ كَانَ أَسَنَّ مِنْ عُمَرَ وَيُكْنَى أَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ وَيُقَالُ أَبُو ثَوْرٍ

حضرت عبداللہ بن حکم بن ابوزیاد فرماتے ہیں کہ زید بن خطاب عمر میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے بڑے تھے' آپ کی کنیت ابوعبدالرحمٰن تھی اور آپ کو ابوثور بھی کہا جاتا ہے۔

**4508** - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اقْتُلُوا الْحَيَّاتِ وَاقْتُلُوا ذَا الطُّفْيَتَيْنِ وَالْأَبْتَرَ، فَإِنَّهُمَا يُسْقِطَانِ الْحَمْلَ وَيَطْمِسَانِ الْبَصَرَ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: سانپوں کو مارو خصوصاً دو دھاری والا اور چھوٹا سانپ ضرور مارو کیونکہ یہ دونوں حمل گرا دیتے ہیں اور آنکھ کی بینائی اُچک لیتے ہیں۔

**4509** - قَالَ ابْنُ عُمَرَ: فَرَآنِي أَبُو لُبَابَةَ، أَوْ زَيْدُ بْنُ الْخَطَّابِ، وَأَنَا أُطَارِدُ حَيَّةً لِأَقْتُلَهَا، فَنَهَانِي، فَقُلْتُ: إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ أَمَرَ بِقَتْلِهِنَّ فَقَالَ: إِنَّهُ قَدْ نَهَى بَعْدَ ذَلِكَ عَنْ قَتْلِ ذَوَاتِ الْبُيُوتِ قَالَ الزُّهْرِيُّ: وَهُنَّ الْعَوَامِرُ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں ایک سانپ کو قتل کرنے کیلئے گھر سے دور کر رہا تھا تو مجھے ابولبابہ یا زید بن خطاب نے دیکھ لیا۔ پس اس جوان نے مجھے منع کیا۔ میں نے کہا: رسول کریم ﷺ نے ان کو قتل کرنے کا حکم دیا ہے' تو اس نے کہا: اس حکم کے بعد آپ ﷺ نے گھروں میں رہنے والوں کو قتل کرنے سے منع فرما دیا۔ امام زہری فرماتے ہیں: وہ آبادیوں میں رہنے والے ہیں۔

**4510** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا

حضرت سالم اپنے والد گرامی سے روایت کرتے

الْقَعْنَبِيُّ، ثنا حَاتِمُ بْنُ سَمَاعِيلَ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ بْنِ مُجَمِّعٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَالِمٍ عَنْ اَبِيهِ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اقْتُلُوا الْحَيَّاتِ

ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: سانپوں کو مار دیا کرو۔

**4511** - قَالَ ابْنُ عُمَرَ: فَرَآنِي اَبُو لُبَابَةَ، وَزَيْدُ بْنُ الْخَطَّابِ، وَاَنَا اَقْتُلُ حَيَّةً مِنْ ذَوَاتِ الْبُيُوتِ، وَكُنَّا نَدْعُوهُنَّ الْجِنَّانَ فَقَالَا: يَا عَبْدَ اللّٰهِ اِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَانَا اَنْ نَقْتُلَ ذَوَاتَ الْبُيُوتِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا: میں نے حضرت ابولبابہ اور حضرت زید بن خطاب نے مجھے دیکھا جبکہ گھروں میں رہنے والے سانپوں میں سے ایک سانپ کو میں مار رہا تھا اور ہم ان کو جن کہا کرتے تھے' پس ان دونوں نے فرمایا: اے عبداللہ! رسول کریم ﷺ نے گھروں میں رہنے والے سانپوں کو قتل کرنے سے روکا ہے۔

**4512** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْبَزَّارُ، ثنا بِشْرُ بْنُ آدَمَ، ثنا اَبُو عَلِيٍّ الْحَنَفِيُّ، ثنا زَمْعَةُ بْنُ صَالِحٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ اَبِي لُبَابَةَ بْنِ عَبْدِ الْمُنْذِرِ، وَزَيْدِ بْنِ الْخَطَّابِ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ قَتْلِ الْجِنَّانِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ اُنہوں نے ابولبابہ بن منذر اور زید بن خطاب سے روایت کیا ہے کہ نبی کریم ﷺ نے جنوں کو قتل کرنے سے منع فرمایا۔

**4513** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعْدٍ، ثنا عَمِّي، ثنا اَبِي، عَنْ صَالِحِ بْنِ كَيْسَانَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، اَنَّ سَالِمًا، اَخْبَرَهُ اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ، اَخْبَرَهُ اَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اقْتُلُوا الْحَيَّاتِ ذَا الطُّفْيَتَيْنِ وَالْاَبْتَرَ فَاِنَّهُمَا يَلْتَمِسَانِ الْبَصَرَ وَيَسْتَسْقِطَانِ الْحَمْلَ

حضرت ابن شہاب سے روایت ہے کہ حضرت سالم نے ان کو خبر دی کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے ان کو خبر دی کہ انہوں نے رسول کریم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: سانپوں کو مار دیا کرو مگر دو دھاری والا اور چھوٹا سانپ کیونکہ یہ دونوں بینائی کو اُچک لیتے ہیں اور حمل کو گرا دیتے ہیں۔

**4514** - فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ: مَا كُنْتُ ادَعُ حَيَّةً اِلَّا قَتَلْتُهَا حَتّٰى رَآنِى اَبُو لُبَابَةَ بْنُ الْمُنْذِرِ، وَزَيْدُ بْنُ الْخَطَّابِ، وَاَنَا اُطَالِبُ حَيَّةً مِنْ حَيَّاتِ الْبُيُوتِ، فَنَهَيَانِى عَنْ قَتْلِهَا، فَقُلْتُ: اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَ بِقَتْلِهِنَّ فَقَالَا: اِنَّهُ قَدْ نَهَى عَنْ قَتْلِ ذَوَاتِ الْبُيُوتِ

پس حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: میں ہمیشہ سانپ کو قتل ہی کر دیا کرتا تھا حتیٰ کہ مجھے ابولبابہ بن منذر اور زید بن خطاب نے دیکھا جبکہ میں گھر کے سانپوں میں سے ایک سانپ کو دُور کر رہا تھا' ان دونوں نے مجھے اس کو قتل کرنے سے منع کیا' پس میں نے کہا: بے شک رسول کریم ﷺ نے ان کو قتل کرنے کا حکم دیا ہے' پس انہوں نے کہا: بے شک آپ ﷺ نے گھروں میں رہنے والے سانپوں کو قتل کرنے سے روکا ہے (کیونکہ یہ سانپ نہیں جن ہوتے ہیں)۔

**4515** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ خَلَّادٍ الدَّوْرَقِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ حِزَامٍ الضُّبَعِيُّ الْبَصْرِيُّ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ مُحَمَّدٍ اَبُو عَامِرٍ الْاَنْصَارِيُّ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ اَبِى جَنَابٍ الْكَلْبِيِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ زَيْدِ بْنِ الْخَطَّابِ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: خَرَجْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ فَتْحِ مَكَّةَ نَحْوَ الْمَقَابِرِ، فَقَعَدَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى قَبْرٍ، فَرَاَيْنَاهُ كَاَنَّهُ يُنَاجِى، فَقَامَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمْسَحُ الدُّمُوعَ مِنْ عَيْنَيْهِ، فَتَلَقَّاهُ عُمَرُ رَحِمَهُ اللّٰهُ وَكَانَ اَوَّلَنَا، فَقَالَ: بِاَبِى اَنْتَ وَاُمِّى مَا يُبْكِيكَ؟ قَالَ: اِنِّى اسْتَاْذَنْتُ رَبِّى عَزَّ وَجَلَّ فِى زِيَارَةِ قَبْرِ اُمِّى وَكَانَتْ وَالِدَةً وَلَهَا قِبَلِى حَقٌّ اَنْ اَسْتَغْفِرَ لَهَا فَنَهَانِى ثُمَّ اَوْمَا اِلَيْنَا اَنِ اجْلِسُوا، فَجَلَسْنَا فَقَالَ:

حضرت عبدالرحمٰن بن خطاب بن زیاد اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے ساتھ فتح مکہ کے دن قبرستان کی طرف نکلے' حضور ﷺ کو ایک قبر کے پاس بیٹھے ہوئے دیکھا' ایسے محسوس ہو رہا تھا جیسے آپ کسی سے گفتگو فرما رہے ہیں' حضور ﷺ کھڑے ہوئے اس حال میں کہ اپنی آنکھوں سے آنسو صاف کر رہے تھے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ ہم سب سے پہلے آپ ﷺ سے ملے اور عرض کی: میرے ماں باپ آپ پر فدا ہوں! آپ کیوں رو رہے ہیں؟ آپ نے فرمایا: میں نے اپنے رب سے اپنی والدہ کی قبر کی اجازت مانگی اور میری والدہ کا مجھ پر حق تھا اور میں نے بخشش کے لیے دعا مانگی' مجھے اس سے منع کر دیا گیا' پھر آپ نے بیٹھنے کا اشارہ کیا' ہم آپ کے اردگرد بیٹھ گئے تو آپ ﷺ نے فرمایا: میں



4515- ذكره الهيثمى فى مجمع الزوائد جلد3 صفحه58 وقال: رواه الطبرانى فى الكبير وفى اسناده من لم أعرفه .

اِنِّی کُنْتُ نَهَيْتُكُمْ عَنْ زِيَارَةِ الْقُبُورِ، فَمَنْ شَاءَ مِنْكُمْ اَنْ يَزُورَ فَلْيَزُرْ، وَاِنِّی كُنْتُ نَهَيْتُكُمْ عَنْ لُحُومِ الْاَضَاحِيّ فَوْقَ ثَلَاثَةِ اَيَّامٍ فَكُلُوا وَادَّخِرُوا مَا بَدَا لَكُمْ، وَاِنِّی كُنْتُ نَهَيْتُكُمْ عَنْ ظُرُوفٍ وَاَمَرْتُكُمْ بِظُرُوفٍ فَانْتَبِذُوا، فَاِنَّ الْآنِيَةَ لَا تَحِلُّ شَيْئًا وَلَا تُحَرِّمُهُ وَاجْتَنِبُوا كُلَّ مُسْكِرٍ

تمہیں قبروں کی زیارت کرنے سے منع کرتا تھا' جوتم میں سے چاہے زیارت کرے اور میں تم کو قربانی کا گوشت تین دن سے زیادہ رکھنے سے منع کرتا تھا تو اب تم کھاؤ بھی اور رکھ بھی لو' جو تمہارے لیے پسند ہو اور میں تم کو ان برتنوں میں پینے سے اور نبیذ بنانے سے منع کرتا تھا' برتن نہ کسی شے کو حلال کرتے ہیں اور نہ حرام کرتے ہیں۔

## زَيْدُ بْنُ حَارِثَةَ

زَيْدُ بْنُ حَارِثَةَ بْنِ شَرَاحِيلَ بْنِ كَعْبِ بْنِ عَبْدِ الْعُزَّى بْنِ يَزِيدَ بْنِ امْرِءِ الْقَيْسِ الْكَلْبِيُّ مَوْلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْتُشْهِدَ يَوْمَ مُؤْتَةَ فِي سَنَةِ ثَمَانٍ

## زید بن حارثہ

(ان کا نسب یہ ہے:) حضرت زید بن حارثہ بن شراحیل بن کعب بن عبد العزیٰ بن یزید بن امرء القیس الکلبی ۔ یہ رسول پاک ﷺ کے غلام ہیں اور آٹھ ہجری میں جنگ مؤتہ میں شہید کیے گئے۔

**4516** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ، فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا زَيْدُ بْنُ حَارِثَةَ بْنِ شَرَاحِيلَ بْنِ كَعْبِ بْنِ عَبْدِ الْعُزَّى بْنِ يَزِيدَ بْنِ امْرِءِ الْقَيْسِ الْكَلْبِيُّ وَاَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ وَرَسُولُهُ

حضرت عروہ فرماتے ہیں: جو بدر میں شریک ہوئے اُن کے ناموں میں سے ایک نام حضرت زید بن حارثہ بن شراحیل بن کعب بن عبد العزیٰ بن یزید بن امرء القیس الکلبی کا بھی ہے' ان پر اللہ اور اس کے رسول نے انعام کیا۔

**4517** - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنْ قُرَيْشٍ، ثُمَّ مِنْ بَنِي هَاشِمٍ، زَيْدُ بْنُ حَارِثَةَ

حضرت ابن شہاب فرماتے ہیں کہ قریش اور بنی ہاشم میں سے جو بدر میں شریک ہوئے' اُن کے ناموں میں سے ایک نام زید بن حارثہ کا ہے۔

**4518** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحِيمِ الْبَرْقِيُّ، ثنا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ هِشَامٍ، ثنا زِيَادُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَكَّائِيُّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ قَالَ: زَيْدُ بْنُ حَارِثَةَ بْنِ شَرَاحِيلَ بْنِ كَعْبِ بْنِ عَبْدِ الْعُزَّى بْنِ امْرِءِ الْقَيْسِ بْنِ عَامِرِ بْنِ النُّعْمَانِ بْنِ عَامِرِ بْنِ عَبْدِ وَدِّ بْنِ عَوْفِ بْنِ كِنَانَةَ بْنِ بَكْرِ بْنِ عَوْفِ بْنِ عُذْرَةَ بْنِ زَيْدِ اللّٰهِ بْنِ رُفَيْدَةَ بْنِ ثَوْرِ بْنِ كَلْبِ بْنِ وَبَرَةَ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ قُضَاعَةَ، وَيُقَالُ: إِنَّ أُمَّ زَيْدٍ سُعَادُ بِنْتُ زَيْدٍ مِنْ طَيِّءٍ

حضرت محمد بن اسحاق فرماتے ہیں کہ زید بن حارثہ بن شراحیل بن کعب بن عبدالعزیٰ بن امرء القیس بن عامر بن النعمان بن عامر بن عبدوِدّ بن عوف بن کنانہ بن بکر بن عوف بن عذرہ بن زید اللہ بن رفیدہ بن ثور بن کلب بن وبرہ بن حارث بن قضاعہ کہا جاتا ہے' ان کی والدہ سعاد بنت زید قبیلہ طیء کی تھی۔

**4519** - قَالَ: ابْنُ هِشَامٍ: وَكَانَ حَكِيمُ بْنُ حِزَامٍ قَدِمَ مِنَ الشَّامِ بِزَيْدِ بْنِ حَارِثَةَ وَصِيفًا، فَاسْتَوْهَبَتْهُ مِنْهُ عَمَّتُهُ خَدِيجَةُ، وَهِيَ يَوْمَئِذٍ عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَوَهَبَهُ لَهَا، فَوَهَبَتْهُ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَعْتَقَهُ وَتَبَنَّاهُ، وَذَلِكَ قَبْلَ أَنْ يُوحَى إِلَيْهِ، وَقَدِمَ عَلَيْهِ أَبُوهُ وَهُوَ عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنْ شِئْتَ فَأَقِمْ عِنْدِي، وَإِنْ شِئْتَ فَانْطَلِقْ مَعَ أَبِيكَ قَالَ: بَلْ أُقِيمُ عِنْدَكَ، فَلَمْ يَزَلْ عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى بَعَثَهُ اللّٰهُ، فَصَدَّقَهُ وَأَسْلَمَ وَصَلَّى مَعَهُ، فَلَمَّا أَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ (ادْعُوهُمْ لِآبَائِهِمْ) (الاحزاب:5) قَالَ: أَنَا زَيْدُ بْنُ حَارِثَةَ

حضرت ابن ہشام فرماتے ہیں کہ حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ ملک شام سے یہ زید بن حارثہ کو نوکری کے لیے لے کر آئے' اُن کی پھوپھی حضرت خدیجہ نے ان سے بطور ہبہ طلب کیا' حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا اس وقت حضور ﷺ کے نکاح میں تھیں' حضرت حکیم رضی اللہ عنہ نے آپ کو تحفہ دے دیا' حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہ نے انہیں رسول اللہ ﷺ کو ہبہ کر دیا' رسول پاک ﷺ نے اُنہیں آزاد کر دیا اور انہیں منہ بولا بیٹا بنا لیا' یہ بات وحی آنے سے پہلے کی ہے۔ حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ کے والد ان کے پاس آئے' جب یہ رسول اللہ ﷺ کے پاس تھے' تو نبی پاک ﷺ نے انہیں فرمایا: اگر تم چاہو تو میرے پاس رہو اور اگر چاہو تو اپنے والد کے پاس چلے جاؤ! اُنہوں نے کہا: میں آپ کے پاس ہی رہوں گا اور یہ ہمیشہ رسول پاک ﷺ کے پاس ہی رہے' آپ ﷺ نے اللہ کے حکم سے اعلانِ

نبوت فرمایا تو آپ نے تصدیق بھی کی اور اسلام بھی لائے اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ نماز بھی پڑھی، جب اللہ پاک نے یہ آیات اُتاریں: ''انہیں ان کے باپ کے نام سے پکارو''۔ آپ نے کہا: میں زید بن حارثہ ہوں۔

4520 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحِيمِ الْبَرْقِيُّ، ثنا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ هِشَامٍ، ثنا زِيَادُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، قَالَ: اَسْلَمَ زَيْدُ بْنُ حَارِثَةَ بَعْدَ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَكَانَ اَوَّلَ مَنْ اَسْلَمَ بَعْدَهُ

حضرت محمد بن اسحاق فرماتے ہیں کہ حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ، حضرت علی رضی اللہ عنہ کے بعد اسلام لائے اور یہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے اسلام لانے کے بعد سب سے پہلے ہیں۔

4521 - حَدَّثَنَا اَبُو شُعَيْبٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ اَبِي مَرْيَمَ، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ: اَوَّلُ مَنْ اَسْلَمَ زَيْدُ بْنُ حَارِثَةَ

حضرت ابن شہاب فرماتے ہیں کہ حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ اسلام لانے میں سب سے پہلے ہیں۔

4522 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ، فِي تَسْمِيَةِ مَنْ قُتِلَ يَوْمَ مُؤْتَةَ زَيْدُ بْنُ حَارِثَةَ

حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ یوم مؤتہ کے دن جو شہید کیے گئے اُن کے ناموں میں سے ایک نام زید بن حارثہ کا بھی ہے۔

4523 - حَدَّثَنَا اَبُو شُعَيْبٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا اَبُو جَعْفَرٍ النُّفَيْلِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ قَالَ: بَعَثَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْثًا اِلَى مُؤْتَةَ فِي جُمَادَى الْاُولَى مِنْ سَنَةِ ثَمَانٍ، وَاسْتَعْمَلَ زَيْدَ بْنَ حَارِثَةَ وَقَالَ لَهُمْ: اِنْ اُصِيبَ زَيْدٌ فَجَعْفَرُ بْنُ اَبِي طَالِبٍ عَلَى النَّاسِ، فَاِنْ اُصِيبَ جَعْفَرٌ فَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ

حضرت عروہ بن زبیر فرماتے ہیں کہ رسول پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے آٹھ ہجری جمادی الاولیٰ کو ایک لشکر بھیجا اور ان پر امیر حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ کو بنایا اور آپ نے انہیں فرمایا: اگر زید شہید ہو جائے تو حضرت جعفر بن ابی طالب لوگوں کے امیر ہوں گے اور اگر جعفر شہید ہو جائے تو عبداللہ بن رواحہ لوگوں کا امیر ہوگا۔

رَوَاحَةَ عَلَى النَّاسِ

4524 - حَدَّثَنَا اَبُو شُعَيْبٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا اَبُو جَعْفَرٍ النُّفَيْلِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، قَالَ: ثُمَّ مَضَى النَّاسُ حَتَّى اِذَا كَانُوا بِتُخُومِ الْبَلْقَاءِ لَقِيَهُمْ جُمُوعُ هِرَقْلَ، وَانْحَازَ الْمُسْلِمُونَ اِلَى قَرْيَةٍ يُقَالُ لَهَا مُؤْتَةُ، فَالْتَقَى النَّاسُ عِنْدَهَا وَتَعَبَّا لَهُمُ الْمُسْلِمُونَ، فَجَعَلُوا عَلَى مَيْمَنَتِهِمْ رَجُلًا مِنْ بَنِي عُذْرَةَ يُقَالُ لَهُ: قُطْبَةُ بْنُ قَتَادَةَ، وَعَلَى مَيْسَرَتِهِمْ رَجُلًا مِنَ الْاَنْصَارِ، يُقَالُ لَهُ: عَبَايَةُ بْنُ مَالِكٍ، ثُمَّ الْتَقَى النَّاسُ، فَقَاتَلَ زَيْدُ بْنُ حَارِثَةَ بِرَايَةِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى شَاطَ فِي رِمَاحِ الْقَوْمِ

حضرت محمد بن اسحاق فرماتے ہیں: پھر لوگ چلے حتیٰ کہ جب ''تخوم بلقاء'' کے مقام پر تھے تو ھرقل بادشاہ کے سرکش گھوڑے ان سے ملے' مسلمانوں نے ایک بستی کا سہارا لیا جس کو موتہ کہا جاتا تھا۔ پس لوگوں کی وہیں مڈبھیڑ ہوئی اور مسلمانوں نے ان کیلئے لشکر کو ترتیب دیا۔ میمنہ پر بنوعذرہ قبیلے کا ایک آدمی جس کا نام قطبہ بن قتادہ تھا' میسرہ پر ایک انصاری جس کا نام عبایہ بن مالک تھا' پھر لوگوں نے لڑائی شروع کی۔ حضرت زید بن خارجہ' رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا جھنڈا لے کر جہاد کرنے لگے یہاں تک کہ قوم کے نیزوں کی بوچھاڑ میں جا کر غصے میں آ گئے' یا ایک چکر لگایا یا کام آ گئے۔

## مَا اَسْنَدَ زَيْدٌ

## حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ کی روایت کردہ حدیثیں

4525 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي كَامِلُ بْنُ طَلْحَةَ الْجَحْدَرِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ قَالَا: ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، ثنا عَقِيلُ بْنُ خَالِدٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ جِبْرِيلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ نَزَلَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي اَوَّلِ مَا اُوحِيَ اِلَيْهِ فَعَلَّمَهُ الْوُضُوءَ وَالصَّلَاةَ، فَلَمَّا فَرَغَ اَخَذَ النَّبِيُّ

حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت جبریل علیہ السلام سب سے پہلی بات جو لے کر آئے وہ یہ تھی کہ آپ کو وضو اور نماز کے متعلق عرض کیا' نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب وضو کر کے فارغ ہوتے تو اپنی شرمگاہ پر پانی چھڑکتے۔



4525- أورده أحمد في مسنده جلد4صفحه161 .

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدِهِ مَاءً فَنَضَحَ بِهِ فَرْجَهُ

**4526** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عُبَيْدُ بْنُ يَعِيشٍ، ثنا يُونُسُ بْنُ بُكَيْرٍ، عَنْ يُونُسَ بْنِ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ حَارِثَةَ قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، آخَيْتَ بَيْنِي وَبَيْنَ حَمْزَةَ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ

حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! میرے اور حمزہ بن عبدالمطلب کے درمیان بھائی چارہ قائم فرمائیں۔

**4527** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَبُو كُرَيْبٍ، ثنا يُونُسُ بْنُ بُكَيْرٍ، عَنْ يُونُسَ بْنِ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ الْبَرَاءِ، اَنَّ زَيْدَ بْنَ حَارِثَةَ، قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، آخَيْتُ بَيْنِي وَبَيْنَ حَمْزَةَ

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ روایت فرماتے ہیں کہ زید بن حارثہ نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! میرے اور حضرت حمزہ کے درمیان بھائی چارہ قائم فرمائیں۔

**4528** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نُمَيْرٍ، عَنْ حَجَّاجِ بْنِ اَرْطَاةَ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ مِقْسَمٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ: كَانَ حَمْزَةُ عَمُّ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَخَا زَيْدِ بْنِ حَارِثَةَ آخَا بَيْنَهُمَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چچا حضرت امیر حمزہ حضرت زید بن حارثہ کے بھائی بنے تھے اور ان دونوں کے درمیان بذاتِ خود رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بھائی چارہ قائم فرمایا۔

**4529** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ اَبِي سَلَمَةَ، ثنا

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ نے حضرت حمزہ رضی

ما اسند زید

---

4527- أورده البزار في مسنده جلد4صفحه167، رقم الحديث: 1333 .

4529- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 8صفحه171 وقال: وفي اسنادهما الحجاج بن أرطاة وهو مدلس وبقية رجالهما رجال الصحيح .

زِيَادُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَكَّائِيُّ، عَنْ حَجَّاجِ بْنِ اَرْطَاةَ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ مِقْسَمٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ زَيْدُ بْنُ حَارِثَةَ، فِي ابْنَةِ حَمْزَةَ: ابْنَةُ اَخِي آخَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنِي وَبَيْنَ اَبِيهَا

اللہ عنہ کی بیٹی کے بارے کہا: میرے بھائی کی بیٹی ہے! حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے میرے اور ان کے والد کے درمیان بھائی چارہ قائم کیا تھا۔

**4530** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ اَحْمَدَ الْوَاسِطِيُّ، ثنا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ اَبِيهِ زَيْدِ بْنِ حَارِثَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بَشِّرِ الْمَشَّائِينَ فِي الظُّلَمِ اِلَى الْمَسَاجِدِ بِنُورٍ يَوْمَ الْقِيَامَةِ سَاطِعٍ

حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: خوشخبری ہو! تاریکی میں مسجدوں کی طرف آنے والوں کو قیامت کے دن ایک پھیلنے والے نور کی۔

**4531** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا اَبُو اُسَامَةَ حَمَّادُ بْنُ اُسَامَةَ، حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ عَلْقَمَةَ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ وَيَحْيَى بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ حَاطِبٍ، عَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ اَبِيهِ زَيْدِ بْنِ حَارِثَةَ، قَالَ: خَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ مُرْدِفِي اِلَى نُصُبٍ مِنَ الْاَنْصَابِ، فَذَبَحْنَا لَهُ شَاةً ثُمَّ صَنَعْنَاهَا فِي الْاِرَّةِ، فَلَمَّا نَضِجَتِ اسْتَخْرَجْنَاهَا فِي سُفْرَتِنَا، ثُمَّ رَكِبَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَاقَتَهُ وَهُوَ مُرْدِفِي فَلَمَّا كُنَّا بِاَعْلَى مَكَّةَ لَقِيَهُ زَيْدُ بْنُ عَمْرِو

حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ اپنے والد گرامی سے روایت کرتے ہیں' انہوں نے فرمایا: رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تشریف لے چلے جبکہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میرے پیچھے سواری پر بیٹھے ہوئے تھے۔ انصار میں سے ایک نصب کی طرف جا رہے تھے۔ پس ہم لوگوں نے (زمانۂ جاہلیت میں) اس کیلئے ایک بکری ذبح کی۔ پھر اس کو ایک برتن میں (پکانے کیلئے) رکھا۔ پس جب وہ پک گئی تو ہم نے اس کو نکال کر دسترخوان پر رکھا' پھر رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنی سواری پر سوار ہوئے' اس حال میں کہ آپ میرے پیچھے بیٹھے ہوئے تھے' پس جب ہم مکہ کے بلند حصے پر تھے تو زید بن عمرو بن نفیل



4530- أورده نحوه الترمذي في سننه جلد1صفحه435' رقم الحديث: 223 .

4531- أخرج نحوه الحاكم في مستدركه جلد3صفحه238' رقم الحديث: 4956 .

بْنِ نُفَيْلٍ، فَحَيَّا اَحَدُهُمَا صَاحِبَهُ بِتَحِيَّةِ الْجَاهِلِيَّةِ، فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا لِي اَرَى قَوْمَكَ قَدْ شَنِفُوكَ وَكَرِهُوكَ؟ فَقَالَ: وَاللّٰهِ اِنَّ ذَلِكَ مِنْهُمْ لِبَغَيْرِ مَا ثَائِرَةٍ كَانَتْ مِنِّي اِلَيْهِمْ اِلَّا اَنِّي اَرَاهُمْ فِي ضَلَالٍ، فَخَرَجْتُ اَبْتَغِي هَذَا الدِّينَ، حَتَّى قَدِمْتُ عَلَى اَحْبَارِ خَيْبَرَ، فَوَجَدْتُهُمْ يَعْبُدُونَ اللّٰهَ، وَيُشْرِكُونَ بِهِ، فَقُلْتُ: وَاللّٰهِ مَا هَذَا بِالدِّينِ الَّذِي اَبْتَغِي بِهِ فَخَرَجْتُ حَتَّى قَدِمْتُ عَلَى اَحْبَارِ الشَّامِ، فَوَجَدْتُهُمْ يَعْبُدُونَ اللّٰهَ وَيُشْرِكُونَ بِهِ، فَقُلْتُ: وَاللّٰهِ مَا هَذَا بِالدِّينِ الَّذِي خَرَجْتُ اَبْتَغِي، فَقَالَ حَبْرٌ مِنْ اَحْبَارِ الشَّامِ: اِنَّكَ لَتَسْاَلُ عَنْ دِينٍ مَا نَعْلَمُ اَحَدًا يَعْبُدُ اللّٰهَ بِهِ اِلَّا شَخْصًا بِالْجَزِيرَةِ، فَخَرَجْتُ حَتَّى قَدِمْتُ عَلَيْهِ، فَاَخْبَرْتُهُ بِالَّذِي خَرَجْتُ لَهُ، فَقَالَ لِي: اِنَّ كُلَّ مَنْ رَاَيْتَ فِي ضَلَالٍ، وَاِنَّكَ لَتَسْاَلُ عَنْ دِينِ اللّٰهِ وَمَلَائِكَتِهِ، وَقَدْ خَرَجَ فِي اَرْضِكَ نَبِيٌّ اَوْ هُوَ خَارِجٌ، فَارْجِعْ فَصَدِّقْهُ وَآمِنْ بِهِ، فَرَجَعْتُ فَلَمْ اُخْتَبِرْ نَبِيًّا بَعْدُ، قَالَ: فَاَنَاخَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَاقَتَهُ، فَوَضَعَ السُّفْرَةَ بَيْنَ يَدَيْهِ، فَقَالَ: مَا هَذَا؟ قَالَ: شَاةٌ ذَبَحْنَاهَا لِنُصُبِ كَذَا كَذَا، فَقَالَ زَيْدُ بْنُ عَمْرٍو: اِنَّا لَا نَاْكُلُ شَيْئًا ذُبِحَ لِغَيْرِ اللّٰهِ، ثُمَّ تَفَرَّقْنَا، قَالَ: وَمَاتَ زَيْدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ نُفَيْلٍ قَبْلَ اَنْ يُبْعَثَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يُبْعَثُ يَوْمَ

ما اسند زيد

آپ ﷺ سے ملا تو ان میں سے ایک نے زمانۂ جاہلیت والا سلام اپنے ساتھی کو کیا۔ پس رسول کریم ﷺ نے فرمایا: کیا بات ہے کہ میں تیری قوم کو تیرے ساتھ ناراض دیکھتا ہوں؟ اس نے کہا: قسم بخدا! یہ راہ للہ ہے میں نے ان سے کوئی زیادتی تو نہیں کی ہے بس یہی ہے کہ میں ان کو گمراہ دیکھتا ہوں۔ پس میں اس دین کی تلاش میں نکلا' پہلے میں خیبر کے عمل کے پاس آیا' ان کو میں نے اللہ کی عباعدت کے ساتھ شرک کرتے دیکھا' میں نے کہا: یہ وہ دین نہیں ہے جس کو میں تلاش کرر ہا ہوں حتیٰ کہ میں شامی علماء کے پاس آیا' ان کو بھی میں نے اللہ کی عبادت کے ساتھ اس کے ساتھ شرک کرتے ہوئے پایا۔ میں نے کہا: یہ بھی وہ دین نہیں ہے جس کی تلاش میں' میں نکلا ہوں۔ پس شامی علماء میں سے ایک نے کہا: تو جس دین کے بارے پوچھتا ہے' ہم نہیں جانتے کسی کو جو صرف اللہ کی عبادت کرتا ہو مگر ایک شخص ہے جو جزیرہ میں ہے۔ پس میں نکلا یہاں تک کہ اس کے پاس آیا' پس میں نے اس کو اپنے مقصد کی خبر دی' جس کے لیے میں نکلا تھا۔ اس نے مجھ سے کہا: بے شک جس کو بھی تو نے دیکھا ہے وہ گمراہی میں ہے اور تو اللہ اور اس کے فرشتوں کا دین تلاش کررہا ہے حالانکہ تیرے اپنے ملک میں ایک نبی ہے' یا کہا: وہ تشریف لانے والا ہے۔ پس واپس لوٹ جا۔ اسی کی تصدیق کی اور اسی پر ایمان لے آ۔ پس میں واپس لوٹا۔ پس اس کے بعد میں نے کسی نبی کی آزمائش نہیں کی۔

الْقِيَامَةِ أُمَّةً وَحْدَهُ

پس رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی سواری کو بٹھایا۔ پس اس کے سامنے دسترخوان رکھا تو اس نے کہا: یہ کیا ہے؟ کہا: بکری ہے جو ہم نے فلاں فلاں نصب کیلئے ذبح کی ہے' پس زید بن عمرو نے کہا: بے شک ہم کسی ایسی چیز کو نہیں کھاتے ہیں جو غیر اللہ کے لیے ذبح کی گئی ہو۔ پھر ہم جدا ہو گئے۔ راوی کا بیان ہے: حضرت زید بن نفیل' رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بعثت سے پہلے ہی وصال کر گئے تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: قیامت کے دن یہ ایک اُمت کی شکل میں اُٹھایا جائے گا۔

حَدَّثَنَا مَحْمُودُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، آنَا خَالِدٌ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عَلْقَمَةَ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ وَيَحْيَى بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ حَاطِبٍ، عَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: خَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ مُرْدِفِي، فَذَكَرَ نَحْوَهُ

حضرت اسامہ بن زید اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نکلے اور میں آپ کے پیچھے تھا' پس اس کے بعد اس جیسی حدیث بیان کی۔

4532 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا اَبُو اُسَامَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، وَيَحْيَى بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ حَاطِبٍ عَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: طُفْتُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ فَلَمَسْتُ بَعْضَ الْاَصْنَامِ فَقَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَمَسَّهَا فَقُلْتُ: لَاَعُودَنَّ حَتَّى اُبْصِرَ مَا يَقُولُ، ثُمَّ مَسَسْتُهَا فَقَالَ: اَلَمْ تُنَهَ

حضرت اسامہ بن زید اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ ایک دن طواف کیا' میں نے کسی بت کو چھوا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے فرمایا: اس کو ہاتھ نہ لگاؤ' میں نے دل میں کہا کہ میں دوبارہ لگاتا ہوں تاکہ دیکھوں کہ آپ کیا فرماتے ہیں' پھر میں نے ہاتھ لگایا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تمہیں میں نے اس سے منع نہیں کیا تھا؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: وہ ذات جس نے

4532- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد8 صفحه226 وقال: رواه الطبراني ورجاله رجال الصحيح .

عَنْ هَذَا؟ قَالَ: فَوَالَّذِي أَكْرَمَهُ الْكِتَابُ

**4533** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ عِيسَى التَّنُوخِيُّ، ثنا زِيَادُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ فُرَاتٍ الْقَزَّازُ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ أَبِي الطُّفَيْلِ عَامِرِ بْنِ وَاثِلَةَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ حَارِثَةَ قَالَ: كُنْتُ غُلَامًا عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ: انْطَلِقُوا بِنَا إِلَى إِنْسَانٍ قَدْ رَأَيْنَا شَأْنَهُ قَالَ: فَانْطَلَقَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمْشِي وَأَصْحَابُهُ مَعَهُ، حَتَّى دَخَلُوا بَيْنَ حَائِطَيْنِ فِي زُقَاقٍ طَوِيلٍ، فَانْتَهَوْا إِلَى بَابٍ صَغِيرٍ فِي أَقْصَى الزُّقَاقِ، فَدَخَلُوا إِلَى دَارٍ، فَلَمْ يَرَوْا فِي الدَّارِ أَحَدًا غَيْرَ امْرَأَةٍ وَاحِدَةٍ، وَإِذَا قِرْبَةٌ عَظِيمَةٌ مَلْأَى مَاءً، فَقَالُوا: نَرَى قِرْبَةً وَلَا نَرَى حَامِلَهَا كَلِّمُوا الْمَرْأَةَ، فَأَشَارَتْ إِلَى قَطِيفَةٍ فِي نَاحِيَةِ الدَّارِ، فَقَالَتْ: انْظُرُوا إِلَى مَا تَحْتَ الْقَطِيفَةِ، فَكَشَفُوهَا فَإِذَا تَحْتَهَا إِنْسَانٌ، فَرَفَعَ رَأْسَهُ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: شَاهَ الْوَجْهُ فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ لِمَ تَفَحَّشُ عَلَيَّ؟ فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَدْ خَبَأْتُ لَكَ خَبْأً، فَأَخْبِرْنِي مَا هُوَ؟ وَقَالَ لِأَصْحَابِهِ: إِنِّي قَدْ خَبَأْتُ لَهُ سُورَةَ الدُّخَانِ فَقَالَ: دُخٌّ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اخْسَأْ مَا شَاءَ اللَّهُ كَانَ ثُمَّ انْصَرَفَ

کتاب کو عزت دی ہے۔

حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے زمانہ میں بچہ تھا' حضور ﷺ نے ایک دن فرمایا: چلو! ہم ایک آدمی کی حالت دیکھتے ہیں' حضور ﷺ چلے' آپ کے صحابہ آپ کے ساتھ تھے' ایک لمبی گلی میں دو دیواروں کے درمیان داخل ہوئے تو گلی کے آخر میں چھوٹے دروازے کے پاس پہنچے' گھر میں داخل ہوئے' گھر میں کسی کو نہیں دیکھا سوائے ایک عورت کے' وہاں پانی سے بھرا ہوا ایک مشکیزہ بہت بڑا تھا' صحابہ کرام نے کہا: ہم مشکیزہ دیکھتے ہیں لیکن اس کے اُٹھانے والے کو نہیں دیکھتے ہیں۔ عورت سے گفتگو کرو۔ اُس عورت نے گھر کے اندر ایک چادر کی طرف اشارہ کیا' اس عورت نے کہا: اس چادر کے نیچے دیکھو! اس چادر کو اُٹھایا تو اس کے نیچے ایک انسان دیکھا' اُس نے سر اُٹھایا تو حضور ﷺ نے فرمایا: بُرا چہرہ ہے! اس نے عرض کی: یا محمد! مجھ پر ایسی بات کیوں کر رہے ہو؟ حضور ﷺ نے فرمایا: میں نے تیرے لیے اپنے دل میں ایک بات چھپائی ہے تو مجھے بتا کہ وہ کیا ہے؟ اور آپ ﷺ نے اپنے صحابہ سے فرمایا: میں نے اس کیلئے سورۂ دخان (کی آیت ''یوم تاتی السماء بدخان'') چھپائی ہے۔ پس اس نے جواب دیا: ''دخ'' (یعنی سورۂ دخان) پس نبی کریم ﷺ نے اس سے فرمایا: پڑا رہ! جب تک اللہ چاہے' پھر آپ چلے



4533- أورده البزار في مسنده جلد4صفحه168' رقم الحديث: 1334 .

گئے۔

**4534** - حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عَمْرِو بْنِ الصَّبَّاحِ الرَّقِّيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَبَّبٍ اَبُو هَمَّامٍ الدَّلَّالُ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ، عَنْ جَابِرٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ هُزَيْلِ بْنِ شُرَحْبِيلَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ حَارِثَةَ، قَالَ: تَصَدَّقْتُ بِفَرَسٍ لِي، فَرَاَيْتُ ابْنَتَهَا يُقَامُ بِالسُّوقِ، فَاَرَدْتُ اَنْ اَشْتَرِيَهَا، فَاَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَاَلْتُهُ عَنْهَا

حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے اپنا گھوڑا صدقہ کیا' پس میں نے اس کی بیٹی کو بازار میں کھڑا دیکھا' پس میں نے ارادہ کیا کہ اس کو خرید لوں۔ پس میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں آیا اور اس کے بارے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پوچھا۔

**4535** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اللَّيْثِ الْجَوْهَرِيُّ، ثنا اَبُو هَمَّامٍ الْوَلِيدُ بْنُ شُجَاعٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا زِيَادُ بْنُ خَيْثَمَةَ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِي هِنْدٍ، عَنْ اَبِي الْعَالِيَةِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ حَارِثَةَ، اَنَّهُ حَمَلَ عَلَى فَرَسٍ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ ثُمَّ اَنَّهُ وَجَدَهُ بَعْدُ فِي وَاَنْزَلَ عَلَيْهِ الْكِتَابَ مَا مَسَّ مِنْهَا صَنَمًا حَتَّى اَكْرَمَهُ اللّٰهُ، وَاَنْزَلَ عَلَيْهِ السُّوقَ يُبَاعُ، وَهُوَ مَضْرُورٌ مَهْزُولٌ، فَسَاوَمَ بِهِ، ثُمَّ اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ لَهُ: اِنِّي كُنْتُ حَمَلْتُ عَلَى فَرَسٍ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، وَاِنِّي قَدْ وَجَدْتُهُ يُبَاعُ فِي السُّوقِ بِثَمَنٍ يَسِيرٍ مَهْزُولٍ مَضْرُورٍ، وَقَدْ عَرَفْتُ عَرَقَهُ، اَفَاشْتَرِيهِ؟ فَنَهَاهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ اُنہوں نے اللہ کی راہ میں اپنے گھوڑے پر کسی کو سوار کیا (گھوڑا دے دیا) پھر اس کے بعد ایک بار اس کو پایا اس حال میں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر کتاب نازل ہوتی تھی تو اس میں سے کسی شی کو ہاتھ نہ لگایا حتیٰ کہ اللہ نے آپ کو عزت عطا فرمائی۔ ایک دن اس کو بیچنے کیلئے بازار میں لایا گیا جبکہ وہ بالکل کمزور ہو چکا تھا۔ پس اس کی قیمت لگائی' پھر نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں آئے۔ عرض کی: میں نے ایک گھوڑا اللہ کی راہ میں دیا تھا' اب میں نے اسے بازار میں انتہائی کم قیمت پر بکتا ہوا دیکھا ہے جبکہ وہ لاغر و کمزور ہو چکا ہے' میں نے اس کو پہچان لیا ہے' کیا میں اسے خرید سکتا ہوں' تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم



---

**4534**- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد4صفحه109 وقال: قلت هكذا هو في الأصل زيادة وفي رواية عن زيد بن حارثة أيضًا قال حملت على فرسي في سبيل الله واني رأيته بعد يباع في السوق بثمن يسير مهزول مضروب وقد عرفت عرفه قال فذكره رواه كله الطبراني في الكبير وفي اسناد الاول جابر الجعفي وهو ضعيف وقد وثقه شعبة والثوري واسناد الثاني مرسل .

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَشْتَرِيَهُ

نے ان کو اس کے خریدنے سے منع کر دیا۔

**4536** - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، اَخْبَرَنِي كَثِيرُ بْنُ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ حَارِثَةَ، اَنَّ رَجُلًا سَاَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ وَقْتِ صَلَاةِ الصُّبْحِ؟ فَقَالَ: صَلِّهَا مَعَنَا الْيَوْمَ وَغَدًا فَلَمَّا كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِقَاعِ نَمِرَةَ مِنَ الْجُحْفَةِ، صَلَّاهَا حِينَ طَلَعَ اَوَّلُ الْفَجْرِ، حَتَّى اِذَا كَانَ بِذِي طُوًى اٰخِرَهَا، حَتَّى قَالَ النَّاسُ: اَقْبِضْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْ صَلَّيْنَا، فَصَلَّى اَمَامَ الشَّمْسِ، ثُمَّ اَقْبَلَ عَلَى النَّاسِ فَقَالَ: مَا قُلْتُمْ؟ قَالُوا: لَوْ صَلَّيْنَا قَالَ: لَوْ فَعَلْتُمْ لَاَصَابَكُمْ عَذَابٌ ثُمَّ دَعَا السَّائِلَ فَقَالَ: وَقْتُهَا مَا بَيْنَ صَلَاتَيَّ

حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی نے نبی کریم ﷺ سے صبح کی نماز کے وقت کے بارے میں سوال کیا' پس آپ ﷺ نے فرمایا: آج اور کل ہمارے ساتھ صبح کی نماز پڑھلو۔ پس نبی کریم ﷺ جب جحفہ کے مقام نمرہ کے ایک حصہ پر تھے تو آپ ﷺ نے فجر کے طلوع ہوتے ہی نماز ادا فرمائی حتیٰ کہ جب ذی طویٰ کے مقام پر تھے تو نماز کو تاخیر سے پڑھا حتیٰ کہ لوگوں نے کہا: اگر نماز پڑھ لیتے تو رسول کریم ﷺ ناراض ہوتے۔ پس آپ نے سورج طلوع ہونے سے تھوڑا پہلے نماز پڑھی پھر لوگوں کی طرف متوجہ ہو کر فرمایا: اگر تم ایسا کر لیتے تو تم پر اللہ کا بڑا عذاب نازل ہوتا' پھر سائل کو بلا کر فرمایا: میری ان دونمازوں کے درمیان وقت ہے۔

## زَيْدُ بْنُ بُولَا مَوْلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

## رسول اللہ ﷺ کے غلام حضرت زید بن بولا رضی اللہ عنہ

**4537** - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْاَسْفَاطِيُّ، ثنا مُوسَى بْنُ اِسْمَاعِيلَ، ثنا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ الشَّنِّيُّ، حَدَّثَنِي عُمَرُ بْنُ مُرَّةَ، قَالَ: سَمِعْتُ بِلَالَ بْنَ يَسَارِ بْنِ زَيْدٍ، مَوْلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى

رسول اللہ ﷺ کے غلام حضرت بلال بن یسار بن زید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے اپنے والد گرامی سے' وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے پڑھا: میں اللہ سے

---

**4536**- أورده عبد الرزاق في مصنفه جلد1صفحه567' رقم الحديث: 2158 .

**4537**- أورد نحوه الترمذي في سننه جلد5صفحه568 رقم الحديث: 3577' أورد نحوه أبو داؤد في مسنده جلد 2 صفحه85 رقم الحديث: 1517 .

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: سَمِعْتُ اَبِي، يُحَدِّثُ عَنْ جَدِّي، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ قَالَ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِي لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ وَاَتُوبُ اِلَيْهِ غُفِرَ لَهُ، وَاِنْ كَانَ فَرَّ مِنَ الزَّحْفِ

بخشش مانگتا ہوں اس کے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے میں توبہ کرتا ہوں اس کی بارگاہ میں تو اسے بخش دیا جائے گا اگرچہ وہ جنگ سے بھاگا ہو۔

# زَيْدُ بْنُ سَهْلٍ اَبُو سَهْلٍ اَبُو طَلْحَةَ الْاَنْصَارِيُّ عَقَبِيٌّ بَدْرِيٌّ نَقِيبٌ

# حضرت زید بن سہل ابو سہل ابوطلحہ انصاری عقبی بدری نقیب رضی اللہ عنہ

**4538** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ، فِي تَسْمِيَةِ اَصْحَابِ الْعَقَبَةِ مِنَ الْاَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي عَمْرِو بْنِ مَالِكِ بْنِ النَّجَّارِ، وَهُمْ بَنُو جَدِيلَةَ، اَبُو طَلْحَةَ سَهْلُ بْنُ زَيْدِ بْنِ الْاَسْوَدِ وَهُوَ نَقِيبٌ هٰكَذَا قَالَ ابْنُ لَهِيعَةَ: سَهْلُ بْنُ زَيْدٍ فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ الْعَقَبَةَ، وَقَالَهُ عَلَى الصَّوَابِ فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا

حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ انصار اور بنی عمرو بن مالک بن نجار اور بنو جدیلہ میں سے جو اصحابِ عقبہ میں سے ہیں اُن کے ناموں میں سے ایک نام ابوطلحہ سہل بن زید بن اسود کا بھی ہے یہ نقیب ہیں۔ ابن لہیعہ نے اسی طرح فرمایا: سہل بن زید جو عقبہ میں شریک ہوئے اُن کے ناموں میں سے ایک نام ہے جو بدر میں شریک ہوئے اُن میں بہتر نام ہے۔

**4539** - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ الْعَقَبَةَ مِنَ الْاَنْصَارِ، اَبُو طَلْحَةَ زَيْدُ بْنُ سَهْلٍ، مِنْ بَنِي النَّجَّارِ، وَشَهِدَ بَدْرًا

حضرت ابن شہاب فرماتے ہیں کہ انصار اور بنی نجار اور عقبہ میں سے جو بدر میں شریک ہوئے اُن کے ناموں میں سے ایک نام ابوطلحہ زید بن سہل کا بھی ہے۔

**4540** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ

حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ انصار اور بنی عدی بن

الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ، فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ الْعَقَبَةَ مِنَ الْاَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي عَدِيِّ بْنِ عَمْرِو بْنِ مَالِكِ بْنِ النَّجَّارِ بْنِ اَوْسٍ اَبُو طَلْحَةَ، وَاسْمُهُ زَيْدُ بْنُ سَهْلِ بْنِ الْاَسْوَدِ بْنِ حَرَامِ بْنِ عَمْرِو بْنِ زَيْدِ مَنَاةَ بْنُ عَدِيِّ بْنِ عَمْرِو بْنِ مَالِكٍ

عمرو بن مالک بن نجار' بنی اوس میں سے ہے جو عقبہ میں شریک ہوئے اُن کے ناموں میں سے ایک نام ابوطلحہ کا بھی ہے' ان کا نام زید بن سہل بن اسود بن حرام بن عمرو بن زید مناۃ بن عدی بن عمرو بن مالک کا بھی ہے۔

زید بن سہل ابو طلحة الانصاری عقبی بدری نقیب

**4541** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الْمَدِينِيُّ فُسْتُقَةُ ثنا الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ الصُّدَائِيُّ، عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ ابْنِ اِسْحَاقَ، قَالَ: اَبُو طَلْحَةَ زَيْدُ بْنُ سَهْلِ بْنِ الْاَسْوَدِ بْنِ حَرَامِ بْنِ عَمْرِو بْنِ زَيْدِ مَنَاةُ بْنُ عَدِيِّ بْنِ عَمْرِو بْنِ مَالِكِ بْنِ النَّجَّارِ

حضرت ابن اسحاق فرماتے ہیں کہ ابوطلحہ زید بن سہل بن اسود بن حرام بن عمرو بن زید مناۃ بن عدی بن عمرو بن مالک بن نجار ہے۔

**4542** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ - يَقُولُ: اَبُو طَلْحَةَ زَيْدُ بْنُ سَهْلٍ - سَمِعْتُ ابْنَ اِدْرِيسَ يَقُولُ: قَالَ لِي بَعْضُ وَلَدِهِ

حضرت محمد بن عبداللہ بن نمیر فرماتے ہیں کہ ابوطلحہ زید بن سہل' میں نے ابن ادریس کو فرماتے ہوئے سنا کہ مجھے فرمایا: ان کی اولاد میں سے ایک نے بتایا۔

**4543** - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، اَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَنَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ قَالَ: خَطَبَ اَبُو طَلْحَةَ اُمَّ سُلَيْمٍ، قَبْلَ اَنْ يُسْلِمَ، فَقَالَتْ: اَمَا اِنِّي فِيكَ لَرَاغِبَةٌ، وَمَا مِثْلُكَ يُرَدُّ، وَلَكِنَّكَ رَجُلٌ كَافِرٌ، وَاَنَا امْرَاَةٌ مُسْلِمَةٌ، فَاِنْ تُسْلِمْ فَذَلِكَ مَهْرِي لَا اَسْاَلُكَ غَيْرَهُ، فَاَسْلَمَ اَبُو طَلْحَةَ وَتَزَوَّجَهَا

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ابوطلحہ نے اُم سلیم کو اسلام لانے کے لیے نکاح کا پیغام بھیجا' حضرت اُم سلیم رضی اللہ عنہا نے فرمایا: میں بھی آپ سے نکاح کرنے کی خواہش رکھتی ہو میں آپ کو جواب نہیں دے سکتی ہوں' آپ کافر آدمی ہیں اور میں مسلمان عورت ہوں' اگر آپ اسلام لائیں تو یہ اسلام لانا آپ کا مہر ہوگا' میں اس کے علاوہ کچھ نہیں مانگتی

---

4543- أورده ابن عبد الرزاق فی مصنفه جلد6صفحه179' رقم الحديث: 10417 .

ہوں' تو حضرت ابوطلحہ اسلام لائے اور شادی کی۔

**4544** - حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفِرْيَابِيُّ، ثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى الْفِطْرِيُّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي طَلْحَةَ، قَالَ: تَزَوَّجَ اَبُو طَلْحَةَ اُمَّ سُلَيْمٍ، وَكَانَ صَدَاقُ مَا بَيْنَهُمَا الْإِسْلَامُ، اَسْلَمَتْ اُمُّ سُلَيْمٍ قَبْلَ اَبِي طَلْحَةَ فَخَطَبَهَا، فَقَالَتْ: اِنِّي قَدْ اَسْلَمْتُ، فَاِنْ اَسْلَمْتَ نَكَحْتُكَ، فَاَسْلَمَ وَكَانَ صَدَاقُ مَا بَيْنَهُمَا الْإِسْلَامُ

حضرت عبداللہ بن ابوطلحہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے اُم سلیم سے شادی کی' ان دونوں کے درمیان جو حق مہر طے ہوا وہ اسلام تھا۔ حضرت اُم سلیم' حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ سے پہلے اسلام لائی تھیں' حضرت ابوطلحہ نے نکاح کا پیغام بھیجا تو حضرت اُم سلیم نے فرمایا: میں مسلمان ہوں' اگر آپ اسلام لائیں تو آپ سے نکاح کروں گی۔ حضرت ابوطلحہ اسلام لائے اور اسلام لانا ان کا مہر رکھا گیا۔

**4545** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عَبْدُ الْوَارِثِ بْنِ عَبْدِ الصَّمَدِ بْنِ عَبْدِ الْوَارِثِ، ثنا اَبِي، ثنا حَرْبُ بْنُ مَيْمُونٍ، عَنِ النَّضْرِ بْنِ اَنَسٍ، عَنْ اَنَسٍ، اَنَّ اُمَّ سُلَيْمٍ تَزَوَّجَتْ اَبَا طَلْحَةَ عَلَى اِسْلَامِهِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت اُم سلیم رضی اللہ عنہا نے حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ سے شادی کی اور حق مہر اسلام لانا رکھا۔

**4546** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا صَالِحُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ التِّرْمِذِيُّ، ثنا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَبَّادِ بْنِ مَنْصُورٍ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ: اتَّخَذَ اَبُو طَلْحَةَ الْاَنْصَارِيُّ مَسْجِدًا فِي دَارِهِ، فَاَرْسَلَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَصَلَّى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِي وَبِاَبِي طَلْحَةَ وَاُمُّ سُلَيْمٍ خَلْفَنَا

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے اپنے گھر میں مسجد بنائی' حضور ﷺ کی طرف بھیجا' آپ ﷺ نے نماز پڑھائی' میں اور ابوطلحہ آپ کے پیچھے کھڑے ہوئے اور حضرت اُم سلیم ہمارے پیچھے کھڑی ہوئیں۔

**4547** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوطلحہ جہاد کرنے کے لیے روزہ نہیں رکھتے تھے' جب

---

4547- أخرجه البخاري في صحيحه جلد3 صفحه 1041' رقم الحديث: 2673 .

ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: كَانَ أَبُو طَلْحَةَ، لَا يَصُومُ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ أَجْلِ الْغَزْوِ، فَلَمَّا قُبِضَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ أَرَهُ يُفْطِرُ إِلَّا يَوْمَ أَضْحَى أَوْ يَوْمَ فِطْرٍ

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا وصال ہوا تو آپ صرف عید الاضحیٰ اور عید الفطر کے دن روزہ نہیں رکھتے تھے۔

**4548** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عَبْدُ الْأَعْلَى بْنُ حَمَّادٍ النَّرْسِيُّ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ: أَنَّ أَبَا طَلْحَةَ، سَرَدَ الصَّوْمَ بَعْدَ وَفَاةِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى مَاتَ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وفات کے بعد مرتے دم تک مسلسل روزے رکھتے تھے۔

**4549** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ آخَى بَيْنَ أَبِي عُبَيْدَةَ وَأَبِي طَلْحَةَ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت ابوعبیدہ اور ابوطلحہ رضی اللہ عنہما کے درمیان بھائی چارہ قائم کیا۔

## ذِكْرُ وَفَاةِ أَبِي طَلْحَةَ وَقَدِ اخْتُلِفَ فِي وَفَاتِهِ

## حضرت ابوطلحہ کے وصال کا ذکر، آپ کے وصال میں اختلاف ہے

فَقِيلَ مَاتَ غَازِيًا فِي الْبَحْرِ، وَقِيلَ مَاتَ بِالْمَدِينَةِ، فَأَمَّا مَنْ ذَكَرَ أَنَّهُ مَاتَ غَازِيًا فِي الْبَحْرِ

بعض نے کہا: سمندر میں حالت جہاد میں فوت ہوئے، بعض نے کہا: مدینہ میں، بہرحال جس نے ذکر کیا کہ آپ کا وصال سمندر میں جہاد کرتے ہوئے ہوا ہے۔

**4550** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ، ثنا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ سمندر میں جہاد کے لیے

---

4549- أخرج نحوه مسلم في صحيحه جلد4صفحه1960، رقم الحديث: 2528 .

4550- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد9صفحه313 وقال: رواه الطبراني ورجاله رجال الصحيح .

اَبِی، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ وَعَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: خَرَجَ اَبُو طَلْحَةَ، غَازِيًا فِی الْبَحْرِ، فَمَاتَ فِی السَّفِينَةِ، فَلَمْ يَجِدُوا لَهُ مَكَانًا يَدْفِنُونَهُ فِيهِ، فَانْتَظَرُوا بِهِ سِتَّةَ اَيَّامٍ حَتَّى وَجَدُوا لَهُ بَعْدَ سَبْعٍ مَكَانًا يَدْفِنُونَهُ فِيهِ وَلَمْ يُغَيَّرْ كَمَا هُوَ وَاَمَّا مَنْ قَالَ: مَاتَ بِالْمَدِينَةِ

نکلے اور کشتی میں وصال کر گئے' دفن کے لیے کوئی جگہ نہ پائی تو چھ دن تک انتظار کرتے رہے' چھ دن کے بعد ایک جگہ پائی وہاں دفن کیا گیا' چھ دن کے بعد کوئی تبدیلی نہیں آئی تھی' کچھ نے کہا ہے کہ آپ کا وصال مدینہ میں ہوا ہے۔

**4551** - حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنْبَاعِ رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ، ثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: تُوُفِّیَ اَبُو طَلْحَةَ سَنَةَ اَرْبَعٍ وَثَلَاثِينَ، وَصَلَّى عَلَيْهِ عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ سَنَةَ سَبْعِينَ، وَاسْمُهُ زَيْدُ بْنُ سَهْلٍ

حضرت یحییٰ بن بکیر فرماتے ہیں کہ حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کا وصال 34 ہجری میں ہوا' آپ کا جنازہ حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ نے پڑھایا' آپ کی عمر 70 سال تھی' آپ کا نام زید بن سہل تھا۔

**4552** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِیُّ قَالَا: ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ قَالَ: مَاتَ اَبُو طَلْحَةَ زَيْدُ بْنُ سَهْلٍ سَنَةَ اَرْبَعٍ وَثَلَاثِينَ، وَصَلَّى عَلَيْهِ عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ مَاتَ ابْنَ سَبْعِينَ سَنَةً، وَقَدْ قِيلَ: اِنَّ اَبَا طَلْحَةَ مَاتَ سَنَةَ اثْنَتَيْنِ وَثَلَاثِينَ

حضرت محمد بن عبداللہ بن نمیر فرماتے ہیں کہ حضرت ابوطلحہ زید بن سہل کا وصال 34 ہجری میں ہوا' آپ کی نمازِ جنازہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے پڑھائی' آپ کی عمر 70 سال تھی' بعض نے کہا ہے کہ حضرت ابوطلحہ کا وصال 32 ہجری میں ہوا۔

## مَا اَسْنَدُ اَبُو طَلْحَةَ ابْنُ عَبَّاسٍ، عَنْ اَبِی طَلْحَةَ

## حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کی روایت کردہ احادیث وہ حدیثیں جو ابن عباس' حضرت ابوطلحہ سے روایت کرتے ہیں

**4553** - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ

حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے



4553- أخرجه البخاری فی صحيحه جلد3صفحه1179 رقم الحديث: 3053 .

الدَّبَرِيُّ، اَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ اَنَّهُ سَمِعَ ابْنَ عَبَّاسٍ، يَقُولُ: سَمِعْتُ اَبَا طَلْحَةَ يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا تَدْخُلُ الْمَلَائِكَةُ بَيْتًا فِيهِ كَلْبٌ وَلَا صُورَةُ تَمَاثِيلَ

رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جس گھر میں کتا یا تصویر ہو اس گھر میں رحمت کے فرشتے نہیں آتے ہیں۔

**4554** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ صَدَقَةَ، ثنا الْهَيْثَمُ بْنُ مَرْوَانَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى بْنِ سُمَيْعٍ، ثنا رَوْحُ بْنُ الْقَاسِمِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ اَبِي طَلْحَةَ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَدْخُلُ الْمَلَائِكَةُ بَيْتًا فِيهِ كَلْبٌ وَلَا صُورَةٌ

حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ روایت فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس گھر میں کتا یا تصویر ہو اس گھر میں رحمت کے فرشتے نہیں آتے ہیں۔

**4555** - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا اَبُو عَاصِمٍ، ح وَحَدَّثَنَا اَبُو شُعَيْبٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَابْلُتِّيُّ كِلَاهُمَا، عَنِ ابْنِ اَبِي ذِئْبٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ اَبِي طَلْحَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تَدْخُلُ الْمَلَائِكَةُ بَيْتًا فِيهِ كَلْبٌ وَلَا صُورَةٌ

حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ روایت فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس گھر میں کتا یا تصویر ہو اس گھر میں رحمت کے فرشتے نہیں آتے ہیں۔

**4556** - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا الْقَعْنَبِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ح وَحَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا الْحُمَيْدِيُّ، قَالُوا ثنا سُفْيَانُ، ثنا الزُّهْرِيُّ، حَدَّثَنِي عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ اَبِي

حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ روایت فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس گھر میں کتا یا تصویر ہو اس گھر میں رحمت کے فرشتے نہیں آتے ہیں۔

طَلْحَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تَدْخُلُ الْمَلَائِكَةُ بَيْتًا فِيهِ كَلْبٌ وَلَا صُورَةٌ

**4557** - حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ كَامِلٍ الْمِصْرِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، حَدَّثَنِي يُونُسُ بْنُ يَزِيدَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، اَخْبَرَنِي عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، اَنَّهُ سَمِعَ ابْنَ عَبَّاسٍ، يَقُولُ: سَمِعْتُ اَبَا طَلْحَةَ يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا تَدْخُلُ الْمَلَائِكَةُ بَيْتًا فِيهِ كَلْبٌ وَلَا صُورَةٌ

حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جس گھر میں کتا یا تصویر ہو اس گھر میں رحمت کے فرشتے نہیں آتے ہیں۔

**4558** - حَدَّثَنَا مُصْعَبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ حَمْزَةَ الزُّبَيْرِيُّ، ثنا اَبِي، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنِ ابْنِ اَخِي الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَمِّهِ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، اَنَّهُ سَمِعَ ابْنَ عَبَّاسٍ يَقُولُ: سَمِعْتُ اَبَا طَلْحَةَ، يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا تَدْخُلُ الْمَلَائِكَةُ بَيْتًا فِيهِ كَلْبٌ وَلَا صُورَةٌ

حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جس گھر میں کتا یا تصویر ہو اس گھر میں رحمت کے فرشتے نہیں آتے ہیں۔

**4559** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْمُؤَدِّبُ، ثنا عُبَيْدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْعَطَّارُ، ثنا اَبُو مَرْيَمَ، عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ كَثِيرٍ، حَدَّثَنِي ابْنُ شِهَابٍ، حَدَّثَنِي عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ الْعَبَّاسِ، حَدَّثَهُ اَنَّ اَبَا طَلْحَةَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا تَدْخُلُ الْمَلَائِكَةُ بَيْتًا فِيهِ كَلْبٌ وَلَا صُورَةٌ

حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جس گھر میں کتا یا تصویر ہو اس گھر میں رحمت کے فرشتے نہیں آتے ہیں۔

**4560** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ، ثنا

حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے

عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ الْحَسَنِ الْحَوْرَانِيُّ، عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ مُسْلِمٍ، ثنا الْاَوْزَاعِيُّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ اَبِي طَلْحَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تَدْخُلُ الْمَلَائِكَةُ بَيْتًا فِيهِ كَلْبٌ وَلَا صُورَةٌ

رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جس گھر میں کتا یا تصویر ہو اس گھر میں رحمت کے فرشتے نہیں آتے ہیں۔

**4561** - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا اَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ اَرْطَاةَ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ سَعْدٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَخْبَرَنِي اَبُو طَلْحَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَرَنَ بَيْنَ الْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے: مجھے خبر دی حضرت ابوطلحہ نے کہ رسول کریم ﷺ نے حج وعمرہ کو ملایا۔

**4562** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، حَدَّثَنَا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا اَبُو خَالِدٍ الْاَحْمَرُ وَاَبُو مُعَاوِيَةَ، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا بْنِ اَبِي زَائِدَةَ وَاَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنْ حَجَّاجٍ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ سَعْدٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبُو طَلْحَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَرَنَ بَيْنَ الْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: حضرت ابوطلحہ نے مجھے حدیث سنائی کہ رسول کریم ﷺ نے حج وعمرہ کو ملا کر ادا فرمایا۔

## زَيْدُ خَالِدٍ الْجُهَنِيُّ، عَنْ اَبِي طَلْحَةَ

## حضرت زید خالد الجہنی، حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

**4563** - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا

حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے

4561- أورده ابن ماجه في سننه جلد2صفحه990' رقم الحديث: 2971 .

مُسَدَّدٌ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَضْلِ السَّقَطِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَا ثنا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِی صَالِحٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ، عَنْ اَبِی طَلْحَةَ الْاَنْصَارِیِّ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا تَدْخُلُ الْمَلَائِكَةُ بَيْتًا فِيهِ كَلْبٌ وَلَا تِمْثَالٌ

رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جس گھر میں کتا یا تصویر ہو اس گھر میں رحمت کے فرشتے نہیں آتے ہیں۔

4564 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، ثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ، ثنا لَيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ بُكَيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ بِشْرِ بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ الْجُهَنِیِّ، عَنْ اَبِی طَلْحَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ الْمَلَائِكَةَ لَا تَدْخُلُ بَيْتًا فِيهِ صُورَةٌ

حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جس گھر میں تصویر ہو اس گھر میں رحمت کے فرشتے نہیں آتے ہیں۔

4565 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِیُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ اَبِی شَيْبَةَ، ثنا جَرِيرٌ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِی صَالِحٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ الْجُهَنِیِّ، عَنْ اَبِی طَلْحَةَ الْاَنْصَارِیِّ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا تَدْخُلُ الْمَلَائِكَةُ بَيْتًا فِيهِ كَلْبٌ وَلَا تِمْثَالٌ

حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جس گھر میں کتا یا تصویر ہو اس گھر میں رحمت کے فرشتے نہیں آتے ہیں۔

4566 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ الْمِصْرِیُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ، ثنا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِی عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، اَنَّ بُكَيْرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْاَشَجِّ، حَدَّثَهُ اَنَّ بِشْرَ بْنَ سَعِيدٍ، حَدَّثَهُ اَنَّ زَيْدَ بْنَ خَالِدٍ الْجُهَنِیَّ، حَدَّثَهُ اَنَّ اَبَا طَلْحَةَ، حَدَّثَهُ اَنَّ

حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جس گھر میں تصویر ہو اس گھر میں رحمت کے فرشتے نہیں آتے ہیں۔

رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تَدْخُلُ الْمَلَائِكَةُ بَيْتًا فِيهِ صُورَةٌ

## اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ، عَنْ اَبِی طَلْحَةَ

## حضرت انس بن مالک' حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

**4567** - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ، ثنا عِمْرَانُ الْقَطَّانُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ، عَنْ اَبِی طَلْحَةَ، قَالَ: كُنْتُ فِيمَنْ صُبَّ عَلَيْهِ النُّعَاسُ يَوْمَ اُحُدٍ

حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: اُحد کے دن میں ان لوگوں میں سے تھا جن پر نیند طاری کی گئی۔

**4568** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، ثنا، الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيدِ النَّرْسِيُّ ثنا، يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، ثنا سَعِيدٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ، عَنْ اَبِی طَلْحَةَ، اَنَّهُ كَانَ مِمَّنْ غَشِيَهُ النُّعَاسُ يَوْمَئِذٍ قَالَ: وَكَانَ السَّيْفُ يَسْقُطُ مِنْ يَدِهِ فَآخُذُهُ، وَيَسْقُطُ مِنْ يَدِی ثُمَّ آخُذُهُ مِنَ النُّعَاسِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ وہ ان لوگوں میں شامل تھے جن پر اس دن اونگھ طاری ہوئی تھی' فرماتے ہیں: ان کے ہاتھ سے تلوار گر پڑی۔ میں اس کو پکڑتا تو (حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:) میرے ہاتھ سے گر پڑتی پھر اونگھ کے باوجود تلوار کو میں پکڑ رہا تھا۔

**4569** - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْاَسْفَاطِيُّ، ثنا عَيَّاشُ بْنُ الْوَلِيدِ الرَّقَّامُ، ثنا عَبْدُ الْاَعْلَى، ثنا سَعِيدُ بْنُ اَبِی عَرُوبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ، عَنْ اَبِی طَلْحَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَ بِبِضْعَةٍ وَثَلَاثِينَ رَجُلًا مِنْ صَنَادِيدِ

حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے حکم دیا تقریباً تیس سے اوپر قریش کے سرداروں کو بدر کے ویران کنوؤں میں سے کسی کنویں میں ڈال دیا جائے' اس وقت جب وہ مردار ہو چکے تھے' آپ کی عادت مبارکہ تھی کہ جب کسی قوم پر



4567- أورده الطبرانی فی الأوسط جلد3صفحه71' رقم الحديث: 2516 .

4569- أورده أحمد فی مسنده جلد4صفحه29 .

قُرَيْشٍ، فَأُلْقُوا فِي طَوِيٍّ مِنْ أَطَاوِي بَدْرٍ حَيْثُ جَيَّفَتْ، وَكَانَ إِذَا ظَهَرَ عَلَى قَوْمٍ أَقَامَ بِالْعَرْصَةِ ثَلَاثًا، فَلَمَّا كَانَ الْيَوْمُ الثَّالِثُ أَمَرَ بِرَاحِلَتِهِ، فَشَدَّ عَلَيْهَا رَحْلَهَا، ثُمَّ مَشَى وَاتَّبَعَهُ أَصْحَابُهُ، قَالُوا: مَا نَرَاهُ مُنْطَلِقًا إِلَّا لِبَعْضِ حَاجَتِهِ، ثُمَّ أَتَى شُقَّةَ الْبِئْرِ فَقَالَ: يَا فُلَانُ بْنُ فُلَانٍ وَيَا فُلَانُ بْنُ فُلَانٍ وَدِدْتُمْ أَنَّكُمْ كُنْتُمْ أَطَعْتُمُ اللَّهَ وَرَسُولَهُ، فَهَلْ وَجَدْتُمْ مَا وَعَدَ رَبُّكُمْ حَقًّا فَقَدْ وَجَدْنَا مَا وَعَدَنَا رَبُّنَا حَقًّا قَالَ عُمَرُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ أَتُكَلِّمُ أَجْسَادًا لَا أَرْوَاحَ فِيهَا؟ قَالَ: وَالَّذِي نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهِ مَا أَنْتُمْ بِأَسْمَعَ لِمَا أَقُولُ مِنْهُمْ قَالَ سَعِيدٌ: قَالَ قَتَادَةُ: أَحْيَاهُمُ اللَّهُ وَاللَّهِ لَهُ حَتَّى سَمِعُوا قَوْلَهُ

غالب آ جاتے تو کھلے میدان میں تین دن قیام فرماتے۔ پھر جب تیسرا دن آیا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سواری لانے کا حکم دیا۔ پس آپ کی سواری پر کجاوہ کس دیا گیا' پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم چلے اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صحابہ کرام نے بھی آپ کی اتباع کی۔ صحابہ فرماتے ہیں: ہم نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا کہ آپ کسی کام کو جا رہے ہیں' پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کنویں کے کنارے پر آئے اور کہا: اے فلاں بن فلاں! اور اے فلاں بن فلاں! اب تو تمہاری خواہش ہوگی کہ تم نے اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کی ہوتی۔ کیا تم نے اپنے رب کے وعدہ (عذاب) کو سچ پالیا ہے' تحقیق ہم نے تو اپنے رب کے وعدہ (فتح و نصرت) کو سچ پالیا ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! کیا آپ روحوں کے جسموں کو خطاب کر رہے ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں محمد کی جان ہے! تم زیادہ سننے والے نہیں ہو' اس بات کو جو میں ان سے کہہ رہا ہوں۔ حضرت سعید کا قول ہے کہ حضرت قتادہ کہتے ہیں: قسم بخدا! اللہ تعالیٰ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لیے ان کو زندہ کر دیا تھا حتیٰ کہ اُنہوں نے آپ کے قول کو سنا (پھر مار دیا)۔

**4570** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا مُعَاذُ بْنُ مُعَاذٍ وَعَبْدُ الْأَعْلَى، ح وَحَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفِرْيَابِيُّ، ثنا قُتَيْبَةُ بْنُ

حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب کسی قوم پر غلبہ حاصل کر لیتے تھے تو تین دن اس قوم کے صحن یا کھلی جگہ میں مقیم رہنا پسند فرماتے یا



**4570**- أورد نحوه أبو داؤد في سننه جلد3 صفحه63' رقم الحديث: **2695** .

سَعِيدٍ، ثنا، مُعَاذُ بْنُ مُعَاذٍ قَالَا: ثنا سَعِيدُ بْنُ اَبِي عَرُوبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ، عَنْ اَبِي طَلْحَةَ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا غَلَبَ قَوْمًا اَحَبَّ اَنْ يُقِيمَ بِعَرْصَتِهِمْ ثَلَاثَةَ اَيَّامٍ اَوْ ثَلَاثَ لَيَالٍ

تین راتیں۔

**4571** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ حَمْزَةَ الدِّمَشْقِيُّ، ثنا اَبُو الْجُمَاهِرِ، ثنا سَعِيدُ بْنُ بَشِيرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ، عَنْ اَبِي طَلْحَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا صَبَّحَ خَيْبَرَ تَلَا هٰذِهِ الْآيَةَ اِنَّا اِذَا نَزَلْنَا بِسَاحَةِ قَوْمٍ (فَسَاءَ صَبَاحُ الْمُنْذَرِينَ) (الصافات: **177**)

حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جب خیبر میں صبح کی تو آپ نے یہ آیت پڑھی پھر جب ہم اتریں گے ان کے آنگن میں تو ڈرائے ہوؤں کی کیا ہی بُری صبح ہوگی۔

**4572** - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ هَاشِمٍ الْبَغَوِيُّ، ثنا اُمَيَّةُ بْنُ بِسْطَامٍ، ثنا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، ثنا سَعِيدٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ، عَنْ اَبِي طَلْحَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا صَبَّحَ خَيْبَرَ وَقَدْ اَخَذُوا مَسَاحِيَهُمْ وَمَكَاتِلَهُمْ، وَغَدَوْا عَلَى حُرُوثِهِمْ، فَلَمَّا رَاَوْا نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَعَهُ الْخَمِيسُ نَكَصُوا مُدْبِرِينَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اللّٰهُ اَكْبَرُ اللّٰهُ اَكْبَرُ اللّٰهُ اَكْبَرُ خَرِبَتْ خَيْبَرُ اِنَّا اِذَا نَزَلْنَا بِسَاحَةِ قَوْمٍ فَسَاءَ صَبَاحُ الْمُنْذَرِينَ

حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ روایت فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جب خیبر میں صبح کی تو انہوں نے اپنے ہتھیار سامان لیے اور خیبر کے رہنے والے صبح صبح اپنے کھیت اور زمین میں چلے گئے' جب اُنہوں نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو جمعرات کے دن دیکھا تو وہ پیٹھ پھیر کر بھاگے' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ سب سے بڑا ہے! اللہ سب سے بڑا ہے! خیبر والوں کے لیے ہلاکت ہے! پھر جب ہم اُترتے ہیں ان کے آنگن میں تو ڈرائے ہوؤں کی کیا ہی بُری صبح ہوگی۔

---

**4571**- أورد نحوه أحمد في مسنده جلد**4**صفحه**28** .

**4572**- أخرج نحوه مسلم في صحيحه جلد**2**صفحه**1044** رقم الحديث: **1365**' جلد **3**صفحه**1426** رقم الحديث: **1365** . والبخاري جلد**1**صفحه**145** رقم الحديث: **364**' جلد**1**صفحه **221** رقم الحديث: **364** .

**4573** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ الْمُغِيرَةِ الْقَيْسِيُّ، ثنا ثَابِتٌ، عَنْ أَنَسٍ، عَنْ أَبِي طَلْحَةَ، قَالَ: كُنْتُ رَدِيفَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَوْ قُلْتُ إِنَّ رُكْبَتِي تَمَسُّ رُكْبَتَهُ، فَسَكَتَ عَنْهُمْ حَتَّى إِذَا كَانَ عِنْدَ السَّحَرِ، وَذَهَبَ ذُو الضَّرْعِ إِلَى ضَرْعِهِ وَذُو الزَّرْعِ إِلَى زَرْعِهِ أَغَارَ عَلَيْهِمْ وَقَالَ: إِنَّا إِذَا نَزَلْنَا بِسَاحَةِ قَوْمٍ (فَسَاءَ صَبَاحُ الْمُنْذَرِينَ) (الصافات: 177)

حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے پیچھے سوار تھا' اگر میں یہ کہوں کہ میرے گھٹنے آپ کے گھٹنوں کو چھو رہے تھے' ان سے آپ خاموش رہے' جب سحری کا وقت ہوا تو دودھ دوہنے والے دودھ دوہنے چلے گئے اور کھیتی کرنے والے کھیتوں میں چلے گئے' ان پر حملہ کیا تو آپ نے پڑھا: پھر جب اُترے گا ان کے آنگن میں تو ڈرائے ہوؤں کی کیا ہی بُری صبح ہوگی''۔

**4574** - حَدَّثَنَا أَبُو زُرْعَةَ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنِ عَمْرٍو وَعَبْدُ اللَّهِ بْنُ الْحُسَيْنِ الْمِصِّيصِيُّ قَالَا: ثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ الدِّمَشْقِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ بَشِيرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، عَنْ أَبِي طَلْحَةَ قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ فِي تَلْبِيَتِهِ: لَبَّيْكَ بِحَجَّةٍ وَعُمْرَةٍ مَعًا

حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو حج وعمرہ کا اکٹھا تلبیہ پڑھتے ہوئے دیکھا۔

**4575** - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْمَعْمَرِيُّ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ خَلَّادٍ الْبَاهِلِيُّ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، عَنْ أَبِي طَلْحَةَ قَالَ: رَمَقْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَصْحَابَهُ يَوْمَ أُحُدٍ فَلَمْ أَرَ أَحَدًا إِلَّا وَهُوَ يَمِلُّ تَحْتَ جُحْفَتِهِ مِنَ النُّعَاسِ

حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اُحد کے دن میں نے نبی کریم ﷺ اور آپ کے صحابہ کو دیکھا' پس ان میں ہر ایک اونگھ کی وجہ سے اکتا رہا تھا۔

---

4574- أورد نحوه أحمد في مسنده جلد3صفحه183 رقم الحديث: 12921' جلد 3صفحه225 رقم الحديث: 13373' جلد3صفحه280 رقم الحديث: 14013 .

4576 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْمَعْمَرِيُّ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنِ خَلَّادٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي عَدِيٍّ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ اَنَسٍ، عَنْ اَبِي طَلْحَةَ قَالَ: كُنْتُ فِيمَنْ صُبَّ عَلَيْهِ النُّعَاسُ يَوْمَ اُحُدٍ

حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں ان لوگوں میں سے تھا جن پر اُحد کے دن اونگھ ڈالی گئی تھی۔

4577 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ اَبِي جَعْفَرٍ، ثنا ثَابِتٌ، عَنْ اَنَسٍ، عَنْ اَبِي طَلْحَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: جَزَاكُمُ اللّٰهُ يَا مَعْشَرَ الْاَنْصَارِ خَيْرًا، فَاِنَّكُمْ مَا عَلِمْتُ اَعِفَّةٌ صُبُرٌ

حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے انصار کے گروہ! اللہ عزوجل تمہیں اچھی جزاء دے! میں جانتا ہوں کہ وہ پاک دامن اور سوال کرنے سے پرہیز کرنے والے ہیں۔

4578 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ الْوَلِيدِ النَّرْسِيُّ وَزَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ، قَالَا: ثنا عَبْدَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الصَّفَّارُ، ثنا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَبْدِ الْوَارِثِ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ ثَابِتٍ الْبُنَانِيُّ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَنَسٍ، عَنْ اَبِي طَلْحَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اقْرِءْ قَوْمَكَ السَّلَامَ فَاِنَّهُمْ مَا عَلِمْتُ اَعِفَّةٌ صُبُرٌ

حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اپنی قوم کو میرا سلام کہنا کیونکہ میں نے ان کو پاکدامن اور صبر کرنے والا جانا ہے۔

4579 - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ حَمْدَوَيْهِ الصَّفَّارُ، ثنا عَفَّانُ بْنُ مُسْلِمٍ، ح وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ الْحَوْضِيُّ قَالَا: ثنا هَمَّامٌ قَالَ: قِيلَ لِمَطَرٍ وَاَنَا عِنْدَهُ: مِمَّنْ اَخَذَ الْحَسَنُ، الْوُضُوءُ مِمَّا مَسَّتِ النَّارُ؟ فَقَالَ: اَخَذَهُ عَنْ اَنَسٍ، وَاَخَذَهُ اَنَسٌ، عَنْ اَبِي طَلْحَةَ،

حضرت ہمام فرماتے ہیں: مطر سے کہا گیا کہ میں وہاں موجود تھا جس کو حسن نے دیکھا کہ آگ سے پکی ہوئی شی کھانے کے بعد وضو ہے (یعنی لغوی وضو مراد ہے: کُلّی اور ہاتھ دھونا)۔ فرمایا: میں نے انس سے لیا اور حضرت انس نے حضرت ابوطلحہ سے اور ابوطلحہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کیا ہے۔



4577- أورده الترمذي في سننه جلد5صفحه714' رقم الحديث: 3903 .

4579- أورده ابن أبي شيبة في مصنفه جلد1صفحه53' رقم الحديث: 552 .

وَاَخَذَهُ اَبُو طَلْحَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

**4580** - حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ يَعْقُوبَ الْقَاضِي، ثنا اَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، ثنا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ السُّدِّيِّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ عَبَّادٍ عَنْ اَنَسٍ، عَنْ اَبِي طَلْحَةَ، اَنَّهُ ابْتَاعَ خَمْرًا لِاَيْتَامٍ فَلَمَّا حُرِّمَتِ الْخَمْرُ قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اَتَّخِذُهَا خَلًّا؟ قَالَ: لَا

حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے یتیموں کے لیے شراب خریدی' جب شراب حرام کی گئی تو عرض کی گئی: یارسول اللہ! اس کا سرکہ بنا لیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: نہیں۔

حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ حَسَّانَ، ثنا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنِ السُّدِّيِّ، عَنْ اَبِي هُبَيْرَةَ يَحْيَى بْنِ عَبَّادٍ، عَنْ اَنَسٍ، عَنْ اَبِي طَلْحَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ

حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے اسی کی مثل حدیث روایت کرتے ہیں۔

**4581** - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا مُعْتَمِرٌ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ عَبَّادٍ، عَنْ اَنَسٍ، عَنْ اَبِي طَلْحَةَ، قَالَ: اَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اِنِّي اشْتَرَيْتُ خَمْرًا لِاَيْتَامٍ فِي حِجْرِي فَقَالَ: اَهْرِقِ الْخَمْرَ وَاكْسِرِ الدِّنَانَ فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اِنَّهَا لِاَيْتَامٍ قَالَ: اَهْرِقِ الْخَمْرَ وَاكْسِرِ الدِّنَانَ

حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں نے اس یتیم کے لیے شراب خریدی ہے جو میری پرورش میں ہے' آپ نے فرمایا: شراب بہادے اور برتن توڑ دے۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! یتیم کی ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: شراب بہادے اور برتن توڑ دے۔

**4582** - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ اَبِي الشَّوَارِبِ، ثنا

حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے دو کھجوریں اکٹھی ملا کر کھانے سے منع



---

**4581**- أورده الترمذی فی سننه جلد3صفحه588' رقم الحديث: 1293 .

**4582**- ذكره الهيثمی فی مجمع الزوائد جلد 5صفحه55 وقال: رواه الطبرانی وفيه عمر بن دريح وثقه ابن معين وضعفه أبو حاتم وبقية رجاله رجال الصحيح .

عُمَرُ بْنُ رُدَيْحٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِي مَيْمُونَةَ، عَنْ اَنَسٍ، عَنْ اَبِي طَلْحَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنِ الْخَلِيطَيْنِ

کیا۔

**4583** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ زَيْدِ بْنِ الْحَرِيشِ الْاَهْوَازِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ اَبِي الشَّوَارِبِ، ثنا عُمَرُ بْنُ رُدَيْحٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِي مَيْمُونَةَ، عَنْ اَنَسٍ، عَنْ اَبِي طَلْحَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنِ الْاَقْرَانِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ' حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے زیادہ کھجوریں ملا کر کھانے سے منع کیا (جب کئی لوگ اکٹھے بیٹھ کر کھا رہے ہوں)۔

**4584** - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْاَسْفَاطِيُّ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِي اُوَيْسٍ، حَدَّثَنِي اَخِي سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ، عَنْ اَبِي طَلْحَةَ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ صَلَّى عَلَيَّ صَلَاةً صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ عَشْرًا

حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو مجھ پر ایک مرتبہ درود پڑھے گا' اللہ عزوجل اس پر دس مرتبہ رحمت بھیجے گا۔

**4585** - حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُخَرِّمِيُّ وَاَحْمَدُ بْنُ دَاوُدَ الْمَكِّيُّ قَالَا: ثنا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، ثنا جَسْرُ بْنُ فَرْقَدٍ، عَنْ ثَابِتٍ عَنْ اَنَسٍ، عَنْ اَبِي طَلْحَةَ قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَاَيْتُهُ طَيِّبَ النَّفْسِ حَسَنَ الْبِشْرِ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَا رَاَيْتُكَ اَطْيَبَ نَفْسًا مِنْكَ الْيَوْمَ، فَقَالَ: وَمَا يَمْنَعُنِي وَالْمَلَكُ خَبَّرَنِي اَنَّهُ مَنْ صَلَّى عَلَيْكَ صَلَّيْتُ عَلَيْهِ اَنَا وَمَلَائِكَتِي عَشْرًا، وَمَنْ سَلَّمَ عَلَيْكَ سَلَّمْتُ

حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آیا' میں نے آپ کو خوش دیکھا تو میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں نے آپ کو آج کے دن سے زیادہ خوش کبھی نہیں دیکھا' آپ نے فرمایا: میں خوش کیوں نہ ہوں کہ فرشتے نے مجھے بتایا جو آپ پر ایک مرتبہ درود پڑھے گا' میں اور میرے ساتھ فرشتے اس پر دس رحمتیں بھیجیں گے' جو آپ پر ایک مرتبہ سلام بھیجے گا میں اور میرے فرشتے اس پر دس مرتبہ رحمت بھیجیں گے۔



4584- أورد نحوه الدارمي في سننه جلد2صفحه408' رقم الحديث: 2772 .

عَلَيْهِ اَنَا وَمَلَائِكَتِي عَشْرًا

**4586** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ الْبَغَوِيُّ، ثنا صَالِحُ بْنُ مَالِكٍ الْخُوَارِزْمِيُّ، حَدَّثَنَا صَالِحُ الْمُرِّيُّ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ، عَنْ اَبِي طَلْحَةَ قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَاَيْتُ مِنْ بِشْرِهِ وطَلَاقَتِهِ شَيْئًا لَمْ اَرَهُ عَلَى مِثْلِ تِلْكَ الْحَالِ قَطُّ فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَا رَاَيْتُكَ عَلَى مِثْلِ هٰذِهِ الْحَالِ قَطُّ فَقَالَ: وَمَا يَمْنَعُنِي يَا اَبَا طَلْحَةَ وَقَدْ خَرَجَ مِنْ عِنْدِي جِبْرِيلُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ آنِفًا فَاَتَانِي بِبِشَارَةٍ مِنْ رَبِّي قَالَ: اِنَّ اللّٰهَ بَعَثَنِي اِلَيْكَ اُبَشِّرُكَ اَنَّهُ لَيْسَ اَحَدٌ مِنْ اُمَّتِكَ يُصَلِّي عَلَيْكَ صَلَاةً اِلَّا صَلَّى اللّٰهُ وَمَلَائِكَتُهُ عَلَيْهِ بِهَا عَشْرًا

حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آیا' میں نے آپ کے چہرے پر خوشی کے آثار دیکھے اس حالت میں' میں نے کبھی نہیں دیکھا تھا' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں نے آپ کو ایسی حالت میں کبھی نہیں دیکھا ہے' آپ نے فرمایا: اے ابوطلحہ! مجھے خوش ہونے سے کیا رکاوٹ ہے؟ میرے پاس سے حضرت جبریل علیہ السلام ابھی نکلے ہیں' انہوں نے مجھے میرے رب سے خوشخبری دی' کہا کہ اللہ نے مجھے آپ کی طرف خوشخبری دینے کے لیے بھیجا ہے کہ جو آپ کا اُمتی آپ پر ایک مرتبہ درود پڑھے گا' اللہ اور اس کے فرشتے اس پر دس رحمتیں بھیجیں گے۔

**4587** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْفِرْغَانِيُّ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْوَلِيدِ الطَّبَرَانِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، حَدَّثَنِي عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ اَبِي سَلَمَةَ الْمَاجِشُونُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ اَبِي طَلْحَةَ قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَسَارِيرُ وَجْهِهِ تَبْرُقُ

حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آیا' آپ کا چہرہ خوشی سے چمک رہا تھا' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں نے آج تک آپ کو اتنا خوش نہیں دیکھا جتنا آج کے دن دیکھا ہے' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: مجھے کیا ہے کہ میں خوش نہ ہوں کہ ابھی میرے پاس سے حضرت جبریل علیہ السلام



4587- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 10 صفحه 161 وقال: وفي رواية ورد الله عزوجل عليه مثل قوله وعرضت عليك يوم القيامة قلت عند النسائي طرف منه رواه الطبراني وفي الرواية الأولى محمد بن ابراهيم بن الوليد الطبراني وفي الثانية أحمد بن عمرو النصيبي ولم أعرفهما وبقية رجالهما ثقات وروى في الصغير والأوسط طرف منه .

فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَا رَأَيْتُكَ أَطْيَبَ نَفْسًا وَلَا أَظْهَرَ بِشْرًا مِنْكَ فِي يَوْمِكَ هٰذَا، فَقَالَ: وَمَا لِي لَا تَطِيبُ نَفْسِي وَلَا يَظْهَرُ بِشْرِي وَإِنَّمَا فَارَقَنِي جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ السَّاعَةَ فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ مَنْ صَلَّى عَلَيْكَ مِنْ أُمَّتِكَ صَلَاةً كَتَبَ اللّٰهُ لَهُ بِهَا عَشْرَ حَسَنَاتٍ وَمَحَا عَنْهُ عَشْرَ سَيِّئَاتٍ وَرَفَعَهُ بِهَا عَشْرَ دَرَجَاتٍ وَقَالَ: لَهُ الْمَلَكُ مِثْلَ مَا قَالَ: لَكَ قُلْتُ: يَا جِبْرِيلُ وَمَا ذَاكَ الْمَلَكُ قَالَ: إِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ وَكَّلَ بِكَ مَلَكًا مِنْ لَدُنْ خَلْقِكَ إِلَى أَنْ يَبْعَثَكَ لَا يُصَلِّي عَلَيْكَ أَحَدٌ مِنْ أُمَّتِكَ إِلَّا قَالَ: وَأَنْتَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْكَ

گئے ہیں، عرض کر رہے تھے کہ اے محمد! آپ کی اُمت سے کوئی آپ پر ایک مرتبہ درود پڑھے گا تو اللہ عزوجل اُس کے لیے دس نیکیاں لکھے گا اور دس گناہ معاف کرے گا اور دس درجات بلند کرے گا۔ ایک فرشتے نے آپ سے کہا جو آپ کے لیے کہا، میں نے کہا: اے جبریل! فرشتے نے کیا کہا ہے؟ عرض کی: اللہ عزوجل نے ایک فرشتے کو مقرر کیا ہے کہ آپ کے پیدا ہونے سے لے کر اعلانِ نبوت تک جو بھی آپ کی اُمت میں سے آپ پر درود پڑھے گا وہ فرشت اس کے لیے اتنی مرتبہ درود پڑھے گا۔

**4588** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ بْنِ رَاهَوَيْهِ، ثنا أَبِي ح، وَحَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْعَسْكَرِيُّ، ثنا أَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ، ثنا حَمَّادُ بْنُ عَمْرٍو النَّصِيبِيُّ، ثنا زَيْدُ بْنُ رُفَيْعٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ أَبِي طَلْحَةَ قَالَ: أَتَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَتَهَلَّلُ وَجْهُهُ مُسْتَبْشِرًا فَقُلْتُ: أَيْ رَسُولَ اللّٰهِ إِنَّكَ لَعَلَى حَالٍ مَا رَأَيْتُكَ عَلَى مِثْلِهَا قَالَ: وَمَا يَمْنَعُنِي أَتَانِي جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ آنِفًا فَقَالَ: بَشِّرْ أُمَّتَكَ أَنَّهُ مَنْ صَلَّى عَلَيْكَ صَلَاةً كُتِبَ لَهُ بِهَا عَشْرُ حَسَنَاتٍ وَكُفِّرَ عَنْهُ بِهَا عَشْرُ سَيِّئَاتٍ وَرُفِعَ لَهُ بِهَا عَشْرُ دَرَجَاتٍ وَرَدَّ اللّٰهُ عَلَيْهِ مِثْلَ قَوْلِهِ وَعُرِضَتْ عَلَيْهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں آیا اس حال میں کہ آپ کا چہرہ خوشی سے تمتما رہا تھا۔ میں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! بے شک آپ ایسے حال پر ہیں کہ میں نے آج تک آپ کو اس حال پر نہیں دیکھا، آپ ﷺ نے فرمایا: مجھے خوش ہونے سے کون سی چیز روک سکتی ہے ابھی حضرت جبریل علیہ السلام میرے پاس آئے۔ اور فرمایا: اپنی اُمت کو خوشخبری دیں کہ جو شخص آپ پر ایک بار درود پڑھے گا، اللہ اس کیلئے دس نیکیاں لکھے گا، دس گناہ مٹا دے گا اور دس درجے بلند کر دے گا اور اس کے قول کی مانند اس کو جواب دے گا اور قیامت والے دن وہ اس پر پیش کیا جائے گا۔

**4589** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ وَاَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، قَالَا: ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ اَنَّ اَبَانَ بْنَ اَبِي عَيَّاشٍ اَخْبَرَهُمْ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ اَبِي طَلْحَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَتَى عَلَى رَجُلٍ وَهُوَ يَقُولُ: اللّٰهُمَّ اِنِّي اَسْاَلُكَ بِاَنَّ لَكَ الْحَمْدَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ الْمَنَّانُ بَدِيعُ السَّمَاوَاتِ وَالْاَرْضِ ذُو الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ فَقَالَ: لَقَدْ سَاَلَ اللّٰهَ بِالِاسْمِ الَّذِي اِذَا دُعِيَ بِهِ اَجَابَ

حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ایک آدمی کے پاس آئے وہ دعا کررہا تھا: ''اَللّٰهُمَّ اِنِّي اَسْاَلُكَ اِلٰى آخره'' آپ نے فرمایا: اس نے اس نام سے دعا کی جس نام سے کی ہوئی دعا قبول کی جاتی ہے۔

**4590** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ، ثنا هَارُونُ بْنُ مُوسَى بْنِ رَاشِدٍ الْمُسْتَمْلِي الْكَبِيرُ مُكْحُلَةُ، ثنا عُمَرُ بْنُ اَيُّوبَ الْمَوْصِلِيُّ، عَنْ مَصَادِ بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ اَبِي طَلْحَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الصَّدَقَةُ عَلَى الْمِسْكِينِ صَدَقَةٌ وَعَلَى ذِي الرَّحِمِ صَدَقَةٌ وَصِلَةٌ

حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: مسکین کو صدقہ دینے سے صدقہ کا ثواب ملتا ہے اور رشتہ دار کو صدقہ دینے سے دُگنا ثواب ملتا ہے صدقہ کا اور صلہ رحمی کا بھی۔

## عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِي طَلْحَةَ، عَنْ اَبِيهِ

## حضرت عبداللہ بن ابوطلحہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں

**4591** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ

حضرت عبداللہ بن ابوطلحہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے پاس

---

4589- أورد نحوه النسائي في سننه (المجتبى) جلد 3 صفحه 52 رقم الحديث: 1300، وابن ماجه في سننه جلد 2 صفحه 1268 رقم الحديث: 3858 .

4590- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 3 صفحه 116 وقال: رواه الطبراني في الكبير والأوسط وفيه من لم أعرفه .

اِبْرَاهِيمَ الطَّيَالِسِيُّ، وَعُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ الضَّبِّيُّ قَالَا: ثنا اَبُو الْوَلِيدِ، ح وَحَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ قَالُوا: ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ، مَوْلَى الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي طَلْحَةَ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: اَتَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا وَالْبِشْرُ يُرَى فِي وَجْهِهِ فَقِيلَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اِنَّا نَرَى فِي وَجْهِكَ بَشَرًا لَمْ نَكُنْ نَرَاهُ قَالَ: اِنَّ مَلَكًا اَتَانِي فَقَالَ: اِنَّ رَبَّكَ يَقُولُ لَكَ: اَمَا تَرْضَى اَوْ اَلَا يُرْضِيكَ اَنْ لَا يُصَلِّيَ عَلَيْكَ اَحَدٌ مِنْ اُمَّتِكَ اِلَّا صَلَّيْتُ عَلَيْهِ عَشْرًا؟ وَلَا يُسَلِّمُ عَلَيْكَ اِلَّا سَلَّمْتُ عَلَيْهِ عَشْرًا؟ قُلْتُ: بَلَى

آیا' ایک دن آپ کے چہرے پر خوشی کے آثار تھے آپ سے عرض کی گئی: یارسول اللہ! ہم آپ کے چہرے پر خوشی کے آثار دیکھ رہے ہیں جو اس سے پہلے نہیں دیکھے۔ تو آپ ﷺ نے فرمایا: ایک فرشتہ میرے پاس آیا اُس نے عرض کی: آپ کا رب آپ کو فرماتا ہے کہ کیا آپ راضی نہیں ہیں کہ آپ کی اُمت سے کوئی بھی اُمتی آپ پر درود پڑھے گا تو میں اس پر دس رحمتیں بھیجوں' جو کوئی آپ پر سلام بھیجے تو میں اس پر دس مرتبہ رحمتیں بھیجوں۔ میں نے کہا: کیوں نہیں!

**4592** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْقَاسِمِ الْجَوْهَرِيُّ وَزَكَرِيَّا بْنُ حَمْدَوَيْهِ الصَّفَّارُ قَالَا: ثنا عَفَّانُ بْنُ مُسْلِمٍ، ح وَحَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، قَالَا ثنا، عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ ثنا، عُثْمَانُ بْنُ حَكِيمٍ، عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي طَلْحَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ قَالَ: كُنَّا جُلُوسًا عَلَى الْاَفْنِيَةِ فَمَرَّ بِنَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: مَا لَكُمْ وَالْجُلُوسُ عَلَى الصُّعُدَاتِ؟ فَقُلْنَا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اِنَّا جَلَسْنَا نَتَحَدَّثُ نَذْكُرُ اللّٰهَ قَالَ: فَاَعْطُوا الْمَجَالِسَ حَقَّهَا قُلْنَا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ وَمَا

حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہم احاطوں (چوراہوں) میں بیٹھے ہوئے تھے' پس رسول کریم ﷺ ہمارے پاس سے گزرے تو آپ نے فرمایا: تمہیں کیا ہے کہ تم بلند جگہوں پر بیٹھتے ہو؟ ہم نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! ہم حدیث بیان کرتے ہیں یا گفتگو کرتے ہیں' اللہ کا ذکر بھی کرتے ہیں' آپ نے فرمایا: مجالس (بیٹھنے کی جگہیں) کو ان کا حق دو۔ ہم نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! ان کا حق کیا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: آنکھوں کو جھکانا' سلام کا جواب دینا' راستے کو اس کا حق دینا اور اچھا کلام کرنا۔



---

4592- أورد نحوه النسائي في سننه الكبرى جلد 6 صفحه 418 رقم الحديث: 11362' وأحمد في مسنده جلد 4 صفحه 30.

حَقُّهَا؟ قَالَ: غَضُّ الْبَصَرِ وَرَدُّ السَّلَامِ وَإِهْدَاءُ السَّبِيلِ وَحُسْنُ الْكَلَامِ

**4593** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْبَزَّارُ، وَأَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَزَّارُ التُّسْتَرِيُّ قَالَا ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مِسْكِينٍ الْيَمَانِيُّ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ جُنَاحٍ، ثنا يَحْيَى بْنُ شُعْبَةَ قَالَ: سَمِعْتُ إِسْحَاقَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي طَلْحَةَ يُحَدِّثُ عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ غَسَلَ وَاغْتَسَلَ وَغَدَا وَابْتَكَرَ. وَدَنَا مِنَ الْإِمَامِ فَأَنْصَتَ وَلَمْ يَلْغُ فِي يَوْمِ الْجُمُعَةِ كَتَبَ اللّٰهُ لَهُ بِكُلِّ خُطْوَةٍ خَطَاهَا إِلَى الْمَسْجِدِ صِيَامَ سَنَةٍ وَقِيَامِهَا

حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے غسل کیا اور جلدی آیا اور امام کے قریب ہوا اور خاموش رہا' جمعہ کے دن کوئی لغو بات نہیں کی تو اللہ عزوجل اس کے ایک ایک قدم اُٹھانے کے بدلے ایک سال کے روزے اور قیام کرنے کا ثواب لکھے گا۔

**4594** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ الْمِصْرِيُّ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ، ثنا ابْنُ وَهْبٍ، أَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ غَزِيَّةَ، عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي طَلْحَةَ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ أَبَا طَلْحَةَ، دَعَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى عُمَيْرِ بْنِ طَلْحَةَ حِينَ تُوُفِّيَ، فَأَتَاهُمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَصَلَّى عَلَيْهِ فِي مَنْزِلِهِ، فَتَقَدَّمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو حضرت عمیر بن طلحہ رضی اللہ عنہ کے وصال کے وقت بلوایا گیا' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان کے پاس آئے' ان کے گھر میں نماز پڑھائی' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آگے تھے' میں آپ کے پیچھے اور اُم سلیم ان کے پیچھے' ان کے ساتھ ان کے علاوہ کوئی نہیں تھا۔



---

4593- أورد نحوه الدارمي في سننه جلدصفحه 437 رقم الحديث: 1547' والنسائي في المجتبٰى جلد 3 صفحه 95 رقم الحديث: 1381' جلد 3 صفحه 102 رقم الحديث: 1398 .

4594- أخرجه الحاكم في مستدركه جلد 1 صفحه 519 رقم الحديث: 1350' والبيهقي في سننه الكبرىٰ جلد 4 صفحه 30 رقم الحديث: 6699 .

وَسَلَّمَ وَكَانَ اَبُو طَلْحَةَ وَرَاءَهُ وَاُمُّ سُلَيْمٍ لَمْ يَكُنْ مَعَهُمْ غَيْرُهُمْ

**4595** - حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ يَعْقُوبَ الْقَاضِي، ثنا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ، ثنا حَرَمِيُّ بْنُ عُمَارَةَ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ اَبِي بَكْرِ بْنِ حَفْصٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنِ ابْنِ اَبِي طَلْحَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: تَوَضَّئُوا مِمَّا مَسَّتِ النَّارُ

حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: آگ سے پکی ہوئی شی کھانے کے بعد وضو کرو (یعنی لغوی وضو مراد ہے، کلّی وغیرہ مراد ہے)۔

**4596** - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ هَاشِمٍ الْبَغَوِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبَّادٍ الْمَكِّيُّ، ثنا حَاتِمٌ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ اَبِي مُزَرِّدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي طَلْحَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي طَلْحَةَ قَالَ: دَخَلْتُ الْمَسْجِدَ فَعَرَفْتُ فِي وَجْهِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْجُوعَ، فَسَاَلْتُ اُمَّ سُلَيْمٍ هَلْ عِنْدَكِ مِنْ شَيْءٍ؟ فَاَشَارَتْ بِكَفَّيْهَا، فَقَالَتْ: عِنْدِي شَيْءٌ، فَقُلْتُ: اصْنَعِي اعْجِنِي وَاَرْسَلْتُ اَنَسًا، فَقُلْتُ: ائْتِهِ فَسَارَّهُ فِي اُذُنِهِ وَادْعُهُ، فَلَمَّا اَقْبَلَ اَنَسٌ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَذَا رَجُلٌ قَدْ اَتَاكُمْ بِخَيْرٍ، بِاَيِّ شَيْءٍ اَرْسَلَكَ اَبُوكَ يَدْعُونَا؟ قَالَ اَنَسٌ: نَعَمْ، فَاسْتَقْبَلْتُهُ قَالَ: قُومُوا بِسْمِ اللّٰهِ فَاَدْبَرَ اَنَسٌ يَشْتَدُّ حَتَّى اَتَى اَبَا طَلْحَةَ، فَقَالَ: هَذَا

حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں مسجد میں داخل ہوا، میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چہرے میں بھوک کے آثار دیکھے (میں واپس آیا) میں نے اُم سلیم سے آکر پوچھا: تیرے پاس کھانے کی کوئی شی ہے؟ اس نے اپنی ہتھیلی یا مٹھی سے اشارہ کیا۔ اس نے کہا: میرے پاس کچھ شی ہے۔ میں نے کہا: بناؤ، آٹا گوندھو۔ اور میں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ کو (حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں) بھیج دیا۔ میں نے کہا: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو لے آؤ۔ پس ان کے کانوں میں حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے کوئی بات کی اور اسے چھوڑ دیا۔ (حضرت انس رضی اللہ عنہ خادمِ خاص تھے) پس جب حضرت انس رضی اللہ عنہ آئے تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یہ آدمی تمہاری طرف بھلائی لے کر آ رہا ہے (یا



---

**4495**- أورد نحوه النسائي في المجتبى جلد**1**صفحه**106** رقم الحديث: **178,177** .

**4596**- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد**8**صفحه**306** وقال: رواه أبو يعلى والطبراني وزاد: وهم زهاء مائة ورجالهما رجال الصحيح .

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ اَتَاكَ فِي النَّاسِ، قَالَ اَبُو طَلْحَةَ: فَاسْتَقْبَلْتُهُ عِنْدَ الْبَابِ عَلَى مُسْتَرَاحِ الدَّرَجَةِ، فَقُلْتُ: مَاذَا صَنَعْتَ بِنَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ اِنَّمَا عَرَفْتُ فِي وَجْهِكَ الْجُوعَ، فَصَنَعْتُ لَكَ شَيْئًا تَاْكُلُهُ فَقَالَ: اُدْخُلْ وَاَبْشِرْ فَدَخَلَ فَاَتَى بَصَحْفَتِهِمْ فَجَعَلَ يُسَوِّيهَا بِيَدِهِ ثُمَّ قَالَ: هَلْ مِنْ، كَاَنَّهُ يَعْنِي الْاُدُمَ، فَاَتَوْهُ بِعُكَّتِهِمْ فِيهَا شَيْءٌ اَوْ لَيْسَ فِيهَا، فَقَالَ بِيَدِهِ فَانْسَكَبَ مِنْهَا السَّمْنُ فَقَالَ: اُدْخِلْ عَلَيَّ عَشَرَةً عَشَرَةً قَالَ: وَهُمْ زُهَاءُ مِائَةٍ، فَدَخَلُوا فَاَكَلُوا حَتَّى شَبِعُوا، وَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ: وَسَلَّمَ لِلْفَضْلِ الَّذِي فَضَلَ: كُلُوا اَنْتُمْ وَعِيَالُكُمْ فَاَكَلُوا وَشَبِعُوا

خیر کی خبر وہ آئے) کیا کہہ کر تیرے باپ نے تجھے بھیجا ہے کیا وہ ہمیں دعوت پیش کر رہے ہیں؟ حضرت انس نے ادب سے عرض کی: جی ہاں! پس آپ کے آگے آگے چلا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ کا نام لے کر اُٹھو! پس انس اس حال میں واپس جا رہے تھے کہ ان پر یہ بات گراں تھی یہاں تک کہ وہ ابوطلحہ کے پاس آئے۔ عرض کی: یہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں جو تمام لوگوں سمیت آ رہے ہیں۔ حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: پس میں نے دروازے کے پاس سیڑھی پر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا استقبال کیا۔ عرض کی: اے اللہ کے رسول! آپ نے ہمارے ساتھ کیا کیا؟ میں نے تو صرف آپ کے چہرے پر بھوک کے آثار دیکھے تو میں نے آپ کے کھانے کیلئے تھوڑی سی چیز بنوائی فرمایا: داخل ہو اور تجھے خوشخبری ہو! پس آپ داخل ہوئے اور وہ پیالہ اُٹھا کر لے آئے۔ پس آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس کو اپنے مبارک ہاتھ سے برابر کر رہے تھے پھر کہا: کیا کوئی اور چیز ہے گویا آپ کی مراد سالن تھی۔ پس وہ اپنی چمڑے کی کُپی لے آئے اس میں تھوڑی سی چیز تھی یا نہیں تھی۔ پس کہتے ہیں: آپ نے اس میں سے گھی نچوڑا۔ فرمایا: دس دس آدمی بھیج۔ کہتے ہیں: وہ تقریباً سو تھے۔ وہ آئے اُنہوں نے کھایا حتیٰ کہ سیر ہو گئے اور رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اس چیز کیلئے جو بچ گئی تھی: اب اس سے تم خود کھاؤ اور تمہارا خاندان کھائے پس وہ کھا کر سیر ہوئے۔

## عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْقَارِیُّ، عَنْ اَبِی طَلْحَةَ

4597 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا عَمِّي عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاذٍ، ثنا اَبِي، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ جَعْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدٍ الْقَارِيِّ، عَنْ اَبِي طَلْحَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: تَوَضَّئُوا مِمَّا مَسَّتِ النَّارُ

## حضرت عبداللہ بن عبدالقاری' حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: آگ سے پکی ہوئی شی کھانے کے بعد وضو کرو (لغوی وضو مراد ہے' کلی وغیرہ مراد ہے)۔

## عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنْ اَبِی طَلْحَةَ

4598 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا الْقَعْنَبِيُّ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ اَبِي النَّضْرِ، مَوْلَى عُمَرَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ بْنِ مَسْعُودٍ، اَنَّهُ دَخَلَ عَلَى اَبِي طَلْحَةَ الْاَنْصَارِيِّ يَعُودُهُ قَالَ: فَوَجَدْنَا عِنْدَهُ سَهْلَ بْنَ حُنَيْفٍ، قَالَ: فَدَعَا اَبُو طَلْحَةَ اِنْسَانًا فَنَزَعَ نَمَطًا كَانَ تَحْتَهُ، فَقَالَ لَهُ سَهْلُ بْنُ حُنَيْفٍ: لِمَ تَنْزِعُهُ؟ قَالَ: لِاَنَّ فِيهِ تَصَاوِيرَ وَقَدْ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

## حضرت عبیداللہ بن عبداللہ بن عتبہ' حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

حضرت عبیداللہ بن عبداللہ بن عتبہ بن مسعود فرماتے ہیں کہ وہ حضرت ابوطلحہ انصاری رضی اللہ عنہ کی عیادت کرنے کے لیے آئے' ہم نے ان کے پاس حضرت سہل بن حنیف کو پایا' حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے ایک آدمی کو بلوایا' جوان کے نیچے چادر تھی اس کو کھینچ لیا' حضرت سہل بن حنیف نے ان سے کہا: کیوں کھینچی ہے؟ حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ نے کہا: اس میں تصویریں بھی تھیں اور حضور ﷺ نے فرمایا: جواس کے بارے وہ



---

4598- أورده الترمذي في سننه جلد4صفحه230 رقم الحديث: 1750' والنسائي في المجتبى جلد8صفحه212 رقم الحديث: 5348 .

وَسَلَّمَ فِيهَا مَا قَدْ عَلِمْتَهُ، فَقَالَ سَهْلٌ: اَوَ لَمْ يَقُلْ: اِلَّا مَا كَانَ رَقْمًا فِي ثَوْبٍ؟ فَقَالَ: بَلَى، وَلَكِنَّهُ اَطْيَبُ لِنَفْسِي

آپ کو بھی علم ہے' حضرت سہل نے کہا: کیا یہ نہیں فرمایا ہے؟ کپڑے میں جو دھاردار ہوں' وہ معاف ہیں؟ کہا: کیوں نہیں! لیکن میں اپنی ذات کے لیے پسند کرتا ہوں۔

**4599** - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا جَرِيرٌ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ سَالِمٍ اَبِي النَّضْرِ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ قَالَ: انْصَرَفْتُ مَعَ عُثْمَانَ بْنِ حُنَيْفٍ اِلَى اَبِي طَلْحَةَ، نَعُودُهُ فَوَجَدْنَا تَحْتَهُ نَمَطًا فِيهِ صُوَرٌ فَلَمَّا جَلَسْنَا قَالَ: انْزِعُوا هَذَا عَنَّا، فَقَالَ لَهُ عُثْمَانُ: اَمَا سَمِعْتَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْهَى عَنِ الصُّوَرِ اِلَّا رَقْمًا فِي ثَوْبٍ اَوْ ثَوْبًا فِيهِ رَقْمٌ؟ قَالَ: بَلَى، وَلَكِنِّي اَكْرَهُهُ، فَنَزَعَهُ

حضرت عبیداللہ بن عبداللہ بن عتبہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت عثمان بن حنیف کے ساتھ حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کی طرف عیادت کرنے کے لیے گیا تو ہم نے ان کے نیچے چادر پائی کہ اس میں تصویریں بنی ہوئی تھیں' جب ہم بیٹھے تو آپ ﷺ نے فرمایا: ہمارے لیے چادر کھینچ لو۔ حضرت عثمان نے آپ سے عرض کی: کیا آپ نے رسول اللہ ﷺ کو تصویروں کی ممانعت کے متعلق فرماتے ہوئے سنا ہے؟ کہا: جی ہاں! اگر کپڑے میں نقش و نگار ہو' فرمایا: کیوں نہیں! لیکن میں اس کو ناپسند کرتا ہوں' اس کو ان سے کھینچا گیا۔

**4600** - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ الدِّمْيَاطِيُّ، ثنا شُعَيْبُ بْنُ يَحْيَى، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي النَّضْرِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ الْخَوْلَانِيِّ، عَنْ اَبِي طَلْحَةَ، صَاحِبِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ دَخَلَ عَلَى سَهْلٍ وَهُوَ مَرِيضٌ، وَتَحْتَ سَهْلٍ نَمَطٌ فِيهِ تَمَاثِيلُ، فَقَالَ سَهْلٌ: انْزِعُوا مِنْ تَحْتِي هَذَا النَّمَطَ، فَقَالَ اَبُو طَلْحَةَ: اِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فِي التَّصَاوِيرِ: لَا تَدْخُلُهُ الْمَلَائِكَةُ اِلَّا مَا كَانَ مِنْ رَقْمٍ فِي ثَوْبٍ فَلَا بَاْسَ بِهِ قَالَ سَهْلٌ: وَاِنْ كَانَ فَانْزِعُوهُ

حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ وہ حضرت سہل کے پاس عیادت کرنے کے لیے آئے تو حضرت سہل کے نیچے ایک چادر تھی جس میں تصویریں بنی ہوئی تھیں' حضرت سہل نے کہا: میرے نیچے سے یہ چادر کھینچ لو۔ حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ حضور ﷺ نے تصویروں کے متعلق فرمایا: اس گھر میں فرشتے داخل نہیں ہوتے' ہاں! اگر کپڑے پر نقش ہو تو کوئی حرج نہیں ہے۔ حضرت سہل نے کہا: اگر معاملہ ایسے ہے تو اس کو کھینچ لو۔

# اَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ الزُّهْرِيُّ، عَنْ اَبِي طَلْحَةَ

4601 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ اَبِي طَلْحَةَ، قَالَ: اِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَكَلَ اَثْوَارَ اَقِطٍ فَتَوَضَّاَ مِنْهُ

# حضرت ابوعبدالرحمٰن الزہری' حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پنیر کے ٹکڑے کھائے' اس کے بعد وضو کیا (یعنی کُلّی کی اور ہاتھ دھوئے)۔

# اِسْمَاعِيلُ بْنُ بَشِيرِ بْنِ مَغَالَةَ، عَنْ اَبِي طَلْحَةَ

**4669** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ بْنِ نَجْدَةَ الْحَوْطِيُّ، ثنا اَبُو الْمُغِيرَةِ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي مَرْيَمَ، عَنْ ضَمْرَةَ بْنِ حَبِيبٍ، عَنْ اَبِي الدَّرْدَاءِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَّمَهُ هَذَا الدُّعَاءَ، وَاَمَرَهُ اَنْ يَتَعَلَّمَهُ وَيَتَعَاهَدَ بِهِ اَهْلَهُ فِي كُلِّ يَوْمٍ، يَقُولُ حِينَ يُصْبِحُ: لَبَّيْكَ اللّٰهُمَّ لَبَّيْكَ وَسَعْدَيْكَ وَالْخَيْرُ فِي يَدَيْكَ وَمِنْكَ وَبِكَ وَاِلَيْكَ، اللّٰهُمَّ مَا قُلْتُ مِنْ قَوْلٍ اَوْ حَلَفْتُ مِنْ حَلْفٍ اَوْ نَذَرْتُ مِنْ نَذْرٍ فَمَشِيئَتُكَ بَيْنَ يَدَيْهِ مَا شِئْتَ كَانَ وَمَا لَمْ تَشَاْ لَمْ يَكُنْ، وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِكَ، اِنَّكَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ، اللّٰهُمَّ مَا صَلَّيْتُ مِنْ صَلَاةٍ فَعَلَى مَنْ صَلَّيْتَ، وَمَا لَعَنْتَ مِنْ لَعْنَةٍ فَعَلَى مَنْ لَعَنْتَ، اِنَّكَ وَلِيٌّ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ تَوَفَّنِي مُسْلِمًا وَاَلْحِقْنِي بِالصَّالِحِينَ، اللّٰهُمَّ اِنِّي اَسْاَلُكَ الرِّضَى بَعْدَ الْقَضَاءِ وَبَرْدَ الْعَيْشِ بَعْدَ الْمَوْتِ وَلَذَّةَ النَّظَرِ فِي وَجْهِكَ الْكَرِيمِ وَشَوْقًا اِلَى لِقَائِكَ مِنْ غَيْرِ ضَرَّاءَ مُضِرَّةٍ وَلَا فِتْنَةٍ مُضِلَّةٍ، اَعُوذُ بِكَ اللّٰهُمَّ اَنْ اَظْلِمَ اَوْ اُظْلَمَ اَوْ اَعْتَدِيَ اَوْ يُعْتَدَى عَلَيَّ اَوْ اَكْسِبَ خَطِيئَةً مُخْطِئَةً اَوْ ذَنْبًا لَا يُغْفَرُ، اللّٰهُمَّ فَاطِرَ

# حضرت ابوالدرداء' حضرت زید بن ثابت سے روایت کرتے ہیں

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے یہ دعا سکھائی اور آگے سکھانے کا حکم دیا اور ہر دن گھر والوں کو پڑھنے کے متعلق یاد کروانے کا حکم دیا جس وقت صبح ہو' وہ دعا یہ ہے کہ

''میں حاضر ہوں' اے اللہ! میں حاضر ہوں' بھلائی تیرے ہاتھ میں ہے' تیری طرف سے ہے' ساتھ ساتھ ہے اور تیری طرف ہے' اے اللہ! جو بات میں نے کہی' جو حلف میں نے اُٹھایا یا جو نذر میں نے مانی' پس تیری مشیت اس سے آگے ہو جو تو نے چاہا وہ ہوا اور جو تُو نے نہ چاہا وہ نہ ہو سکا۔ ہر قسم کی قوت و طاقت تیری دی ہوئی توفیق سے ہے' بے شک تُو ہر چاہت پر قادر ہے۔ اے اللہ! جو میں نے نماز پڑھی پس وہ اس پر ہے جس پر تُو نے رحمت فرمائی' جو تُو نے لعنت فرمائی وہ اسی پر ہے جس پر تُو نے لعنت کی۔ دنیا و آخرت میں تُو مددگار ہے۔ مجھے موت دینا اس حال میں کہ میں مسلمان ہوں اور مجھے نیکوں کے ساتھ ملانا۔ اے اللہ! میں قضا کے بعد تیری رضا کا سوالی ہوں' موت کے بعد ٹھنڈی زندگی کا' تیرے دیدار کا اور بغیر کسی نقصان اور گمراہ کن فتنہ کے تیری ملاقات کے شوق کا (سوال



4669- أورده أحمد في مسنده جلد5 صفحه 191' رقم الحديث: 21710 .

السَّمَاوَاتِ وَالْاَرْضِ عَالِمَ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ، فَاِنِّي اَعْهَدُ اِلَيْكَ فِي هٰذِهِ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا، وَاُشْهِدُكَ وَكَفٰى بِكَ شَهِيدًا، اِنِّي اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَكَ لَا شَرِيكَ لَكَ، لَكَ الْمُلْكُ وَلَكَ الْحَمْدُ وَاَنْتَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ، وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُكَ وَرَسُولُكَ، وَاَشْهَدُ اَنَّ وَعْدَكَ حَقٌّ وَلِقَاءَكَ حَقٌّ وَالسَّاعَةَ آتِيَةٌ لَا رَيْبَ فِيهَا، وَاَنَّكَ تَبْعَثُ مَنْ فِي الْقُبُورِ، وَاَشْهَدُ اَنَّكَ اِنْ تَكِلْنِي اِلٰى نَفْسِي تَكِلْنِي اِلٰى ضِعْفٍ وَعَوْرَةٍ وَذَنْبٍ وَخَلَلٍ وَخَطِيئَةٍ، وَاِنِّي لَا اَثِقُ اِلَّا بِرَحْمَتِكَ وَاغْفِرْ لِي ذَنْبِي كُلَّهُ، اِنَّهُ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوبَ اِلَّا اَنْتَ وَتُبْ عَلَيَّ اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيمُ

ہے)۔ میں تیری پناہ کا طلبگار ہوں' اے اللہ! اس سے کہ میں ظلم کروں یا مجھ پر ظلم کیا جائے' میں زیادتی کروں یا مجھ پر زیادتی کی جائے' میں خطا کروں یا کوئی میرے حق میں خطا کرے اور ایسا گناہ جس کی بخشش نہیں۔ اے اللہ! زمین و آسمان کو پیدا کرنے والے' غیب و حاضر کے جاننے والے اور جلال و اکرام والے! میں اس دنیوی زندگی میں تجھ سے وعدہ کرتا ہوں' تجھے گواہ بناتا ہوں اور تُو گواہ کافی ہے۔ میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں' وہ اکیلا ہے' تیرا کوئی شریک نہیں' بادشاہیاں تیرے لیے ہیں' حمد تیرے لیے ہے اور تُو ہر شی پر قادر ہے اور میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد ﷺ تیرے بندے اور رسول ہیں' میں گواہی دیتا ہوں کہ تیرا وعدہ سچ ہے' تیری ملاقات برحق ہے اور قیامت کی گھڑی آنے والی ہے' اس میں کوئی شک نہیں۔ قبروں والوں کو تُو جلا کر اُٹھائے گا۔ میں گواہی دیتا ہوں کہ اگر تُو نے مجھے میرے نفس کے حوالے کیا تو مجھے ایک کمزور کے حوالے کیا' عورت' گناہ' خلل اور خطاء کے (حوالے کیا) میں تو صرف تیری رحمت پر یقین رکھتا ہوں' میرے سارے گناہ بخش دے کیونکہ تُو ہی گناہ بخشنے والا ہے' میری توبہ قبول فرما کیونکہ تُو ہی توبہ قبول کرنے والا ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے''۔

## عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيدَ الْخَطْمِيُّ، عَنْ

## حضرت عبداللہ بن یزید خطمی' حضرت زید بن ثابت سے

# زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ

# روایت کرتے ہیں

**4670** - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، وَعَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ، قَالَا: ثنا شُعْبَةُ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيدَ قَالَ: سَمِعْتُ زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ يَقُولُ: لَمَّا خَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى اُحُدٍ رَجَعَ قَوْمٌ مِنَ الطَّرِيقِ، فَكَانَ اَصْحَابُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيهِمْ فِرْقَتَيْنِ، فِرْقَةٌ تَقُولُ: اقْبَلْهُمْ، وَفِرْقَةٌ تَقُولُ: لَا تَقْبَلْهُمْ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ (فَمَا لَكُمْ فِي الْمُنَافِقِينَ فِئَتَيْنِ وَاللّٰهُ اَرْكَسَهُمْ بِمَا كَسَبُوا) (النساء: 88)

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اُحد کی طرف نکلے' کچھ لوگ راستے سے واپس آئے' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اصحاب اس بارے میں دو گروہ ہو گئے' ایک گروہ کہنے لگا: ان کو قبول کرلو! ایک کہنے لگا: ان کو قبول نہ کرو' اللہ عزوجل نے یہ آیت نازل فرمائی: ''فَمَا لَكُمْ فِي الْمُنَافِقِينَ اِلٰى آخره''۔

**4671** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ اَبِي اللَّيْثِ، ثنا الْاَشْجَعِيُّ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، (فَمَا لَكُمْ فِي الْمُنَافِقِينَ فِئَتَيْنِ) (النساء: 88) قَالَ: كَانَ الْمُنَافِقُونَ وَاَصْحَابُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي بَيْتٍ، فَقَالَتْ طَائِفَةٌ: لَوَدِدْنَا اَنَّهُمْ بَرَزُوا لَنَا فَقَاتَلْنَاهُمْ، وَكَرِهَتْ طَائِفَةٌ ذٰلِكَ حَتّٰى عَلَتْ اَصْوَاتُهُمْ، فَخَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لِزَيْدٍ: اكْتُبْهَا (فَمَا لَكُمْ فِي الْمُنَافِقِينَ

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ' اللہ عزوجل کے اس ارشاد: ''فَمَا لَكُمْ فِي الْمُنَافِقِينَ فِئَتَيْنِ'' کی تفسیر کرتے ہیں: منافق لوگ اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صحابہ ایک گھر میں تھے' ایک گروہ نے کہا: ہماری خواہش یہ ہے کہ ان کو ہمارے سامنے لایا جائے اور ہم ان کو قتل کریں' ایک گروہ نے ناپسند کیا یہاں تک کہ ان کی آوازیں بلند ہوئیں' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نکلے' مجھے فرمایا: لکھو ''فَمَا لَكُمْ فی المنافقين فئتين والله اركسهم بما كسبوا'' تو تمہیں کیا ہوا کہ منافقوں کے بارے میں دو فریق ہو گئے اور اللہ نے انہیں اوندھا کر دیا۔



---

4670- أخرجه البخاری فی صحيحه جلد4صفحه1488 رقم الحديث: 3824' جلد4صفحه1676 رقم الحديث: 4313 .

فِئَتَيْنِ وَاللّٰهُ اَرْكَسَهُمْ بِمَا كَسَبُوا) (النساء : 88)

4672 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْجَذُوعِيُّ الْقَاضِي، ثنا عَلِيُّ بْنُ نَصْرِ بْنِ عَلِيٍّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ الْيَمَانِ، ثنا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ: حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا زَيْدُ، اَعْطِ زَكَاةَ رَاْسِكَ مَعَ النَّاسِ وَاِنْ لَمْ تَجِدْ اِلَّا صَاعًا مِنْ حِنْطَةٍ

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے زید! لوگوں کے ساتھ اپنے سر کی زکوٰۃ دے اور اگر نہ پائے تو ایک صاع گندم دے۔

## عَدِيُّ بْنُ عَمِيرَةَ الْكِنْدِيُّ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ

## حضرت عدی بن عمیرہ کندی‘ حضرت زید بن ثابت سے روایت کرتے ہیں

4673 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ اَيُّوبَ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ عَدِيٍّ، عَنْ اَبِيهِ، اَوْ عَمِّهِ اَنَّ مَمْلُوكًا كَانَ يُقَالُ لَهُ كَيْسَانُ، فَسَمَّى نَفْسَهُ قَيْسًا وادَّعَى اِلَى مَوْلَاهِ وَلَحِقَ بِالْكُوفَةِ فَرَكِبَ اَبُوهُ اِلَى عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَقَالَ: يَا اَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ ابْنِي وُلِدَ عَلَى فِرَاشِي، ثُمَّ رَغِبَ عَنِّي

حضرت عدی بن عدی اپنے والد سے‘ وہ اپنے چچا سے روایت کرتے ہیں: ان کا غلام تھا جس کا نام کیسان تھا‘ اس نے اپنا نام قیس رکھ لیا‘ اپنے مولا سے منسوب ہونے کا دعویٰ کیا‘ کوفہ چلا گیا‘ اس کا باپ سوار ہو کر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس آیا‘ عرض کی: اے امیر المؤمنین! میرا بیٹا میرے بستر پر پیدا ہوا ہے‘ پھر مجھ سے بے رغبت ہوا‘ اپنے مولا کا بیٹا ہونے کا دعویٰ کر



---

4672- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد3صفحه81 وقال: رواه الطبراني في الكبير والأوسط الا أنه قال: وان لم تجد الا خيطا وفيه عبد الصمد بن سليمان الأزرق وهو ضعيف .

4673- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 1صفحه97 وقال: رواه الطبراني في الكبير وفيه أيوب بن عدى وأبوه لم أر من ذكرهما .

وادَّعَى إِلَى مَوْلَاهُ، وَمَوْلَايَ، وَقَالَ عُمَرُ لِزَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ: أَمَا تَعْلَمُ إِنَّا كُنَّا نَقْرَأُ لَا تَرْغَبُوا عَنْ آبَائِكُمْ فَإِنَّهُ كُفْرٌ بِكُمْ، فَقَالَ زَيْدٌ: بَلَى، فَقَالَ لَهُ عُمَرُ: انْطَلِقْ فَاقْرِنِ ابْنَكَ إِلَى بَعِيرِكَ، فَانْطَلِقْ فَاضْرِبْ بَعِيرَكَ سَوْطًا وَابْنَكَ سَوْطًا حَتَّى تَأْتِيَ بِهِ أَهْلَكَ

دیا۔ اس کا اور میرا آقا ایک ہی ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ سے فرمایا: کیا تمہیں معلوم ہے کہ ہم پڑھا کرتے تھے کہ تم اپنے آباء سے بے رغبت نہ ہو' کیونکہ یہ کفر ہے۔ حضرت زید رضی اللہ عنہ نے عرض کی: کیوں نہیں! حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جاؤ! اپنے بیٹے کو اپنے اونٹ پر سوار کرو' جاؤ اور ایک ڈنڈا اپنے اونٹ کو اور ایک ڈنڈا اپنے بیٹے کو مارو یہاں تک کہ اس کو اپنے گھر لے آؤ۔

## سَعِيدُ بْنُ الْمُسَيِّبِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ

## حضرت سعید بن میسّب' حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

**4674** - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا عُثْمَانُ بْنُ عُثْمَانَ الْغَطَفَانِيُّ قَالَ: أَخْبَرَنِي ابْنُ أَبِي ذِئْبٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ قَالَ: كُنْتُ مَعَ قَوْمٍ اخْتَلَفُوا فِي صَلَاةِ الْوُسْطَى، وَأَنَا أَصْغَرُ الْقَوْمِ، فَبَعَثُونِي إِلَى زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، لِأَسْأَلَهُ عَنْ صَلَاةِ الْوُسْطَى، قَالَ: فَأَتَيْتُهُ فَسَأَلْتُهُ، فَقَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي الظُّهْرَ بِالْهَاجِرَةِ وَالنَّاسُ فِي قَائِلَتِهِمْ وَأَسْوَاقِهِمْ، فَلَمْ يَكُنْ يُصَلِّي وَرَاءَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت سعید بن میسّب فرماتے ہیں کہ میں ان لوگوں کے ساتھ تھا جنہوں نے نمازِ وسطیٰ میں اختلاف کیا' میں لوگوں میں سب سے چھوٹا تھا' مجھے حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کی طرف نمازِ وسطیٰ کے متعلق پوچھنے کے لیے بھیجا' جب آپ کے پاس آیا تو میں نے آپ سے پوچھا' فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نمازِ ظہر دوپہر کے وقت پڑھتے اور لوگ قیلولہ میں ہوتے اور بازاروں میں پھر رہے ہوتے' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پیچھے ایک صف ہوتی تھی' اللہ عزوجل نے یہ آیت نازل فرمائی: ''ساری نمازیں پڑھو اور نمازِ وسطیٰ خاص کر کے اور اللہ



---

**4674**- أورد نحوه أحمد في مسنده جلد5 صفحه 183' رقم الحديث: 21635.

وَسَلَّمَ اِلَّا الصَّفُّ وَالصَّفُّ، فَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ (حَافِظُوا عَلَى الصَّلَوَاتِ وَالصَّلَاةِ الْوُسْطَى وَقُومُوا لِلّٰهِ قَانِتِينَ) (البقرة: 238) فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَيَنْتَهِيَنَّ اَقْوَامٌ اَوْ لَاُحَرِّقَنَّ بُيُوتَهُمْ

کے حضور عاجزی کرو''۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: لوگ نماز چھوڑنے سے باز آ جائیں! ورنہ ان کو ان کے گھروں میں جلا دیا جائے گا۔

**4675** - حَدَّثَنَا فُضَيْلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَلَطِيُّ، ثنا اَبُو نُعَيْمٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَامِرٍ، عَنْ اَبِي الزِّنَادِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُولُ: اَلَا اَدُلُّكُمْ عَلَى كَنْزٍ مِنْ كُنُوزِ الْجَنَّةِ تُكْثِرُونَ مِنْ قَوْلِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے تھے: کیا تمہیں جنت کے خزانوں میں سے خزانہ کے متعلق نہ بتاؤں! کثرت سے لاحول ولاقوۃ الا باللہ پڑھو۔

**4676** - حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ السَّدُوسِيُّ، ثنا اَبُو مُصْعَبٍ، ح وَحَدَّثَنَا اَبُو حُصَيْنٍ الْقَاضِي، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، قَالَا: ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ يُونُسَ بْنِ يُوسُفَ بْنِ حِمَاسٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ بَيْعِ الثِّمَارِ حَتَّى تَنْجُوَ مِنَ الْعَاهَةِ

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پھلوں کو پکنے سے پہلے فروخت کرنے سے منع فرمایا تا کہ وہ آفت سے بچ جائیں۔

## مَرْوَانُ بْنُ الْحَكَمِ، عَنْ

## مروان بن حکم، حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ سے



4675- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد10 صفحه98 وقال: رواه الطبراني وفيه عبد الله بن عامر الأسلمي وهو ضعيف .

4676- أورده أحمد في مسنده جلد6 صفحه160، رقم الحديث: 25307 .

# زَيۡدِ بۡنِ ثَابِتٍ

# روایت کرتے ہیں

**4677** - حَدَّثَنَا اِسۡحَاقُ بۡنُ اِبۡرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، ثنا عَبۡدُ الرَّزَّاقِ، اَنَا ابۡنُ جُرَيۡجٍ قَالَ: سَمِعۡتُ عَبۡدَ اللّٰهِ بۡنَ اَبِي مُلَيۡكَةَ، يَقُولُ: اَخۡبَرَنِي عُرۡوَةُ بۡنُ الزُّبَيۡرِ، اَنَّ مَرۡوَانَ بۡنَ الۡحَكَمِ، اَخۡبَرَهُ قَالَ: قَالَ لِي زَيۡدُ بۡنُ ثَابِتٍ: مَا لَكَ تَقۡرَاُ فِي صَلَاةِ الۡمَغۡرِبِ بِقِصَارِ الۡمُفَصَّلِ، وَقَدۡ كَانَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيۡهِ وَسَلَّمَ يَقۡرَاُ فِي صَلَاةِ الۡمَغۡرِبِ طُولَ الطَّوِيلَتَيۡنِ قُلۡتُ لِعُرۡوَةَ: وَمَا طُولُ الطَّوِيلَتَيۡنِ؟ قَالَ: الۡاَعۡرَافُ

مروان بن حکم کہتا ہے کہ مجھے حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ نے فرمایا: آپ نمازِ مغرب میں قصارِ مفصل (سورۂ بیّنہ سے آخر تک) کیوں پڑھتے ہیں؟ حالانکہ حضورﷺ نمازِ مغرب میں طوالِ مفصل (سورۂ حجرات سے بُروج تک) پڑھتے تھے۔ عبداللہ بن ابوملیکہ فرماتے ہیں کہ میں نے عروہ سے کہا: طوالِ مفصل سے مراد کیا ہے؟ فرمایا: سورۂ اعراف۔

**4678** - حَدَّثَنَا اَبُو مُسۡلِمٍ الۡكَشِّيُّ، ثنا اَبُو عَاصِمٍ، عَنِ ابۡنِ جُرَيۡجٍ، عَنِ ابۡنِ اَبِي مُلَيۡكَةَ، يَقُولُ اَخۡبَرَنِي: عُرۡوَةُ، عَنۡ مَرۡوَانَ قَالَ: قَالَ لِي زَيۡدُ بۡنُ ثَابِتٍ: مَا لِي اَرَاكَ تَقۡرَاُ فِي الصَّلَاةِ بِقِصَارِ الۡمُفَصَّلِ؟ فَلَقَدۡ رَاَيۡتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيۡهِ وَسَلَّمَ يَقۡرَاُ بِالطَّوِيلَتَيۡنِ قُلۡتُ: وَمَا الطَّوِيلَتَيۡنِ؟ قَالَ: الۡاَعۡرَافُ، وَيُونُسُ

مروان بن حکم کہتا ہے کہ مجھے حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ نے فرمایا: آپ نمازِ مغرب میں قصارِ مفصل کیوں پڑھتے ہیں؟ حالانکہ حضورﷺ نمازِ مغرب میں طوالِ مفصل پڑھتے تھے۔ عبداللہ بن ابوملیکہ فرماتے ہیں کہ میں نے عروہ سے کہا: طوالِ مفصل سے مراد کیا ہے؟ فرمایا: سورۂ اعراف اور سورۂ یونس۔

**4679** - حَدَّثَنَا عُمَرُ بۡنُ عَبۡدِ الۡعَزِيزِ بۡنِ مِقۡلَاصٍ، ثنا اَبِي، ثنا ابۡنُ وَهۡبٍ، اَخۡبَرَنِي عَمۡرُو بۡنُ الۡحَارِثِ، عَنۡ اَبِي الۡاَسۡوَدِ، عَنۡ عُرۡوَةَ بۡنِ الزُّبَيۡرِ قَالَ: قَالَ زَيۡدُ بۡنُ ثَابِتٍ لِمَرۡوَانَ بۡنِ الۡحَكَمِ: تَقۡرَاُ بِـ قُلۡ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ، وَاِنَّا اَعۡطَيۡنَاكَ

حضرت عروہ بن زبیر فرماتے ہیں کہ حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ نے مروان بن حکم سے کہا: آپ نمازِ مغرب میں قل هو الله احد اور انا اعطيناك الكوثر پڑھتے ہیں۔ مروان نے کہا: جی ہاں! حضرت زید بن ثابت نے فرمایا: یہ قسمیہ بات ہے کہ میں نے



---

4677- أورده أبو داؤد فی سننه جلد1 صفحه215' رقم الحديث: 812 .

الْكَوْثَرَ فَقَالَ: نَعَمْ فَقَالَ زَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ: فَمَحْلُوفَةٌ لَقَدْ رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَأُ بِأَطْوَلِ الطُّوِيلَتَيْنِ

رسول اللہ ﷺ کو دیکھا آپ دو لمبی سورتیں پڑھتے تھے۔

**4680** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الرَّقَاشِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ قَالَا: ثنا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ إِسْحَاقَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: دَخَلْتُ الْمَسْجِدَ فَإِذَا أَنَا بِمَرْوَانَ بْنِ الْحَكَمِ، جَالِسًا، فَجَلَسْتُ عِنْدَهُ فَأَخْبَرَنَا أَنَّ زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ، أَخْبَرَهُ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمْلَى عَلَيْهِ: (لَا يَسْتَوِي الْقَاعِدُونَ) (النساء: 95) (وَالْمُجَاهِدُونَ) (النساء: 95) فَقَالَ ابْنُ أُمِّ مَكْتُومٍ: وَاللّٰهِ يَا رَسُولَ اللّٰهِ لَوْ أَسْتَطِيعُ الْجِهَادَ لَجَاهَدْتُ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ عَلَيْهِ، وَفَخِذُهُ عَلَى فَخِذِي، فَثَقُلَتْ فَخِذُهُ عَلَيَّ، حَتَّى كَادَتْ فَخِذِي تَرُضُّ، ثُمَّ سُرِّيَ عَنْهُ فَقَالَ: (غَيْرُ أُولِي الضَّرَرِ) (النساء: 95)

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں مسجد میں داخل ہوا' وہاں مروان بن حکم بیٹھا ہوا تھا' میں اس کے پاس بیٹھ گیا' ہمیں اس نے بتایا کہ زید بن ثابت رضی اللہ عنہ نے ہمیں بتایا کہ حضور ﷺ نے لکھوایا: ''لَا يَسْتَوِي الْقَاعِدُونَ''۔ ''وَالْمُجَاهِدُونَ''۔ حضرت ابن اُم مکتوم رضی اللہ عنہ نے عرض کی: اللہ کی قسم! یا رسول اللہ! اگر میں جہاد کی طاقت رکھتا تو میں جہاد ضرور کرتا' اللہ عزوجل نے آپ پر وحی نازل فرمائی' اس وقت آپ کی ران میری ران پر تھی' آپ کی ران مجھ پر بھاری ہوگئی' قریب تھا کہ میری ران ٹکڑے ہو جاتی' پھر آپ پر وحی آنا ختم ہوئی' آپ نے فرمایا: لکھو' غَيْرُ أُولِي الضَّرَرِ''۔

**4681** - حَدَّثَنَا مَحْمُودُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، ثنا خَالِدٌ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ السَّاعِدِيِّ، صَاحِبِ نَبِيِّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَنْ مَرْوَانَ بْنِ الْحَكَمِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ،

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے پہلو میں بیٹھا ہوا تھا' میری ران آپ کی ران کے نیچے تھی' آپ مجھے لکھوا رہے تھے: ''برابر نہیں وہ مسلمان کہ بے عذر جہاد سے بیٹھ جائیں اور وہ جو کہ راہِ خدا میں اپنے مالوں اور جانوں کے ساتھ



4680- أخرج نحوه البخاري في صحيحه جلد 3 صفحه 1042 رقم الحديث: 2677' جلد 4 صفحه 1677' رقم الحديث: 4316.

قَالَ: إِنِّي لَجَالِسٌ إِلَى جَنْبِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَخِذِي تَحْتَ فَخِذِهِ، وَهُوَ يُمْلِي عَلَيَّ (لَا يَسْتَوِي الْقَاعِدُونَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ) (النساء: 95) (وَالْمُجَاهِدُونَ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ بِأَمْوَالِهِمْ وَأَنْفُسِهِمْ) (النساء: 95) وَابْنُ أُمِّ مَكْتُومٍ جَالِسٌ يَسْمَعُ، فَقَالَ: وَاللّٰهِ لَوْ أَسْتَطِيعُ الْجِهَادَ لَجَاهَدْتُ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ عَلَى رَسُولِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيهِ الْقُرْآنَ، فَثَقُلَتْ فَخِذُهُ عَلَى فَخِذِي، حَتَّى ظَنَنْتُ أَنَّهُ سَيَرُضُّهَا ثُمَّ سُرِّيَ عَنْهُ، فَقَالَ: (لَا يَسْتَوِي الْقَاعِدُونَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ غَيْرُ أُولِي الضَّرَرِ) (النساء: 95)

جہاد کرنے والوں کا درجہ بیٹھنے والوں سے بڑا کیا''۔ حضرت ابن اُم مکتوم رضی اللہ عنہ آپ کے پاس بیٹھے سن رہے تھے' عرض کی: اللہ کی قسم! یارسول اللہ! اگر میں جہاد کی طاقت رکھتا تو میں ضرور جہاد کرتا' اللہ عزوجل نے اپنے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اس بارے میں وحی نازل کی' میری ران پر آپ کی ران بھاری ہوئی' میں نے گمان کیا کہ میری ران ٹکڑے ہو جائے گی' پھر آپ پر وحی آنا ختم ہوئی' تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ''ایمان والوں میں سے بیٹھنے والے' برابر نہیں سوائے تکلیف والوں کے''۔



4682 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نَصْرٍ الصَّائِغُ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ حَمْزَةَ الزُّبَيْرِيُّ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ صَالِحِ بْنِ كَيْسَانَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، أَنَّهُ رَأَى مَرْوَانَ بْنَ الْحَكَمِ، جَالِسًا فِي الْمَسْجِدِ، فَجِئْتُ حَتَّى جَلَسْتُ إِلَى جَنْبِهِ فَأَخْبَرَنَا أَنَّ زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ، أَخْبَرَهُ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمْلَى عَلَيْهِ: (لَا يَسْتَوِي الْقَاعِدُونَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ) (النساء: 95) (وَالْمُجَاهِدُونَ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ) (النساء: 95) فَجَاءَهُ ابْنُ أُمِّ مَكْتُومٍ وَهُوَ يُمْلِيهَا عَلَيَّ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَاللّٰهِ لَوْ أَسْتَطِيعُ الْجِهَادَ لَجَاهَدْتُ، وَكَانَ رَجُلًا أَعْمَى، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ عَلَى رَسُولِهِ، وَفَخِذُهُ عَلَى فَخِذِي، فَثَقُلَتْ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں مسجد میں داخل ہوا' وہاں مروان بن حکم بیٹھا ہوا تھا' میں اس کے پاس بیٹھ گیا' ہمیں اس نے بتایا کہ زید بن ثابت رضی اللہ عنہ نے ہمیں بتایا کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے لکھوایا: ''لَا يَسْتَوِي الْقَاعِدُونَ''۔ ''وَالْمُجَاهِدُونَ''۔ حضرت ابن اُم مکتوم رضی اللہ عنہ آئے' اس حال میں کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مجھے لکھوا رہے تھے' اُنہوں نے عرض کی: اللہ کی قسم! یا رسول اللہ! اگر میں جہاد کی طاقت رکھتا تو میں جہاد ضرور کرتا' اللہ عزوجل نے آپ پر وحی نازل فرمائی' اس وقت آپ کی ران میری ران پر تھی' آپ کی ران مجھ پر بھاری ہوگئی' قریب تھا کہ میری ران ٹکڑے ہو جاتی' پھر آپ پر وحی آنا ختم ہوئی' آپ نے فرمایا: لکھو ''غَيْرُ أُولِي

عَلَىَّ فَخِذِى حَتّٰى حَسِبْتُ اَنْ يَرُضَّ فَخِذِى، ثُمَّ سُرِّىَ عَنْهُ، فَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: (غَيْرُ اُولِى الضَّرَرِ) (النساء: 95)

الضَّرَرِ''۔

**4683** - حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ عِمْرَانَ السَّدُوسِىُّ، ثنا عَمْرُو بْنُ الْحُصَيْنِ الْعُقَيْلِىُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُلَاثَةَ، ثنا ثَوْرُ بْنُ يَزِيدَ، عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ الْمَلِكِ بْنِ مَرْوَانَ يُحَدِّثُ عَنْ اَبِيهِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، قَالَ: اَصَابَنِى اَرَقُ اللَّيْلِ، فَشَكَوْتُ ذٰلِكَ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ قُلِ اللّٰهُمَّ غَارَتِ النُّجُومُ، وهَدَاتِ الْعُيُونُ، وَاَنْتَ حَىٌّ قَيُّومٌ، يَا حَىُّ يَا قَيُّومُ اَنِمْ عَيْنِى واهْدِءْ لَيْلِى فَقُلْتُهَا فَذَهَبَ عَنِى

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رات کو میرے آنسو نہیں تھمتے ہیں' میں نے اس کی شکایت رسول اللہ ﷺ کے ہاں کی تو آپ نے فرمایا: یہ دعا کرو: ''اَللّٰهُمَّ غَارَتِ النُّجُومُ الٰی آخرہٖ'' میں نے اس کو پڑھا تو وہ مجھ سے وہ کیفیت ختم ہوگئی۔

## الْقَاسِمُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ

## حضرت قاسم بن محمد' حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

**4684** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَسْعُودٍ الْمَقْدِسِىُّ، ثنا الْهَيْثَمُ بْنُ جَمِيلٍ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَضْلِ السَّقَطِىُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَا ثنا يَزِيدُ بْنُ عِيَاضٍ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِى حَكِيمٍ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: بلال رات کو اذان دیتا ہے' ابن اُم مکتوم کے اذان دینے تک کھا پی لیا کرو۔



---

4683- ذكره الهيثمى فى مجمع الزوائد جلد 10 صفحه 128 وقال: رواه الطبرانى وفيه عمرو بن الحصين العقيلى وهو متروك.

وَسَلَّمَ: اِنَّ بِلَالًا يُؤَذِّنُ بِلَيْلٍ، فَكُلُوا وَاشْرَبُوا حَتَّى يُؤَذِّنَ ابْنُ اُمِّ مَكْتُومٍ

**4685** - حَدَّثَنَا اَبُو الْحُصَيْنُ الْقَاضِي، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ اَبِي الزِّنَادِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ خَارِجَةَ بْنِ زَيْدٍ وَالْقَاسِمُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ بِلَالًا يُؤَذِّنُ بِلَيْلٍ، فَكُلُوا وَاشْرَبُوا حَتَّى يُؤَذِّنَ ابْنُ اُمِّ مَكْتُومٍ

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: بلال رات کو اذان دیتا ہے ابن اُم مکتوم کے اذان دینے تک کھا پی لیا کرو۔

**4686** - حَدَّثَنَا اَبُو حُصَيْنٍ الْقَاضِي، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ اَبِي الزِّنَادِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ خَارِجَةَ بْنِ زَيْدٍ وَالْقَاسِمُ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَبِيعُوا الثَّمَرَةَ حَتَّى يَبْدُوَ صَلَاحُهَا

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: پھل پکنے سے پہلے فروخت نہ کرو۔

## عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ

## حضرت عروہ بن زبیر' حضرت زید بن ثابت سے روایت کرتے ہیں

**4687** - حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ يَعْقُوبَ الْقَاضِي، ثنا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ اَبِي حَكِيمٍ، عَنِ الزِّبْرِقَانِ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُصَلِّي بِالْهَجِيرِ - اَوْ قَالَ: بِالْهَاجِرَةِ - وَكَانَتْ اَثْقَلَ الصَّلَاةِ عَلَى اَصْحَابِهِ فَنَزَلَتْ (حَافِظُوا عَلَى الصَّلَوَاتِ وَالصَّلَاةِ الْوُسْطَى

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ دوپہر کے وقت نماز پڑھتے تھے' یہ نماز صحابہ پر بھاری گزری تو یہ آیت نازل ہوئی: ''ساری نمازوں کی حفاظت کرو اور نمازِ وسطیٰ کی خاص کر اور عاجزی کے ساتھ کھڑے ہو''۔ فرمایا: کیونکہ اس سے پہلے بھی دو نمازیں اور اس کے بعد بھی دو نمازیں ہیں۔



---

4687- أورده ابو داؤد في سننه جلد 1 صفحه 112' رقم الحديث: 411 .

وَقُومُوا لِلّٰهِ قَانِتِينَ) (البقرة:238 ) قَالَ: لِاَنَّ قَبْلَهَا صَلَاتَيْنِ وَبَعْدَهَا صَلَاتَيْنِ

**4688** - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ، ح وَحَدَّثَنَا يُوسُفُ الْقَاضِي، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْمِنْهَالِ الضَّرِيرُ قَالَا: ثنا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، ح وَحَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، قَالَا: ثنا ابْنُ عُلَيَّةَ، كُلُّهُمْ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ اَبِي عُبَيْدَةَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ، عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ اَبِي الْوَلِيدِ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، قَالَ - يَغْفِرُ اللّٰهُ لِرَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، اَنَا وَاللّٰهِ كُنْتُ اَعْلَمَ بِالْحَدِيثِ مِنْهُ- : اِنَّمَا اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلَانِ قَدِ اقْتَتَلَا، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنْ كَانَ هٰذَا شَاْنُكُمْ فَلَا تُكْرُوا الْمَزَارِعَ فَسَمِعَ رَافِعٌ قَوْلَهُ: لَا تُكْرُوا الْمَزَارِعَ وَاللَّفْظُ لِحَدِيثِ مُسَدَّدٍ

حضرت عروہ بن زبیر' حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ اللہ عزوجل رافع بن خدیج کو بخشے! اللہ کی قسم! میں ان سے زیادہ حدیث کو جانتا ہوں کہ حضورصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس دو آدمی آئے' وہ دونوں لڑ رہے تھے' حضورصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اگر یہ تمہارا کام ایسے ہے تو کھیتوں کو کرائے پر نہ دو۔ رافع نے یہ بات ''لَا تُكْرُوا الْمَزَارِعَ '' سنی۔ یہ الفاظ مسدد کی حدیث کے ہیں۔

**4689** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا وَكِيعٌ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ، اَوْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَرَاَ فِي الْمَغْرِبِ بِالْاَعْرَافِ رَكْعَتَيْنِ

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ یا حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مغرب کی نماز میں سورۂ اعراف کی تلاوت کی۔



---

4688- أورده ابن ماجه في سننه جلد2صفحه822' رقم الحديث: 2461 .

4689- أورده أحمد في مسنده جلد5صفحه418' رقم الحديث: 23590 .

4690 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَلْمٍ الرَّازِيُّ، ثنا سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ، ثنا عُقْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقْرَأُ فِي الرَّكْعَتَيْنِ مِنَ الْمَغْرِبِ بِسُورَةِ الْاَنْفَالِ

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نمازِ مغرب کی پہلی دو رکعتوں میں سورۃ انفال کی تلاوت کرتے تھے۔

4691 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا اَبُو كُرَيْبٍ، ثنا فِرْدَوْسُ بْنُ الْاَشْعَرِيِّ، ثنا لَيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، قَالَ: رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَّنَا فِي صَلَاةِ الْمَغْرِبِ بِـ الْمص حَتَّى يَاْتِيَ عَلَى آخِرِهَا

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا کہ آپ ہمیں نمازِ مغرب کی امامت کرواتے اور اس میں المص (سورۃ اعراف) کی تلاوت کرتے تھے۔

4692 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ النَّضْرِ الْعَسْكَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُصَفًّى، ثنا عُثْمَانُ بْنُ سَعِيدٍ، عَنِ ابْنِ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يُبَاعُ شَيْءٌ مِنَ الثَّمَرِ حَتَّى يَبْدُوَ صَلَاحُهُ، وَذَلِكَ اَنْ يَتَبَيَّنَ الزَّهْوُ الْاَحْمَرُ مِنَ الْاَصْفَرِ

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے پھلوں کو پکنے سے پہلے فروخت کرنے سے منع فرمایا۔ پکنے سے مراد سرخ سے زرد ہونا ہے۔

4693 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ الْمِصْرِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، حَدَّثَنِي اَبُو الْاَسْوَدِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ عُرْوَةَ قَالَ: سَمِعْتُ زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ، يَقُولُ: سَمِعْتُ

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: آپ نے نمازِ مغرب میں دو لمبی سورتیں پڑھیں۔



---

4690- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد2صفحه118 وقال: رواه الطبراني في الكبير ورجاله رجال الصحيح .

4692- أورده الطبراني في الأوسط جلد8صفحه110' رقم الحديث:8122 .

رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَأُ فِي الْمَغْرِبِ بِأَطْوَلِ الطُّولَيَيْنِ

4694 - حَدَّثَنَا أَبُو الزِّنْبَاعِ رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ، ثنا يُوسُفُ بْنُ عَدِيٍّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: قَالَ زَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ: الْمَسْجِدُ الَّذِي أُسِّسَ عَلَى التَّقْوَى مَسْجِدُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ عُرْوَةُ: مَسْجِدُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيْرٌ مِنْهُ، إِنَّمَا أُنْزِلَتْ فِي مَسْجِدِ قُبَاءَ

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ وہ مسجد جس کی بنیاد تقویٰ پر رکھی گئی ہے' وہ رسول اللہ ﷺ کی مسجد ہے۔ حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کی مسجد اس سے بہتر ہے' یہ مسجد قباء کے متعلق نازل ہوئی۔

## عَطَاءُ بْنُ يَسَارٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

## حضرت عطاء بن یسار' حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

4695 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدُوسِ بْنِ كَامِلٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ الرَّازِيُّ قَالَا: ثنا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ، ثنا ابْنُ أَبِي ذِئْبٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ قُسَيْطٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، قَالَ: قَرَأْتُ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِـ النَّجْمِ فَلَمْ يَسْجُدْ

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کے پاس سورۂ نجم کی تلاوت کی تو آپ نے سجدہ نہیں کیا۔

4696 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا الْقَعْنَبِيُّ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ يُونُسَ بْنِ يُوسُفَ، عَنْ

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اُنہوں نے بچوں کو دیکھا کہ انہوں نے لومڑی کو ایک



---

4694- أورده نحوه النسائی فی السنن الکبرٰی جلد6 صفحه359' رقم الحدیث: 11229 .

4695- أورده الترمذی فی سننه جلد2 صفحه466' رقم الحدیث: 576 .

4696- أورده مالك فی الموطأ جلد2 صفحه890' رقم الحدیث: 1578 .

عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ الْاَنْصَارِيِّ، اَنَّهُ وَجَدَ غِلْمَانًا قَدْ اَلْجَئُوا ثَعْلَبًا اِلَى زَاوِيَةٍ، فَطَرَدَهُمْ عَنْهُ وَقَالَ مَالِكٌ: لَا اَعْلَمُ اِلَّا اَنَّهُ قَالَ: فِي حَرَمِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصْنَعُ هٰذَا

کونے میں پناہ لینے پر مجبور کر دیا تھا' وہ جال میں پھنسی ہوئی تھی تو انہوں نے ان کو دور کیا۔ حضرت امام مالک فرماتے ہیں: میرے علم کے مطابق یہ ہے کہ انہوں نے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حرم میں ایسے ہی کیا جاتا ہے۔

**4697** - حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ الرَّقِّيُّ، ثنا اَبُو حُذَيْفَةَ، ثنا زُهَيْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ شَرِيكِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي نَمِرٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، اَنَّهُ قَالَ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بِئْسَ الشَّيْءُ الْاِمَارَةُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نِعْمَ الشَّيْءُ الْاِمَارَةُ لِمَنْ اَخَذَهَا بِحَقِّهَا وَحِلِّهَا، وَبِئْسَ الشَّيْءُ الْاِمَارَةُ لِمَنْ اَخَذَهَا بِغَيْرِ حَقِّهَا فَتَكُونُ عَلَيْهِ حَسْرَةً يَوْمَ الْقِيَامَةِ

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں بدترین شی حکومت ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اچھی شی حکومت ہے جو حق کے ساتھ ہے اور اس کو جائز طریقے سے لے' بدترین شی حکومت ہے جو بغیر حق کے لے' ایسا لینے والا قیامت کے دن شرمندہ ہوگا۔

# سُلَيْمَانُ بْنُ يَسَارٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ

# حضرت سلیمان بن یسار' حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

**4698** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، رَحِمَهُ اللّٰهُ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، ثنا شُعْبَةُ، قَالَ: سَمِعْتُ حَاضِرَ بْنَ الْمُهَاجِرِ اَبَا عِيسَى الْبَاهِلِيَّ، قَالَ: سَمِعْتُ

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک بھیڑ نے بکری کو زخمی کیا' اس کو بانس کی ترچھی لکڑی کے ساتھ ذبح کیا گیا' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کے کھانے کی اجازت دی۔



4697- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 5 صفحه 200 وقال: رواه الطبراني عن شيخه حفص بن عمر الرقي وثقه ابن حبان وبقية رجال رجال الصحيح .

4698- أورده ابن ماجه في سننه جلد 2 صفحه 1060' رقم الحديث: 3176 .

سُلَيْمَانَ بْنَ يَسَارٍ، يُحَدِّثُ عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، اَنَّ ذِئْبًا نَيَّبَ فِي شَاةٍ، فَذَبَحُوهَا بِمَرْوَةٍ، فَرَخَّصَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي اَكْلِهَا

## خَارِجَةُ بْنُ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ اَبِيهِ عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ اَبِي بَكْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ خَارِجَةَ بْنِ زَيْدٍ

## حضرت خارجہ بن زید بن ثابت اپنے والد عبدالملک بن ابوبکر بن عبدالرحمٰن سے وہ حضرت خارجہ بن زید سے روایت کرتے ہیں

**4699** - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا اَبُو عَاصِمٍ، عَنِ ابْنِ اَبِي ذِئْبٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ خَارِجَةَ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَوَضَّئُوا مِمَّا غَيَّرَتِ النَّارُ

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: آگ سے پکی ہوئی شی کھانے کے بعد وضو کرنا ہے (لغوی وضو مراد ہے' ہاتھ دھونا اور کلی کرنا)۔

**4700** - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ عِيسَى بْنِ الْمُنْذِرِ الْحِمْصِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا اَبُو زُرْعَةَ الدِّمَشْقِيُّ قَالَا ثنا اَبُو الْيَمَانِ، ثنا شُعَيْبُ بْنُ اَبِي حَمْزَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ اَبِي بَكْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ خَارِجَةَ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ اَبِيهِ: اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: تَوَضَّئُوا مِمَّا مَسَّتِ النَّارُ

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: آگ سے پکی ہوئی شی کھانے کے بعد وضو کرنا ہے (لغوی وضو مراد ہے' ہاتھ دھونا اور کلی کرنا)۔

**4701** - حَدَّثَنَا مُطَّلِبُ بْنُ شُعَيْبٍ

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ



---

4699- أورده النسائي في السنن الكبرىٰ جلد1صفحه105' رقم الحديث: 184,183 .

4700- أورده النسائي في المجتبىٰ جلد1صفحه107' رقم الحديث: 179 .

الْاَزْدِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ خَالِدِ بْنِ مُسَافِرٍ، قَالَ: قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ مُسْلِمٍ، حَدَّثَنِي عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ اَبِي بَكْرِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ هِشَامٍ، اَنَّ خَارِجَةَ بْنَ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ الْاَنْصَارِيَّ، اَخْبَرَهُ اَنَّ اَبَاهُ زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: تَوَضَّئُوا مِمَّا مَسَّتِ النَّارُ

حضورصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: آگ سے پکی ہوئی شی کھانے کے بعد وضو کرنا ہے (لغوی وضو مراد ہے' ہاتھ دھونا اور کلّی کرنا)۔

4702 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْخَشَّابُ الرَّقِّيُّ، ثنا عَمْرُو بْنُ قُسْطٍ، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ رَاشِدٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ خَارِجَةَ بْنِ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: تَوَضَّئُوا مِمَّا مَسَّتِ النَّارُ

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: آگ سے پکی ہوئی شی کھانے کے بعد وضو کرنا ہے (لغوی وضو مراد ہے' ہاتھ دھونا اور کلّی کرنا)۔

4703 - حَدَّثَنَا مُطَّلِبُ بْنُ شُعَيْبٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، حَدَّثَنِي عَقِيلٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، اَنَّ عَبْدَ الْمَلِكِ بْنَ اَبِي بَكْرٍ اَخْبَرَهُ، عَنْ خَارِجَةَ بْنِ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: تَوَضَّئُوا مِمَّا مَسَّتِ النَّارُ

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: آگ سے پکی ہوئی شی کھانے کے بعد وضو کرنا ہے (لغوی وضو مراد ہے' ہاتھ دھونا اور کلّی کرنا)۔

4704 - حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ الْحَسَنِ الْخَفَّافُ الْمِصْرِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي عَنْبَسَةُ بْنُ خَالِدٍ، عَنْ يُونُسَ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، اَخْبَرَنِي عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ اَبِي بَكْرِ بْنِ عَبْدِ

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: آگ سے پکی ہوئی شی کھانے کے بعد وضو کیا کرو (لغوی وضو مراد ہے' ہاتھ دھونا اور کلّی کرنا)۔

الرَّحْمَنِ، عَنْ خَارِجَةَ بْنِ زَيْدٍ، اَنَّ زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: تَوَضَّئُوا مِمَّا مَسَّتِ النَّارُ

4705 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ هَاشِمٍ الْبَعْلَبَكِّيُّ، ثنا سُوَيْدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ خَارِجَةَ بْنِ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: تَوَضَّئُوا مِمَّا مَسَّتِ النَّارُ

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: آگ سے پکی ہوئی شی کھانے کے بعد وضو کیا کرو (لغوی وضو مراد ہے' ہاتھ دھونا اور کُلّی کرنا)۔

4706 - حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ عَبَّادٍ الْخَطَّابِيُّ، ثنا سُوَيْدُ بْنُ سَعِيدٍ، ثنا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ الْمُوَقَّرِيُّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ خَارِجَةَ بْنِ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: تَوَضَّئُوا مِمَّا مَسَّتِ النَّارُ

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: آگ سے پکی ہوئی شی کھانے کے بعد وضو کیا کرو (لغوی وضو مراد ہے' ہاتھ دھونا اور کُلّی کرنا)۔

4707 - حَدَّثَنَا يُوسُفُ الْقَاضِي، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا اَبُو حُصَيْنٍ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ قَالَا: ثنا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، ثنا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ خَارِجَةَ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: تَوَضَّئُوا مِمَّا مَسَّتِ النَّارُ قَالَ اَبُو الْقَاسِمِ: وَلَمْ يَذْكُرْ مَعْمَرٌ عَبْدَ الْمَلِكِ بْنَ اَبِي بَكْرٍ

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: آگ سے پکی ہوئی شی کھانے کے بعد وضو تمہیں کرنا ہوگا (لغوی وضو مراد ہے' ہاتھ دھونا اور کُلّی کرنا)۔ حضرت ابوالقاسم نے فرمایا: حضرت معمر نے حضرت عبدالملک بن ابوبکر کا ذکر نہیں کیا۔

4708 - حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفِرْيَابِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْجَبَّارِ الْخَبَايِرِيُّ الْحِمْصِيُّ،

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: آگ پر پکی ہوئی شی کھانے کے

ثنا مُحَمَّدُ بْنُ حَرْبِ الْاَبْرَشُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْوَلِيدِ الزُّبَيْدِيِّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ هِشَامٍ، عَنْ خَارِجَةَ بْنِ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَوَضَّئُوا مِمَّا مَسَّتِ النَّارُ

بعد تم لوگوں کو وضو کرنا ہے (لغوی وضو مراد ہے' ہاتھ دھونا اور کلّی کرنا)۔

## الزُّهْرِيُّ، عَنْ خَارِجَةَ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ زَيْدٍ

## حضرت زہری' حضرت خارجہ بن زید سے' وہ حضرت زید سے روایت کرتے ہیں

4709 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ خَارِجَةَ بْنِ زَيْدٍ قَالَ: قَالَ زَيْدٌ: لَمَّا كَتَبْنَا الْمَصَاحِفَ، فَقَدْتُ آيَةً كُنْتُ اَسْمَعُهَا مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَوَجَدْتُهَا عِنْدَ خُزَيْمَةَ بْنِ ثَابِتٍ الْاَنْصَارِيِّ (مِنَ الْمُؤْمِنِينَ رِجَالٌ صَدَقُوا مَا عَاهَدُوا اللّٰهَ عَلَيْهِ فَمِنْهُمْ مَنْ قَضَى نَحْبَهُ وَمِنْهُمْ مَنْ يَنْتَظِرُ وَمَا بَدَّلُوا تَبْدِيلًا) (الاحزاب: 23) قَالَ: وَكَانَ خُزَيْمَةُ يُدْعَى ذَا الشَّهَادَتَيْنِ

حضرت خارجہ بن زید فرماتے ہیں کہ حضرت زید نے فرمایا: جب ہم نے قرآن لکھا' میں نے ایک آیت نہ پائی جو میں رسول اللہ ﷺ سے سنتا تھا' میں نے حضرت خزیمہ بن ثابت انصاری کے پاس موجود پائی' وہ آیت یہ تھی کہ ''مسلمانوں میں کچھ وہ مرد ہیں جنہوں نے سچا کر دیا' جو عہد اللہ سے کیا تھا' تو ان میں کوئی اپنی منت پوری کر چکا اور کوئی راہ دیکھ رہا ہے' وہ ذرا نہ بدلے'' حضرت خزیمہ کی گواہی دو آدمیوں کے برابر جانی جاتی تھی۔

4710 - حَدَّثَنَا اَبُو خَلِيفَةَ، ثنا اَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ ح وَحَدَّثَنَا اَبُو حُصَيْنٍ الْقَاضِي، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ قَالَا: سَمِعْنَا اِبْرَاهِيمَ بْنَ سَعْدٍ، قَالَ: قَالَ ابْنُ شِهَابٍ: اَخْبَرَنِي خَارِجَةُ بْنُ زَيْدِ بْنِ

حضرت خارجہ بن زید فرماتے ہیں کہ حضرت زید نے فرمایا: میں نے سورۂ احزاب کی ایک آیت نہ پائی جب میں نے قرآن کو لکھا حالانکہ وہ میں رسول اللہ ﷺ سے سنتا تھا' میں نے اسے تلاش کیا' میں نے



4709- أخرج نحوه البخاري في صحيحه جلد4صفحه1795' رقم الحديث: 4506 .

ثَابِتٍ يَقُولُ: اِنَّهُ سَمِعَ زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ يَقُولُ: فَقَدْتُ آيَةً مِنْ سُورَةِ الْاَحْزَابِ حِينَ نَسَخْتُ الْمُصْحَفَ، وَكُنْتُ اَسْمَعُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَاُهَا، فَالْتَمَسْتُهَا فَوَجَدْتُهَا مَعَ خُزَيْمَةَ بْنِ ثَابِتٍ الْاَنْصَارِيِّ (مِنَ الْمُؤْمِنِينَ رِجَالٌ صَدَقُوا مَا عَاهَدُوا اللّٰهَ عَلَيْهِ) (الاحزاب: 23) فَاَلْحَقْتُهَا فِي سُورَتِهَا مِنَ الْمُصْحَفِ

حضرت خزیمہ بن ثابت انصاری کے پاس موجود پائی' وہ آیت یہ تھی کہ ''مسلمانوں میں کچھ وہ مرد ہیں جنہوں نے سچا کر دیا' جو عہد اللہ سے کیا تھا' تو ان میں کوئی اپنی منت پوری کر چکا اور کوئی راہ دیکھ رہا ہے' وہ ذرا نہ بدلے'' میں نے اُسے قرآن کا حصہ بنا دیا۔

الزهري عن خارجة بن زيد عن زيد

4711 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْاَزْدِيُّ، ثنا خَالِدُ بْنُ خِدَاشٍ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ الدَّرَاوَرْدِيُّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ اَبِي عَمْرٍو، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ خَارِجَةَ بْنِ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: لَمَّا كَانَ يَوْمُ الْيَمَامَةِ اُصِيبَ مِمَّنْ يَقْرَاُ الْقُرْآنَ نَاسٌ كَثِيرٌ، فَذَكَرَ نَحْوَ اَرْبَعِمِائَةٍ، فَجِئْتُ اِلَى اَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَقُلْتُ لَهُ: اِنْ كَانَتْ وَقْعَةٌ اُخْرَى يَذْهَبُ الْقُرْآنُ، فَقَالَ اَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: مَا اَنَا بِمُغَيِّرٍ شَيْئًا لَمْ يَصْنَعْهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَرْسَلَ اِلَى عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ، فَقَالَ مِثْلَ ذٰلِكَ مَا نُغَيِّرُ شَيْئًا لَمْ يَصْنَعْهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ زَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ قُلْتُ: فَمَا عَلَيْكُمْ؟ فَقَالَا: مَا عَلَيْنَا صَدَقْتَ، فَكَتَبَهُ اَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِي الْجَرِيدِ وَالْاَكْتَافِ

حضرت خارجہ بن زید بن ثابت اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ جب جنگ یمامہ کا دن تھا تو جن کو قرآن یاد تھا وہ اکثر شہید ہو گئے' چار سو افراد شہید ہوئے تھے' میں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پاس آیا' میں نے آپ سے عرض کی: اگر کوئی اور معرکہ ہوا تو قرآن چلا جائے گا۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں ایسی شی تبدیل نہیں کر سکتا ہوں جو رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نہیں کیا' حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی طرف پیغام بھیجا' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ہم ایسی شی کو تبدیل نہیں کر سکتے ہیں جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نہیں کیا۔ حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم پر لازم کیا ہے؟ دونوں نے کہا: ہم پر کوئی چیز لازم نہیں' آپ نے جو بات کی ہے وہ سچ ہے' پس حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے اسے کھجور کے پتوں میں اور اونٹ کے کندھے کی ہڈیوں میں لکھا۔

حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الشَّافِعِيُّ، ثنا عَمِّي اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ

حضرت زید فرماتے ہیں کہ حضرت عمر' حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہما کے پاس آئے' کہا: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے

الدَّرَاوَرْدِيُّ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ غَزِيَّةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ خَارِجَةَ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: دَخَلَ عُمَرُ عَلَى اَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا فَقَالَ: اِنَّ اَصْحَابَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا قُتِلُوا يَوْمَ الْيَمَامَةِ تَهَافَتُوا كَمَا تَتَهَافَتِ الْفِرَاشُ فَذَكَرَ الْحَدِيثَ بِطُولِهِ

اصحاب یمامہ میں شہید کیے گئے تو ٹکڑے کر کے شہید کیے گئے جس طرح کپڑے ٹکڑے ٹکڑے ہو کر گرتے ہیں اس کے بعد لمبی حدیث ذکر کی۔

**4712** - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْاَسْفَاطِيُّ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ حُمَيْدٍ الطَّوِيلُ، ثنا صَالِحُ بْنُ اَبِي الْاَخْضَرِ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ خَارِجَةَ بْنِ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تَبِيعُوا الثَّمَرَ حَتَّى يَطْلُعَ الثُّرَيَّا وَيَبْدُوَ صَلَاحُهَا

حضرت خارجہ بن زید رضی اللہ عنہ اپنے والد سے وہ حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں آپ نے فرمایا: پھل فروخت نہ کرو یہاں تک کہ پک جائے۔

**4713** - حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ صَالِحٍ الْمَرْوَزِيُّ الْمِصْرِيُّ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ، ثنا وُهَيْبٌ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ رَاشِدٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ خَارِجَةَ بْنِ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تَبِيعُوا الثِّمَارَ حَتَّى يَطْلُعَ الثُّرَيَّا

حضرت خارجہ بن زید رضی اللہ عنہ اپنے والد سے وہ حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں آپ نے فرمایا: پھل فروخت نہ کرو یہاں تک کہ پک جائے۔

**4714** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ مَنْدَهْ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ حُمَيْدٍ الرَّازِيُّ، ثنا سَلَمَةُ بْنُ الْفَضْلِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ خَارِجَةَ بْنِ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَبِيعُوا الثَّمَرَةَ حَتَّى يَبْدُوَ صَلَاحُهَا

حضرت خارجہ بن زید رضی اللہ عنہ اپنے والد سے وہ حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں آپ نے فرمایا: پھل فروخت نہ کرو یہاں تک کہ پک جائے۔

4715 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، ثنا عَمْرُو بْنُ الرَّبِيعِ بْنِ طَارِقٍ، ثنا يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ، عَنْ يُونُسَ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ خَارِجَةَ بْنِ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَخَّصَ فِي بَيْعِ الْعَرَايَا بِالتَّمْرِ وَالرُّطَبِ

حضرت خارجہ بن زید اپنے والد گرامی سے روایت کرتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے عرایا (بغیر پھل کے کھجور کے درخت) کی خشک و تر کھجور کے بدلے بیع میں اجازت دی۔

4716 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْعَبَّاسِ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا اَبُو مَسْعُودٍ اَحْمَدُ بْنُ الْفُرَاتِ الرَّازِيُّ، ثنا اَبُو الْهَيْثَمِ خَالِدُ بْنُ الْقَاسِمِ، ثنا يُونُسُ بْنُ يَزِيدَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ خَارِجَةَ بْنِ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّهُ كَانَ يَقُولُ حِينَ يَضْطَجِعُ: اللّٰهُمَّ اِنِّي اَسْاَلُكَ غِنَى الْاَهْلِ وَالْمَوْلَى، وَاَعُوذُ بِكَ اَنْ تَدْعُوَ عَلَيَّ رَحِمٌ قَطَعْتُهَا

حضرت خارجہ بن زید اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ وہ لیٹے وقت یہ دعا کرتے تھے: ''اللّٰهم انی اسالك الٰی آخرہٖ''۔

4717 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْخَلَّالُ الْمَكِّيُّ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ حُمَيْدِ بْنِ كَاسِبٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسَى التَّيْمِيُّ، عَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ خَارِجَةَ بْنِ زَيْدٍ - لَا اَدْرِي ذَكَرَ اَبَاهُ اَمْ لَا - : اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَخَّصَ فِي بَيْعِ الْعَرَايَا بِالتَّمْرِ وَالرُّطَبِ

حضرت خارجہ بن زید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: مجھے معلوم نہیں ہے کہ ان کے والد نے ذکر کیا یا نہیں کہ حضور ﷺ نے بیع عرایا میں اجازت دی' خشک اور تازہ کھجور کے بدلے۔

## اَبُو الزِّنَادِ، عَنْ خَارِجَةَ بْنِ زَيْدٍ

## حضرت ابوالزناد' حضرت خارجہ بن زید بن ثابت سے روایت



4716- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد10صفحه125 وقال: رواه الطبراني واسناده جيد .

## بْنِ ثَابِتٍ

**4718** - حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْقَلَانِسِيُّ، ثنا آدَمُ بْنُ اَبِي اِيَاسٍ، ح وَحَدَّثَنَا اَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ وَيَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ الْعَلَّافُ، قَالَا: ثنا سَعِيدُ بْنُ اَبِي مَرْيَمَ، ح وَحَدَّثَنَا اَبُو حُصَيْنٍ الْقَاضِي، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ قَالُوا: ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ اَبِي الزِّنَادِ حَدَّثَنِي اَبِي اَبُو الزِّنَادِ، اَنَّ خَارِجَةَ بْنَ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ حَدَّثَهُ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ السَّكِينَةَ، غَشِيَتْ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ زَيْدٌ: وَاَنَا اِلَى جَنْبِهِ، فَوَقَعَتْ فَخِذُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى فَخِذِي فَمَا وَجَدْتُ شَيْئًا اَثْقَلَ مِنْ فَخِذِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ سُرِّيَ عَنْهُ فَقَالَ: اكْتُبْ فَكَتَبْتُ ﴿لَا يَسْتَوِي الْقَاعِدُونَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ﴾ (النساء: 95) ﴿وَالْمُجَاهِدُونَ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ﴾ (النساء: 95) الْآيَاتِ كُلَّهَا قَالَ: فَكَتَبْتُ ذَلِكَ فِي كَتِفٍ فَقَامَ ابْنُ اُمِّ مَكْتُومٍ وَكَانَ رَجُلًا اَعْمَى حِينَ سَمِعَ فَضِيلَةَ الْمُجَاهِدِينَ عَلَى الْقَاعِدِينَ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ فَكَيْفَ بِمَنْ لَا يَسْتَطِيعُ الْجِهَادَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ؟ فَمَا قَضَى ابْنُ اُمِّ مَكْتُومٍ كَلَامَهُ اَوْ قَالَ اِلَّا اَنْ يُحْصِيَ كَلَامَهُ حَتَّى غَشِيَتْ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ السَّكِينَةُ فَوَقَعَتْ فَخِذُهُ عَلَى

## کرتے ہیں

حضرت خارجہ بن زید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ سکون واطمینان نے رسول اللہ ﷺ کو ڈھانپ لیا' حضرت زید نے فرمایا: میں آپ کے پاس تھا' رسول اللہ ﷺ کی ران مبارک میری ران پر تھی' رسول اللہ ﷺ کی ران بھاری تھی' پھر آپ پر وحی آنا ختم ہوئی تو آپ نے فرمایا: لکھو! میں نے لکھا: ''لا یستوی القاعدون...... ''مکمل آیت' میں نے کندھے کی ہڈی میں لکھی' حضرت ابن اُم مکتوم رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے' جس وقت انہوں نے مجاہدین کی فضیلت سنی بیٹھنے والوں پر' یہ نابینا تھا' انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! اس آدمی کیلئے کیا حکم ہے جو ایمان والوں میں سے جہاد کرنے کی طاقت نہیں رکھتا؟ حضرت ابن اُم مکتوم رضی اللہ عنہ کا کلام ختم ہوا تو حضور ﷺ پر سکونت نازل ہوئی' آپ کی ران میری ران پر تھی' میں نے دوسری مرتبہ آپ کی ران کا بھاری پن زیادہ پایا پہلی مرتبہ سے' پھر رسول اللہ ﷺ پر وحی آنا ختم ہوئی' آپ نے فرمایا: پڑھو! میں نے پڑھا: ''لا یستوی القاعدون الی آخرہ ''حضور ﷺ نے فرمایا: 'غیر اولی الضرر ''حضرت زید رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے اسے اس سے ملایا' گویا میں اب بھی اس کے ملنے کو دیکھ رہا ہوں' میں نے اسے لکھا۔

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا کاتب تھا‘ پس آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے فرمایا: لکھ ”یستوی القاعدون من المؤمنین“ تو حضرت عبداللہ بن اُم مکتوم رضی اللہ عنہ آئے‘ اُنہوں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! میں اللہ کی راہ میں جہاد کو پسند کرتا ہوں لیکن مجھے جو بیماری ہے جو آپ ملاحظہ فرما رہے ہیں کہ میری بصارت چلی گئی ہے۔ حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: پس

الْمُؤْمِنِينَ) (النساء : 95 ) (وَالْمُجَاهِدُونَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ) (النساء : 95 ) فَجَاءَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ أُمِّ مَكْتُومٍ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنِّي أُحِبُّ الْجِهَادَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ، وَلَكِنْ بِي مِنَ الزَّمَانَةِ مَا تَرَى، ذَهَبَ بَصَرِي، قَالَ زَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ: فَثَقُلَتْ فَخِذُ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى فَخِذِي حَتَّى خَشِيتُ أَنْ يَرُضَّهَا، ثُمَّ قَالَ: (لَا يَسْتَوِي الْقَاعِدُونَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ غَيْرُ أُولِي الضَّرَرِ وَالْمُجَاهِدُونَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ) (النساء :95 )

رسول کریم ﷺ کی ران مبارک بھاری ہونے لگی‘ جو میری ران پر تھی حتیٰ کہ مجھے اس کے ٹوٹنے کا ڈر لگا۔ پھر فرمایا: ”لا یستوی القاعدون الی آخرہٖ“۔

**4768** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُعَاوِيَةَ النَّيْسَابُورِيُّ، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ هُبَيْرَةَ، عَنْ قَبِيصَةَ بْنِ ذُؤَيْبٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنِ الصَّلَاةِ بَعْدَ الْعَصْرِ

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے نمازِ عصر کے بعد نماز پڑھنے سے منع کیا۔

## عُبَيْدُ بْنُ السَّبَّاقِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ

## حضرت عبید بن سباق‘ حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

**4769** - حَدَّثَنَا مُطَّلِبُ بْنُ شُعَيْبٍ الْأَزْدِيُّ، ثنا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ خَالِدِ بْنِ مُسَافِرٍ، عَنِ ابْنِ

حضرت ابن سباق سے روایت ہے کہ حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ نے فرمایا: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے میری طرف پیغام بھیجا‘ اہل یمامہ کے



4768- أخرج نحوه مسلم فی صحيحه جلد1صفحه566‘ رقم الحديث: 825 .

4769- أخرجه البخاری فی صحيحه جلد4صفحه1720 رقم الحديث: 4402‘ جلد4صفحه1907 رقم الحديث: 4701 .

شِهَابٍ، عَنِ ابْنِ السَّبَّاقِ، اَنَّ زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ، حَدَّثَهُ قَالَ: اَرْسَلَ اِلَیَّ اَبُو بَكْرٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ مَقْتَلَ اَهْلِ الْيَمَامَةِ، فَاِذَا عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنْدَهُ، فَقَالَ اَبُو بَكْرٍ: اِنَّ عُمَرَ اَتَانِی، فَقَالَ لِی: اِنَّ الْقَتْلَ قَدِ اسْتَحَرَّ بِاَهْلِ الْيَمَامَةِ مِنْ قُرَّاءِ الْمُسْلِمِينَ، وَاِنِّی اَخْشَی اَنْ يَسْتَحِرَّ الْقَتْلُ بِالْقُرَّاءِ فِی مَوَاطِنَ، فَيَذْهَبُ كَثِيرٌ مِنَ الْقُرْآنِ لَا يُوعَی، وَاِنِّی اَرَی اَنْ تَاْمُرَ بِجَمْعِ الْقُرْآنِ، فَقُلْتُ لِعُمَرَ: كَيْفَ اَفْعَلُ شَيْئًا لَمْ يَفْعَلْهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ عُمَرُ: هُوَ وَاللّٰهِ خَيْرٌ، فَلَمْ يَزَلْ يُرَاجِعُنِی فِی ذَلِكَ حَتَّی شَرَحَ اللّٰهُ صَدْرِی بِذَلِكَ، وَرَاَيْتُ فِيهِ الَّذِی رَاَی عُمَرُ، فَقَالَ لِزَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ وَعُمَرُ جَالِسٌ عَنْدَهُ لَا يَتَكَلَّمُ: اِنَّكَ رَجُلٌ شَابٌّ لَا اَتَّهِمُكَ، وَكُنْتَ تَكْتُبُ الْوَحْیَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَتَتَبَّعِ الْقُرْآنَ فَاجْمَعْهُ، فَقَالَ زَيْدٌ: فَوَاللّٰهِ لَوْ كَلَّفُونِی نَقْلَ جَبَلٍ مِنَ الْجِبَالِ مَا كَانَ اَثْقَلَ عَلَیَّ مِمَّا اَمَرَنِی بِهِ مِنْ جَمْعِ الْقُرْآنِ، قُلْتُ: كَيْفَ تَفْعَلُونَ شَيْئًا لَمْ يَفْعَلْهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: هُوَ وَاللّٰهِ خَيْرٌ، فَلَمْ يَزَلْ اَبُو بَكْرٍ يُرَاجِعُنِی حَتَّی شَرَحَ اللّٰهُ صَدْرِی لِلَّذِی شَرَحَ لَهُ صَدْرَ اَبِی بَكْرٍ وَعُمَرَ، فَقُمْتُ فَتَتَبَّعْتُ الْقُرْآنَ اَجْمَعُهُ مِنَ الرِّقَاعِ وَالْاَكْتَافِ وَالْاَقْتَابِ وَالْعُسُبِ وَصُدُورِ الرِّجَالِ حَتَّی وَجَدْتُ آخِرَ سُورَةِ التَّوْبَةِ مَعَ خُزَيْمَةَ بْنِ



قتل ہونے کے وقت' پس (میں حاضر خدمت ہوا) تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ بھی وہاں موجود تھے۔ پس حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: بے شک حضرت عمر میرے پاس آئے اور کہا: یمامہ کی جنگ میں بہت سارے مسلمان قاری شہید ہو گئے ہیں اور مجھے ڈر ہے کہ مختلف جگہ قراء شہید ہوئے' تو قرآن کا بہت سا حصہ چلا جائے گا' جو یاد نہیں کیا گیا ہوگا' بے شک میری رائے ہے کہ آپ قرآن جمع کرنے کا حکم دیں۔ میں نے عمر سے کہا: میں وہ کام کیسے کرسکتا ہوں جو رسول کریم ﷺ نے نہیں کیا؟ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: قسم بخدا! یہ اچھا کام ہے۔ پس وہ بار بار مجھے کہتے رہے حتیٰ کہ اللہ نے مجھے انشراح صدر عطا فرمایا اور میری رائے عمر کی رائے سے متفق ہوگئی۔ آپ نے حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ سے کہا جبکہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ پاس موجود تھے' لیکن وہ کلام نہیں کر رہے تھے: بے شک تُو جوان آدمی ہے اور میں تجھے کسی معاملے میں تہمت نہیں لگاتا' آپ رسول کریم ﷺ کے حکم سے وحی لکھا کرتے تھے۔ پس (اب) قرآن کو تلاش کر کے اکٹھا کرو (ایک جگہ لکھو) پس حضرت زید پہاڑ کو اپنی جگہ سے منتقل کرنے کا مکلّف بناتے تو مجھ پر اتنا بھاری نہ ہوتا جتنا انہوں نے مجھے قرآن جمع کرنے کا حکم فرمایا' میں نے عرض کی: آپ لوگ' وہ کام کیسے کر سکتے ہیں' جو رسول کریم ﷺ نے نہیں کیا؟ آپ نے فرمایا: قسم بخدا! یہ اچھا کام ہے۔ پس حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ بار بار

ثَابِتٍ الْاَنْصَارِيِّ لَمْ اَجِدْهَا مَعَ اَحَدٍ غَيْرِهِ (لَقَدْ جَاءَ كُمْ رَسُولٌ مِنْ اَنْفُسِكُمْ) (التوبة: 128) وَكَانَتِ الصُّحُفُ عِنْدَ اَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ حَيَاتَهُ حَتّٰى تَوَفَّاهُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ، ثُمَّ عِنْدَ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ حَتّٰى تَوَفَّاهُ اللّٰهُ، ثُمَّ عِنْدَ حَفْصَةَ بِنْتِ عُمَرَ حَتّٰى جَمَعَ عُثْمَانُ الْقُرْآنَ مِنْهَا فِي الْمَصَاحِفِ

مجھے یہ کام ارشاد فرماتے رہے یہاں تک کہ اللہ نے میرا سینہ کھول دیا' اس کام کیلئے جس کیلئے حضرت ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما کا سینہ کھولا تھا' پس میں اُٹھ کھڑا ہوا۔ میں نے قرآن تلاش کر کے اکٹھا کرنا شروع کر دیا' کچھ کاغذ کے ٹکڑوں پہ تھا' اونٹ کے کندھے کی ہڈیوں پر' پالان یا کجاووں پر اور کچھ قرآن کھجور کی پتے اتاری ہوئی ٹہنیوں پر موجود تھے اور قرآن کا کچھ حصہ مجھے لوگوں کے سینوں سے موصول ہوا۔ حتیٰ کہ سورۂ توبہ کی آخری آیت مجھے حضرت خزیمہ بن ثابت انصاری رضی اللہ عنہ کے پاس ملی' لیکن ان کے علاوہ کسی گردِ بشر کے پاس نہ تھی: ''لقد جاء کم رسول من انفسکم'' سارے صحیفے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی زندگی میں ان کے پاس رہے حتیٰ کہ ان کا وصال ہوا' پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس رہے حتیٰ کہ وہ بھی شہید ہوئے' پھر حضرت حفصہ بنت عمر اُم المؤمنین کے پاس رہے' پھر وہ وقت آیا جب حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے اس سے مصاحف میں قرآن کو جمع فرمایا۔

**4770** - حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ كَامِلٍ الْمِصْرِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، حَدَّثَنِي يُونُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، اَخْبَرَنِي ابْنُ السَّبَّاقِ، اَنَّ زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ قَالَ: اَرْسَلَ اِلَيَّ اَبُو بَكْرٍ الصِّدِّيقُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ مَقْتَلَ اَهْلِ الْيَمَامَةِ، فَاِذَا عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ عِنْدَهُ فَقَالَ اَبُو بَكْرٍ: اَتَانِي هٰذَا الرَّجُلُ فَقَالَ لِي: اِنَّ الْقَتْلَ قَدِ اسْتَحَرَّ بِاَهْلِ

حضرت ابن شہاب (امام زہری) سے روایت ہے کہ مجھے حضرت ابن سباق نے خبر دی کہ حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے میری طرف پیغام بھیجا' یمامہ میں جنگ لڑنے والوں (قاریوں) کے قتل ہونے کے وقت (میں حاضر خدمت ہوا) اچانک میری نگاہ پڑی تو حضرت عمر بن خطاب بھی آپ کے پاس موجود تھے' پس حضرت

الْيَمَامَةِ مِنْ قُرَّاءِ الْمُسْلِمِينَ، وَإِنِّي أَخْشَى أَنْ يَسْتَحِرَّ الْقَتْلُ بِالْقُرَّاءِ فِي الْمَوَاطِنِ، فَيَذْهَبُ كَثِيرٌ مِنَ الْقُرْآنِ لَا يُوعَى، وَإِنِّي أَرَى أَنْ تَأْمُرَ بِجَمْعِ الْقُرْآنِ، فَقُلْتُ لِعُمَرَ: كَيْفَ أَفْعَلُ شَيْئًا لَمْ يَفْعَلْهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ عُمَرُ: هُوَ وَاللّٰهِ خَيْرٌ، فَلَمْ يَزَلْ يُرَاجِعُنِي فِي ذَلِكَ حَتَّى شَرَحَ اللّٰهُ بِذَلِكَ صَدْرِي، وَرَأَيْتُ فِيهِ الَّذِي رَأَى عُمَرُ وَعُمَرُ جَالِسٌ عِنْدَهُ لَا يَتَكَلَّمُ، قَالَ أَبُو بَكْرٍ: إِنَّكَ رَجُلٌ شَابٌّ عَاقِلٌ وَلَا نَتَّهِمُكَ، وَكُنْتَ تَكْتُبُ الْوَحْيَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاتَّبِعِ الْقُرْآنَ فَاجْمَعْهُ ، قَالَ زَيْدٌ: فَوَاللّٰهِ لَوْ كَلَّفَنِي نَقْلَ جَبَلٍ مِنَ الْجِبَالِ مَا كَانَ أَثْقَلَ عَلَيَّ مِمَّا أَمَرَنِي بِهِ مِنْ جَمْعِ الْقُرْآنِ ، قَالَ: قُلْتُ: كَيْفَ تَفْعَلُونَ شَيْئًا لَمْ يَفْعَلْهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: هُوَ وَاللّٰهِ خَيْرٌ، فَلَمْ يَزَلْ أَبُو بَكْرٍ يُرَاجِعُنِي حَتَّى شَرَحَ اللّٰهُ صَدْرِي لِلَّذِي شَرَحَ بِهِ صَدْرَ أَبِي بَكْرٍ وَعُمَرَ قَالَ: فَقُمْتُ فَتَتَبَّعْتُ الْقُرْآنَ أَجْمَعُهُ مِنَ الرِّقَاعِ وَالْأَكْتَافِ وَالْأَقْتَابِ وَالْعُسُبِ وَصُدُورِ الرِّجَالِ حَتَّى وَجَدْتُ آخِرَ سُورَةِ التَّوْبَةِ آيَتَيْنِ مَعَ خُزَيْمَةَ بْنِ ثَابِتٍ الْأَنْصَارِيِّ لَمْ أَجِدْهُمَا مَعَ أَحَدٍ غَيْرِهِ (لَقَدْ جَاءَكُمْ رَسُولٌ مِنْ أَنْفُسِكُمْ) (التوبة: 128) ، فَكَانَتِ الصُّحُفُ الَّتِي جَمَعْتُ فِيهَا الْقُرْآنَ عِنْدَ أَبِي بَكْرٍ حَيَاتَهُ حَتَّى تَوَفَّاهُ اللّٰهُ، ثُمَّ عِنْدَ عُمَرَ حَتَّى تَوَفَّاهُ اللّٰهُ، ثُمَّ عِنْدَ حَفْصَةَ بِنْتِ

عبید بن السباق عن زید بن ثابت

ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میرے پاس یہ شخص آیا اور مجھ سے کہا: بے شک اہل یمامہ کے ساتھ مسلمانوں کے قاریوں (کے قتل ہونے) سے جنگ کا بازار گرم ہو گیا ہے۔ مجھے ڈر ہے کہ مختلف مقامات پر قاریوں کے شہید ہونے کا۔ پس قرآن میں سے بہت سا حصہ ہمارے ہاتھ سے چلا جائے گا' جسے کسی نے یاد نہیں کیا ہوگا' میری رائے ہے (جتنا جلدی ہو سکے) آپ قرآن ایک جگہ جمع کرنے کا فرمان جاری فرمائیں۔ میں نے عمر سے کہا: میں وہ کام کیسے کر سکتا ہوں جو رسول کریم ﷺ نے نہیں کیا؟ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: قسم بخدا! یہ کام اچھا ہے۔ پس اس سلسلہ میں مسلسل وہ میری طرف رجوع کرتے رہے حتیٰ کہ اس نے اس کے ساتھ میرا سینہ کھول دیا اور میری اور عمر کی رائے ایک ہوگئی حالانکہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ آپ کے پاس ہی تشریف فرما تھے لیکن اُنہوں نے کوئی کلام نہ کیا۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: بے شک آپ جوانمرد ہیں' عقلمند ہیں' ہم آپ کو متہم نہیں کرتے۔ آپ رسول کریم ﷺ کے لیے بھی وحی لکھتے تھے' پس (اب) قرآن تلاش کر کے جمع کرو۔ حضرت زید رضی اللہ عنہ نے فرمایا: قسم بخدا! اگر آپ مجھے پہاڑوں میں سے کسی پہاڑ کو منتقل کرنے کی تکلیف دیتے تو وہ مجھ پر بھاری نہ تھا' اس سے جو آپ نے مجھے جمع قرآن کا حکم دیا۔ فرماتے ہیں: میں نے عرض کی: کیسے آپ لوگ وہ کام کرتے ہیں جو رسول کریم ﷺ نے نہیں کیا؟ آپ نے فرمایا: قسم بخدا! یہ

عُمَرَ

اچھا کام ہے۔ پس حضرت ابوبکر مسلسل یہ بات میرے سامنے دُہراتے رہے حتیٰ کہ اللہ نے اس چیز کیلئے میرا سینہ کھول دیا جس کے ساتھ ابوبکر و عمر کا سینہ کھولا تھا۔ فرماتے ہیں: پس میں اُٹھا' میں نے قرآن کو تلاش کیا' کاغذ کے ٹکڑوں' کندھوں کی ہڈیوں' کجاووں کی لکڑیوں یا پالانوں کے جوڑوں' کھجور کی ٹہنیوں پر سے اور لوگوں کے سینوں سے میں نے قرآن کو اکٹھا کیا حتیٰ کہ سورۂ توبہ کی آخری دو آیتوں کو میں نے حضرت خزیمہ بن ثابت انصاری رضی اللہ عنہ کے پاس پایا' ان کے علاوہ کسی کے پاس یہ دو آیتیں نہیں تھیں: ''لقد جاء کم رسول من انفسکم'' پس وہ صحیفے میں نے جن میں قرآن جمع کیا' حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی زندگی میں ان کے پاس رہے پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ' ان کی وفات کے بعد حضرت حفصہ بنت عمر اُم المؤمنین کے پاس۔

**4771** - حَدَّثَنَا اَبُو خَلِيفَةَ، ثنا، اَبُو الْوَلِيدِ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ، ثنا ابْنُ شِهَابٍ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ السَّبَّاقِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ قَالَ: اَرْسَلَ اِلَيَّ اَبُو بَكْرٍ مَقْتَلَ اَهْلِ الْيَمَامَةِ، فَإِذَا عُمَرُ جَالِسٌ عِنْدَهُ، قَالَ اَبُو بَكْرٍ: اِنَّ عُمَرَ جَاءَنِي، فَقَالَ: اِنَّ الْقَتْلَ قَدِ اسْتَحَرَّ بِاَهْلِ الْيَمَامَةِ بِقُرَّاءِ الْقُرْآنِ قَالَ: قُلْتُ: وَكَيْفَ اَفْعَلُ شَيْئًا لَمْ يَفْعَلْهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَقَالَ عُمَرُ: هُوَ وَاللّٰهِ خَيْرٌ، فَلَمْ يَزَلْ يُرَاجِعُنِي فِي ذٰلِكَ حَتّٰى شَرَحَ اللّٰهُ

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: یمامہ کے جنگ لڑنے والوں کی شہادت کے وقت حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے میری طرف پیغام بھیجا' پس عمر بھی ان کے پاس بیٹھے تھے۔ ابوبکر نے فرمایا: بے شک عمر نے میرے پاس آ کر کہا: بے شک جنگ کا بازار گرم ہو گیا ہے' اہل یمامہ کے ساتھ بہت سارے قاریٔ قرآن کام آ گئے ہیں۔ وہ فرمانے لگے: میں نے کہا: کیسے میں وہ کام کر سکتا ہوں جو رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نہیں کیا۔ پس عمر نے کہا: قسم بخدا! یہ کام بہتر ہے۔

صَدْرِی لِلَّذِی شَرَحَ صَدْرَ عُمَرَ، وَرَاَیْتُ فِی ذٰلِكَ الَّذِی رَاٰی عُمَرُ، فَقَالَ اَبُو بَكْرٍ لِزَیْدٍ: اِنَّكَ رَجُلٌ شَابٌّ عَاقِلٌ لَا نَتَّهِمُكَ، قَدْ كُنْتَ تَكْتُبُ الْوَحْیَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، فَتَتَبَّعِ الْقُرْآنَ فَاجْمَعْهُ، قَالَ زَیْدٌ: فَوَاللّٰهِ لَوْ كَلَّفُونِی نَقْلَ جَبَلٍ مِنَ الْجِبَالِ مَا كَانَ اَثْقَلَ مِمَّا اَمَرَنِی بِهِ مِنْ جَمْعِ الْقُرْآنِ قَالَ: قُلْتُ: وَكَیْفَ تَفْعَلُونَ شَیْئًا لَمْ یَفْعَلْهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: هُوَ وَاللّٰهِ خَیْرٌ، فَلَمْ یَزَلْ بِی اَبُو بَكْرٍ یُرَاجِعُنِی حَتّٰی شَرَحَ اللّٰهُ صَدْرِی لِلَّذِی شَرَحَ صَدْرَ اَبِی بَكْرٍ قَالَ: فَتَتَبَّعْتُ الْقُرْآنَ اَجْمَعُهُ مِنَ الرِّقَاعِ وَالْعُسُبِ وَصُدُورِ الرِّجَالِ حَتّٰی وَجَدْتُ آخِرَ سُورَةِ التَّوْبَةِ مَعَ خُزَیْمَةَ اَوْ اَبِی خُزَیْمَةَ الْاَنْصَارِیِّ لَمْ اَجِدْهَا مَعَ اَحَدٍ غَیْرِهِ (لَقَدْ جَاءَكُمْ رَسُولٌ مِنْ اَنْفُسِكُمْ) (التوبة: 128) حَتّٰی خَاتِمَةِ بَرَاءَةَ وَكَانَتِ الصُّحُفُ عِنْدَ اَبِی بَكْرٍ حَتّٰی تَوَفَّاهُ اللّٰهُ، ثُمَّ عِنْدَ عُمَرَ حَیَاتَهُ حَتّٰی تَوَفَّاهُ اللّٰهُ، ثُمَّ عِنْدَ حَفْصَةَ بِنْتِ عُمَرَ

پس وہ لگاتار مجھے کہتے رہے حتیٰ کہ مجھے انشراحِ صدر ملا' اس کیلئے جس کام کیلئے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو انشراح صدر حاصل ہوا تھا اور میں نے اس میں وہی رائے قائم کی جو عمر نے کی تھی۔ پس حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے حضرت زید رضی اللہ عنہ سے فرمایا: آپ نوجوان ہیں' عقل مند ہیں' ہم آپ پر کوئی تہمت نہیں لگائیں گے۔ تحقیق آپ رسول کریم ﷺ کیلئے وحی لکھا کرتے تھے۔ پس آپ قرآن تلاش کر کے جمع کریں۔ حضرت زید فرماتے ہیں: قسم بخدا! اگر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ مجھے مکلّف بناتے کہ میں پہاڑوں میں ایک پہاڑ منتقل کر دوں تو وہ مجھ پر بھاری نہ ہوتا' اس سے جو اُنہوں نے مجھے قرآن جمع کرنے کا حکم دیا۔ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: کیسے آپ لوگ وہ کام کرتے ہیں جو رسول کریم ﷺ نے نہیں کیا۔ آپ نے فرمایا: قسم بخدا! یہ کام بہتر ہے۔ پس حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ لگاتار مجھے فرماتے رہے حتیٰ کہ اللہ نے اس کام کیلئے مجھے انشراحِ صدر عطا فرمایا جس کیلئے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو انشراح صدر عطا کیا تھا۔ فرماتے ہیں: میں نے تلاش کر کے قرآن جمع کیا۔ کاغذ کے ٹکڑوں' کھجور کی ٹہنیوں اور لوگوں کے سینوں سے حتیٰ کہ سورۂ توبہ کا آخری حصہ مجھے حضرت خزیمہ یا ابوخزیمہ انصاری کے پاس ملا۔ میں نے ان کے علاوہ اسے کسی کے پاس نہ پایا۔ ''لقد جاء کم رسولٌ من انفسکم '' حتیٰ کہ سورۂ براۃ مکمل ہوئی اور صحیفے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی زندگی

میں آپ کے پاس رہے حتیٰ کہ ان کا وصال ہوا پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی زندگی میں ان کے پاس رہا حتیٰ کہ ان کی شہادت ہوئی' پھر اُم المؤمنین حضرت حفصہ بنت عمر رضی اللہ عنہا کے پاس رہا۔

**4772** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ اِسْمَاعِيلَ بْنِ مُجَمِّعٍ الْاَنْصَارِيِّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ السَّبَّاقِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، قَالَ: سَمِعْتُ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ آيَةً وطَلَبْتُها فَلَمْ اَجِدْهَا حَتَّى وَجَدْتُهَا مَعَ رَجُلٍ مِنَ الْاَنْصَارِ (لَقَدْ جَاءَكُمْ رَسُولٌ مِنْ اَنْفُسِكُمْ) (التوبة: **128**) الْآيَةَ

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے رسول کریم ﷺ سے ایک آیت سنی تھی' لیکن (اب) اس کو نہ پایا باوجود اس کے کہ میں نے اس کو خوب تلاش کیا یہاں تک کہ میں نے اسے ایک انصاری آدمی کے پاس پایا' (وہ آیت یہ تھی:) ''لقد جاء کم رسولٌ من انفسکم''۔

## عَوْفُ بْنُ مُجَالِدٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ

## حضرت عوف بن مجالد' حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

**4773** - حَدَّثَنِي اَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، وَيَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ الْعَلَّافُ قَالَا، ثنا سَعِيدُ بْنُ اَبِي مَرْيَمَ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ اَبِي الزِّنَادِ، حَدَّثَنِي اَبِي اَنَّ عَوْفَ بْنَ مُجَالِدٍ الْحَضْرَمِيُّ، اَخْبَرَهُ قَالَ: وَكَانَ امْرَاً صِدْقٍ قَالَ: وَاَخْبَرَنِي وَنَحْنُ عِنْدَ خَارِجَةَ بْنِ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، قَالَ: قُلْتُ لِزَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ: يَا اَبَا سَعِيدٍ، اِنَّا نَجِدُ فِي سُورَةِ الْفُرْقَانِ

حضرت خارجہ بن زید فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ سے کہا: اے ابوسعید! ہم سورۂ فرقان کی آیت پاتے ہیں: ''والذین لا یدعون الی آخرہٖ'' اور سورۂ نساء میں پاتے ہیں: ''ومن یقتل مؤمنًا الی آخرہٖ'' ہم ان دونوں میں سے ایک میں توبہ پاتے ہیں اور دوسری میں اسے چھوڑ دیا گیا ہے' حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ نے فرمایا:

**4773**- أورد نحوه البيهقي في سننه جلد**8** صفحه**16** .

(وَالَّذِينَ لَا يَدْعُونَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا آخَرَ وَلَا يَقْتُلُونَ النَّفْسَ الَّتِي حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ وَلَا يَزْنُونَ) (الفرقان: 68) - اِلَى قَوْلِهِ - (وَكَانَ اللّٰهُ غَفُورًا رَحِيمًا) (النساء: 96) وَنَجِدُ فِي سُورَةِ النِّسَاءِ (وَمَنْ يَقْتُلْ مُؤْمِنًا مُتَعَمِّدًا فَجَزَاؤُهُ جَهَنَّمُ خَالِدًا فِيهَا وَغَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِ وَلَعَنَهُ وَاَعَدَّ لَهُ عَذَابًا عَظِيمًا) (النساء: 93) فَنَجِدُ لَهُ فِي اِحْدَاهُمَا تَوْبَةً وَفِي الْاُخْرَى مُسْجَلَةً، فَقَالَ زَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ: هٰذِهِ الْغَلِيظَةُ بَعْدَ هٰذِهِ اللَّيِّنَةِ بِسِتَّةِ اَشْهُرٍ، فَنَسَخَتِ الْغَلِيظَةُ اللَّيِّنَةَ

یہ سختی ہے نرمی کے بعد' چھ ماہ کے بعد ہوئی سختی نے نرمی کو منسوخ کر دیا ہے۔

**4774** - حَدَّثَنَا مَحْمُودُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ اَنَا خَالِدٌ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ اَبِي الزِّنَادِ، عَنْ مُجَالِدِ بْنِ عَوْفٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، قَالَ: نَزَلَتْ آيَةُ تَشْدِيدِ قَتْلِ النَّفْسِ الَّتِي فِي سُورَةِ النِّسَاءِ بَعْدَ الَّتِي فِي الْفُرْقَانِ بِسِتَّةِ اَشْهُرٍ قَوْلُهُ: (وَمَنْ يَفْعَلْ ذٰلِكَ يَلْقَ اَثَامًا) (الفرقان: 68)

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: سورۂ نساء میں جان کو قتل کرنے کی کئی سورۂ فرقان کے چھ ماہ کے بعد نازل ہوئی: ''ومن يفعل ذلك الى آخره''۔

## مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ ثَوْبَانَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ

## حضرت محمد بن عبد الرحمٰن بن ثوبان حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

**4775** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

4775- أخرج نحوه البخاري في صحيحه جلد4صفحه1614' رقم الحديث: 4177 .

الْـمَـكِّيُّ، ثنا الْقَعْنَبِيُّ، ثنا ابْنُ اَبِي ذِئْبٍ، عَنْ عُقْبَةَ بْـنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ ثَـوْبَـانَ، عَـنْ زَيْـدِ بْـنِ ثَابِتٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَـلَيْـهِ وَسَـلَّـمَ قَالَ: لَعَنَ اللّٰهُ الْيَهُودَ اتَّخَذُوا قُبُورَ اَنْبِيَائِهِمْ مَسَاجِدًا

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یہود پر اللہ کی لعنت ہو! انہوں نے اپنے انبیاء کی قبروں کو مسجدیں بنایا۔

## عِكْرِمَةُ مَوْلَى ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ

## حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے غلام عکرمہ' حضرت زید بن ثابت سے روایت کرتے ہیں

**4776** - حَـدَّثَـنَـا عَبْـدُ الـلّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَـنْبَلٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، ثنا عُمَرُ بْـنُ عَـلِـيٍّ، عَـنِ الْحَجَّاجِ بْنِ اَرْطَاةَ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ اَنَّ عَلِيًّا دَخَلَ بِفَاطِمَةَ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالَى عَنْهُمَا قَبْلَ اَنْ يُقْطِعَهَا شَيْئًا

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ' حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کے پاس آئے' ان کو کوئی شی دینے سے پہلے۔

## اَبُو صَالِحٍ السَّمَّانُ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ

## حضرت ابو صالح السمان' حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

**4777** - حَـدَّثَـنَـا اِسْمَاعِيلُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْـمُهَـاجِـرِ الْـمِصْرِيُّ، ثنا حَرْمَلَةُ، ثنا ابْنُ وَهْبٍ،

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک گواہ اور قسم کے ساتھ فیصلہ کیا۔



---

**4776**- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد4صفحه283 وقال: رواه الطبراني وفيه الحجاج بن أرطاة وهو مدلس وبقية رجاله ثقات .

**4777**- أورده أبو عوانة في مسنده جلد4صفحه57' رقم الحديث: 6019 .

اَخْبَرَنِی عُثْمَانُ بْنُ الْحَكَمِ الْجُذَامِیُّ، حَدَّثَنِی زُهَیْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ سُهَیْلِ بْنِ اَبِی صَالِحٍ، عَنْ اَبِیهِ، عَنْ زَیْدِ بْنِ ثَابِتٍ، اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَضَى بِالْیَمِینِ مَعَ الشَّاهِدِ

## شُرَحْبِیلُ بْنُ سَعْدٍ اَبُو سَعْدٍ، عَنْ زَیْدِ بْنِ ثَابِتٍ

## حضرت شرحبیل بن سعد ابوسعد' حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

4778 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدُوسِ بْنِ كَامِلٍ، وَمُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ الرَّازِیُّ، قَالَا: ثنا عَلِیُّ بْنُ الْجَعْدِ، اَخْبَرَنِی ابْنُ اَبِی ذِئْبٍ، عَنْ شُرَحْبِیلَ، قَالَ: كُنْتُ بِالْاَسْوَاقِ مَعَ زَیْدِ بْنِ ثَابِتٍ، فَاَخَذُوا طَیْرًا، فَدَخَلَ زَیْدٌ، فَدَفَعُوهُ فِی یَدِی، فَاَخَذَ الطَّیْرَ فَاَرْسَلَهُ، ثُمَّ ضَرَبَ فِی قَفَایَ وَقَالَ: لَا اُمَّ لَكَ اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ حَرَّمَ مَا بَیْنَ لَابَتَیْهَا

حضرت شرحبیل فرماتے ہیں: میں بازار میں حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کے ساتھ بازاروں میں تھا' پس انہوں نے ایک پرندہ پکڑا' حضرت زید رضی اللہ عنہ داخل ہوئے' انہوں نے وہ میرے ہاتھ میں پکڑا دیا پس آپ نے وہ پرندہ پکڑ کر آزاد کر دیا' پھر میری گردن پر مارا' فرمایا: تیری ماں روئے! کیا آپ کو علم نہیں ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس (مدینہ) کے دونوں کناروں کے درمیان کو حرام قرار دیا ہے۔

4779 - حَدَّثَنَا عُبَیْدُ بْنُ غَنَّامٍ، حَدَّثَنَا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِی شَیْبَةَ، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَیْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِیُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ اَبِی شَیْبَةَ قَالَا: ثنا اَبُو اُسَامَةَ، عَنِ الْوَلِیدِ بْنِ كَثِیرٍ، ثنا شُرَحْبِیلُ اَبُو سَعْدٍ، اَنَّهُ دَخَلَ الْاَسْوَاقَ فَاصْطَادَ بِهَا نَهْسًا- یَعْنِی طَائِرًا- فَقَالَ زَیْدُ بْنُ ثَابِتٍ: خَلِّ سَبِیلَهُ لَا اُمَّ

حضرت شرحبیل ابوسعد فرماتے ہیں کہ وہ بازار داخل ہوئے' ایک پرندہ شکار کیا' حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اس کو چھوڑ دے' تیری ماں نہ ہو! کیا آپ کو معلوم نہیں ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مدینہ کے دونوں کناروں کے شکار کو حرم قرار دیا ہے۔



4779- اورده البیهقی فی سننه الكبرٰی جلد5صفحه199' رقم الحدیث: 7951 .

لَكَ اَمَا عَلِمْتَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَرَّمَ صَيْدَ طَيْرٍ مَا بَيْنَ لَابَتَيْهَا

**4780** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْمُؤَدِّبُ، ثنا سُرَيْجُ بْنُ النُّعْمَانِ، ح وَحَدَّثَنَا مَحْمُودُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى زَحْمَوَيْهِ قَالَا: ثنا ابْنُ اَبِي الزِّنَادِ، اَخْبَرَنِي شُرَحْبِيلُ بْنُ سَعْدٍ، اَنَّ زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ، وَجَدَهُ قَدِ اصْطَادَ طَيْرًا يُقَالُ لَهُ نَهَسٌ، قَالَ: فَاَخَذَهُ مِنِّي وَاَرْسَلَهُ وَضَرَبَنِي، وَقَالَ: يَا عَدُوَّ اللّٰهِ اَمَا عَلِمْتَ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَرَّمَ مَا بَيْنَ لَابَتَيِ الْمَدِينَةِ يَعْنِي مَا بَيْنَ حَرَّتَيْهَا

حضرت شرحبیل بن سعد فرماتے ہیں کہ حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ نے ایک پرندے کا شکار پایا' اس پرندہ کو نہس کہا جاتا تھا' آپ نے اس کو پکڑا اور اس کو چھوڑ دیا اور مجھے مارا' فرمایا: اے اللہ کے دشمن! کیا تجھے معلوم نہیں ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مدینہ کے دونوں کناروں کو حرم قرار دیا ہے۔

**4781** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ الرَّازِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي عُمَرَ الْعَدَنِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ زِيَادِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ شُرَحْبِيلَ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَرَّمَ صَيْدَهَا يَعْنِي الْمَدِينَةَ

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مدینہ کے شکار کو حرام قرار دیا۔

## الْمُطَّلِبُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حَنْطَبٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ

## حضرت مطلب بن عبداللہ بن حنطب' حضرت زید بن ثابت سے روایت کرتے ہیں

**4782** - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ اَبِي الطَّاهِرِ بْنِ

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ



---

**4781**- أورد نحوه في مسنده جلد5صفحه190' رقم الحديث: 21707 .

**4782**- أخرج نحوه مسلم في صحيحه جلد 4صفحه2025' رقم الحديث: 2625 . والبخاري في صحيحه جلد5 صفحه2239' رقم الحديث: 5668 .

السَّرحِ، ثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ اَبِى عَمْرٍو، عَنِ الْمُطَّلِبِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حَنْطَبٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَقَدْ اَوْصَانِى جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ بِالْجَارِ حَتَّى ظَنَنْتُ اَنَّهُ سَيُوَرِّثُهُ

حضور ﷺ نے مجھے فرمایا: حضرت جبریل علیہ السلام نے پڑوسی کے متعلق وصیت کی یہاں تک کہ مجھے گمان ہوا کہ عنقریب اللہ اُس کو وارث بنا دے گا۔

**4783** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِى شَيْبَةَ، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ اَبِى شَيْبَةَ قَالَا: ثنا وَكِيعٌ، عَنْ كَثِيرِ بْنِ زَيْدٍ، عَنِ الْمُطَّلِبِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حَنْطَبٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، اَنَّهُ سُئِلَ عَنِ الْقِرَاءَةِ فِى الظُّهْرِ وَالْعَصْرِ فَقَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُطِيلُ الْقِرَاءَةَ وَيُحَرِّكُ شَفَتَيْهِ

حضرت مطلب بن عبداللہ بن حنطب فرماتے ہیں کہ حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ظہر اور عصر میں قرأت کرنے کے متعلق پوچھا گیا' آپ نے فرمایا: رسول اللہ ﷺ دونوں میں لمبی قرأت کرتے تھے' آپ کے دونوں ہونٹ حرکت کر رہے ہوتے تھے۔

## عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ

## حضرت عبداللہ بن عبدالرحمٰن' حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

**4784** - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، ثنا عَلِيُّ بْنُ مُسْلِمٍ الطُّوسِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْجَمَّالُ الْاَصْفَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُنَخَّلِ النَّيْسَابُورِيُّ قَالَا: ثنا ابْنُ اَبِى فُدَيْكٍ، عَنِ ابْنِ مَوْهَبٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ زَيْدِ

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: قرآن کی تفسیر اپنی رائے سے نہ کرو کیونکہ رائے سے تفسیر کرنا کفر ہے۔



4783- أورده أحمد فى مسنده جلد5صفحه186' رقم الحديث: 21664 .

4784- ذكره الهيثمى فى مجمع الزوائد جلد1صفحه157 وقال: رواه الطبرانى فى الكبير ورجاله موثقون .

بْنِ ثَابِتٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تُمَارُوا فِي الْقُرْآنِ فَإِنَّ الْمِرَاءَ فِيهِ كُفْرٌ

## مُحَمَّدُ بْنُ عِكْرِمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ

**4785** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْخَلَّالُ الْمَكِّيُّ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ حُمَيْدِ بْنِ كَاسِبٍ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عِكْرِمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، اَنَّهُ قَالَ: رَحِمَ اللّٰهُ رَافِعَ بْنَ خَدِيجٍ وَهَلَ، اِنَّمَا جَاءَ رَجُلَانِ يَتَهَاتَرَانِ فِي شَأْنِ الْمَزَارِعِ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنْ كَانَ هَذَا شَأْنُكُمْ فَلَا تُكْرُوهَا

## الْمُثَنَّى اَبُو جُبَيْرٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ

**4786** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا اَبُو نُعَيْمٍ، ثنا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَرْبٍ، عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي فَرْوَةَ، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ الْمُثَنَّى، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: اَرْسَلَ عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ مَرْوَانَ اِلَى

## حضرت محمد بن عکرمہ بن عبدالرحمٰن' حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اللہ عزوجل حضرت رافع بن خدیج پر رحم کرے! کھیتی کے متعلق دو آدمی جھگڑ رہے تھے' حضور ﷺ نے فرمایا: اگر تمہارا معاملہ ایسے ہے تو اس کو کرائے پر نہ دو۔

## حضرت مثنیٰ ابوجبیر' حضرت زید بن ثابت سے روایت کرتے ہیں

حضرت جبیر بن مثنیٰ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ عبدالملک بن مروان نے زید بن ثابت کی طرف بھیجا' آپ سے پوچھنے کے لیے کہ کھایا پیا کیسے جائے؟ حضرت زید رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں سانس ختم ہونے

محمد بن عكرمة عن زيد' المثنى ابو جبير عن زيد بن ثابت

---

**4786**- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 5 صفحه 28 وقال: رواه الطبراني وجبير وأبوه لم أعرفهما وبقية رجاله حديثهم حسن .

زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، فَسَأَلَهُ: كَيْفَ يَأْكُلُ وَيَشْرَبُ؟ قَالَ: اَشْرَبُ حَتَّى إِذَا انْقَطَعَ النَّفَسُ رَفَعْتُ الْإِنَاءَ عَنْ فَمِي، وَإِذَا أَكَلْتُ لَعِقْتُ أَصَابِعِي، فَإِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِذَا أَكَلَ أَحَدُكُمْ فَلْيَلْعَقْ أَصَابِعَهُ، فَإِنَّهُ لَا يَدْرِي فِي أَيِّ طَعَامِهِ تَكُونُ الْبَرَكَةُ

تک کھاتا ہوں اور اپنے برتن سے منہ اُٹھاتا ہوں‘ جب میں کھاتا ہوں تو میں اپنی انگلی چاٹتا ہوں کیونکہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ جب تم میں سے کوئی کھائے تو اپنی انگلی سے صاف کرے کیونکہ تم کو معلوم نہیں ہے کہ کھانے کے کس حصے میں برکت ہے۔

## الْقَاسِمُ بْنُ حَسَّانَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ

## حضرت قاسم بن حسان‘ حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

**4787** - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنِ الرُّكَيْنِ بْنِ الرَّبِيعِ بْنِ عُمَيْلَةَ الْفَزَارِيِّ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ حَسَّانَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنْ صَلَاةِ الْخَوْفِ؟ فَقَالَ: قَامَ رَسُولُ اللّٰهِ فَصَلَّى بِهِمْ، فَقَامَ صَفٌّ خَلْفَهُ وَصَفٌّ مُوَازِ الْعَدُوِّ، فَصَلَّى بِهِمْ رَكْعَةً، ثُمَّ ذَهَبَ هَؤُلَاءِ إِلَى مَصَفِّ هَؤُلَاءِ، وَجَاءَ هَؤُلَاءِ فَصَلَّى بِهِمْ رَكْعَةً، ثُمَّ انْصَرَفَ

حضرت قاسم بن حسان‘ حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں‘ فرماتے ہیں کہ میں نے نمازِ خوف کے متعلق پوچھا تو فرمایا: حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نماز پڑھانے کے لیے کھڑے ہوئے‘ ایک صف آپ کے پیچھے تھی اور دوسری دشمن کے سامنے‘ آپ نے ان کو ایک رکعت پڑھائی‘ پھر وہ دشمن کے سامنے چلے گئے اور دوسرے آئے تو ان کو ایک رکعت پڑھائی پھر سلام پھیرا۔

**4788** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، وَإِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَسَنِ التَّغْلِبِيُّ، قَالَا ثنا شَرِيكٌ، عَنِ الرُّكَيْنِ بْنِ الرَّبِيعِ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ حَسَّانَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ہم کو ایک مرتبہ نمازِ خوف پڑھائی‘ اس سے پہلے اور اس کے بعد میں نہیں پڑھائی۔



**4787**- أورد نحوه الترمذی فی سننه جلد**2**صفحه**543**‘ رقم الحديث: **564** .

قَالَ: صَلَّى بِنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَاةَ الْخَوْفِ مَرَّةً لَمْ يُصَلِّ بِنَا قَبْلَهَا وَلَا بَعْدَهَا

**4789** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَسْعُودٍ الْمَقْدِسِيُّ، ثنا الْهَيْثَمُ بْنُ جَمِيلٍ، ح وَحَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْقَاسِمِ بْنُ مُسَاوِرٍ الْجَوْهَرِيُّ، ثنا عِصْمَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْخَزَّازُ، ح وَحَدَّثَنَا اَبُو حُصَيْنٍ الْقَاضِي، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، قَالُوا: ثنا شَرِيكٌ، عَنِ الرُّكَيْنِ بْنِ الرَّبِيعِ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ حَسَّانَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنِّي قَدْ تَرَكْتُ فِيكُمْ خَلِيفَتَيْنِ كِتَابَ اللّٰهِ وَاَهْلَ بَيْتِي، وَاِنَّهُمَا لَمْ يَفْتَرِقَا حَتَّى يَرِدَا عَلَيَّ الْحَوْضَ

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میں تم میں دو چیزیں چھوڑ کر جا رہا ہوں: (۱) قرآن پاک (۲) میری اہل بیت' دونوں جدا نہیں ہوں گے' دونوں مجھے حوض پر ملیں گے۔

**4790** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا شَرِيكٌ، عَنِ الرُّكَيْنِ بْنِ الرَّبِيعِ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ حَسَّانَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، يَرْفَعُهُ قَالَ: اِنِّي قَدْ تَرَكْتُ فِيكُمُ الْخَلِيفَتَيْنِ كِتَابَ اللّٰهِ وَعِتْرَتِي، وَاِنَّهُمَا لَنْ يَتَفَرَّقَا حَتَّى يَرِدَا عَلَيَّ الْحَوْضَ

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میں تم میں دو چیزیں چھوڑ کر جا رہا ہوں: (۱) قرآن پاک (۲) میری اہل بیت' دونوں جدا نہیں ہوں گے' دونوں مجھے حوض پر ملیں گے۔

**4791** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا عُمَرُ بْنُ سَعْدٍ اَبُو دَاوُدَ الْحَفَرِيُّ، ثنا شَرِيكٌ، عَنِ الرُّكَيْنِ بْنِ الرَّبِيعِ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ حَسَّانَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنِّي تَارِكٌ فِيكُمُ الثَّقَلَيْنِ مِنْ بَعْدِي: كِتَابَ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ وَعِتْرَتِي اَهْلَ

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میں تم میں دو چیزیں چھوڑ کر جا رہا ہوں: (۱) قرآن پاک (۲) میری اہل بیت' دونوں جدا نہیں ہوں گے' دونوں مجھے حوض پر ملیں گے۔



---

4789- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد1صفحه170 وقال: رواه الطبراني في الكبير ورجاله ثقات .

بَيْتِی، وَإِنَّهُمَا لَنْ يَتَفَرَّقَا حَتَّى يَرِدَا عَلَيَّ الْحَوْضَ

## عَبَّادُ بْنُ شَيْبَانَ أَبُو يَحْيَى الْمَخْزُومِيُّ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ

4792 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا أَبِي وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ نُمَيْرٍ، قَالَا ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ، ثنا لَيْثُ بْنُ أَبِي سُلَيْمٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ عَبَّادٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: رَحِمَ اللَّهُ امْرَأً سَمِعَ مَقَالَتِي فَبَلَّغَهَا، فَرُبَّ حَامِلِ فِقْهٍ غَيْرِ فَقِيهٍ، وَرُبَّ حَامِلِ فِقْهٍ إِلَى مَنْ هُوَ أَفْقَهُ مِنْهُ

## حضرت عباد بن شیبان ابو یحییٰ المخزومی' حضرت زید بن ثابت سے روایت کرتے ہیں

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ اس کو خوش رکھے جو ہم سے حدیث سنے' اس کو یاد کرے' آگے اس کو پہنچائے' بسا اوقات جس کو سنا رہا ہے وہ زیادہ فقیہ ہوتا ہے' سننے والے سے۔

## وَهْبُ أَبُو مُحَمَّدٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ

4793 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ دَاوُدَ الصَّوَّافُ التُّسْتَرِيُّ، ثنا أَبُو الْأَشْعَثِ أَحْمَدُ بْنُ الْمِقْدَامِ، ثنا مَيْمُونُ بْنُ زَيْدٍ، ثنا لَيْثُ بْنُ أَبِي سُلَيْمٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ وَهْبٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نَضَّرَ اللَّهُ عَبْدًا سَمِعَ مَقَالَتِي، فَحَمَلَهَا إِلَى غَيْرِهِ، فَرُبَّ حَامِلِ فِقْهٍ إِلَى مَنْ هُوَ أَفْقَهُ مِنْهُ، وَرُبَّ حَامِلِ فِقْهٍ لَيْسَ بِفَقِيهٍ

## حضرت وہب ابو محمد' حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ اس کو خوش رکھے جو ہم سے حدیث سنے' اس کو یاد کرے' آگے اس کو پہنچائے' بسا اوقات جس کو سنا رہا ہے وہ زیادہ فقیہ ہوتا ہے' سننے والے سے۔

4794- ثَلاثٌ لَا يَغُلُّ عَلَيْهِنَّ قَلْبُ مُسْلِمٍ: إِخْلَاصُ الْعَمَلِ لِلَّهِ، وَالنَّصِيحَةُ لِلْأَئِمَّةِ، وَلُزُومُ الْجَمَاعَةِ، فَإِنَّ دَعْوَتَهُمْ تُحِيطُ مِنْ وَرَائِهِمْ، وَمَنْ كَانَتِ الدُّنْيَا هَمَّهُ نَزَعَ اللّٰهُ الْغِنَى مِنْ قَلْبِهِ، وَجَعَلَ فَقْرَهُ بَيْنَ عَيْنَيْهِ، وشَتَّتَ اللّٰهُ عَلَيْهِ ضَيْعَتَهُ، وَلَمْ يَأْتِهِ مِنَ الدُّنْيَا إِلَّا مَا رُزِقَ، وَمَنْ كَانَتِ الْآخِرَةُ هَمَّهُ جَعَلَ اللّٰهُ الْغِنَى فِي قَلْبِهِ، وَنَزَعَ فَقْرَهُ مِنْ بَيْنِ عَيْنَيْهِ، وَكَفَّ عَلَيْهِ ضَيْعَتَهُ، وَأَتَتْهُ الدُّنْيَا وَهِيَ رَاغِمَةٌ

تین چیزیں وہ ہیں جن پر مسلمان کا دل خیانت نہیں کرتا: (۱) اللہ کیلئے خالص کر کے عمل کرنا (۲) اماموں کا خیرخواہ ہونا (۳) جماعت کو لازم پکڑنا' کیونکہ ان کی دعا انہیں گھیر لیتی ہے۔ جس آدمی کا مقصود ومطلوب دنیا ہو تو اس کے دل سے اللہ تعالیٰ غنیٰ کو نکال لیتا ہے' اس کی دونوں آنکھوں کے درمیان فقر کو رکھ دیتا ہے' اس کے سامان کو اس پر بکھیر دیتا ہے' دنیا میں سے وہ اتنا ہی رزق لیتا ہے جو اسے دیا جاتا ہے اور جس آدمی کا مقصد صرف آخرت ہو' غنیٰ کو اللہ اس کے دل میں رکھ دیتا ہے اور اس کی آنکھوں کے درمیان سے فقر کو ختم کر دیتا ہے اور اس پر امن کے سامان کو روک دیتا ہے' دنیا خود بخود اس کے پاس آتی ہے جبکہ وہ ذلیل وخوار ہوتی ہے۔

## عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ أَبِي لَيْلَى، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ

## حضرت عبدالرحمٰن بن ابولیلیٰ' حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

4795 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ سَهْلٍ الْعَسْكَرِيُّ وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الصَّبَّاحِ الْأَصْبَهَانِيُّ، قَالَا: ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ لُوَيْنٌ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ جَابِرٍ، عَنْ أَبِي فَرْوَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، قَالَ: كُنْتُ أَكْتُبُ

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں رسول اللہ ﷺ پر نازل ہونے والی وحی لکھتا تھا' میں قلم اپنے کانوں پر رکھتا تھا' اچانک جہاد کا حکم ہوا' اچانک ایک نابینا صحابی آیا' عرض کی: میں کیسے جاؤں گا' آنکھ سے نابینا ہوں' تو یہ آیت نازل ہوئی: ''اندھے پر



4794- أورده الترمذي في سننه جلد4صفحه642' رقم الحديث: 2456 .

لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَإِنِّي لَوَاضِعٌ الْقَلَمَ عَلَى أُذُنِي إِذْ أُمِرَ بِالْقِتَالِ إِذْ جَاءَ أَعْمَى فَقَالَ: كَيْفَ بِي وَأَنَا ذَاهِبُ الْبَصَرِ؟ فَنَزَلَتْ (لَيْسَ عَلَى الْأَعْمَى حَرَجٌ) (الفتح: 17)

کوئی حرج نہیں ہے''۔

## ثَابِتُ بْنُ عُبَيْدٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ

## حضرت ثابت بن عبید' حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

4796 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا يَحْيَى بْنُ عِيسَى، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ ثَابِتِ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّهُ يَأْتِينِي كُتُبٌ مِنَ النَّاسِ وَلَا أُحِبُّ أَنْ يَقْرَأَهَا كُلُّ أَحَدٍ، فَهَلْ تَسْتَطِيعُ أَنْ تَتَعَلَّمَ كِتَابَ السُّرْيَانِيَّةِ؟ قُلْتُ: نَعَمْ فَتَعَلَّمْتُهَا فِي سَبْعَ عَشْرَةَ

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میرے پاس لوگوں کے خط آئے ہیں' میں پسند نہیں کرتا ہوں کہ ہر کوئی پڑھے: کیا تم سریانی زبان سیکھ سکتے ہو؟ میں نے عرض کی: ہاں! میں نے سترہ دنوں میں سیکھ لی۔

4797 - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْأَسْفَاطِيُّ، ثنا أَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، ثنا جَرِيرُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا جَرِيرٌ، وَيَحْيَى بْنُ عِيسَى عَنِ، الْأَعْمَشِ، عَنْ ثَابِتِ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ قَالَ: قَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَأْتِينِي كُتُبٌ مِنَ النَّاسِ لَا

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میرے پاس لوگوں کے خط آئے ہیں' میں پسند نہیں کرتا ہوں کہ ہر کوئی پڑھے: کیا تم سریانی زبان سیکھ سکتے ہو؟ میں نے عرض کی: ہاں! میں نے سترہ دنوں میں سیکھ لی۔



4796- أورده أبو بكر الشيباني في الآحاد والمثاني جلد4 صفحه86' رقم الحديث: 2045 .

أُحِبُّ اَنْ يَقْرَاَهَا كُلُّ اَحَدٍ، فَهَلْ تَسْتَطِيعُ اَنْ تَتَعَلَّمَ كِتَابَ السُّرْيَانِيَّةِ؟ قُلْتُ: نَعَمْ قَالَ: فَتَعَلَّمْتُهَا فِي سَبْعَ عَشْرَةَ

حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْاَسْفَاطِيُّ، ثنا اَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، ثنا اَبُو مُعَاوِيَةَ مُحَمَّدُ بْنُ خَازِمٍ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ ثَابِتِ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ قَالَ: قَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّهُ يَاْتِينِي كُتُبٌ فَذَكَرَ مِثْلَهُ

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میرے پاس خط آتے ہیں' اس کے بعد اوپر والی حدیث ذکر کی۔

**4798** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَسَنِ التَّغْلِبِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا اَبُو حُصَيْنٍ الْقَاضِي، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ قَالَا: ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ قَالَ: قَالَ لِي النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّهُ يَرِدُ عَلَيَّ اَشْيَاءَ اَكْرَهُ اَنْ يُقْرَاَ اَفَتُطِيقُ اَنْ تَعَلَّمَ السُّرْيَانِيَّةَ؟ قُلْتُ: نَعَمْ فَتَعَلَّمْتُهَا فِي سَبْعَ عَشْرَةَ قَالَ اَبُو الْقَاسِمِ: هَكَذَا رَوَاهُ اَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ، فَخَالَفَ اَصْحَابَ الْاَعْمَشِ فِي الْاِسْنَادِ، فَاِنْ كَانَ حَفِظَهُ فَهُوَ غَرِيبٌ مِنْ حَدِيثِ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ وَاِلَّا فَالْحَدِيثُ كَمَا رَوَاهُ النَّاسُ عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ ثَابِتِ بْنِ عُبَيْدٍ

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میرے پاس لوگوں کے خط آئے ہیں' میں پسند نہیں کرتا ہوں کہ ہر کوئی پڑھے: کیا تم سریانی زبان سیکھ سکتے ہو؟ میں نے عرض کی: ہاں! میں نے سترہ دنوں میں سیکھ لی۔ امام طبرانی فرماتے ہیں: ابوبکر بن عیاش نے حضرت عدی بن ثابت سے ایسے ہی روایت کی ہے' پس انہوں نے اعمش کے ساتھیوں سے اس کی سند میں اختلاف کیا' اگر مجھے لیکن عدی بن ثابت کی خدمت میں غریب ہیں' حدیث ایسے ہی ہے جس طرح لوگوں نے روایت کی ہے اعمش سے' انہوں نے ثابت بن عبید سے۔

## اَبُو عَبْدِ اللّٰهِ الْجَدَلِيُّ، عَنْ

## حضرت ابوعبداللہ الجدلی' حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ سے

## زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ

**4799** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ الْجَمَالِ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا اَبُو يُوسُفَ الْعَلَوِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ غَالِبِ الْعَبَّادَانِيُّ، ثنا هِشَامُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ مَعْبَدِ بْنِ خَالِدِ الْخُزَاعِيِّ، عَنْ اَبِي عَبْدِ اللّٰهِ الْجَدَلِيِّ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلَا اُخْبِرُكُمْ بِاَهْلِ الْجَنَّةِ؟ قَالُوا: بَلَى يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَالَ: كُلُّ ضَعِيفٍ مُتَضَعِّفٌ لَوْ اَقْسَمَ عَلَى اللّٰهِ لَاَبَرَّهُ، اَلَا اُخْبِرُكُمْ بِاَهْلِ النَّارِ؟ قَالَ: كُلُّ عُتُلٍّ جَوَّاظٌ

## روایت کرتے ہیں

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں تمہیں جنتی لوگوں کے متعلق بتاؤں؟ صحابہ کرام نے عرض کی: کیوں نہیں! یارسول اللہ! آپ نے فرمایا: ہر کمزور جس کو کمزور سمجھا جاتا ہے اگر وہ اللہ پر قسم اُٹھالے تو اللہ ان کی قسم پوری کرتا ہے کیا تم کو جہنمی لوگوں کے متعلق بتاؤں؟ آپ نے فرمایا: ہر سرکش اور تکبر کرنے والا۔

## ضَمْرَةُ بْنُ حَبِيبٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ

**4800** - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ الدِّمْيَاطِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ ضَمْرَةِ بْنِ حَبِيبٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَّمَهُ وَاَمَرَهُ اَنْ يَتَعَاهَدَ بِهِ اَهْلَهُ كُلَّ صَبَاحٍ: لَبَّيْكَ اللّٰهُمَّ لَبَّيْكَ وَسَعْدَيْكَ

## حضرت ضمرہ بن حبیب' حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کو سکھایا اور حکم دیا کہ وہ اس کے ساتھ ہر صبح اپنے گھر والوں کی حفاظت کرو' میں حاضر ہوں' اے اللہ! میں حاضر ہوں' بھلائی تیرے ہاتھ میں ہے' تیری طرف سے ہے' ساتھ ساتھ ہے اور



---

4799- أخرجه مسلم في صحيحه جلد4صفحه2190' رقم الحديث: 2853 . والبخاري في صحيحه جلد4 صفحه1870 رقم الحديث:4634' جلد5صفحه2255 رقم الحديث:5723 .

4800- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 10صفحه113 وقال: رواه أحمد والطبراني وأحد اسناد الطبراني رجاله وثقوا وفي بقية الأسانيد أبو بكر بن أبي مريم وهو ضعيف .

وَالْخَيْرُ فِي يَدَيْكَ وَمِنْكَ وَبِكَ وَإِلَيْكَ، اللّٰهُمَّ مَا قُلْتُ مِنْ قَوْلٍ وَنَذَرْتُ مِنْ نَذْرٍ أَوْ حَلَفْتُ مِنْ حَلِفٍ فَمَشِيئَتُكَ مِنْ بَيْنِ يَدَيْهِ، مَا شِئْتَ كَانَ وَمَا لَمْ تَشَأْ لَمْ يَكُنْ، وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ وَاللّٰهُ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ، اللّٰهُمَّ مَا صَلَّيْتُ مِنْ صَلَاةٍ فَعَلَى مَنْ صَلَّيْتُ، وَمَا لَعَنْتَ مِنْ لَعْنَةٍ فَعَلَى مَنْ لَعَنْتَ، أَنْتَ وَلِيِّي فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ، تَوَفَّنِي مُسْلِمًا وَأَلْحِقْنِي بِالصَّالِحِينَ، اللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ الرِّضَى بِالْقَدَرِ وَبَرْدَ الْعَيْشِ بَعْدَ الْمَوْتِ وَلَذَّةَ النَّظَرِ إِلَى وَجْهِكَ وَشَوْقًا إِلَى لِقَائِكَ مِنْ غَيْرِ ضَرَّاءَ مُضِرَّةٍ وَلَا فِتْنَةٍ مُضِلَّةٍ، أَعُوذُ بِكَ أَنْ أَظْلِمَ أَوْ أُظْلَمَ أَوْ أَعْتَدِيَ أَوْ يُعْتَدَى عَلَيَّ أَوْ أَكْتَسِبَ خَطِيئَةً مُخْطِئَةً أَوْ أُذْنِبَ ذَنْبًا، اللّٰهُمَّ فَاطِرَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ عَالِمَ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ ذَا الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ، فَإِنِّي أَعْهَدُ إِلَيْكَ فِي هَذِهِ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَأُشْهِدُكَ وَكَفَى بِكَ شَهِيدًا، إِنِّي أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا أَنْتَ وَحْدَكَ لَا شَرِيكَ لَكَ، لَكَ الْمُلْكُ وَلَكَ الْحَمْدُ وَأَنْتَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ، وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُكَ وَرَسُولُكَ وَأَشْهَدُ أَنَّ وَعْدَكَ حَقٌّ وَلِقَاءَكَ حَقٌّ وَأَنَّ السَّاعَةَ آتِيَةٌ لَا رَيْبَ فِيهَا، وَأَنَّكَ تَبْعَثُ مَنْ فِي الْقُبُورِ وَأَشْهَدُ أَنَّكَ إِنْ تَكِلْنِي إِلَى نَفْسِي تَكِلْنِي إِلَى ضِعْفٍ وَعَوْرَةٍ وَذَنْبٍ وَخَطِيئَةٍ، فَإِنِّي لَا أَثِقُ إِلَّا بِرَحْمَتِكَ، فَاغْفِرْ لِي ذَنْبِي، فَإِنَّهُ لَا يَغْفِرُ الذَّنْبَ إِلَّا

تیری طرف ہے' اے اللہ! جو بات میں نے کی' جو حلف میں نے اُٹھایا' یا جو نذر میں نے مانی' پس تیری مشیت اسی سے آگے ہے' جو تُو نے چاہا' وہ نہ ہوسکا۔ ہر قسم کی قوت و طاقت تیری دی ہوئی توفیق سے بنا' بے شک تُو ہر چاہت پر قادر ہے۔ اے اللہ! جو میں نے نماز پڑھی پس وہ اس پر ہے جس تُو نے رحمت فرمائی جو تُو نے لعنت فرمائی وہ اسی پر ہے جس پر تُو نے لعنت کی۔ دنیا و آخرت میں تُو مددگار ہے' مجھے موت دینا اسی حال میں کہ میں مسلمان ہوں اور مجھے نیکوں کے ساتھ ملانا' اے اللہ! میں قضاء کے بعد تیری رضا کا سوالی ہوں' موت کے بعد ٹھنڈی زندگی کا' تیرے دیدار کا اور بغیر کسی نقصان اور گمراہ کن فتنہ کے تیری ملاقات کے شوق کا (سوالی ہے) میں تیری پناہ کا طلب گار ہوں' اے اللہ! اس سے کہ میں ظلم کروں یا مجھ پر ظلم کیا جائے' میں زیادتی کروں یا مجھ پر زیادتی کی جائے' میں خطاء کروں یا کوئی میرے حق میں خطا کرے اور ایسا گناہ جس کی بخشش نہیں' اے اللہ! زمین و آسمان کو پیدا کرنے والے عیب و صاف کو جاننے والے اور جلال و اکرام والے پس اس دنیاوی زندگی میں تجھ سے وعدہ کرتا ہوں' تجھے گواہ بناتا ہوں اور تُو گواہ کافی ہے' میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں' وہ اکیلا ہے' تیرا کوئی شریک نہیں۔ بادشاہیاں تیرے لیے ہیں' حمد تیرے لیے ہے اور تُو ہر شی پر قادر ہے اور میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد تیرے بندے اور رسول ہیں' میں گواہی دیتا ہوں

اَنْتَ، وَتُبْ عَلَيَّ اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيمُ

کہ تیرا وعدہ سچا ہے' تیری ملاقات برحق ہے اور قیامت کی گھڑی آنے والی ہے' اس میں کوئی شک نہیں' قبروں والوں کو جلا کر اُٹھائے گا' میں گواہی دیتا ہوں اگر تُو نے مجھے میرے نفس کے حوالے کیا تو مجھے ایک کمزور کے حوالے کیا۔ عورت' گناہ' خلل اور خطاء کے حوالے کیا' میں تو صرف تیری رحمت پر یقین رکھتا ہوں' میرے سارے گناہ بخش دے کیونکہ تُو ہی گناہ بخشنے والا ہے' میری توبہ قبول فرما کیونکہ تُو ہی توبہ قبول کرنے والا ہے' ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔



## عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ شِمَاسَةَ الْمَهْرِيُّ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ

## حضرت عبدالرحمٰن بن شماسہ المہری' حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

**4801** - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا يَحْيَى بْنُ إِسْحَاقَ السَّيْلَحِينِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي حَبِيبٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ شِمَاسَةَ، أَخْبَرَهُ عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، قَالَ: بَيْنَمَا نَحْنُ حَوْلَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نُؤَلِّفُ الْقُرْآنَ مِنَ الرِّقَاعِ إِذَا قَالَ: طُوبَى لِلشَّامِ قِيلَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ وَلِمَ ذَاكَ؟ قَالَ: إِنَّ مَلَائِكَةَ الرَّحْمَنِ بَاسِطَةٌ أَجْنِحَتَهَا عَلَيْهِمْ

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اردگرد تھے' ہم قرآن کو کاغذ کے ٹکڑوں پر لکھتے تھے' اچانک آپ نے ملک شام والوں کے لیے خوشخبری دی' عرض کی: یارسول اللہ! کیوں؟ آپ نے فرمایا: رحمٰن کے فرشتے اپنے پروں کے ساتھ ان کو گھیرے ہوئے ہیں۔

**4802** - حَدَّثَنَا أَبُو الزِّنْبَاعِ رَوْحُ بْنُ

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

---

4801- الترمذی جلد5صفحہ734' رقم الحدیث: 3954 .

الْفَرَجِ، ثنا عَمْرُو بْنُ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي حَبِيبٍ اَنَّهُ سَمِعَ ابْنَ شِمَاسَةَ، يُخْبِرُ عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ قَالَ: كُنَّا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَكْتُبُ الْوَحْيَ فَقَالَ: طُوبَى لِلشَّامِ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، فَقُلْنَا: وَمَا ذَاكَ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ؟ فَقَالَ: اِنَّ الْمَلَائِكَةَ نَاشِرَةٌ اَجْنِحَتَهَا عَلَى الشَّامِ

ہم حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اردگرد تھے' ہم وحی لکھتے تھے' اچانک آپ نے ملک شام والوں کے لیے تین بار خوشخبری دی' عرض کی: یارسول اللہ! کیوں؟ آپ نے فرمایا: رحمٰن کے فرشتے اپنے پروں کے ساتھ ان کو گھیرے ہوئے ہیں۔

**4803** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ الْمِصْرِيُّ، ثنا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى، ثنا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي حَبِيبٍ، عَنِ ابْنِ شِمَاسَةَ، اَنَّهُ سَمِعَ زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ، يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ عِنْدَهُ: طُوبَى لِلشَّامِ فَقُلْنَا: مَا بَالُهُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: اِنَّ الرَّحْمَنَ لَبَاسِطٌ رَحْمَتَهُ عَلَيْهِ

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اردگرد تھے' اچانک آپ نے ملک شام والوں کے لیے خوشخبری دی' عرض کی: یارسول اللہ! کیوں؟ آپ نے فرمایا: بے شک اپنی رحمت ان پر پھیلائے ہوئے ہے۔

## اَبُو نَضْرَةَ الْمُنْذِرُ بْنُ مَالِكٍ الْعَبْدِيُّ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ

## حضرت ابونضرہ المنذر بن مالک العبدی' حضرت زید بن ثابت سے روایت کرتے ہیں

**4804** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَلْمٍ الرَّازِيُّ، ثنا سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ، ثنا الرَّبِيعُ بْنُ بَدْرٍ، عَنِ الْجُرَيْرِيِّ، عَنْ اَبِي نَضْرَةَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ،

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: باجماعت نماز پڑھنے سے اکیلے نماز پڑھنے سے ۲۴ سے



4804- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد2صفحه39 وقال: رواه الطبراني في الكبير وفيه الربيع بن بدر وهو ضعيف .

قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: صَلَاةُ الْجَمِيعِ تَفْضُلُ عَلَى صَلَاةِ الرَّجُلِ وَحْدَهُ اَرْبَعًا وَعِشْرِينَ سَهْمًا اِلَى صَلَاتِهِ خَمْسًا وَعِشْرِينَ.

۲۵ گنا زیادہ نمازوں کا ثواب ملتا ہے۔

## حُمَيْدُ بْنُ هِلَالٍ الْعَدَوِيُّ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ

## حضرت حمید بن ہلال العدوی' حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

**4805** - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ بَحْرٍ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَغْرَاءَ، ح وَحَدَّثَنَا، عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ قَالَا: ثنا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ، قَالَا: ثنا حَجَّاجُ الصَّوَّافُ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلَالٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ طَلَبَ عِنْدَ اَخِيهِ طَلِبَةً بِغَيْرِ بَيِّنَةٍ فَالْمَطْلُوبُ اَوْلَى بِالْيَمِينِ وَاللَّفْظُ لِعَلِيِّ بْنِ بَحْرٍ

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے اپنے بھائی سے کوئی چیز مانگی' بغیر گواہوں کے جس سے مانگی گئی وہ زیادہ حقدار ہے قسم کے ساتھ۔ الفاظ علی بن بحر کے ہیں۔

## ثَابِتُ بْنُ الْحَجَّاجِ الْجَزَرِيُّ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ

## حضرت ثابت بن الحجاج الجزری' حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

**4806** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ



4805- أورد نحوه الدارقطني في سننه جلد4صفحه219' رقم الحديث: 57 .

**4856** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ رَوَاحَةَ الرَّامَهُرْمُزِيُّ، ثنا اَبُو كُرَيْبٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اِسْمَاعِيلَ الْاَزْدِيُّ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ الشَّيْبَانِيِّ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ رَجُلٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، قَالَ: بَعَثَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلِيًّا عَامِلًا عَلَى الْيَمَنِ، فَاُتِيَ بِرِكَازٍ فَاَخَذَ مِنْهُ الْخُمُسَ، وَدَفَعَ بَقِيَّتَهُ اِلَى صَاحِبِهِ، فَبَلَغَ ذَلِكَ النَّبِيَّ صَلَّى

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو یمن کی طرف عامل بنا کر بھیجا' آپ کے پاس دفن شدہ خزانہ لایا گیا' آپ نے اس سے خمس لیا اور باقی اس کے مالک کو دے دیا' یہ بات حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم تک پہنچی تو آپ نے اس کو پسند کیا۔



---

**4856**- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد3صفحه78 وقال: رواه الطبراني في الكبير وفيه راو لم يسم .

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَعْجَبَهُ

# اَبُو سَلْمَانَ الْمُؤَذِّنُ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ

# حضرت ابوسلمان المؤذن' حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

**4857** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا اَبُو نُعَيْمٍ، ثنا الْعَلَاءُ بْنُ صَالِحٍ، ثنا اَبُو سَلْمَانَ، اَنَّهُ صَلَّى مَعَ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، عَلَى جَنَازَةٍ فَكَبَّرَ عَلَيْهَا خَمْسَ تَكْبِيرَاتٍ، فَقُلْتُ: اَوَهِمْتَ اَمْ عَمْدًا؟ فَقَالَ: بَلْ عَمْدًا، اِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُصَلِّيهَا

حضرت ابوسلمان فرماتے ہیں کہ میں حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ کے ساتھ نمازِ جنازہ میں گیا تو آپ نے جنازہ کی پانچ تکبیریں کہیں' میں نے کہا: کیا آپ نے جان بوجھ کر کیا یا بھول کر؟ فرمایا: جان کر کیونکہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایسے نماز پڑھاتے تھے۔

**4858** - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْاَسْفَاطِيُّ، ثنا اَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَضْلِ السَّقَطِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَا: ثنا شَرِيكٌ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي زُرْعَةَ، عَنْ اَبِي سَلْمَانَ الْمُؤَذِّنِ، قَالَ: تُوُفِّيَ اَبُو سَرِيحَةَ الْغِفَارِيُّ فَصَلَّى عَلَيْهِ زَيْدُ بْنُ اَرْقَمَ، فَكَبَّرَ عَلَيْهِ اَرْبَعًا، وَقَالَ: هٰكَذَا رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي

حضرت سلمان المؤذن فرماتے ہیں کہ حضرت ابوسریحہ الغفاری کا وصال ہوا' حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ نے ان کی نمازِ جنازہ پڑھائی' آپ نے چار تکبیریں کہیں اور فرمایا: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ایسے ہی نمازِ جنازہ پڑھاتے دیکھا ہے۔

**4859** - حَدَّثَنَا اَبُو حُصَيْنٍ الْقَاضِي، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا اَبُو اِسْرَائِيلَ الْمُلَائِيُّ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ اَبِي سَلْمَانَ الْمُؤَذِّنِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، قَالَ: نَشَدَ عَلِيٌّ، النَّاسَ، اَنْشُدُ اللّٰهَ رَجُلًا

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے لوگوں سے قسم لی' ایک آدمی نے اللہ کی قسم اُٹھائی کہ اُس نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ جس کا میں مددگار اُس کا علی مددگار

سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ كُنْتُ مَوْلَاهُ فَعَلِيٌّ مَوْلَاهُ اللّٰهُمَّ وَالِ مَنْ وَالَاهُ وَعَادِ مَنْ عَادَاهُ، فَقَامَ اثْنَا عَشَرَ بَدْرِيًّا فَشَهِدُوا بِذَلِكَ قَالَ زَيْدٌ: وَكُنْتُ أَنَا فِيمَنْ كَتَمَ فَذَهَبَ بَصَرِي

ہے' اے اللہ! تُو اس کو دوست رکھ جو اس سے دوستی رکھے اور تُو اس سے دشمنی رکھ جو اس سے دشمنی رکھے۔ بارہ بدری صحابی اُٹھے' اُنہوں نے اس کی گواہی دی۔ حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں ان میں سے تھا' جنہوں نے چھپایا اور میری بینائی چلی گئی۔

## طَلْحَةُ بْنُ يَزِيدَ أَبُو حَمْزَةَ مَوْلَى قَرَظَةَ الْأَنْصَارِيِّ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ

## حضرت طلحہ بن یزید ابوحمزہ' حضرت قرظہ انصاری کے غلام' حضرت زید بن ارقم سے روایت کرتے ہیں

**4860** - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا أَبُو الْوَلِيدِ، وَسُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، ح وَحَدَّثَنَا أَبُو خَلِيفَةَ، ثنا أَبُو عُمَرَ الْحَوْضِيُّ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا حَمْزَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ زَيْدَ بْنَ أَرْقَمَ، يَقُولُ: كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: أَنْتُمْ جُزْءٌ مِنْ مِائَةِ أَلْفِ جُزْءٍ مِمَّنْ يَرِدُ عَلَيَّ الْحَوْضَ قُلْتُ: كَمْ كُنْتُمْ يَوْمَئِذٍ؟ قَالَ: سَبْعُمِائَةِ رَجُلٍ أَوْ ثَمَانِمِائَةِ رَجُلٍ

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ تھے' آپ نے فرمایا: تم ایک ہزار کی جزء ہو' میرے حوض پر آنے والوں کی۔ راویٔ حدیث طلحہ نے زید سے عرض کی: تم اس دن کتنے تھے؟ فرمایا: سات سو یا آٹھ سو آدمی ہوں گے۔

**4861** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ بْنِ رَاهَوَيْهِ، ثنا أَبِي ح، وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا أَبِي ح، وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، قَالَا:

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ تھے' آپ نے فرمایا: تم ایک ہزار میں سے ایک جزء ہو' میرے حوض پر آنے والوں کی۔ راویٔ حدیث طلحہ نے زید سے عرض کی: تم اس دن

4860- أورده أحمد في مسنده جلد4صفحه371,369,367 .

ثنا جَرِيرٌ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ يَزِيدَ الْاَنْصَارِيِّ، قَالَ: قَالَ زَيْدُ بْنُ اَرْقَمَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَنْتُمْ جُزْءٌ مِنْ مِائَةِ اَلْفِ جُزْءٍ مِمَّنْ يَرِدُ عَلَيَّ الْحَوْضَ قُلْتُ: كَمْ كُنْتُمْ اَنْتُمْ يَوْمَئِذٍ؟ قَالَ: سِتَّمِائَةٍ اَوْ سَبْعِمِائَةٍ

کتنے تھے؟ فرمایا: چھ سو یا سات سو آدمی ہوں گے۔



**4862** - حَدَّثَنَا مَحْمُودُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا اَبُو الشَّعْثَاءِ، ثنا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ طَلْحَةَ، مَوْلَى قَرَظَةَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، قَالَ: كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سَفَرٍ فِي غَزَاةٍ، فَقَالَ: مَا اَنْتُمْ جُزْءٌ مِنْ مِائَةِ اَلْفِ جُزْءٍ مِمَّنْ يَرِدُ عَلَيَّ الْحَوْضَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ قَالُوا لِزَيْدٍ: كَمْ اَنْتُمْ يَوْمَئِذٍ؟ قَالَ: مَا بَيْنَ الثَّمَانِ مِائَةٍ اِلَى السَّبْعِمِائَةٍ

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ تھے آپ نے فرمایا: تم ایک ہزار جزء میں سے ایک جزء ہو میرے حوض پر آنے والوں سے۔ راوئ حدیث طلحہ نے زید سے عرض کی: تم اس دن کتنے تھے؟ فرمایا: آٹھ سو سے نو سو تک آدمی ہوں گے۔

**4863** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا اَبُو مُعَاوِيَةَ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ اَبِي مُعَاوِيَةَ، حَدَّثَنِي اَبِي ح، وَحَدَّثَنَا اَبُو حُصَيْنٍ الْقَاضِي، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا اَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، قَالَ: قَالَ لَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا اَنْتُمْ جُزْءٌ مِنْ مِائَةِ اَلْفِ جُزْءٍ مِمَّنْ يَرِدُ عَلَيَّ الْحَوْضَ قُلْنَا لِزَيْدٍ: كَمْ اَنْتُمْ يَوْمَئِذٍ؟ قَالَ: مَا

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ تھے آپ نے فرمایا: تم ایک جز ہو ہزار جزء کی میرے حوض پر آنے والوں سے۔ راوئ حدیث طلحہ نے زید سے عرض کی: تم اس دن کتنے تھے؟ فرمایا: چھ سو سے سات سو تک آدمی ہوں گے۔

بَيْنَ السِّتِّ مِائَةِ إِلَى السَّبْعِمِائَةِ

**4864** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا أَبُو كُرَيْبٍ، ثنا وَكِيعٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا أَنْتُمُ الْيَوْمَ بِجُزْءٍ مِنْ مِائَةِ أَلْفِ جُزْءٍ مِمَّنْ يَرِدُ عَلَيَّ الْحَوْضَ قُلْتُ: كَمْ كُنْتُمْ يَوْمَئِذٍ؟ قَالَ: سَبْعِمِائَةٍ، أَوْ ثَمَانِمِائَةٍ

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ تھے' آپ نے فرمایا: تم ایک ہزار جزء کی ایک جزء ہو' میرے حوض پر آنے والوں میں سے۔ راوی حدیث طلحہ نے زید سے عرض کی: تم اس دن کتنے تھے؟ فرمایا: سات سو یا آٹھ سو آدمی ہوں گے۔

**4865** - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا أَبُو الْوَلِيدِ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا حَمْزَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ زَيْدَ بْنَ أَرْقَمَ، يَقُولُ: أَوَّلُ مَنْ صَلَّى مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلِيٌّ فَحَدَّثْتُ بِذَلِكَ إِبْرَاهِيمَ، فَأَنْكَرَ ذَلِكَ، وَقَالَ: أَوَّلُ مَنْ صَلَّى أَبُو بَكْرٍ

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ سب سے پہلے جس نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ نماز پڑھی وہ حضرت علی رضی اللہ عنہ تھے۔ حضرت ابوحمزہ فرماتے ہیں کہ میں نے یہ حدیث ابراہیم کے سامنے پڑھی' اُنہوں نے اس کا انکار کیا' فرمایا: سب سے پہلے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے آپ کے ساتھ نماز پڑھی ہے۔

**4866** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاذٍ، ثنا أَبِي، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ أَبِي حَمْزَةَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ أُبَيٍّ ابْنِ سَلُولَ، يَقُولُ: لَا تُنْفِقُوا عَلَى مَنْ عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ حَتَّى يَنْفَضُّوا، فَأَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَخْبَرْتُهُ وَأَتَاهُ ابْنُ أُبَيٍّ فَحَلَفَ لَهُ أَنَّهُ لَمْ يَقُلْ ذَلِكَ، وَأَتَانِي أَصْحَابُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عبداللہ بن ابی بن سلول کو فرماتے ہوئے سنا: تم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس موجود لوگوں پر خرچ نہ کرو یہاں تک کہ کم ہو جائیں۔ میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آیا' میں نے آپ کو بتایا' آپ کے پاس ابن اُبی آیا' اس نے کہا' اسے نہیں کہا' میرے پاس رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اصحاب آئے اور مجھے ملامت کرنے لگے' میں اپنے گھر آیا اور سو گیا' پریشان تھا' میری طرف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا

طلحة بن يزيد ابو حمزة عن زيد بن ارقم

4865- أورده أحمد في مسنده جلد4صفحه368 .

4866- أورده أحمد في مسنده جلد4صفحه370 .

فَلامُونِي، فَاَتَيْتُ مَنْزِلِي فَنِمْتُ قَالَ: كَاَنَّهُ كَئِيبٌ، فَاَرْسَلَ اِلَيَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَتَيْتُهُ، اَوْ قَالَ: فَاَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: اِنَّ اللّٰهَ قَدْ صَدَّقَكَ وَعَذَرَكَ وَتَلا هَاتَيْنِ الْآيَتَيْنِ (هُمُ الَّذِينَ يَقُولُونَ لا تُنْفِقُوا عَلَى مَنْ عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ) (المنافقون: 7) حَتَّى خَتَمَ الْآيَتَيْنِ

پیغام آیا' میں آپ کے پاس آیا' فرمایا: میں حضور ﷺ کے پاس آیا' آپ نے فرمایا: اللہ عزوجل نے آپ کی تصدیق کی اور آپ کا عذر قبول کیا' یہ دو آیتیں پڑھیں: ''وہ کہتے ہیں کہ تم لوگ رسول اللہ کے پاس بیٹھنے والوں پر خرچ نہ کرو''۔

## ثُمَامَةُ بْنُ عُقْبَةَ الْمُحَلِّمِيُّ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ

## حضرت ثمامہ بن عقبہ محلمی' حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

**4867** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مِنْجَابُ بْنُ الْحَارِثِ، ثنا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ ثُمَامَةَ بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ مِنْ اَهْلِ الْكِتَابِ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا اَبَا الْقَاسِمِ، تَزْعُمُ اَنَّ اَهْلَ الْجَنَّةِ يَاْكُلُونَ وَيَشْرَبُونَ، فَاِنَّ الَّذِي يَاْكُلُ وَيَشْرَبُ تَكُونُ لَهُ الْحَاجَةُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: حَاجَةُ اَحَدِهِمْ عَرَقٌ يُفِيضُ مِنْ جِلْدِهِ، فَاِذَا بَطْنُهُ قَدْ ضَمُرَ

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اہل کتاب سے ایک آدمی رسول اللہ ﷺ کے پاس آیا' اس نے عرض کی: اے ابوالقاسم! آپ خیال کرتے ہیں کہ جنت والے کھائیں اور پئیں گے' جو کھاتا اور پیتا ہے اس کو حاجت بھی ہوتی ہے' حضور ﷺ نے فرمایا: ان کی حاجت یہ ہوگی کہ ان کے جسم سے پسینہ نکلے گا' تو ان کا پیٹ خالی ہوجائے گا۔

**4868** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا اَبِي، ثنا يَعْلَى بْنُ عُبَيْدٍ، عَنِ الْاَعْمَشِ،

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی رسول اللہ ﷺ کے پاس آیا' اس نے کہا:

4868- أورده أحمد في مسنده جلد4صفحه371,367 .

عَنْ ثُمَامَةَ بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: اِنَّكُمْ تَزْعُمُونَ اَنَّ اَهْلَ الْجَنَّةِ يَاْكُلُونَ وَيَشْرَبُونَ، فَقَالَ: اِیْ وَالَّذِی نَفْسِی بِيَدِهِ اِنَّ الرَّجُلَ مِنْهُمْ لَيُؤْتَى قُوَّةَ مِائَةِ رَجُلٍ فِی الْاَكْلِ وَالشُّرْبِ وَالْجِمَاعِ وَالشَّهْوَةِ، فَقَالَ: اِنَّ الَّذِی يَاْكُلُ وَيَشْرَبُ تَكُونُ لَهُ الْحَاجَةُ، فَقَالَ: عَرَقٌ، فَاِذَا كَانَ كَذٰلِكَ ضَمُرَ لَهُ بَطْنُهُ

آپ گمان کرتے ہیں کہ جنت والے کھائیں اور پئیں گے‘ آپ نے فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! جنت میں ایک آدمی کو کھانے اور پینے اور جماع کرنے میں سو آدمیوں کے برابر قوت دی جائے گی‘ اس نے کہا: جو کھاتا اور پیتا ہے اس کو حاجت ہوتی ہے‘ آپ نے فرمایا: اس کو پسینہ آئے گا تو اس کا پیٹ صاف ہو جائے گا۔

**4869** - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِیُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ اَبِی شَيْبَةَ، ثنا وَكِيعٌ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ ثُمَامَةَ بْنِ عُقْبَةَ الْمُحَلِّمِیِّ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ الرَّجُلَ مِنْ اَهْلِ الْجَنَّةِ لَيُعْطَى قُوَّةَ مِائَةِ رَجُلٍ فِی الْاَكْلِ وَالشُّرْبِ وَالشَّهْوَةِ وَالْجِمَاعِ، فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْيَهُودِ: فَاِنَّ الَّذِی يَاْكُلُ وَيَشْرَبُ تَكُونُ لَهُ الْحَاجَةُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: حَاجَةُ اَحَدِهِمْ عَرَقٌ يُفِيضُ مِنْ جِلْدِهِ فَاِذَا بَطْنُهُ قَدْ ضَمُرَ

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی رسول اللہ ﷺ کے پاس آیا‘ اس نے کہا: آپ گمان کرتے ہیں کہ جنت والے کھائیں اور پئیں گے‘ آپ نے فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! جنت میں ایک آدمی کو کھانے اور پینے اور جماع کرنے میں سو آدمیوں کے برابر قوت دی جائے گی‘ اس نے کہا: جو کھاتا اور پیتا ہے اس کو حاجت ہوتی ہے‘ آپ نے فرمایا: اس کو پسینہ آئے گا تو اس کا پیٹ صاف ہو جائے گا۔

حَدَّثَنَا اَبُو حُصَيْنٍ الْقَاضِی، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِیُّ، ثنا اَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ ثُمَامَةَ بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ‘ حضور ﷺ سے اس طرح کی حدیث روایت کرتے ہیں۔

**4870** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ شُعَيْبٍ النَّسَائِیُّ، اَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ النَّيْسَابُورِیُّ، ثنا مُصْعَبُ بْنُ

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: اہل کتاب کے پاس ایک آدمی آیا‘ اس نے عرض کی: اے

الْمِقْدَامِ، عَنْ دَاوُدَ الطَّائِيِّ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ ثُمَامَةَ بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ، قَالَ: قَالَ رَجُلٌ مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ: يَا أَبَا الْقَاسِمِ، تَزْعُمُ أَنَّ أَهْلَ الْجَنَّةِ يَأْكُلُونَ وَيَشْرَبُونَ، قَالَ: نَعَمْ، وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ إِنَّ أَحَدَهُمْ لَيُعْطَى قُوَّةَ مِائَةِ رَجُلٍ فِي الْأَكْلِ وَالشُّرْبِ وَالْجِمَاعِ وَالشَّهْوَةِ قَالَ: فَإِنَّ الَّذِي يَأْكُلُ تَكُونُ لَهُ الْحَاجَةُ، قَالَ: حَاجَةُ أَحَدِهِمْ عَرَقٌ كَرِيحِ الْمِسْكِ فَيُضْمِرُ بَطْنَهُ

ابوالقاسم! آپ کا خیال ہے کہ جنت والے کھائیں اور پئیں گے آپ نے فرمایا: جی ہاں! اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! جنت میں ایک آدمی کو کھانے اور پینے اور جماع اور شہوت میں ایک سو آدمیوں کے برابر طاقت دی جائے گی' اس نے کہا: جو کھانا (دیت) اس کو قضاء حاجت ہوتی ہے' آپ نے فرمایا: ان کی قضاء حاجت پسینہ ہوگی' ان کا پسینہ مشک کی خوشبو کی طرح ہوگی' اس کے ساتھ ان کا پیٹ صاف ہو گا۔

**4871** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ بِشْرٍ الْمَقَارِيضِيُّ الصَّنْعَانِيُّ، ثنا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ حُوتِيٍّ الصَّنْعَانِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ سَالِمٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ صَالِحٍ الْمَكِّيُّ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ ثُمَامَةَ بْنِ عُقْبَةَ الْمُحَلِّمِيِّ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا أَبَا الْقَاسِمِ، تَزْعُمُ أَنَّ أَهْلَ الْجَنَّةِ يَأْكُلُونَ وَيَشْرَبُونَ، قَالَ: نَعَمْ، وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ إِنَّ الرَّجُلَ لَيُعْطَى قُوَّةَ مِائَةِ رَجُلٍ فِي الْأَكْلِ وَالشُّرْبِ وَالْجِمَاعِ وَالشَّهْوَةِ

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: اہل کتاب کے پاس ایک آدمی آیا' اس نے عرض کی: اے ابوالقاسم! آپ کا خیال ہے کہ جنت والے کھائیں اور پئیں گے' آپ نے فرمایا: جی ہاں! اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! جنت میں ایک آدمی کو کھانے اور پینے اور جماع اور شہوت میں ایک سو آدمیوں کے برابر طاقت دی جائے گی۔

**4872** - حَدَّثَنَا أَسْلَمُ بْنُ سَهْلٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى الْقَطَّانُ، ثنا يَحْيَى بْنُ رَاشِدٍ، ثنا عَبْدُ النُّورِ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ سِنَانٍ، عَنْ هَارُونَ

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس بیٹھا ہوا تھا تو ایک یہودی نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں کہا: کیا آپ کا نظریہ ہے کہ

4872- أورده الطبراني في الأوسط جلد7 صفحه365' رقم الحديث: 7741 .

بْنِ سَعْدٍ، عَنْ ثُمَامَةَ بْنِ عُقْبَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ زَيْدَ بْنَ اَرْقَمَ، قَالَ: كُنْتُ جَالِسًا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ لَهُ رَجُلٌ مِنَ الْيَهُودِ: اَتَزْعُمُ اَنَّ فِي الْجَنَّةِ طَعَامًا وَشَرَابًا وَاَزْوَاجًا؟ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نَعَمْ فَقَالَ الْيَهُودِيُّ: اِنَّا نَجِدُهَا طَيِّبَةً مُطَيِّبَةً، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَتُؤْمِنُ بِشَجَرَةِ الْمِسْكِ وَتَجِدُهَا فِي كِتَابِكُمْ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: فَاِنَّ الْبَوْلَ وَالْجَنَابَةَ عَرَقٌ يَسِيلُ مِنْ ذَوَائِبِهِمْ اِلَى اَقْدَامِهِمْ كَالْمِسْكِ

جنت میں کھانا' پینا اور بیویاں ہوں گی؟ تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جی ہاں! پس یہودی نے کہا: ہم تو جنت کو پاک اور پاکیزہ سمجھتے ہیں۔ تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس سے فرمایا: کیا تیرا ایمان ہے کستوری کے درخت پر اور یہ تمہاری کتاب میں بھی ہے؟ اس نے کہا: جی ہاں! فرمایا: کیونکہ بول اور جنابت' پسینے کی شکل میں ہوگی جو ان کی مینڈھیوں سے ان کے قدموں کی طرف کستوری کی طرح بہہ جائے گا۔

**4873** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ رَاهَوَيْهِ، ثنا اَبِي، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا اَبِي، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ح وَحَدَّثَنَا اَبُو خَلِيفَةَ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِينِيِّ، قَالُوا: ثنا جَرِيرٌ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ ثُمَامَةَ بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، قَالَ: كَانَ رَجُلٌ يَدْخُلُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَعَقَدَ لَهُ عُقَدًا فَوَضَعَهُ فِي بِئْرِ رَجُلٍ مِنَ الْاَنْصَارِ، فَاَتَاهُ مَلَكَانِ يَعُودَانِهِ، فَقَعَدَ اَحَدُهُمَا عِنْدَ رَاْسِهِ وَالْآخَرُ عِنْدَ رِجْلَيْهِ، فَقَالَ اَحَدُهُمَا: اَتَدْرِي مَا وَجَعُهُ؟ قَالَ: فُلَانٌ الَّذِي يَدْخُلُ عَلَيْهِ عَقَدَ لَهُ عُقَدًا فَاَلْقَاهُ فِي بِئْرِ فُلَانٍ الْاَنْصَارِيِّ، فَلَوْ اُرْسِلَ رَجُلٌ، وَاَخَذَ الْعُقَدَ لَوَجَدَ الْمَاءَ قَدِ اصْفَرَّ، قَالَ: فَبَعَثَ رَجُلًا فَاَخَذَ الْعُقَدَ

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آیا' اس نے ایک گرہ باندھ کر انصار کے ایک آدمی کو کنویں میں ڈال دیا' آپ کے پاس دو فرشتے عیادت کرنے کے لیے آئے' ان میں سے ایک آپ کے سر کی جانب اور دوسرا آپ کے پاؤں کی طرف' ان میں سے ایک نے عرض کی: کیا آپ کو معلوم ہے کہ آپ کو بیماری ہے' اس نے کہا: فلاں جو آپ کے پاس آتا ہے' اس نے گرہ لگا کر فلاں انصاری کے کنویں میں ڈالا ہے' اگر کسی آدمی کو بھیجا جائے اور وہ گرہ پکڑ لے تو ضرور پانی زرد ہو جائے گا' ایک آدمی کو بھیجا گیا' اس نے گرہ پکڑی' اس کو کھولا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تندرست ہو گئے' وہ آدمی اس کے بعد بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آتا تھا' آپ اس سے کوئی شی ذکر نہ کرتے' نہ اس سے آپ ناراض ہوتے۔

---

**4873**- اخرجه الحاكم فى مستدركه جلد4صفحه401' رقم الحديث: 8074 .

فَحَلَّهَا فَبَرَاَ، وَكَانَ الرَّجُلُ بَعْدَ ذٰلِكَ يَدْخُلُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ يَذْكُرْ لَهُ شَيْئًا مِنْهُ وَلَمْ يُعَاتِبْهُ عَلَيْهِ السَّلَامُ

حَدَّثَنَا اَبُو خَلِيفَةَ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِينِيِّ، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسَى، ثنا شَيْبَانُ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ ثُمَامَةَ بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، كَمَا قَالَ جَرِيرٌ، حَدَّثَنَا اَبُو خَلِيفَةَ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِينِيِّ، ثنا اَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ حَيَّانَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، بِنَحْوِهِ خَالَفَ جَرِيرٌ شَيْبَانَ فِي اِسْنَادِهِ

حضرت یزید بن حبان' حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے اس کی مثل حدیث روایت کرتے ہیں۔ جریر شیبان نے اس کی سند میں اختلاف کیا۔

**4874** - حَدَّثَنَا اَسْلَمُ بْنُ سَهْلٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى الْقَطَّانُ، ثنا يَحْيَى بْنُ رَاشِدٍ، ثنا عَبْدُ النُّورِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ هَارُونَ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ ثُمَامَةَ بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، قَالَ: بَيْنَا اَنَا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذْ اَقْبَلَ رَجُلٌ مِنَ الْيَهُودِ يُقَالُ لَهُ: ثَعْلَبَةُ بْنُ الْحَارِثِ فَقَالَ: السَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مُحَمَّدُ، فَقَالَ: وَعَلَيْكُمْ

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس تھے' اچانک ایک یہودی آپ کے پاس آیا' اس کا نام ثعلبہ بن حارث تھا' اس نے کہا: السلام علیک یا محمد! آپ نے فرمایا: وعلیکم!

**4875** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنُ مَنْدَهِ الْاَصْبَهَانِيُّ، وَجَعْفَرُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ سِنَانٍ الْوَاسِطِيُّ، قَالَا: ثنا مُحَمَّدُ بْنُ حُمَيْدٍ الرَّازِيُّ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُخْتَارِ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ هَارُونَ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہمارے پاس آتے' ہم کو سلام کرتے نماز والا' ہم جواب دیتے: وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

**4874**- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد8صفحه42 وقال: رواه الطبراني وفيه عبد النور بن عبد الله وهو كذاب .

**4875**- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 2صفحه146 وقال: رواه الطبراني في الكبير وفيه ابراهيم بن المختار وثقه أبو داؤد وأبو حاتم وقال ابن معين ليس بذاك وبقية رجاله ثقات .

ثُمَامَةَ بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا سَلَّمَ عَلَيْنَا مِنَ الصَّلَاةِ قُلْنَا: وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ

## يَزِيدُ بْنُ حَيَّانَ التَّيْمِيُّ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ

## حضرت یزید بن حبان تیمی، حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں



4876 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا اَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ يَزِيدِ بْنِ حَيَّانَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، قَالَ: سَحَرَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلٌ مِنَ الْيَهُودِ فَاشْتَكَى لِذَلِكَ اَيَّامًا، فَاَتَاهُ جِبْرِيلُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: اِنَّ رَجُلًا مِنَ الْيَهُودِ سَحَرَكَ عَقَدَ لَكَ عُقَدًا، فَاَرْسَلَ اِلَيْهِ رَسُولُ اللّٰهِ عَلِيًّا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَاسْتَخْرَجَهَا فَجَاءَ بِهَا فَجَعَلَ كُلَّمَا حَلَّ عُقْدَةً وَجَدَ لِذَلِكَ خِفَّةً، فَقَامَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَاَنَّمَا نَشِطَ مِنْ عِقَالٍ، فَمَا ذَكَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَلِكَ الْيَهُودِيَّ وَلَا رَآهُ فِي وَجْهِهِ قَطُّ

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک یہودی نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر جادو کیا' آپ کو کئی دن اس کی شکایت رہی' آپ کے پاس حضرت جبریل علیہ السلام آئے اور عرض کی: آپ کو ایک یہودی نے جادو کیا ہے' آپ کے لیے گرہ لگائی ہے' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کی طرف علی کو بھیجا' اس کو آپ رضی اللہ عنہ نے نکالا' وہ اس کو لے کر آئے' جب ایک گرہ کھولی جاتی تو اس سے آپ کو افاقہ ہوتا' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تندرست ہو گئے' جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے یہودی کے متعلق کہا جاتا تو آپ کے چہرے پر کبھی ناراضگی دکھائی نہیں دیتی تھی۔

4877 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا ابْنُ الْاَصْبَهَانِيِّ، ثنا عَمْرُو بْنُ ثَابِتٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ حَيَّانَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو مجھ پر جان بوجھ کر جھوٹ باندھے اس کو چاہیے کہ وہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنالے۔

---

4876- أورده النسائي في السنن الكبرى جلد2صفحه307' رقم الحديث: 3543 .

4877- أورده ابن أبي شيبة في مصنفه جلد5صفحه296' رقم الحديث: 26255 عن حيان بن يزيد عن زيد بن أرقم به .

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ

**4878** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ اَبِي حَيَّانَ التَّيْمِيِّ، حَدَّثَنِي يَزِيدُ بْنُ حَيَّانَ التَّيْمِيُّ، قَالَ: انْطَلَقْتُ اَنَا وَحُصَيْنُ بْنُ سَبْرَةَ وَعَمْرُو بْنُ مُسْلِمٍ اِلَى زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، فَقَالَ: اِنِّي سَمِعَتْ اُذُنَايَ وَوَعَاهُ قَلْبِي مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو مجھ پر جان بوجھ کر جھوٹ باندھے اس کو چاہیے کہ وہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنالے۔

**4879** - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، وَاَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، قَالَا: ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ اَبِي حَيَّانَ التَّيْمِيِّ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ حَيَّانَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، قَالَ: سَمِعَتْ اُذُنَايَ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو مجھ پر جان بوجھ کر جھوٹ باندھے اس کو چاہیے کہ وہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنالے۔

**4880** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا يَعْلَى بْنُ عُبَيْدٍ، عَنْ اَبِي حَيَّانَ التَّيْمِيِّ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ حَيَّانَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو مجھ پر جان بوجھ کر جھوٹ باندھے اس کو چاہیے کہ وہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنالے۔

**4881** - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا جَرِيرٌ، عَنْ

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ عبیداللہ بن زیاد نے میری طرف کسی کو بھیجا' میں اس

اَبِی حَيَّانَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ حَيَّانَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، قَالَ: اَرْسَلَ اِلَیَّ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ زِيَادٍ، فَاَتَيْتُهُ، فَقَالَ: مَا اَحَادِيثُ تَبْلُغُنَا عَنْكَ، تَرْوِيهَا عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا نَجِدُهَا فِي كِتَابِ اللّٰهِ؟ تَرْوِی اَنَّ لِمُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَوْضًا؟ قَالَ: قُلْتُ: قَدْ حَدَّثَنَا ذٰلِكَ وَوَعَدَنَاهُ، قَالَ: كَذَبْتَ، وَلٰكِنَّكَ شَيْخٌ قَدْ خَرِفْتَ، قَالَ: قُلْتُ: اَمَا اِنِّي قَدْ سَمِعَتْهُ اُذُنَایَ وَوَعَاهُ قَلْبِي يَقُولُ: مَنْ كَذَبَ عَلَیَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّاْ مَقْعَدَهُ مِنْ جَهَنَّمَ فَمَا كَذَبْتُ عَلَيْهِ

کے پاس آیا' اس نے کہا: کتنی احادیث آپ کے حوالے سے ہمیں معلوم ہوئی ہیں؟ تُو رسول اللہ ﷺ سے روایت کرتا ہے' ہم کتاب اللہ میں اس کا ذکر نہیں پاتے ہیں' تُو محمد ﷺ کے لیے روایت کرتا ہے کہ آپ کا حوض ہوگا' میں نے کہا: ہمیں آپ نے بتایا ہے اور ہم سے وعدہ کیا ہے۔ اس نے کہا: تُو جھوٹ بولتا ہے' شیخ بوڑھا ہوگیا ہے۔ میں نے کہا: میں نے دونوں کانوں سے سنا ہے اور دل سے یاد کیا کہ آپ ﷺ نے فرمایا: جو مجھ پر جان بوجھ کر جھوٹ باندھے' اس کو چاہیے کہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنائے۔

**4882** - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا يَحْيَى، عَنْ اَبِي حَيَّانَ التَّيْمِيِّ، حَدَّثَنِي يَزِيدُ بْنُ حَيَّانَ التَّيْمِيُّ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، قَالَ: بَعَثَ اِلَیَّ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ زِيَادٍ: مَا اَحَادِيثُ تَبْلُغُنَا عَنْكَ تُحَدِّثُ بِهَا فَتَرْوِيهَا عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ تَزْعُمُ اَنَّ لَهُ حَوْضًا فِي الْجَنَّةِ؟ قُلْتُ: قَدْ حَدَّثَنَا ذٰلِكَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَوَعَدَنَاهُ، قَالَ: كَذَبْتَ وَلٰكِنَّكَ شَيْخٌ قَدْ خَرِفْتَ

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ عبیداللہ بن زیاد نے میری طرف کسی کو بھیجا' میں اس کے پاس آیا' اس نے کہا: کتنی احادیث آپ کے حوالے سے ہمیں معلوم ہوئی ہیں؟ تُو رسول اللہ ﷺ سے روایت کرتا ہے' تُو آپ کے لیے گمان کرتا ہے کہ آپ کا حوض ہوگا؟ میں نے کہا: ہمیں آپ نے بتایا ہے اور ہم سے وعدہ کیا ہے۔ اس نے کہا: تُو جھوٹ بولتا ہے' شیخ بوڑھا ہوگیا ہے۔

**4883** - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ حَيَّانَ التَّيْمِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ زَيْدَ بْنَ اَرْقَمَ، وَقِيلَ لَهُ: مَنْ آلُ مُحَمَّدٍ؟ قَالَ: مَنْ تَحْرُمُ عَلَيْهِ

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے کہا گیا کہ آلِ محمد ﷺ کون ہیں؟ کہا: جس پر زکوٰۃ حرام ہے۔ کہا گیا: وہ کون ہیں؟ کہا گیا: آلِ علی' آلِ عقیل' آلِ جعفر' آلِ عباس۔



4883- أورد نحوه ابن خزيمة في صحيحه جلد4صفحه62 .

الصَّدَقَةُ؟ قِيلَ: مَنْ هُمْ؟ قَالَ: آلُ عَلِيٍّ وَآلُ عَقِيلٍ وَآلُ جَعْفَرٍ وَآلُ الْعَبَّاسِ

**4884** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَضْلِ السَّقَطِيُّ، ثنا فُضَيْلُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ، ثنا شَرِيكٌ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ حَيَّانَ، قَالَ: سَأَلْتُ زَيْدَ بْنَ أَرْقَمَ، مَنْ آلُ مُحَمَّدٍ؟ قَالَ: هُمْ آلُ عَلِيٍّ وَآلُ الْعَبَّاسِ وَآلُ جَعْفَرٍ وَآلُ عَقِيلٍ

حضرت یزید بن حیان فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے پوچھا: آلِ محمد کون ہیں؟ کہا: وہ آلِ علی' آلِ عباس' آلِ جعفر اور آلِ عقیل ہیں۔

**4885** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَيَّانَ الْمَازِنِيُّ، ثنا كَثِيرُ بْنُ يَحْيَى، ثنا أَبُو عَوَانَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ حَيَّانَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنِّي تَارِكٌ فِيكُمُ الثَّقَلَيْنِ، كِتَابَ اللّٰهِ وَعِتْرَتِي، فَانْظُرُوا كَيْفَ تَخْلُفُونِي فِيهِمَا قُلْنَا: وَمَنْ أَهْلُ بَيْتِهِ؟ قَالَ: آلُ عَلِيٍّ وَآلُ جَعْفَرٍ وَآلُ عَقِيلٍ وَآلُ الْعَبَّاسِ

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میں تم میں دو چیزیں چھوڑ کر جا رہا ہوں: (۱) قرآن (۲) اہل بیت' تم دیکھو کہ کیسا سلوک کرتے ہو ان سے۔ ہم نے کہا: اہل بیت کون ہیں؟ کہا: آلِ علی' آلِ جعفر' آلِ عقیل اور آلِ عباس۔

**4886** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَيَّانَ الْمَازِنِيُّ، ثنا كَثِيرُ بْنُ يَحْيَى، ثنا حَسَّانُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، ثنا سَعِيدُ بْنُ مَسْرُوقٍ، أَوْ سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ حَيَّانَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ، قَالَ: دَخَلْنَا عَلَيْهِ، فَقُلْنَا: لَقَدْ رَأَيْتَ خَيْرًا، أَصَحِبْتَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَصَلَّيْتَ خَلْفَهُ، قَالَ: لَقَدْ رَأَيْتُ خَيْرًا، وَخَشِيتُ أَنْ أَكُونَ إِنَّمَا أُخِّرْتُ لِشَرٍّ، مَا حَدَّثْتُكُمْ فَاقْبَلُوا، وَمَا سَكَتُّ عَنْهُ فَدَعُوهُ، قَامَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِوَادٍ بَيْنَ مَكَّةَ وَالْمَدِينَةِ، فَخَطَبَنَا، ثُمَّ قَالَ: أَنَا بَشَرٌ يُوشِكُ

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم آپ کے پاس آئے' ہم نے کہا: آپ نے بھلائی دیکھی' رسول اللہ ﷺ نے صبح کی' آپ کے پیچھے نماز ادا کی' کہا کہ آپ نے بھلائی دیکھی' مجھے خواب ہوا کہ کسی بُرائی کی وجہ سے پیچھے نہ کیا جاؤں' جو تم کو بیان کروں قبول کرو' جس کو بیان نہ کروں اس کو چھوڑ دو' حضور ﷺ مکہ اور مدینہ کے درمیان ایک وادی میں کھڑے ہوئے' ہمیں خطبہ دیا' پھر فرمایا: میں (بظاہر) انسان ہوں' ہوسکتا ہے اپنے رب کے بلوانے کو قبول کروں' میں تم میں دو چیزیں چھوڑ کر جا رہا ہوں:

أَنْ أُدْعَى فَأُجِيبَ، وَإِنِّي تَارِكٌ فِيكُمُ اثْنَيْنِ أَحَدُهُمَا كِتَابُ اللّٰهِ فِيهِ حَبْلُ اللّٰهِ، مَنِ اتَّبَعَهُ كَانَ عَلَى الْهُدَى، وَمَنْ تَرَكَهُ كَانَ عَلَى ضَلَالَةٍ، وَأَهْلُ بَيْتِي؟ أُذَكِّرُكُمُ اللّٰهَ فِي أَهْلِ بَيْتِي ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، فَقُلْنَا: مَنْ أَهْلُ بَيْتِهِ نِسَاؤُهُ؟ قَالَ: لَا، إِنَّ الْمَرْأَةَ قَدْ يَكُونُ يَتَزَوَّجُ بِهَا الرَّجُلُ الْعَصْرَ مِنَ الدَّهْرِ، ثُمَّ يُطَلِّقُهَا فَتَرْجِعُ إِلَى أَبِيهَا وَأُمِّهَا، أَهْلُ بَيْتِهِ أَهْلُهُ وَعَصَبَتُهُ الَّذِينَ حُرِمُوا الصَّدَقَةَ بَعْدَهُ، آلُ عَلِيٍّ وَآلُ الْعَبَّاسِ وَآلُ جَعْفَرٍ وَآلُ عَقِيلٍ

(۱) قرآن پاک' یہ اس کی ہے جس نے اس کی اتباع کی' جس نے اس کو چھوڑا وہ گمراہ ہے اور (۲) میری اہل بیت' میں تم کو اپنی اہل بیت کے متعلق نصیحت کرتا ہوں' تین مرتبہ۔ ہم نے عرض کی: بیویاں بھی اہل بیت سے ہوتی ہیں؟ آپ نے فرمایا: نہیں! عورت سے آدمی شادی کرتا ہے پھر اس کو طلاق دے دیتا ہے' وہ اپنے والد اور والدہ کے گھر چلی جاتی ہے' اہل بیت اور گھر والے اور عصبہ وہ ہیں جن پر اس کے بعد صدقہ حرام ہے' وہ آل علی' آل عباس' آل جعفر اور آل عقیل ہیں۔

4887 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا أَبُو كُرَيْبٍ، ثنا وَكِيعٌ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ مَسْرُوقٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ حَيَّانَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَنْشُدُكُمُ اللّٰهَ فِي أَهْلِ بَيْتِي قُلْنَا لِزَيْدٍ: وَمَنْ أَهْلُ بَيْتِهِ؟ قَالَ: الَّذِينَ يُحْرَمُونَ الصَّدَقَةَ، آلُ عَلِيٍّ وَآلُ الْعَبَّاسِ وَآلُ عَقِيلٍ وَآلُ جَعْفَرٍ

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میں تمہیں اپنی اہل بیت کے متعلق وصیت کرتا ہوں' حضرت یزید بن حیان فرماتے ہیں کہ ہم نے زید سے کہا: اہل بیت کون ہیں؟ فرمایا: جن پر صدقہ حرام ہے' وہ آل علی' آل عباس' آل عقیل اور آل جعفر ہیں۔

4888 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ح وَحَدَّثَنَا أَبُو حُصَيْنٍ الْقَاضِي، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، قَالَا: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا

حضرت یزید بن حیان فرماتے ہیں کہ میں اور حصین بن سبرہ اور عمر بن مسلم' حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ کی طرف گئے' ہم ان کے پاس بیٹھے' آپ سے حصین بن سبرہ نے کہا: اے زید! آپ نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا ہے' آپ سے جو شی سنی ہے اور آپ



4888- أورده البيهقي في سننه الكبرى جلد2 صفحه148 رقم الحديث: 2679' جلد 7 صفحه30 رقم الحديث: 13017 .

اِسْمَاعِيلُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، جَمِيعًا، عَنْ اَبِی حَيَّانَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ حَيَّانَ، قَالَ: انْطَلَقْتُ اَنَا وَحُصَيْنُ بْنُ سَبْرَةَ وَعُمَرُ بْنُ مُسْلِمٍ اِلَی زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، فَلَمَّا جَلَسْنَا اِلَيْهِ قَالَ لَهُ حُصَيْنُ بْنُ سَبْرَةَ: يَا زَيْدُ، رَاَيْتَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَسَمِعْتَ حَدِيثَهُ وَغَزَوْتَ مَعَهُ، لَقَدْ اَصَبْتَ يَا زَيْدُ خَيْرًا كَثِيرًا، حَدِّثْنَا يَا زَيْدُ مَا شَهِدْتَ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَا سَمِعْتَ، قَالَ: يَا ابْنَ اَخِی، وَاللّٰهِ لَقَدْ كَبِرَتْ سِنِّی وَقَدِمَ عَهْدِی، وَنَسِيتُ بَعْضَ الَّذِی كُنْتُ اَعِی مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَمَا اُحَدِّثُكُمْ فَاقْبَلُوهُ وَمَا لَمْ اُحَدِّثْكُمُوهُ فَلَا تُكَلِّفُونِيهِ، ثُمَّ قَالَ: قَامَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا فِينَا خَطِيبًا بِمَاءٍ يُدْعَی: خُمٌّ بَيْنَ مَكَّةَ وَالْمَدِينَةِ، فَحَمِدَ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ وَاَثْنَی عَلَيْهِ وَوَعَظَ وَذَكَّرَ ثُمَّ قَالَ: اَمَّا بَعْدُ اَيُّهَا النَّاسُ اِنَّمَا اَنَا بَشَرٌ يُوشِكُ اَنْ يَاْتِيَنِی رَسُولُ رَبِّی فَاُجِيبَهُ، وَاِنِّی تَارِكٌ فِيكُمُ الثَّقَلَيْنِ اَحَدُهُمَا كِتَابُ اللّٰهِ فِيهِ الْهُدَی وَالنُّورُ فَخُذُوا بِكِتَابِ اللّٰهِ وَاسْتَمْسِكُوا بِهِ فَحَثَّ عَلَی كِتَابِ اللّٰهِ وَرَغَّبَ فِيهِ ثُمَّ قَالَ: اَهْلَ بَيْتِی اُذَكِّرُكُمُ اللّٰهَ فِی اَهْلِ بَيْتِی قَالَهَا ثَلَاثًا قَالَ لَهُ حُصَيْنٌ: مَنْ اَهْلُ بَيْتِهِ يَا زَيْدُ، اَلَيْسَ نِسَاؤُهُ مِنْ اَهْلِ بَيْتِهِ؟ قَالَ: اِنَّ نِسَاءَهُ مِنْ اَهْلِ بَيْتِهِ، وَلَكِنَّ اَهْلَ بَيْتِهِ مَنْ حُرِمَ الصَّدَقَةَ بَعْدَهُ، قَالَ: وَمَنْ هُمْ؟ قَالَ: هُمْ آلُ عَلِيٍّ وَآلُ جَعْفَرٍ

کے ساتھ جہاد کیا ہے' اے زید! آپ نے بہت زیادہ بھلائی دیکھی ہے' اے زید! ہمیں بیان کریں کہ آپ نے رسول اللہ ﷺ سے کیا سنا ہے' کیا دیکھا ہے؟ حضرت زید رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے میرے بھائی کے بیٹے! اللہ کی قسم! میری عمر زیادہ ہوگئی ہے اور موت کا وقت قریب ہے' میں بعض چیزیں بھول گیا' جو میں نے رسول اللہ ﷺ سے یاد کی تھیں' جو تم کو بیان کروں' قبول کرلو اور جو بیان نہ کروں اس کا مجھے مکلّف نہ بناؤ۔ پھر فرمایا: حضور ﷺ ہم میں کھڑے ہوئے خطبہ دینے کے لیے' اس مقام میں جسے غدیر خم کہا جاتا ہے مکہ اور مدینہ کے درمیان' آپ نے اللہ کی حمد اور ثناء کی' وعظ و نصیحت کی' پھر اس کے بعد فرمایا: اے لوگو! میں (بظاہر) انسان ہوں' میرے رب کا قاصد آئے اور میں قبول کر لوں' میں تم میں دو بھاری چیزیں چھوڑ کر جا رہا ہوں: (۱) قرآن پاک' اس میں ہدایت اور نور ہے' قرآن پر عمل کرو' اس پر سختی سے عمل کرو' آپ نے قرآن پر عمل کرنے کے لیے اُبھارا اور رغبت دلائی' پھر فرمایا: اور میری اہل بیت' میں تم کو ان کے متعلق نصیحت کرتا ہوں' یہ آپ نے تین مرتبہ فرمایا۔ حضرت حصین نے آپ سے عرض کی: اے زید! آپ ﷺ کے اہل بیت کون ہیں؟ آپ نے کہا: آپ ﷺ کی ازواج پاک اہل بیت سے نہیں ہیں' فرمایا: ازواج پاک اہل بیت سے ہیں لیکن اہل بیت وہ ہیں جن پر آپ کے بعد صدقہ حرام ہے' کہا: وہ کون ہیں؟ فرمایا: آل علی' آل جعفر'

وَآلُ الْعَبَّاسِ وَآلُ عَقِيلٍ قِيلَ: كُلُّ هَؤُلَاءِ حَرَّمَ الصَّدَقَةَ، قَالَ: نَعَمْ

آل عباس اور آل عقیل۔ عرض کی گئی: ان تمام پر صدقہ حرام ہے؟ فرمایا: جی ہاں!

4889 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ حَيَّانَ، قَالَ: سَأَلْتُ زَيْدَ بْنَ أَرْقَمَ، مَنْ آلُ مُحَمَّدٍ؟ قَالَ: آلُ عَلِيٍّ وَآلُ الْعَبَّاسِ وَآلُ عَقِيلٍ وَآلُ جَعْفَرٍ

حضرت یزید بن حیان فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے پوچھا: آل محمد کون ہیں؟ فرمایا: آل علی' آل عباس' آل عقیل اور آل جعفر۔

## صُبَيْحٌ مَوْلَى أُمِّ سَلَمَةَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ

## حضرت اُم سلمہ کے غلام حضرت صبیح' حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

4890 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، وَمُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، قَالَا: ثنا أَبُو غَسَّانَ مَالِكُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، ثنا أَسْبَاطُ بْنُ نَصْرٍ الْهَمْدَانِيُّ، عَنِ السُّدِّيِّ، عَنْ صُبَيْحٍ، مَوْلَى أُمِّ سَلَمَةَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِعَلِيٍّ وَفَاطِمَةَ وَحَسَنٍ وَحُسَيْنٍ: أَنَا سِلْمٌ لِمَنْ سَالَمْتُمْ وَحَرْبٌ لِمَنْ حَارَبْتُمْ

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی و فاطمہ و حسن و حسین رضی اللہ عنہم کے متعلق فرمایا: میں ان سے دوستی رکھوں گا جو تم سے دوستی رکھے گا اور میں ان سے ناراض ہوں گا جو تم سے بغض رکھے گا۔

4891 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَاشِدٍ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعِيدٍ الْجَوْهَرِيُّ، ثنا حُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ قَرْمٍ، عَنْ أَبِي الْجَحَّافِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرت فاطمہ و علی و حسن و حسین رضی اللہ عنہم کے پاس سے گزرے' فرمایا: جو ان سے دشمنی رکھے گا میں ان سے دشمنی رکھوں گا اور جو ان سے دوستی



---

4890- أورده ابن ماجه في سننه جلد 1 صفحه 52' رقم الحديث: 145 .

صُبَيْحٍ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، قَالَ: مَرَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى بَيْتٍ فِيهِ فَاطِمَةُ وَعَلِيٌّ وَحَسَنٌ وَحُسَيْنٌ فَقَالَ: اَنَا حَرْبٌ لِمَنْ حَارَبَهُمْ وَسَلْمٌ لِمَنْ سَالَمَهُمْ

کرے گا میں ان سے دوستی کروں گا۔

# حَبِيبُ بْنُ يَسَارٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ

# حضرت حبیب بن یسار' حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

4892 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا اَبُو نُعَيْمٍ، ثنا يُوسُفُ بْنُ صُهَيْبٍ، ثنا حَبِيبُ بْنُ يَسَارٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، قَالَ: كُنَّا نَقْرَاُ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْ كَانَ لِابْنِ آدَمَ وَادِيَانِ مِنْ ذَهَبٍ اَوْ فِضَّةٍ لَتَمَنَّى الثَّالِثَ، وَلَا يَمْلَاُ بَطْنَ ابْنِ آدَمَ اِلَّا التُّرَابُ وَيَتُوبُ اللّٰهُ عَلَى مَنْ تَابَ

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضورﷺ کے زمانہ میں پڑھتے تھے: اگر انسان کے پاس سونے اور چاندی کی دو وادیاں ہوں تو وہ تیسری کی تمنا کرے گا اور انسان کا پیٹ صرف مٹی ہی بھرے گی اور اللہ توبہ قبول کرتا ہے جو توبہ کرتا ہے۔

4893 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا اَبُو نُعَيْمٍ، ثنا يُوسُفُ بْنُ صُهَيْبٍ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ لَمْ يَاْخُذْ مِنْ شَارِبِهِ فَلَيْسَ مِنَّا

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: جو مونچھیں نہ کاٹے اس کا تعلق ہم سے نہیں ہے (مونچھیں کاٹنے کی ترغیب دلائی ہے)۔

4894 - حَدَّثَنَا اَبُو حُصَيْنٍ الْقَاضِي، ثنا

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ



---

4892- أورده أحمد في مسنده جلد4صفحه368 .

4893- الترمذي جلد5صفحه93' رقم الحديث: 2761 .

يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا مِنْدَلُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنْ يُوسُفِ بْنِ صُهَيْبٍ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ لَمْ يَاْخُذْ مِنْ شَارِبِهِ فَلَيْسَ مِنَّا

حضور ﷺ نے فرمایا: جو موچھیں نہ کاٹے اس کا تعلق ہم سے نہیں ہے (موچھیں کاٹنے کی ترغیب دلائی ہے)۔

**4895** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ ضُرَيْسٍ، ثنا مُصْعَبُ بْنُ سَلَّامٍ، ثنا الزِّبْرِقَانُ السَّرَّاجُ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ لَمْ يَاْخُذْ مِنْ شَارِبِهِ فَلَيْسَ مِنَّا

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو موچھیں نہ کاٹے اس کا تعلق ہم سے نہیں ہے (موچھیں کاٹنے کی ترغیب دلائی ہے)۔

**4896** - حَدَّثَنَا مَحْمُودُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَرْوَزِيُّ، ثنا جَمِيلُ بْنُ يَزِيدَ الْمَرْوَزِيُّ، ثنا الْمُسَيَّبُ بْنُ شَرِيكٍ، عَنْ حَمْزَةَ الزَّيَّاتِ، عَنْ يُوسُفَ بْنِ صُهَيْبٍ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَيْسَ مِنَّا مَنْ لَمْ يَاْخُذْ مِنْ شَارِبِهِ

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو موچھیں نہ کاٹے اس کا تعلق ہم سے نہیں ہے (موچھیں کاٹنے کی ترغیب دلائی ہے)۔

**4897** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اُسَيْدٍ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ بَزِيغٍ الْجَزَّارُ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ حُمَيْدٍ الْاَصْبَاغِيُّ، ثنا يُوسُفُ بْنُ صُهَيْبٍ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ يَسَارٍ، قَالَ: لَمَّا اُصِيبَ الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَامَ زَيْدُ بْنُ اَرْقَمَ، اِلَى بَابِ الْمَسْجِدِ، فَقَالَ:

حضرت حبیب بن یسار فرماتے ہیں کہ جب حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کو شہید کیا گیا تو حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ مسجد کے دروازے پر کھڑے ہوئے اور فرمایا: کیا تم نے یہ کیا ہے' میں گواہی دیتا ہوں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: اے اللہ! حسن و حسین اور نیک بندوں کو تیرے سپرد کرتا



---

**4897**- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **9** صفحه **194** وقال: رواه الطبراني وفيه محمد بن سليمان بن بزيع ولم أعرفه وبقية رجاله ثقات .

اَفَعَلْتُمُوهَا اَشْهَدُ اَنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اَللّٰهُمَّ اَسْتَوْدِعُكَهُما وَصَالِحَ الْمُؤْمِنِينَ فَقِيلَ لِعُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ زِيَادٍ: اِنَّ زَيْدَ بْنَ اَرْقَمَ قَالَ كَذَا وَكَذَا، فَقَالَ: ذٰلِكَ شَيْخٌ قَدْ ذَهَبَ عَقْلُهُ

ہوں۔عبیداللہ بن زیاد نے کہا: حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ نے ایسے ایسے کہا ہے ابن زیاد نے کہا: وہ بوڑھا ہوگیا اس کی عقل چلی گئی ہے۔

## اَبُو الْمِنْهَالِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ

## حضرت ابومنہال حضرت زید بن ارقم سے روایت کرتے ہیں

**4898** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَفَّانُ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ اَبِي ثَابِتٍ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا الْمِنْهَالِ، قَالَ: سَاَلْتُ الْبَرَاءَ بْنَ عَازِبٍ وَزَيْدَ بْنَ اَرْقَمَ، عَنِ الصَّرْفِ، فَهٰذَا يَقُولُ: سَلْ هٰذَا، وَهٰذَا يَقُولُ: سَلْ هٰذَا، فَاِنَّهُ خَيْرٌ مِنِّي وَاَعْلَمُ، كِلَاهُمَا يَقُولُ ذٰلِكَ، فَسَاَلْتُهُمَا فَقَالَا: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ بَيْعِ الْوَرِقِ بِالذَّهَبِ دَيْنًا

حضرت ابوالمنہال فرماتے ہیں: میں نے حضرت براء بن عازب اور حضرت زید بن ارقم سے پوچھا: بیع صرف کے بارے میں۔ پس یہ کہتے ہیں: اس سے سوال کر۔اور یہ فرماتے ہیں: اس سے پوچھ کیونکہ وہ مجھ سے بہتر اور زیادہ جاننے والا ہے۔ان میں دونوں میں سے ہر ایک یہ بات کہتا ہے۔میں نے دونوں سے سوال کیا پس انہوں نے فرمایا: رسول کریم ﷺ نے ایسی ادھار پر بیع سے منع فرمایا جو چاندی کی سونے کے بدلے ہو۔

**4899** - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا يَحْيَى، عَنْ شُعْبَةَ، ثنا عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ، عَنْ اَبِي الْمِنْهَالِ، عَنِ الْبَرَاءِ، وَزَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، قَالَا: قَدِمَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَنَحْنُ

حضرت براء اور زید بن ارقم رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ تشریف لائے ہم جا رہے تھے آپ نے فرمایا: نقد نقد جائز ہے اور اُدھا ناپسند ہے۔



---

4898- أخرجه مسلم في صحيحه جلد3صفحه1212' رقم الحديث: 1589 .

4899- أخرج نحوه مسلم في صحيحه جلد 3صفحه1212' رقم الحديث: 1589 . والبخاري في صحيحه جلد3 صفحه1433' رقم الحديث: 3724 .

نَصْرِفُ فَقَالَ: لَا بَأْسَ بِهِ يَدًا بِيَدٍ وَتُكْرَهُ النَّسِيئَةُ

## عَلِيُّ بْنُ رَبِيعَةَ الْوَالِبِيُّ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ

**4900** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو غَسَّانَ مَالِكُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، ثنا إِسْرَائِيلُ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ الْمُغِيرَةِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ رَبِيعَةَ، قَالَ: لَقِيتُ زَيْدَ بْنَ أَرْقَمَ، دَاخِلًا عَلَى الْمُخْتَارِ، أَوْ خَارِجًا، قَالَ: قُلْتُ: حَدِيثًا بَلَغَنِي عَنْكَ سَمِعْتَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِنِّي تَارِكٌ فِيكُمُ الثَّقَلَيْنِ كِتَابَ اللّٰهِ وَعِتْرَتِي؟ قَالَ: نَعَمْ

## حضرت علی بن ربیعہ الوالبیؒ حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

حضرت علی بن ربیعہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے ملا' حضرت زید' مختار کے پاس آئے' مختار نے آپ سے کہا: مجھے آپ کے حرم سے حدیث پہنچی ہے' آپ نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ میں تم میں دو بھاری چیزیں چھوڑ کر جا رہا ہوں' قرآن اور اپنی اہل بیت؟ حضرت زید رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جی ہاں!

## أَبُو سَعْدٍ الْأَزْدِيُّ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ

**4901** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ح وَحَدَّثَنَا أَبُو خَلِيفَةَ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِينِيِّ، قَالَا: ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسَى، ثنا إِسْرَائِيلُ، عَنِ السُّدِّيِّ، عَنْ أَبِي سَعْدٍ الْأَزْدِيِّ، ثنا زَيْدُ بْنُ أَرْقَمَ، قَالَ: غَزَوْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَكَانَ مَعَنَا

## حضرت ابو سعد الازدیؒ حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ جہاد کیا' ہمارے ساتھ دیہات سے کچھ لوگ تھے' وہ ہم سے آگے نکل گئے' ایک دیہاتی اپنے ساتھی سے آگے نکل گیا' اس نے حوض بھرا اور اس کے اردگرد پتھر لگائے' اس پر چمٹا رہا' اس کے ساتھی آئے اور انصار سے ایک آدمی آیا' اس



---

**4901**- أورده الترمذي في سننه جلد5صفحه315' رقم الحديث: 3313 .

أُنَاسٌ مِنَ الْأَعْرَابِ يَسْبِقُونَا، فَسَبَقَ الْأَعْرَابِيُّ أَصْحَابَهُ يَمْلَأُ الْحَوْضَ، وَيَجْعَلُ حَوْلَهُ حِجَارَةً، وَيَجْعَلُ النِّطَعَ عَلَيْهِ حَتَّى يَجِيءَ أَصْحَابُهُ، وَأَتَى رَجُلٌ مِنَ الْأَنْصَارِ أَعْرَابِيًّا، فَأَرْخَى زِمَامَ نَاقَتِهِ لِتَشْرَبَ، فَأَبَى أَنْ يَدَعَهُ، فَانْتَزَعَ حَجَرًا فَغَاضَ الْمَاءُ وَمَعَ الْأَعْرَابِيِّ خَشَبَةٌ، فَضَرَبَ بِهَا رَأْسَ الْأَنْصَارِيِّ فَشَجَّهُ، فَأَتَى عَبْدُ اللهِ بْنُ أُبَيٍّ رَأْسُ الْمُنَافِقِينَ فَأَخْبَرَهُ، وَكَانَ مِنْ أَصْحَابِهِ فَغَضِبَ عَبْدُ اللهِ بْنُ أُبَيٍّ، ثُمَّ قَالَ: (لَا تُنْفِقُوا عَلَى مَنْ عِنْدَ رَسُولِ اللهِ حَتَّى يَنْفَضُّوا مِنْ حَوْلِهِ) يَعْنِي الْأَعْرَابَ، وَكَانُوا يَحْضُرُونَ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدَ الطَّعَامِ، فَقَالَ عَبْدُ اللهِ لِأَصْحَابِهِ: إِذَا انْفَضُّوا مِنْ عِنْدِ مُحَمَّدٍ ائْتُوا مُحَمَّدًا بِالطَّعَامِ، فَلْيَأْكُلْ هُوَ وَمَنْ عِنْدَهُ، ثُمَّ قَالَ لِأَصْحَابِهِ: إِذَا رَجَعْتُمْ إِلَى الْمَدِينَةِ فَلْيُخْرِجِ الْأَعَزُّ مِنْكُمُ الْأَذَلَّ، قَالَ زَيْدٌ: وَأَنَا رَدِيفُ عَمِّي رَضِيَ اللهُ عَنْهُ، قَالَ: فَسَمِعْتُ عَبْدَ اللهِ بْنَ أُبَيٍّ، وَكُنَّا أَخْوَالَهُ، فَأَخْبَرْتُ عَمِّي، فَانْطَلَقَ فَأَخْبَرَ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَرْسَلَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَحَلَفَ وَجَحَدَ، فَصَدَّقَهُ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَكَذَّبَنِي، فَجَاءَ عَمِّي، فَقَالَ: مَا أَرَدْتَ إِلَّا أَنْ مَقَتَكَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَذَّبَكَ الْمُسْلِمُونَ، فَوَقَعَ عَلَيَّ مِنَ الْهَمِّ مَا لَمْ يَقَعْ عَلَى أَحَدٍ قَطُّ، فَبَيْنَا

نے اپنی اونٹنی کی نکیل چھوڑ دی پانی پینے کے لیے' اس دیہاتی نے چھوڑنے سے انکار کر دیا' انصاری نے پتھر کھینچا اور پانی بہہ نکلا' دیہاتی کے پاس لکڑی تھی' اس نے انصاری کے سر پر ماری اور زخمی کر دیا۔ عبداللہ بن ابی منافقوں کا سردار آیا' اس نے بتایا: اس کے ساتھی تھے' عبداللہ بن ابی ناراض ہوا' پھر اس نے کہا: رسول اللہ ﷺ کے پاس بیٹھنے والوں پر خرچ نہ کرو یہاں تک کہ ختم ہو جائیں' اس کے اردگرد دیہاتی اکٹھے ہوئے' رسول اللہ ﷺ کے کھانے کے وقت آئے' انہوں نے کھایا جو آپ کے پاس تھا' پھر عبداللہ نے اپنے ساتھیوں سے کہا: میں محمد کے پاس سے کھانا ختم ہو تو محمد کے پاس کھانا لانا تاکہ وہ اور اس کے پاس والے کھائیں' پھر اس نے اپنے ساتھیوں سے کہا: جب تم مدینہ واپس جاؤ تو تم عزت والے ذلیلوں کو نکال دینا۔ حضرت زید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں اپنے چچا کے پیچھے تھا' میں نے عبداللہ بن اُبی کی بات سن لی' ہم اس کے ماموں تھے' میں نے اپنے چچا کو بتایا' وہ چلے اور رسول اللہ ﷺ کو بتایا' رسول اللہ ﷺ نے عبداللہ بن ابی کی طرف آدمی بھیجا' اس نے قسم اُٹھائی اور انکار کر دیا' رسول اللہ ﷺ نے اس کی تصدیق کر دی (بظاہر ورنہ سارا معاملہ جانتے تھے) اور میری تصدیق نہ کی' پس میرے چچا نے آ کر کہا: کیا تو نے رسول کریم ﷺ کو ناراض کرنے کا ارادہ کیا تھا' اور مسلمانوں نے میری تصدیق کا انکار کیا' جتنا غم اس کا مجھ پر ہوا اتنا کبھی نہیں

يَعْنُونَ صَلَاةَ الْعَصْرِ، فَأَتَاهُ جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ بِالْآيَاتِ الَّتِي فِيهَا صَلَاةُ الْخَوْفِ، فَلَمَّا حَضَرَتِ الصَّلَاةُ أَذَّنَ الْمُؤَذِّنُ وَأَقَامَ، فَتَقَدَّمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَصَفَفْنَا خَلْفَهُ صَفَّيْنِ، وَالْمُشْرِكُونَ يَوْمَئِذٍ مِمَّا يَلِي الْقِبْلَةَ، فَرَكَعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَرَكَعْنَا، ثُمَّ سَجَدَ وَسَجَدَ الصَّفُّ الَّذِي يَلِيهِ، وَقَامَ الْمُؤَخَّرُ، فَلَمَّا فَرَغُوا مِنْ سُجُودِهِمْ سَجَدَ الصَّفُّ الْمُؤَخَّرُ، فَتَلَاوَمَ الْمُشْرِكُونَ بَيْنَهُمْ قَالَ أَبُو عَيَّاشٍ: فَصَلَّى بِنَا فِي أَرْضِ بَنِي سُلَيْمٍ أَيْضًا مِثْلَهَا

آیات لے کر جس میں صلاۃ الخوف کا تذکرہ تھا۔ پس جب نماز کا وقت ہوا تو مؤذن نے اذان پڑھی اور اقامت کہی۔ پس رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مصلائے امامت پر تشریف لے گئے تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے پیچھے دو صفیں بنائیں۔ اس دن مشرکین قبلہ کی سمت تھے۔ پس رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے رکوع کیا اور ہم نے بھی رکوع کیا' پھر آپ نے سجدہ کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ والی صف نے سجدہ کیا اور پچھلی صف والے کھڑے رہے۔ پس جب وہ اپنے سجدے سے فارغ ہوئے تو دوسری صف والوں نے سجدہ کیا' پس مشرکین ایک دوسرے کو ملامت کرنے لگے۔ حضرت ابوعیاش فرماتے ہیں: پس آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بنوسلیم کے علاقے میں بھی ہمیں اسی کی مثل نماز پڑھائی۔

**4993** - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ صَدَقَةَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ خَالِدِ بْنِ خَلِيٍّ الْحِمْصِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا سَلَمَةُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ الْعَوصِيُّ، ثنا أَبُو الْحَسَنِ الْهَمْدَانِيُّ يَعْنِي عَلِيَّ بْنَ صَالِحٍ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ أَبِي عَيَّاشٍ الزُّرَقِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي صَلَاةِ الْخَوْفِ أَنَّهُ صَلَّى بِالنَّاسِ فَرَكَعُوا جَمِيعًا، ثُمَّ رَفَعُوا جَمِيعًا فَسَجَدَ بَعْضُهُمْ مَعَهُ وَقَامَ الْآخَرُونَ، فَلَمَّا رَفَعُوا رُءُوسَهُمْ تَأَخَّرُوا وَجَاءَ الْآخَرُونَ، فَسَجَدُوا بَعْضُهُمْ مَعَهُ، وَقَامَ الْآخَرُونَ فَلَمَّا رَفَعُوا رُءُوسَهُمْ تَأَخَّرُوا وَجَاءَ الْآخَرُونَ فَسَجَدُوا مَكَانَهُمْ، ثُمَّ صَلَّى الثَّانِيَةَ مِثْلَ

حضرت ابوعیاش زرقی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نمازِ خوف کے بارے میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے لوگوں کو نماز پڑھائی' پس تمام نے اکٹھے رکوع کیا لیکن سجدہ بعض نے آپ کے ساتھ کیا اور دوسرے کھڑے رہے۔ پس جب انہوں نے اپنے سر اُٹھائے تو دیر کی (تاکہ دوسرے سجدہ کرلیں) اور دوسرے آئے' پس ان میں سے بعض نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ سجدہ کیا اور کچھ دوسرے کھڑے رہے' جب انہوں نے اپنے سر سجدے سے اُٹھائے تو دوسروں کیلئے دیر کی اور دوسروں نے آ کر اپنی جگہ سجدہ کیا پھر دوسری رکعت پہلی کی مانند پڑھی' پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

الْأُولَى، ثُمَّ جَلَسَ وَجَلَسَ مَنْ يَلِيهِ وَالْآخَرُونَ قِيَامٌ، ثُمَّ سَلَّمَ وَسَلَّمَ مَنْ يَلِيهِ ثُمَّ قَامُوا وَجَاءَ أُولَئِكَ فَسَجَدُوا مَكَانَهُمْ ثُمَّ سَلَّمُوا

بیٹھ گئے اور جو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قریب تھے وہ بھی بیٹھے لیکن دوسرے کھڑے رہے‘ پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اور ساتھ والوں نے سلام پھیر دیا پھر وہ اُٹھ کھڑے ہوئے اور اُنہوں نے آ کر اپنی جگہ سجدہ کیا‘ پھر قعدہ کرکے سلام پھیرا۔

زید بن الصامت ابو عیاش الزرقی

**4994** - حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ سِنَانٍ الْوَاسِطِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، أَنَا جَعْفَرُ بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ أَبِي عَيَّاشٍ الزُّرَقِيِّ، قَالَ: صَلَّى بِنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَاةَ الظُّهْرِ بِعُسْفَانَ، وَعَلَى الْمُشْرِكِينَ خَالِدُ بْنُ الْوَلِيدِ، فَقَالَ الْمُشْرِكُونَ: قَدْ كَانُوا عَلَى حَالٍ لَوْ أَصَبْنَا غِرَّتَهُمْ، فَقَالُوا: يَأْتِي عَلَيْهِمُ الْآنَ صَلَاةٌ هِيَ أَحَبُّ إِلَيْهِمْ مِنْ أَوْلَادِهِمْ وَأَنْفُسِهِمْ، فَنَزَلَ جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ بِالْآيَاتِ الَّتِي فِيهَا صَلَاةُ الْخَوْفِ، فَصَفَّ أَصْحَابُهُ خَلْفَهُ صَفَّيْنِ، فَكَبَّرَ وَكَبَّرْنَا جَمِيعًا، وَرَكَعَ وَرَكَعْنَا جَمِيعًا، وَسَجَدَ وَسَجَدَ الصَّفُّ الَّذِي يَلِيهِ، فَلَمَّا قَامَ تَأَخَّرَ الصَّفُّ الَّذِي يَلِيهِ، فَقَامُوا مَقَامَ الصَّفِّ الْمُؤَخَّرِ، وَتَقَدَّمَ الصَّفُّ الْمُؤَخَّرُ، فَقَامَ مَقَامَهُمْ، فَرَكَعَ وَرَكَعْنَا جَمِيعًا، وَرَفَعَ وَرَفَعْنَا جَمِيعًا، وَسَجَدَ الصَّفُّ الَّذِي يَلِيهِ، فَلَمَّا جَلَسَ سَجَدَ الصَّفُّ الْمُؤَخَّرُ

حضرت ابوعیاش زرقی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہمیں ظہر کی نماز پڑھائی‘ عسفان کے مقام پر اور مشرکین کے کمانڈر حضرت خالد بن ولید تھے‘ تو مشرکین نے کہا: وہ تھے اس حال پر کہ ہم موقعہ پا کر حملہ کر سکتے تھے۔ پس انہوں نے کہا: ان پر اب ایسی نماز کا وقت ہو رہا ہے جو انہیں اپنی اولاد اور جانوں سے بھی زیادہ پیاری ہے۔ پس حضرت جبریل علیہ السلام آیات لائے جن میں نمازِ خوف کا ذکر تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صحابہ نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پیچھے دو صفیں بنائیں‘ پس آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تکبیر کہی اور تمام نے اکٹھے تکبیر کہی‘ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے رکوع کیا اور ہم سب نے رکوع کیا‘ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سجدہ کیا اور آپ کے ساتھ والی صف نے سجدہ کیا‘ پس جب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کھڑے ہوئے تو آپ کے ساتھ والی صف پیچھے آ گئی‘ پس وہ پیچھے والی صف پر کھڑے ہو گئے اور پیچھے والی صف آگے ہو گئی۔ پس وہ ان کی جگہ کھڑے ہو گئے۔ پس آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے رکوع کیا اور ہم نے بھی رکوع کیا‘ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سر اُٹھایا تو ہم نے بھی سر اُٹھایا اور سجدہ صرف آپ کے ساتھ والی صف نے کیا‘ پس جب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے قعدہ

کیا تو پیچھے والی صف نے سجدہ کیا (یعنی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک رکعت اک صف کو اور ایک رکعت دوسری صف کو پڑھائی)۔

**4995** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اُسَيْدٍ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا يُونُسُ بْنُ حَبِيبٍ، ثنا اَبُو دَاوُدَ، ثنا وَرْقَاءُ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ اَبِي عَيَّاشٍ الزُّرَقِيِّ، قَالَ: كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِعُسْفَانَ، فَحَضَرَتِ الصَّلَاةُ صَلَاةُ الظُّهْرِ، وَعَلَى خَيْلِ الْمُشْرِكِينَ خَالِدُ بْنُ الْوَلِيدِ، فَصَلَّى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاَصْحَابِهِ الظُّهْرَ، فَقَالَ الْمُشْرِكُونَ: اِنَّ لَهُمْ صَلَاةً بَعْدَ هَذِهِ اَحَبُّ اِلَيْهِمْ مِنْ اَبْنَائِهِمْ وَاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ يَعْنُونَ صَلَاةَ الْعَصْرِ، فَنَزَلَ جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ الظُّهْرِ وَالْعَصْرِ، فَاَخْبَرَهُ وَنَزَلَتْ هَذِهِ الْآيَةُ (وَاِذَا كُنْتَ فِيهِمْ فَاَقَمْتَ لَهُمُ الصَّلَاةَ) (النساء: **102**) اِلَى آخِرِهَا، فَحَضَرَتِ الصَّلَاةُ، فَصَفَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَصْحَابَهُ صَفَّيْنِ، وَعَلَيْهِمُ السِّلَاحُ، وَالْعَدُوُّ بَيْنَ يَدَيِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَكَبَّرُوا جَمِيعًا وَرَكَعُوا جَمِيعًا، ثُمَّ سَجَدَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَالصَّفُّ الَّذِي يَلِيهِ، وَالْآخَرُونَ قِيَامٌ يَحْرُسُونَهُمْ، فَلَمَّا فَرَغَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَامَ اِلَى الرَّكْعَةِ الثَّانِيَةِ، وَسَجَدَ

حضرت ابوعیاش زرقی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: عسفان کے مقام پر ہم رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ تھے' ظہر کی نماز کا وقت ہوا جبکہ مشرکوں کے کمانڈر حضرت خالد بن ولید (قبل از اسلام) تھے۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے صحابہ کو ظہر کی نماز پڑھائی تو مشرکوں ں نے کہا: اس نماز کے بعد جو ان کی نماز ہے' وہ ان کو اپنے بیٹوں اور جانوں سے زیادہ پیاری ہے' اُنہوں نے عصر کی نماز مراد لی۔ پس حضرت جبریل علیہ السلام رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اُترے' ظہر و عصر کے درمیان' پس آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خبردار کیا اور یہ آیت نازل ہوئی: ''واذا کنت فیھم الی آخرہ''پس اگلی نماز کا وقت ہو گیا' رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے صحابہ کی دو صفیں بنائیں' اُنہوں نے ہتھیار لیے ہوئے تھے اور دشمن نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سامنے تھے' تکبیر سب نے کہی' رکوع سب نے کیا لیکن سجدہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ صرف پہلی صف نے کیا جبکہ دوسرے ان کی حفاظت کی خاطر کھڑے رہے' پس جب رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سجدوں سے فارغ ہوئے تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دوسری رکعت کیلئے قیام کیا' دوسری صف والوں ں نے سجدہ کیا پھر یہ ان کی صف پہ اور وہ ان کی صف پہ کھڑے ہوئے۔ ان کو رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دوسری رکعت پڑھائی' سب نے

الْـآخَرُونَ، ثُمَّ تَقَدَّمَ هَؤُلَاءِ إِلَى مَصَافِّ هَؤُلَاءِ، وَتَأَخَّرَ هَؤُلَاءِ إِلَى مَصَافِّ هَؤُلَاءِ، فَصَلَّى بِهِمُ الرَّكْعَةَ الْأُخْرَى، فَرَكَعُوا جَمِيعًا، ثُمَّ سَجَدَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالصَّفُّ الَّذِي يَلِيهِ وَالْآخَرُونَ قِيَامٌ يَحْرُسُونَهُمْ، فَلَمَّا فَرَغُوا سَجَدَ هَؤُلَاءِ، ثُمَّ سَلَّمَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ أَبُو عَيَّاشٍ: فَصَلَّى رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَذِهِ الصَّلَاةَ مَرَّتَيْنِ مَرَّةً بِعُسْفَانَ وَمَرَّةً بِأَرْضِ بَنِي سُلَيْمٍ

رکوع کیے پھر رسول کریم ﷺ اور پہلی موجودہ صف والوں نے سجدہ کیا جبکہ دوسری صف والے ان کی حفاظت کیلئے کھڑے رہے پس جب وہ فارغ ہوئے تو اُنہوں نے سجدہ کیا' پھر رسول کریم ﷺ نے تو سلام پھیر دیا۔ حضرت ابوعیاش فرماتے ہیں: پس رسول کریم ﷺ نے ان کو یہ نماز دوبار پڑھائی' ایک بار عسفان کے مقام پر اور دوسری بار بنوسلیم کی سرزمین میں۔

حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ التُّسْتَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ كَرَامَةَ، ثنا عُبَيْدُ اللهِ بْنُ مُوسَى، ثنا إِسْرَائِيلُ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ أَبِي عَيَّاشٍ الزُّرَقِيِّ، قَالَ: صَلَّى بِنَا النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِعُسْفَانَ صَلَاةَ الظُّهْرِ، فَلَمَّا فَرَغَ قَالَ الْمُشْرِكُونَ وَعَلَيْهِمْ خَالِدُ بْنُ الْوَلِيدِ: لَقَدْ كَانُوا عَلَى حَالٍ لَوْ أَرَدْنَا لَأَصَبْنَا مِنْهُمْ غَفْلَةً، وَلَأَصَبْنَا مِنْهُمْ غِرَّةً، فَنَزَلَتْ هَذِهِ الْآيَةُ بَيْنَ الظُّهْرِ وَالْعَصْرِ فِي شَأْنِ الصَّلَاةِ، فَذَكَرَ نَحْوَهُ

حضرت ابوعیاش زرقی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: عسفان کے مقام پر نبی کریم ﷺ نے ہمیں ظہر کی نماز پڑھائی۔ پس جب آپ ﷺ فارغ ہوئے تو مشرکین نے کہا: جبکہ ان کے اوپر خالد بن ولید تھے' تحقیق وہ اس حال پر تھے کہ اگر ہم ارادہ کرتے تو ان کی غفلت سے فائدہ اُٹھا سکتے تھے یا ان پر دھوکہ سے حملہ آور ہو سکتے تھے' پس یہ آیت ظہر اور عصر کے درمیان نازل ہوئی نماز کے حق میں۔ پس اس جیسی حدیث ذکر کی ہے۔

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ، ثنا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ، ثنا جَرِيرٌ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ أَبِي عَيَّاشٍ الزُّرَقِيِّ، قَالَ: صَلَّى بِنَا النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَذَكَرَ مِثْلَهُ

حضرت ابوعیاش فرماتے ہیں: نبی کریم ﷺ نے ہمیں نماز پڑھائی' اس کے بعد اسی کی مثل حدیث ذکر کی۔

**4996** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، وَأَبُو

حضرت ابوعیاش الزرقی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں



---

**4996**- أورده ابن ماجه في سننه جلد**2**صفحه**1272**' رقم الحديث: **3867** .

مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، قَالَا: ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي عَيَّاشٍ الزُّرَقِيِّ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ قَالَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ، كَانَتْ لَهُ كَعِتْقِ رَقَبَةٍ مِنْ وَلَدِ اِسْمَاعِيلَ، وَكُتِبَ لَهُ عَشْرُ حَسَنَاتٍ، وَحُطَّ عَنْهُ عَشْرُ سَيِّئَاتٍ، وَرُفِعَ لَهُ عَشْرُ دَرَجَاتٍ، وَكَانَ فِي حِرْزٍ مِنَ الشَّيْطَانِ حَتَّى يُمْسِيَ، فَاِنْ قَالَهَا اِذَا اَمْسَى كَانَ لَهُ مِثْلُ ذٰلِكَ قَالَ: فَرَاَى رَجُلٌ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيمَا يَرَى النَّائِمُ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اِنَّ اَبَا عَيَّاشٍ الزُّرَقِيِّ اَخْبَرَنَا عَنْكَ بِكَذَا وَكَذَا، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: صَدَقَ اَبُو عَيَّاشٍ

کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے ''لا الٰہ الا اللّٰہ الی آخرہ'' پڑھا اس کو اولادِ اسماعیل سے ایک غلام آزاد کرنے کا ثواب ملے گا اور دس نیکیاں ملیں گی اور دس گناہ معاف کیے جائیں گے اور دس درجات بلند کیے جائیں گے اور شام تک شیطان کے شر سے اس کی حفاظت کی جائے گی' جب شام کو پڑھے تو اسی طرح ثواب ہوگا۔ حضرت ابوعیاش رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ایک آدمی نے رسول اللہ ﷺ کو خواب میں دیکھا' عرض کی: یارسول اللہ! ابوعیاش الزرقی ہمیں آپ کے حوالے سے ایسے ایسے بیان کرتے ہیں' حضور ﷺ نے فرمایا: ابوعیاش نے سچ کہا ہے۔

## زَيْدُ بْنُ خَارِجَةَ الْاَنْصَارِيُّ مِنْ بَنِي حَارِثَةَ بْنِ الْخَزْرَجِ بَدْرِيٌّ

## حضرت زید بن خارجہ انصاری بنی حارث بن خزرج بدری سے ہیں

كَانَ يَنْزِلُ الْمَدِينَةَ، تُوُفِّيَ فِي خِلَافَةِ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

آپ مدینہ آئے' حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کے دورِ خلافت میں وصال کیا۔

**4997** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ

حضرت ابن خارجہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ



**4997**- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 3 صفحه 39 وقال رواه الطبراني في الكبير وفيه حمران بن أعين وثقه أبو حاتم وضعفه ابن معين وبقية رجاله ثقات .

حَنْبَلٍ، ثنا اَبِی، ثنا مُعَاوِيَةَ بْنُ هِشَامٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ حُمْرَانَ بْنِ اَعْيَنَ، عَنْ اَبِی الطُّفَيْلِ، عَنِ ابْنِ خَارِجَةَ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِیُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ عَمْرٍو الْاَشْعَثِیُّ، ثنا عَبْثَرُ بْنُ الْقَاسِمِ، عَنْ حُمْرَانَ بْنِ اَعْيَنَ، عَنْ اَبِی الطُّفَيْلِ، عَنِ ابْنِ خَارِجَةَ، قَالَ: لَمَّا بَلَغَ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَفَاةُ النَّجَاشِیِّ، قَالَ: اِنَّ اَخَاكُمْ قَدْ تُوُفِّیَ فَخَرَجَ فَصَفَفْنَا خَلْفَهُ، فَصَلَّيْنَا وَمَا نَرَى شَيْئًا

جب حضور ﷺ کو حضرت نجاشی کے وصال کی خبر ہوئی تو آپ نے فرمایا: تمہارا بھائی وصال کر گیا ہے' آپ نکلے اور ہم نے آپ کے پیچھے صف بنائی' ہم نے نمازِ جنازہ پڑھی' ہم نے کوئی شی نہیں دیکھی۔

**4998** - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْاَسْفَاطِیُّ، ثنا مُوسَى بْنُ اِسْمَاعِيلَ، ثنا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ، ح وَحَدَّثَنَا اَبُو خَلِيفَةَ، ثنا عَلِیُّ بْنُ الْمَدِينِیِّ، ثنا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ الْفَزَارِیُّ، قَالَا: ثنا عُثْمَانُ بْنُ حَكِيمٍ، عَنْ خَالِدِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ مُوسَى بْنِ طَلْحَةَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ خَارِجَةَ الْاَنْصَارِیِّ، قَالَ: قُلْنَا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ قَدْ عَرَفْنَا كَيْفَ نُسَلِّمُ عَلَيْكَ، فَكَيْفَ نُصَلِّی عَلَيْكَ؟ قَالَ: قُولُوا اللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلَى مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلَى اِبْرَاهِيمَ وَآلِ اِبْرَاهِيمَ، اِنَّكَ حَمِيدٌ مَجِيدٌ

حضرت زید بن خارجہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم نے عرض کی: ہم نے پہچان لیا کہ کیسے ہم آپ ﷺ کی بارگاہ میں سلام عرض کریں اور کیسے درود پڑھیں؟ آپ نے فرمایا: پڑھو! ''اللّٰهم بارك على محمد الى آخره''۔

**4999** - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ

حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ



---

**4998**- الآحاد والمثانی جلد4صفحه56' رقم الحديث: 2000 .

**4999**- ذكره الهيثمی فی مجمع الزوائد جلد 5صفحه180 وقال: وفی رواية عن النعمان بن بشير قال لما توفی زيد بن خارجة انتظرت خروج عثمان فقلت يصلی ركعتين فكشف الثوب عن وجهه فقال السلام عليكم السلام عليكم وأهل البيت يتكلمون قال فقلت وانا فی الصلاة سبحان الله سبحان الله فقال أنصتوا أنصتوا والباقی بنحوه رواه كله

الْمُجَاشِعِيُّ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي يَعْقُوبَ الْكَرْمَانِيُّ، ثنا الضَّحَّاكُ بْنُ مَيْمُونٍ الثَّقَفِيُّ، ثنا دَاوُدُ بْنُ اَبِي هِنْدٍ، عَنْ زَيْدٍ، اَوْ يَزِيدَ بْنِ نَافِعٍ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ سَالِمٍ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيرٍ، قَالَ: بَيْنَمَا زَيْدُ بْنُ خَارِجَةَ، يَمْشِي فِي بَعْضِ طُرُقِ الْمَدِينَةِ اِذْ خَرَّ مَيِّتًا بَيْنَ الظُّهْرِ وَالْعَصْرِ، فَنُقِلَ اِلَى اَهْلِهِ وَسُجِّيَ بَيْنَ بُرْدَتَيْنِ وَكِسَاءٍ، فَلَمَّا كَانَ بَيْنَ الْمَغْرِبِ وَالْعِشَاءِ، اجْتَمَعَ نِسْوَةٌ مِنَ الْاَنْصَارِ يَصْرُخْنَ حَوْلَهُ، اِذْ سَمِعُوا صَوْتًا مِنْ تَحْتِ الْكِسَاءِ يَقُولُ: اَنْصِتُوا اَيُّهَا النَّاسُ مَرَّتَيْنِ، فَحَسَرُوا عَنْ وَجْهِهِ وَصَدْرِهِ، فَقَالَ: مُحَمَّدٌ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ النَّبِيُّ الْاُمِّيُّ خَاتَمُ النَّبِيِّينَ، كَانَ ذَلِكَ فِي الْكِتَابِ الْاَوَّلِ، ثُمَّ قِيلَ عَلَى لِسَانِهِ: صَدَقَ اَبُو بَكْرٍ الصِّدِّيقُ خَلِيفَةُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْقَوِيُّ الْاَمِينُ كَانَ ضَعِيفًا فِي بَدَنِهِ قَوِيًّا فِي اَمْرِ اللّٰهِ كَانَ ذَلِكَ فِي الْكِتَابِ الْاَوَّلِ، ثُمَّ قِيلَ عَلَى لِسَانِهِ: صَدَقَ صَدَقَ ثَلَاثًا، وَالْاَوْسَطُ عَبْدُ اللّٰهِ عُمَرُ اَمِيرُ الْمُؤْمِنِينَ الَّذِي كَانَ لَا يَخَافُ فِي اللّٰهِ لَوْمَةَ لَائِمٍ، وَكَانَ يَمْنَعُ النَّاسَ اَنْ يَاْكُلَ قَوِيُّهُمْ ضَعِيفَهُمْ، كَانَ ذَلِكَ فِي الْكِتَابِ الْاَوَّلِ، ثُمَّ قِيلَ عَلَى لِسَانِهِ: صَدَقَ صَدَقَ صَدَقَ، ثُمَّ قَالَ: عُثْمَانُ اَمِيرُ الْمُؤْمِنِينَ رَحِيمٌ بِالْمُؤْمِنِينَ، خَلَتِ اثْنَتَانِ وَبَقِيَ

حضرت زید بن خارجہ رضی اللہ عنہ مدینہ کے کسی راستے میں چل رہا تھے' اچانک آپ گرے اور ظہر اور عصر کے درمیان وصال کر گئے' آپ کو آپ کے گھر لایا گیا' آپ کو دو چادروں میں ڈھانپا گیا' جب مغرب اور عشاء کے درمیان کا وقت ہوا تو انصار کی عورتیں اکٹھی ہوئیں' آپ کے اردگرد رونے لگیں' اچانک چادر کے نیچے سے آواز سنی' کہہ رہے تھے: اے لوگو! خاموش ہو جاؤ! دو مرتبہ کہا' پس انہوں نے ان کے چہرے اور سینے سے کپڑا اٹھایا تو اس نے کہا: محمد رسول اللہ نبی اُمّی ہیں اور خاتم النبیین ہیں' یہ ذکر پہلی کتاب میں تھا' پھر اپنی زبان سے کہا: حضرت ابوبکر صدیق' نبی کریم ﷺ کے سچے خلیفہ ہیں' طاقتور اور امانت دار ہیں' بدن کے لحاظ سے کمزور تھے لیکن اللہ کے حکم میں طاقتور تھے' یہ بھی پہلی کتاب میں تھا' پھر اپنی زبان سے تین دفعہ کہا' سچ قرار دیا' حضرت عمر رضی اللہ عنہ امیر المؤمنین' حضرت عمر رضی اللہ عنہ وہ ہیں جو اللہ کے معاملہ میں کسی ملامت کرنے والے کی ملامت سے نہیں ڈرتے تھے' ان لوگوں کو روکتے تھے' جو طاقتور کمزور کا حق کھاتے تھے' یہ بھی پہلی کتاب میں تھا' پھر اپنی زبان سے تین مرتبہ کہا: اس نے سچ کہا! تین بار کہا' پھر فرمایا: حضرت عثمان امیر المؤمنین ایمان والوں پر رحم کرنے والے ہیں' دو گزر گئے اور چار باقی ہیں' پھر لوگوں نے اختلاف کیا' ان کے لیے کوئی نظام نہیں' وہ اور اللہ کی حرام کردہ چیزوں کی ہتک کی جا

زید بن خارجۃ الانصاری من بنی حارثۃ بن الخزرج بدری

الطبرانی فی الکبیر والأوسط باختصار کثیر باسنادین ورجال أحدهما فی الکبیر ثقات .

اَرْبَعٌ، ثُمَّ اخْتَلَفَ النَّاسُ وَلَا نِظَامَ لَهُمْ وَاُبِيحَتِ الْاَحْمَاءُ - يَعْنِي تُنْتَهَكُ الْمَحَارِمُ - وَدَنَتِ السَّاعَةُ، وَاَكَلَ النَّاسُ بَعْضُهُمْ بَعْضًا

رہی ہے' قیامت قریب ہے' لوگ ایک دوسرے کا حق کھا رہے ہیں۔



**5000** - حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ مُحَمَّدٍ السِّمْسَارُ الْوَاسِطِيُّ، ثنا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ بَيَانَ، ثنا اِسْحَاقُ الْاَزْرَقُ، عَنْ شَرِيكٍ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ مُهَاجِرٍ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ سَالِمٍ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيرٍ، قَالَ: لَمَّا تُوُفِّيَ زَيْدُ بْنُ خَارِجَةَ، انْتُظِرَ بِهِ خُرُوجُ عُثْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَقُلْتُ: يُصَلِّي رَكْعَتَيْنِ فَكَشَفَ الثَّوْبَ عَنْ وَجْهِهِ، وَقَالَ: السَّلَامُ عَلَيْكُمْ، السَّلَامُ عَلَيْكُمْ، قَالَ: وَاَهْلُ الْبَيْتِ يَتَكَلَّمُونَ، قَالَ: فَقُلْتُ وَاَنَا فِي الصَّلَاةِ: سُبْحَانَ اللّٰهِ سُبْحَانَ اللّٰهِ، فَقَالَ: اَنْصِتُوا اَنْصِتُوا مُحَمَّدٌ رَسُولُ اللّٰهِ كَانَ ذَلِكَ فِي الْكِتَابِ الْاَوَّلِ، صَدَقَ صَدَقَ صَدَقَ، اَبُو بَكْرٍ الصِّدِّيقُ ضَعِيفٌ فِي جَسَدِهِ قَوِيٌّ فِي اَمْرِ اللّٰهِ كَانَ ذَلِكَ فِي الْكِتَابِ الْاَوَّلِ، صَدَقَ صَدَقَ صَدَقَ، عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ قَوِيٌّ فِي جَسَدِهِ قَوِيٌّ فِي اَمْرِ اللّٰهِ كَانَ ذَلِكَ فِي الْكِتَابِ الْاَوَّلِ، صَدَقَ صَدَقَ صَدَقَ، عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ مَضَتِ اثْنَتَانِ وَبَقِيَ اَرْبَعٌ وَاُبِيحَتِ الْاَحْمَاءُ، بِئْرُ اَرِيسٍ وَمَا بِئْرُ اَرِيسٍ، السَّلَامُ عَلَيْكَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ رَوَاحَةَ هَلْ اَحْسَسْتَ بِي خَارِجَةَ وَسَعْدًا؟ قَالَ شَرِيكٌ: هُمَا اَبُوهُ وَاَخُوهُ

حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب حضرت زید بن خارجہ رضی اللہ عنہ کا وصال ہوا تو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے نکلنے کا انتظار کیا جا رہا تھا' میں نے کہا: دو رکعت نماز ہے' آپ کے چہرے سے کپڑا اُٹھایا گیا اور فرمایا: السلام علیکم! السلام علیکم! گھر والے گفتگو کر رہے تھے' میں نے کہا: میں نماز کی حالت میں ہوں' سبحان اللہ! سبحان اللہ! فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: خاموش رہو! یہ پہلی کتاب میں موجود ہے' اس نے سچ کہا! تین بار کہا' حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ جسمانی لحاظ سے کمزور تھے' اللہ کے معاملہ میں سخت تھے' یہ بھی پہلی کتاب میں موجود ہے' اس نے سچ کہا' تین بار کہا' حضرت عمر رضی اللہ عنہ جسم اور اللہ کے معاملہ میں سخت تھے' یہ بھی پہلی کتاب میں موجود ہے' سچ سچ سچ! حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ امیر المؤمنین ہیں' دو گزر گئے ہیں' چار باقی ہیں' حرام کردہ چیزوں کو حلال جانا جا رہا ہے' اریس کا کنواں کیا ہے؟ عبداللہ بن رواحہ آپ پر سلام ہو! میرے ساتھ خارجہ اور سعد نے نیکی ہے' حضرت شریک نے کہا: دونوں اس کے والد اور بھائی ہیں۔

# زَيْدُ بْنُ اَبِي اَوْفَى الْاَسْلَمِيُّ كَانَ يَنْزِلُ الْبَصْرَةَ

5001 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ، ثنا عَبْدُ الْمُؤْمِنِ بْنُ عَبَّادِ بْنِ عَمْرٍو الْعَبْدِيُّ، ثنا يَزِيدُ بْنُ مَعْنٍ، حَدَّثَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ شُرَحْبِيلَ، عَنْ رَجُلٍ، مِنْ قُرَيْشٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِي اَوْفَى، قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي مَسْجِدِ الْمَدِينَةِ، فَجَعَلَ يَقُولُ: اَيْنَ فُلَانُ بْنُ فُلَانٍ فَلَمْ يَزَلْ يَتَفَقَّدُهُمْ وَيَبْعَثُ اِلَيْهِمْ حَتَّى اجْتَمَعُوا عِنْدَهُ، فَقَالَ: اِنِّي مُحَدِّثُكُمْ بِحَدِيثٍ فَاحْفَظُوهُ وَعُوهُ وَحَدِّثُوا بِهِ مَنْ بَعْدَكُمْ، اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفَى مِنْ خَلْقِهِ خَلْقًا ثُمَّ تَلَا هَذِهِ الْآيَةَ (اللّٰهُ يَصْطَفِي مِنَ الْمَلَائِكَةِ رُسُلًا وَمِنَ النَّاسِ) (الحج: 75) خَلْقًا يُدْخِلُهُمُ الْجَنَّةَ، وَاِنِّي مُصْطَفٍ مِنْكُمْ مَنْ اَحَبَّ اَنْ اَصْطَفِيَهُ وَمُؤَاخٍ بَيْنَكُمْ كَمَا آخَى اللّٰهُ بَيْنَ الْمَلَائِكَةِ، قُمْ يَا اَبَا بَكْرٍ فَقَامَ فَجَثَا بَيْنَ يَدَيْهِ، فَقَالَ: اِنَّ لَكَ عِنْدِي يَدًا، اِنَّ اللّٰهَ يَجْزِيكَ بِهَا، فَلَوْ كُنْتُ مُتَّخِذًا خَلِيلًا لَاتَّخَذْتُكَ خَلِيلًا، فَاَنْتَ مِنِّي بِمَنْزِلَةِ قَمِيصِي مِنْ جَسَدِي وَحَرَّكَ قَمِيصَهُ بِيَدِهِ، ثُمَّ قَالَ: اُدْنُ يَا

# حضرت زید بن ابواوفی اسلمی رضی اللہ عنہ' آپ بصرہ میں آئے تھے

حضرت زید بن ابواوفی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس مدینہ کی مسجد میں آیا' آپ فرمانے لگے: فلاں فلاں کہاں ہے؟ جس کو نہ پایا اس کو بلوانے کے لیے بھیجا' آپ کے پاس جمع ہوئے' آپ نے فرمایا: میں تم کو ایسی حدیث بیان کروں' اس کو یاد کرو اور اپنے بعد والوں کو بیان کرو' اللہ عزوجل نے اپنی مخلوق سے چن لیا' پھر آپ نے یہ آیت تلاوت کی: ''اللہ عزوجل' فرشتوں اور لوگوں کو چن لیا ہے ایسی مخلوق کو جنت میں داخل کرے گا'' میں نے تم میں سے چن لیا جو پسند کرتا ہے کہ چن لیا جائے اور تمہارے مواخات قائم کرے' جس طرح اللہ نے فرشتوں کے درمیان بھائی چارہ کیا ہے' اے ابوبکر! اُٹھو! حضرت ابوبکر اُٹھے' حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے دونوں ہاتھ پھیلائے' آپ نے فرمایا: آپ کا میرے ہاں احسان ہے' اللہ تجھے اس کا بدلہ دے گا' اگر میں کسی کو دوست بناتا تو میں اس کو دوست بناتا' آپ کا میرے ہاں وہی مقام ہے جو قمیص کا جسم کے ساتھ ہوتا ہے' آپ نے اپنی قمیص کو اپنے ہاتھ سے حرکت دی' پھر فرمایا: اے عمر! قریب



5001- الآحاد والمثانی جلد 5 صفحہ 170' رقم الحدیث: 2707 .

زید بن ابی اوفی الاسلمی کان ینزل البصرة

عُمَرَ ، فَدَنَا فَقَالَ: قَدْ كُنْتَ شَدِيدَ الشَّغْبِ عَلَيْنَا أَبَا حَفْصٍ فَدَعَوْتُ اللّٰهَ أَنْ يُعِزَّ الدِّينَ بِكَ أَوْ بِأَبِي جَهْلٍ، فَفَعَلَ اللّٰهُ ذٰلِكَ بِكَ، وَكُنْتَ أَحَبَّهُمَا إِلَيَّ، فَأَنْتَ مَعِي فِي الْجَنَّةِ ثَالِثُ ثَلَاثَةٍ مِنْ هٰذِهِ الْأُمَّةِ ثُمَّ تَنَحَّى وَآخَا بَيْنَهُ وَبَيْنَ أَبِي بَكْرٍ، ثُمَّ دَعَا عُثْمَانَ، فَقَالَ: ادْنُ يَا عُثْمَانُ، ادْنُ يَا عُثْمَانُ فَلَمْ يَزَلْ يَدْنُو مِنْهُ حَتَّى أَلْصَقَ رُكْبَتَهُ بِرُكْبَةِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ نَظَرَ إِلَيْهِ، ثُمَّ نَظَرَ إِلَى السَّمَاءِ ، فَقَالَ: سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيمِ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، ثُمَّ نَظَرَ إِلَى عُثْمَانَ، فَإِذَا أَزْرَارُهُ مَحْلُولَةٌ، فَزَرَّرَهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدِهِ، ثُمَّ قَالَ: اجْمَعْ عِطْفَيْ رِدَائِكَ عَلَى نَحْرِكَ، فَإِنَّ لَكَ شَأْنًا فِي أَهْلِ السَّمَاءِ، أَنْتَ مِمَّنْ يَرِدُ عَلَيَّ الْحَوْضَ وَأَوْدَاجُهُ تَشْخُبُ دَمًا، فَأَقُولُ: مَنْ فَعَلَ هٰذَا بِكَ؟ فَتَقُولُ فُلَانٌ وَفُلَانٌ، وَذٰلِكَ كَلَامُ جِبْرِيلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَذٰلِكَ إِذْ هَتَفَ مِنَ السَّمَاءِ إِلَّا إِنَّ عُثْمَانَ أَمِينٌ عَلَى كُلِّ خَاذِلٍ ثُمَّ دَعَا عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ عَوْفٍ، فَقَالَ: ادْنُ يَا أَمِينَ اللّٰهِ وَالْأَمِينُ فِي السَّمَاءِ يُسَلِّطُكَ اللّٰهُ عَلَى مَالِكَ بِالْحَقِّ، أَمَا إِنَّ لَكَ عِنْدِي دَعْوَةً وَقَدْ أَخَّرْتُهَا قَالَ: خِرْ لِي يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَالَ: حَمَّلْتَنِي يَا عَبْدَ الرَّحْمٰنِ أَمَانَةً أَكْثَرَ اللّٰهُ مَالَكَ ، قَالَ: وَجَعَلَ يُحَرِّكُ يَدَهُ، ثُمَّ تَنَحَّى وَآخَى بَيْنَهُ وَبَيْنَ عُثْمَانَ، ثُمَّ دَخَلَ طَلْحَةُ وَالزُّبَيْرُ، فَقَالَ: ادْنُوَا مِنِّي فَدَنَوَا مِنْهُ فَقَالَ: أَنْتُمَا حَوَارِيِّ

ہو! حضرت عمر رضی اللہ عنہ قریب ہوئے' آپ نے فرمایا: آپ سخت بڑائی کرنے والے تھے۔ اے ابوحفص! میں نے اللہ سے دعا کی' اللہ عزوجل آپ کے ذریعے یا ابوجہل کے ذریعے عزت دے! اللہ عزوجل نے آپ کو اسلام لانے کی سعادت دی ہے' آپ مجھے زیادہ محبوب تھے' آپ ان تین اُمتیوں میں سے ہیں جو جنت میں میرے قریب ہوں گے' پھر پیچھے کیا' آپ اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے درمیان بھائی چارہ کیا' پھر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو بلوایا' آپ نے فرمایا: اے عثمان! قریب ہو! اے عثمان! قریب ہو! آپ ان کو قریب کرتے رہے یہاں تک کہ آپ کے گھٹنے حضورﷺ کے گھٹنوں سے مل گئے' پھر آپ کی طرف نظر رحمت کی' پھر آسمان کی طرف نظر کی' فرمایا: سبحان اللہ العظیم! تین مرتبہ فرمایا' پھر آسمان کی طرف نظر کی' آپ کے بٹن کھلے ہوئے تھے' رسول اللہﷺ نے اپنے ہاتھ سے بٹن بند کیے' پھر حضورﷺ میری چادر اپنے سینہ پر اکٹھی کی' فرمایا: دین کی شان ہو گی' اس حالت میں کہ آپ کی رگوں سے خون بہہ رہا ہو گا' میں کہوں گا: یہ تمہارے ساتھ کس نے کیا ہے؟ تم عرض کرو گے: فلاں اور فلاں نے' اس وقت حضرت جبریل کا کلام ہو گا' پھر حضرت عبدالرحمٰن بن عوف کو بلایا اور فرمایا: اے امین اللہ! قریب ہو جبکہ امین آسمان میں۔ اللہ تعالیٰ تجھے حق کے ساتھ' تیرے مال پر مسلط فرمائے گا' بہرحال تیرے حق میں ایک دعا میرے پاس ہے' جس و

كَحَوَارِيِّي عِيسَى ابْنِ مَرْيَمَ عَلَيْهِ السَّلَامُ ثُمَّ آخَى بَيْنَهُمَا، ثُمَّ دَعَا سَعْدَ بْنَ اَبِي وَقَّاصٍ وَعَمَّارَ بْنَ يَاسِرٍ، فَقَالَ: يَا عَمَّارُ تَقْتُلُكَ الْفِئَةُ الْبَاغِيَةُ ثُمَّ آخَى بَيْنَهُمَا، ثُمَّ دَعَا عُوَيْمِرًا اَبَا الدَّرْدَاءِ وَسَلْمَانَ الْفَارِسِيَّ، فَقَالَ: يَا سَلْمَانُ اَنْتَ مِنَّا اَهْلَ الْبَيْتِ، وَقَدْ آتَاكَ اللّٰهُ الْعِلْمَ الْاَوَّلَ وَالْعِلْمَ الْآخِرَ وَالْكِتَابَ الْاَوَّلَ وَالْكِتَابَ الْآخِرَ ثُمَّ قَالَ: اَلَا اُرْشِدُكَ يَا اَبَا الدَّرْدَاءِ؟ قَالَ: بَلَى بِاَبِي اَنْتَ وَاُمِّي يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَالَ: اِنْ تَنْقُدْ يَنْقُدُوكَ وَاِنْ تَتْرُكْهُمْ لَا يَتْرُكُوكَ، وَاِنْ تَهْرَبْ مِنْهُمْ يُدْرِكُوكَ فَاَقْرِضْهُمْ عِرْضَكَ لِيَوْمِ فَقْرِكَ فَآخَى بَيْنَهُمَا، ثُمَّ نَظَرَ فِي وُجُوهِ اَصْحَابِهِ، فَقَالَ: اَبْشِرُوا وَقَرُّوا عَيْنًا فَاَنْتُمْ اَوَّلُ مَنْ يَرِدُ عَلَيَّ الْحَوْضَ، وَاَنْتُمْ فِي اَعْلَى الْغُرَفِ ثُمَّ نَظَرَ اِلَى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، فَقَالَ: الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي يَهْدِي مِنَ الضَّلَالَةِ فَقَالَ عَلِيٌّ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ ذَهَبَ رُوحِي وَانْقَطَعَ ظَهْرِي حِينَ رَاَيْتُكَ فَعَلْتَ مَا فَعَلْتَ بِاَصْحَابِكَ غَيْرِي، فَاِنْ كَانَ مِنْ سَخْطَةٍ عَلَيَّ فَلَكَ الْعُتْبَى وَالْكَرَامَةُ، فَقَالَ: وَالَّذِي بَعَثَنِي بِالْحَقِّ مَا اَخَّرْتُكَ اِلَّا لِنَفْسِي، فَاَنْتَ عِنْدِي بِمَنْزِلَةِ هَارُونَ مِنْ مُوسَى وَوَارِثِي فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَا اَرِثُ مِنْكَ؟ قَالَ: مَا اَوْرَثَتِ الْاَنْبِيَاءُ قَالَ: وَمَا اَوْرَثَتِ الْاَنْبِيَاءُ قَبْلَكَ؟ قَالَ: كِتَابَ اللّٰهِ وَسُنَّةَ نَبِيِّهِمْ، وَاَنْتَ مَعِي فِي قَصْرِي فِي الْجَنَّةِ مَعَ فَاطِمَةَ ابْنَتِي، وَرَفِيقِي ثُمَّ تَلَا

میں نے مؤخر کر دیا ہے۔ عرض کی: اے اللہ کے رسول! مؤخر ہی رکھیں۔ فرمایا: اے عبدالرحمٰن! تُو نے مجھ پر امانت کا بوجھ ڈالا ہے' اللہ تیرا مال زیادہ کرے۔ راوی کا بیان ہے: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہاتھ حرکت کرنے لگے پھر پیچھے ہٹ گئے اور ان کے اور حضرت عثمان کے درمیان بھائی چارہ قائم فرمایا' پھر حضرت طلحہ وزبیر آئے' فرمایا: میرے قریب ہو! وہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قریب ہوئے' فرمایا: تم میرے حواری ہو' عیسیٰ بن مریم کے حواریوں کی طرح پھر ان کے درمیان بھائی چارہ قائم کیا۔ پھر سعد بن وقاص اور عمار بن یاسر کو بلایا۔ فرمایا: اے عمار! تجھے باغی گروہ شہید کرے گا' پھر ان کے درمیان اخوت کا رشتہ قائم کیا۔ پھر ابودرداء' عویمر اور سلمان فارسی کو بلایا' فرمایا: تُو میری اہل بیت سے ہے' تجھے اللہ نے اوّل و آخر علم دیا ہے اور پہلی اور آخری کتاب۔ پھر فرمایا: اے ابودرداء! کیا تیری راہنمائی نہ کروں؟ عرض کی: کیوں نہیں! میرے ماں باپ آپ پر قربان! اے اللہ کے رسول! فرمایا کہ تُو بچائے گا تو وہ بھی تجھے بچائیں گے اور اگر تُو نے ان کو چھوڑ دیا تو وہ تجھے نہیں چھوڑیں گے اور اگر تُو نے ان سے بھاگے گا تو وہ تجھے پکڑ لیں گے۔ پس تُو ان کے اپنے فقر کے دن کیلئے اپنی عزت قرض دے دے' پس آپ نے ان دونوں کے درمیان بھائی چارہ قائم فرمایا' پھر اپنے صحابہ کے چہروں کی طرف نگاہ کی تو فرمایا: تمہیں بشارت ہو اور تم آنکھ ٹھنڈی کرو' پس سب سے پہلی وہ جماعت ہو گے جو

زيد بن ابى اوفى الاسلمى كان ينزل البصرة

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْآيَةَ (اِخْوَانًا عَلٰى سُرُرٍ مُتَقَابِلِينَ) (الحجر: 47) اَلْاَخِلَّاءُ فِي اللّٰهِ يَنْظُرُ بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضٍ

میرے حوض پر آؤ گے‘ تم (جنت کے) بالا خانوں میں ہو گے‘ پھر حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کی طرف دیکھا تو فرمایا: تمام تعریفیں اللہ کیلئے ہیں جس نے گمراہی سے ہدایت دی۔ اتنے میں حضرت علی رضی اللہ عنہ بول پڑے (صبر کا پیمانہ لبریز ہو گیا) اے اللہ کے رسول! میری روح چلی گئی اور میری کمر ٹوٹ گئی‘ جب میں نے آپ کو دیکھا کہ آپ نے میرے علاوہ اپنے صحابہ سے سلوک کیا جو کیا۔ پس اگر کسی ناراضگی کی وجہ سے ہے تو آپ کیلئے کرامت ہے۔ پس آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: قسم بخدا! میں نے صرف اپنے لیے آپ کو پیچھے چھوڑا ہے‘ تیرا میرے نزدیک وہی مقام ہے جو ہارون کا حضرت موسیٰ کے ہاں تھا اور تو میرا وارث ہے۔ پس آپ رضی اللہ عنہ نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! میں آپ کا وارث کیسے؟ عرض کی: انبیاء کی تو وراثت ہی نہیں ہوتی۔ فرمایا: مجھ سے پہلے انبیاء کی وراثت کیا تھی؟ عرض کی: اللہ کی کتاب اور ان کے نبی کی سنت۔ اور تُو جنت میں میرے محل میں میری بیٹی فاطمہ کے ساتھ ہو گا اور میرا رفیق ہو گا‘ پھر رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ آیت تلاوت کی: ''**اخوانا علی سرر متقابلین**'' اللہ کی رضا کی طاطر دوسری کرنے والے‘ ایک دوسرے کی طرف دیکھیں گے۔



## زَيْدُ بْنُ سَعْنَةَ تُوُفِّيَ فِي

## حضرت زید بن سعنہ رضی اللہ عنہ‘ جو غزوۂ تبوک میں

# غَزْوَةِ تبُوكَ

**5002** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ بْنِ نَجْدَةَ الْحَوْطِيُّ، ثنا اَبِي، ح وَحَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ الْاَبَّارُ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي السَّرِيُّ الْعَسْقَلَانِيُّ، ثنا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ حَمْزَةَ بْنِ يُوسُفَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَامٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَامٍ، قَالَ: اِنَّ اللّٰهَ لَمَّا اَرَادَ هُدَى زَيْدِ بْنِ سَعْنَةَ، قَالَ زَيْدُ بْنُ سَعْنَةَ: مَا مِنْ عَلَامَاتِ النُّبُوَّةِ شَيْءٌ اِلَّا وَقَدْ عَرَفْتُهَا فِي وَجْهِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ نَظَرْتُ اِلَيْهِ اِلَّا اثْنَتَيْنِ لَمْ اَخْبُرْهُمَا مِنْهُ، يَسْبِقُ حِلْمُهُ جَهْلَهُ وَلَا تَزِيدُ شِدَّةُ الْجَهْلِ عَلَيْهِ اِلَّا حِلْمًا، فَكُنْتُ اَلْطُفُ لَهُ لِاَنْ اُخَالِطَهُ، فَاَعْرِفَ حِلْمَهُ مِنْ جَهْلِهِ. قَالَ زَيْدُ بْنُ سَعْنَةَ: فَخَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا مِنَ الْحُجُرَاتِ وَمَعَهُ عَلِيُّ بْنُ اَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَاَتَاهُ رَجُلٌ عَلَى رَاحِلَتِهِ كَالْبَدَوِيِّ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنَّ بُصْرَى قَرْيَةَ بَنِي فُلَانٍ قَدْ اَسْلَمُوا، وَدَخَلُوا فِي الْاِسْلَامِ، وَكُنْتُ حَدَّثْتُهُمْ اِنْ اَسْلَمُوا اَتَاهُمُ الرِّزْقُ رَغَدًا، وَقَدْ اَصَابَتْهُمْ سَنَةٌ وَشِدَّةٌ وَقُحُوطٌ مِنَ الْغَيْثِ، فَاَنَا اَخْشَى يَا رَسُولَ اللّٰهِ اَنْ يَخْرُجُوا مِنَ الْاِسْلَامِ طَمَعًا كَمَا دَخَلُوا فِيهِ طَمَعًا، فَاِنْ رَاَيْتَ اَنْ تُرْسِلَ

# شہید ہوئے

حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: بے شک جب اللہ تعالیٰ نے زید بن سعنہ کو ہدایت دینے کا ارادہ فرمایا تو زید بن سعنہ نے کہا: جتنی نبوت کی علامات ہیں' ان کو میں نے محمد ﷺ کے چہرے سے پہچان لیا ہے' (سبحان اللہ!) جب میں نے آپ ﷺ کی طرف دیکھا مگر دو ایسی ہیں' جن کا مجھے آپ ﷺ (کے ظاہر) کو اظہار نہیں ہوتا ہے' ان پر جہالت کی سختی نہیں ہوتی' بس حلم ہی حلم ہوتا ہے۔ پس میں ان کیلئے لطف کا سلوک کیا کرتا' اس مقصد کیلئے کہ ان کے ساتھ گھل مل جانے کا موقعہ ملے اور میں ان کی بربادی کو پہچان سکوں۔ حضرت زید بن سعنہ خود فرماتے ہیں: ایک دن رسول کریم ﷺ حجروں سے اس حال میں نکلے کہ حضرت علی آپ ﷺ کے ساتھ تھے' پس دیہاتیوں جیسا ایک آدمی اپنی سواری پر سوار ہو کر آپ ﷺ کے پاس آیا' عرض کی: اے اللہ کے رسول! بے شک بنی فلاں کے گاؤں کے صاحبِ بصیرت لوگوں نے اسلام قبول کر لیا ہے اور (دل و جان سے) اسلام میں داخل ہو گئے ہیں' میں نے ان سے بات کی تھی کہ اگر وہ مسلمان ہو جائیں تو ان کے پاس وافر مقدار میں رزق آئے گا (اللہ کی طرف سے) لیکن وہ سخت قحط کی لپیٹ میں ہیں' سختی ہے' بارش نہیں ہوئی

---

5002- أخرج نحوه الحاكم فی مستدرکه جلد3صفحه700' رقم الحدیث: 6547 .

اِلَيْهِمْ بِشَيْءٍ تُعِينُهُمْ بِهِ فَعَلْتَ، فَنَظَرَ اِلَى رَجُلٍ اِلَى جَانِبِهِ اُرَاهُ عَلِيًّا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَا بَقِيَ مِنْهُ شَيْءٌ"، قَالَ زَيْدُ بْنُ سَعْنَةَ: فَدَنَوْتُ اِلَيْهِ، فَقُلْتُ: يَا مُحَمَّدُ، هَلْ لَكَ اَنْ تَبِيعَنِي تَمْرًا مَعْلُومًا مِنْ حَائِطِ بَنِي فُلَانٍ اِلَى اَجَلِ كَذَا وَكَذَا؟ فَقَالَ: لَا يَا يَهُودِيُّ، وَلٰكِنِّي اَبِيعُكَ تَمْرًا مَعْلُومًا اِلَى اَجَلِ كَذَا وَكَذَا، وَلَا تُسَمِّي حَائِطَ بَنِي فُلَانٍ قُلْتُ: بَلَى، فَبَايَعَنِي فَاَطْلَقْتُ هِمْيَانِي، فَاَعْطَيْتُهُ ثَمَانِينَ مِثْقَالًا مِنْ ذَهَبٍ فِي تَمْرٍ مَعْلُومٍ اِلَى اَجَلِ كَذَا وَكَذَا، فَاَعْطَاهَا الرَّجُلَ، فَقَالَ: اغْدُ عَلَيْهِمْ فَاَعِنْهُمْ بِهَا فَقَالَ زَيْدُ بْنُ سَعْنَةَ: فَلَمَّا كَانَ قَبْلَ مَحِلِّ الْاَجَلِ بِيَوْمَيْنِ اَوْ ثَلَاثٍ، اَتَيْتُهُ فَاَخَذْتُ بِمَجَامِعِ قَمِيصِهِ وَرِدَائِهِ، وَنَظَرْتُ اِلَيْهِ بِوَجْهٍ غَلِيظٍ، فَقُلْتُ لَهُ: اَلَا تَقْضِيَنِي يَا مُحَمَّدُ حَقِّي؟ فَوَاللّٰهِ مَا عَلِمْتُكُمْ بَنِي عَبْدِ الْمُطَّلِبِ لَمُطْلٌ، وَلَقَدْ كَانَ لِي بِمُخَالَطَتِكُمْ عِلْمٌ، وَنَظَرْتُ اِلَى عُمَرَ، وَاِذَا عَيْنَاهُ تَدُورَانِ فِي وَجْهِهِ كَالْفَلَكِ الْمُسْتَدِيرِ، ثُمَّ رَمَانِي بِبَصَرِهِ، فَقَالَ: يَا عَدُوَّ اللّٰهِ اَتَقُولُ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا اَسْمَعُ، وَتَصْنَعُ بِهِ مَا اَرَى، فَوَالَّذِي بَعَثَهُ بِالْحَقِّ لَوْلَا مَا اُحَاذِرُ فَوْتَهُ لَضَرَبْتُ بِسَيْفِي رَاْسَكَ، وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْظُرُ اِلَى عُمَرَ فِي سُكُونٍ وَتُؤَدَةٍ، ثُمَّ قَالَ: يَا عُمَرُ، اَنَا وَهُوَ كُنَّا اَحْوَجَ اِلَى غَيْرِ هٰذَا، اَنْ تَاْمُرَنِي بِحُسْنِ الْاَدَاءِ، وَتَاْمُرَهُ

ہے۔ اے اللہ کے رسول! مجھے ڈر ہے کہ وہ اسلام سے نکل جائیں گے لالچ میں جیسے وہ لالچ میں داخل ہوئے تھے۔ پس اگر آپ مناسب سمجھیں تو ان کی طرف کوئی چیز بھیج دیں جس کے ساتھ آپ ان کی مدد کریں۔ کیا آپ ایسا کرتے ہیں۔ پس آپ نے اپنے پہلو میں موجود آدمی کی طرف میرا خیال ہے وہ علی تھے دیکھ کر (اشارہ کیا) اس نے کہا: اے اللہ کے رسول! کوئی چیز باقی نہیں ہے۔ حضرت زید بن سعنہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں آپ ﷺ کے قریب ہوا عرض کی: اے محمد! کیا آپ کو ضرورت ہے کہ آپ بنوفلاں کے باغ سے معین کھجوریں فلاں فلاں مدت تک میرے ہاتھ بیچ دیں؟ (اور اس کی ضرورت پوری کریں) پس آپ ﷺ نے فرمایا: نہیں! اے یہودی! بلکہ میں تجھے معین کھجوریں فلاں فلاں مدت تک بیچتا ہوں لیکن بنوفلاں کے باغ کا نام نہ لے۔ میں نے کہا: کیوں نہیں! پس آپ ﷺ نے مجھے بیچ دیں میں نے اپنی تھیلی کو کھولا میں نے اسی مثقال سونے کے آپ ﷺ کو معین کھجوروں کے سلسلے میں فلاں مدت تک دے دیئے۔ پس آپ ﷺ نے وہ اس آدمی کو عطا کر دیئے اور فرمایا: صبح ان کے پاس جا کر ان کی امداد کر دینا۔ پس حضرت زید بن سعنہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: پس جب مقررہ مدت سے ابھی دو یا تین باقی تھے تو میں آپ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہو گیا۔ پس (بطورِ آزمائش) میں نے آپ کی قمیص اور چادر کے پلو پکڑ

بِحُسْنِ التِّبَاعَةِ، اذْهَبْ بِهِ يَا عُمَرُ وَاعْطِهِ حَقَّهُ وَزِدْهُ عِشْرِينَ صَاعًا مِنْ تَمْرٍ مَكَانَ مَا رَوَّعْتَهُ قَالَ زَيْدٌ: فَذَهَبَ بِي عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَاَعْطَانِي حَقِّي، وَزَادَنِي عِشْرِينَ صَاعًا مِنْ تَمْرٍ، فَقُلْتُ: مَا هَذِهِ الزِّيَادَةُ يَا عُمَرُ؟ فَقَالَ: اَمَرَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ اَزِيدَكَ مَكَانَ مَا رَوَّعْتُكَ، قُلْتُ: وَتَعْرِفُنِي يَا عُمَرُ؟ قَالَ: لَا، مَنْ اَنْتَ؟ قُلْتُ: اَنَا زَيْدُ بْنُ سَعْنَةَ، قَالَ: الْحَبْرُ، قُلْتُ: الْحَبْرُ، قَالَ: فَمَا دَعَاكَ اَنْ فَعَلْتَ بِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا فَعَلْتَ وَقُلْتَ لَهُ مَا قُلْتَ؟ قُلْتُ: يَا عُمَرُ، لَمْ تَكُنْ مِنْ عَلَامَاتِ النُّبُوَّةِ شَيْءٌ اِلَّا وَقَدْ عَرَفْتُهُ فِي وَجْهِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ نَظَرْتُ اِلَيْهِ اِلَّا اثْنَتَيْنِ لَمْ اَخْبُرْهُمَا مِنْهُ، يَسْبِقُ حِلْمُهُ جَهْلَهُ، وَلَا يَزِيدُهُ الْجَهْلُ عَلَيْهِ اِلَّا حِلْمًا، فَقَدْ اَخْبَرْتُهُمَا، فَاُشْهِدُكَ يَا عُمَرُ اَنِّي قَدْ رَضِيتُ بِاللّٰهِ رَبًّا وَبِالْاِسْلَامِ دِينًا وَبِمُحَمَّدٍ نَبِيًّا، وَاُشْهِدُكَ اَنَّ شَطْرَ مَالِي - وَاِنِّي اَكْثَرُهَا مَالًا- صَدَقَةٌ عَلَى اُمَّةِ مُحَمَّدٍ. فَقَالَ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: اَوْ عَلَى بَعْضِهِمْ، فَاِنَّكَ لَا تَسَعُهُمْ. قُلْتُ: اَوْ عَلَى بَعْضِهِمْ، فَرَجَعَ عُمَرُ وَزَيْدٌ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ زَيْدٌ: اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ. وَآمَنَ بِهِ وَصَدَّقَهُ وَبَايَعَهُ وَشَهِدَ مَعَهُ مَشَاهِدَ كَثِيرَةً، ثُمَّ تُوُفِّيَ زَيْدٌ

لیے اور درشت چہرے کے ساتھ میں نے آپ ﷺ کی طرف دیکھا اور آپ سے کہا: اے محمد! کیا تم میرا حق ادا نہیں کرو گے؟ (میں نے کہا:) پس قسم بخدا! جو مجھے معلوم ہے کہ تم بنوعبدالمطلب ٹال مٹول کرنے والے ہو' تمہارے ساتھ میل جول سے مجھے یہ بات اچھی طرح معلوم ہو چکی ہے۔ اسی دوران گھومنے والے فلاں کی طرح آپ ﷺ کے چہرے کا طواف کر رہی تھیں۔ پھر آپ رضی اللہ عنہ نے اپنی آنکھ کا اشارہ میری طرف کر کے فرمایا: اے اللہ کے دشمن! کیا تُو رسول کریم ﷺ کو یہ بات کرتا ہے جو میں سن رہا ہوں اور آپ ﷺ کے ساتھ یہ سلوک کرتا ہے جو میں دیکھ رہا ہوں' پس قسم ہے اس ذات کی جس نے آپ ﷺ کو حق کے ساتھ مبعوث فرمایا ہے' اگر مجھے ان کی ناراضگی کا خوف نہ ہوتا تو میں اپنی تلوار تیرے سر پر دے مارتا۔ جبکہ رسول کریم ﷺ پورے سکون واطمینان سے دیکھ رہے تھے۔ پھر آپ ﷺ نے فرمایا: اے عمر! مجھے اور اسے ہم دونوں کو اس کے علاوہ کسی اور چیز کی ضرورت ہے' آپ مجھے کہیں کہ اچھے طریقے سے ادا کرو اور اسے کہیں کہ خوبصورت طریقے سے لے لے۔ اے عمر! اسے اپنے ساتھ لے جاؤ' اس کا حق پورا کر کے دینے کے بعد بیس صاع کھجور کا اضافہ کر اس چیز کے بدلے جو تُو نے اسے ڈرایا ہے۔ پس حضرت عمر رضی اللہ عنہ مجھے اپنے ساتھ لے گئے' مجھے میرا حق دیا اور مزید بیس صاع کھجور کا اضافہ کر اس چیز کے بدلے جو تُو نے اسے ڈرایا

زید بن سعنة توفی فی غزوة تبوک

فِی غَزْوَةِ تبُوكَ مُقْبِلًا غَیْرَ مُدْبِرٍ، رَحِمَ اللّٰهُ زَیْدًا

ہے۔ پس حضرت عمر رضی اللہ عنہ مجھے اپنے ساتھ لے گئے' مجھے میرا حق دیا اور مزید بیس صاع کھجور مجھے عطا کی۔ پس میں نے کہا: اے عمر! یہ زیادتی کیسی ہے؟ تو اُنہوں نے فرمایا: رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے حکم ارشاد فرمایا کہ میں آپ کو اس ڈرانے کے بدلے میں زیادہ دوں۔ میں نے عرض کی: کیا آپ مجھے پہچانتے ہیں؟ آپ نے فرمایا: نہیں! فرمایا: آپ کون ہیں؟ میں نے عرض کی: زید بن سعنہ! آپ نے فرمایا: یہود کے علماء میں سے عالم۔ میں نے عرض کی: عالم! آپ نے فرمایا: پس آپ کو کس چیز نے دعوت دی' رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ وہ سلوک کرنے کی جو آپ نے کیا؟ اور وہ بات کرنے کی جو آپ نے کی؟ میں نے عرض کی: اے عمر! میں نے تمام علاماتِ نبوت' میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چہرہ ایک بار دیکھ کر میں نے پہچان لیں سوائے دو کے (جن کا تعلق باطنی سے تھا) آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ظاہر کو دیکھ کر ان دو کا پتا نہ چلا کہ نبی کا حلم اس قدر زیادہ ہوتا ہے کہ وہ اس جہل پر سبقت لے جاتا ہے' کوئی جتنا بھی نبی سے جاہلانہ سلوک کرے' وہ نبی کے حلم میں اضافہ کرتا ہے' پس (اب) مجھے ان کا پتہ چل گیا۔ پس میں آپ کو گواہ بناتا ہوں' اے عمر! کہ میں اللہ کے رب ہونے پر راضی ہوں' اسلام کے دین ہونے پر اور محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نبی ہونے پر (دل و جان سے) راضی ہوں اور میں آپ کو گواہ بناتا ہوں کہ میرے مال کا ایک حصہ (اور میرے پاس مال بہت

زیادہ ہے) محمد ﷺ کی اُمت پر صدقہ ہوا۔ پس حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: (ساری اُمت پر) یا ان میں سے بعض پر کیونکہ آپ اس کی طاقت نہ رکھیں گے۔ میں نے عرض کی: آپ ﷺ کے اُمت کے بعض پر۔ پس حضرت عمرو زید لوٹ کر رسول کریم ﷺ کی خدمت میں آئے، زید نے پڑھا: اشھد ان لا الہ الا اللہ واشھد ان محمداً عبدہ ورسولہ۔ وہ آپ ﷺ پر ایمان لایا، آپ کی تصدیق کی، آپ ﷺ کی بیعت کی اور بہت سارے غزوات میں آپ کے ساتھ حاضر ہوا پھر زید غزوۂ تبوک میں آگے بڑھتے ہوئے شہید ہوا نہ کہ پیچھے ہٹتے ہوئے۔ اللہ زید پہ رحم کرے!

## زَيْدُ بْنُ جَارِيَةَ الْاَنْصَارِيُّ مِنْ اَخْبَارِهِ

## حضرت زید بن جاریہ انصاری رضی اللہ عنہ آپ کی احادیث میں سے چند

**5003** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مَنْصُورٍ الْكَلْبِيُّ، ثنا صَيْفِيُّ بْنُ رِبْعِيٍّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ جَمِيلِ بْنِ زَيْدٍ، قَالَ: رَاَيْتُ خَمْسَةً مِنْ اَصْحَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَلْبَسُونَ خَوَاتِيمَ الذَّهَبِ، مِنْهُمْ زَيْدُ بْنُ جَارِيَةَ وَزَيْدُ بْنُ اَرْقَمَ، وَالْبَرَاءُ بْنُ عَازِبٍ، وَاَنَسُ بْنُ مَالِكٍ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيدَ

حضرت جمیل بن زید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور ﷺ کے پانچ صحابہ کو سونے کی انگوٹھی پہنے ہوئے دیکھا، ان میں سے حضرت زید بن جاریہ، زید بن ارقم، براء بن عازب، انس بن مالک، عبداللہ بن یزید رضی اللہ عنہم اجمعین ہیں۔

5004 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا أَبُو كُرَيْبٍ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمُحَارِبِيُّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُونِ بْنِ مِهْرَانَ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: قِيلَ لِابْنِ عُمَرَ، إِنَّ زَيْدَ بْنَ جَارِيَةَ قَدْ مَاتَ، فَقَالَ: رَحِمَهُ اللّٰهُ فَقِيلَ: يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ إِنَّهُ تَرَكَ مِائَةَ أَلْفٍ، قَالَ: وَلَكِنَّهَا لَمْ تَتْرُكْهُ

حضرت عمرو بن میمون بن مہران اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے عرض کی گئی کہ حضرت زید بن جاریہ رضی اللہ عنہ کا وصال ہوگیا ہے' حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا: اللہ ان پر رحم کرے! حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے عرض کی گئی: آپ نے ایک سو دینار یا درہم چھوڑے ہیں' آپ نے فرمایا: وہ اسے نہیں چھوڑیں گے۔

5005 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي عَتَّابٍ أَبُو بَكْرٍ الْأَعْيَنُ، ثنا مَنْصُورُ بْنُ سَلَمَةَ أَبُو سَلَمَةَ الْخُزَاعِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنُ زَيْدِ بْنِ جَارِيَةَ، حَدَّثَنِي أَبِي عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ زَيْدٍ، حَدَّثَنِي أَبِي زَيْدُ بْنُ جَارِيَةَ، قَالَ: اسْتَصْغَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَاسًا يَوْمَ أُحُدٍ، مِنْهُمْ زَيْدُ بْنُ جَارِيَةَ - يَعْنِي نَفْسَهُ - وَالْبَرَاءُ بْنُ عَازِبٍ، وَسَعْدُ بْنُ خَيْثَمَةَ، وَأَبُو سَعِيدٍ الْخُدْرِيُّ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، وَجَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ

حضرت ابوزید بن جاریہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اُحد کے دن چھوٹے ہونے کی وجہ سے جن کو پیچھے بھیج دیا تھا' اُن میں سے حضرت زید بن جاریہ' براء بن عازب' سعد بن خیثمہ' ابوسعید الخدری' عبداللہ بن عمر اور جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہم بھی تھے۔

## زَيْدُ بْنُ إِسْحَاقَ الْأَنْصَارِيُّ كَانَ يَنْزِلُ مِصْرَ

## حضرت زید بن اسحاق انصاری رضی اللہ عنہ' آپ بصرہ آئے تھے

5006 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ الْمِصْرِيُّ، ثنا عَمْرُو بْنُ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ إِسْحَاقَ الْأَنْصَارِيِّ، قَالَ:

حضرت زید بن اسحاق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مجھے مسجد کے دروازے پر ملے' آپ نے فرمایا: کیا میں تمہیں جنت کے خزانوں میں سے ایک

---

5005- البیهقی فی سننه الکبریٰ جلد9صفحه22 .

5006- أخرج نحوه البخاری فی صحیحه جلد5صفحه2346' رقم الحدیث: 6021 .

اَدْرَكَنِی نَبِیُّ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَلٰی بَابِ الْمَسْجِدِ، فَقَالَ: اَلَا اَدُلُّكَ عَلٰی كَنْزٍ مِنْ كُنُوزِ الْجَنَّةِ؟ قُلْتُ: بَلٰی یَا نَبِیَّ اللّٰہِ، قَالَ: لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ

خزانہ کے متعلق نہ بتاؤں؟ میں نے عرض کی: کیوں نہیں! یارسول اللہ! آپ نے فرمایا: لاحول ولا قوۃ الا باللہ!

## زَیْدُ بْنُ اَسْلَمَ بْنِ ثَعْلَبَةَ بْنِ عَدِیِّ بْنِ الْعَجْلَانَ الْاَنْصَارِیُّ بَدْرِیٌّ

## حضرت زید بن اسلم بن ثعلبہ بن عدی بن عجلان انصاری بدری رضی اللہ عنہ

**5007** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِیُّ، حَدَّثَنِی اَبِی، ثنا ابْنُ لَهِیعَةَ، عَنْ اَبِی الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ، فِی تَسْمِیَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْاَنْصَارِ، زَیْدُ بْنُ اَسْلَمَ بْنِ ثَعْلَبَةَ بْنِ عَدِیِّ بْنِ الْعَجْلَانِ

حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ انصار میں سے جو بدر میں شریک ہوئے' اُن میں سے ایک نام زید بن اسلم بن ثعلبہ بن عدی بن عجلان کا بھی ہے۔

**5008** - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَیْمَانَ الْاَصْبَهَانِیُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُسَیَّبِیُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَیْحٍ، عَنْ مُوسَی بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، فِی تَسْمِیَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْاَنْصَارِ، ثُمَّ مِنَ الْاَوْسِ، ثُمَّ مِنْ بَنِی الْعَجْلَانِ، زَیْدُ بْنُ اَسْلَمَ بْنُ ثَعْلَبَةَ

حضرت ابن شہاب فرماتے ہیں کہ انصار اور قبیلہ اوس اور بنی عجلان سے جو بدر میں شریک ہوئے' اُن کے ناموں میں سے ایک نام زید بن اسلم بن ثعلبہ کا بھی ہے۔

**5009** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِی شَیْبَةَ، ثنا ضِرَارُ بْنُ صُرَدٍ، ثنا عَلِیُّ بْنُ هَاشِمٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَیْدِ اللّٰہِ بْنِ اَبِی رَافِعٍ، عَنْ اَبِیهِ، فِی تَسْمِیَةِ مَنْ شَهِدَ مَعَ عَلِیٍّ، زَیْدُ بْنُ اَسْلَمَ مِنَ

حضرت محمد بن عبیداللہ بن ابورافع اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ جو حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ شریک ہوئے' اُن کے ناموں میں سے ایک نام زید بن اسلم انصاری بدری ہیں۔

الْاَنْصَارِ بَدْرِیٌّ

## زَیْدُ بْنُ رَبِیعَةَ الْقُرَشِیُّ مِنْ بَنِی اَسَدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ

## بنی اسد بن عبدالرحمٰن سے زید بن ربیعہ القرشی رضی اللہ عنہ

**5010** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِیُّ، حَدَّثَنِی اَبِی، ثنا ابْنُ لَهِیعَةَ، عَنْ اَبِی الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ، قَالَ: وَقُتِلَ یَوْمَ حُنَیْنٍ مِنَ الْمُسْلِمِینَ مِنْ قُرَیْشٍ، ثُمَّ مِنْ بَنِی اَسَدِ بْنِ عَبْدِ الْعُزَّی، زَیْدُ بْنُ رَبِیعَةَ

حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ قریش اور بنی اسد بن عبدالعزیٰ سے جو حنین کی جنگ میں شریک ہوئے' اُن کے ناموں میں سے ایک نام زید بن ربیعہ کا بھی ہے۔

## زَیْدُ بْنُ رُقَیْشٍ حَلِیفُ بَنِی اُمَیَّةَ بْنِ عَبْدِ شَمْسِ بْنِ عَبْدِ مَنَافٍ اسْتُشْهِدَ یَوْمَ الْیَمَامَةِ

## حضرت زید بن رقیش رضی اللہ عنہ' بنی امیہ بن عبد شمس بن عبد مناف کے حلیف' جنگ یمامہ میں شہید کیے گئے

**5011** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِیُّ، حَدَّثَنِی اَبِی، ثنا ابْنُ لَهِیعَةَ، عَنْ اَبِی الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ، فِی تَسْمِیَةِ مَنْ قُتِلَ یَوْمَ الْیَمَامَةِ مِنَ الْمُسْلِمِینَ، زَیْدُ بْنُ رُقَیْشٍ حَلِیفُ بَنِی اُمَیَّةَ

حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ جنگ یمامہ میں سے جو مسلمانوں میں سے شہید ہوئے' اُن کے ناموں میں سے ایک نام حضرت زید بن رقیش حلیف بنی اُمیہ کا بھی ہے۔



## زَیْدُ بْنُ سُرَاقَةَ بْنِ كَعْبٍ الْاَنْصَارِیُّ قُتِلَ یَوْمَ الْجِسْرِ مَعَ سَعْدِ بْنِ

## حضرت زید بن سراقہ بن کعب انصاری رضی اللہ عنہ' آپ حضرت سعد بن ابی وقاص رضی

## اَبِی وَقَّاصٍ سَنَةَ خَمْسَ عَشْرَةَ

**5012** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ، فِي تَسْمِيَةِ مَنْ قُتِلَ يَوْمَ الْجِسْرِ جِسْرِ الْمَدَائِنِ مَعَ سَعْدِ بْنِ اَبِي وَقَّاصٍ مِنَ الْاَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي النَّجَّارِ، زَيْدُ بْنُ سُرَاقَةَ بْنِ كَعْبٍ

## اللہ عنہ کے ساتھ جسر کے دن ۱۵ ہجری کو شہید کیے گئے تھے

حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ جسر کے دن انصار اور بنی نجار میں سے جو شہید ہوئے' حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کے ساتھ ان ناموں میں سے ایک نام حضرت زید بن سراقہ بن کعب کا بھی ہے۔

## زَيْدُ بْنُ الْمُزَيِّنِ الْاَنْصَارِيُّ بَدْرِيٌّ

**5013** - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْاَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي الْحَارِثِ بْنِ الْخَزْرَجِ زَيْدُ بْنُ الْمُزَيِّنِ

## حضرت زید بن مزین انصاری بدری رضی اللہ عنہ

حضرت ابن شہاب فرماتے ہیں کہ انصار اور بنی حارث بن خارج میں سے جو بدر میں شریک ہوئے' اُن کے ناموں میں سے ایک نام زید بن مزین کا بھی ہے۔

## زَيْدُ بْنُ وَدِيعَةَ بْنِ عَمْرٍو الْاَنْصَارِيُّ بَدْرِيٌّ

**5014** - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ

## حضرت زید بن ودیعہ بن عمرو انصاری بدری رضی اللہ عنہ

حضرت ابن شہاب فرماتے ہیں کہ انصار اور بنی عوف بن خزرج قبیلہ بلحبلی سے جو بدر میں شریک ہوئے' اُن کے ناموں میں سے ایک نام زید بن ودیعہ بن عمرو

عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْاَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي عَوْفِ بْنِ الْخَزْرَجِ مِنْ بَلْحبلي، زَيْدُ بْنُ وَدِيعَةَ بْنِ عَمْرِو بْنِ قَيْسٍ

بن قیس کا بھی ہے۔

## زَيْدُ بْنُ اُسَيْدِ بْنِ جَارِيَةَ الزُّهْرِيُّ اسْتُشْهِدَ يَوْمَ الْيَمَامَةِ

حضرت ابوہریرہ اور زید بن خالد رضی اللہ عنہما دونوں فرماتے ہیں کہ وہ حاضر تھے' جب حضورﷺ سے لونڈی کے متعلق پوچھا گیا کہ جب وہ زنا کرے جو شادی شدہ نہ ہو؟ آپﷺ نے فرمایا: جو زنا کرے اس کو کوڑے مارے جائیں' تین مرتبہ فرمایا: اس کو فروخت کر دو' اگرچہ ڈھنگے کے بدلے ہو (یعنی بالوں کی رسّی کے بدلے)۔

5056 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أُسَيْدٍ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا يُوسُفُ بْنُ حَبِيبٍ، ثنا أَبُو دَاوُدَ، ثنا زَمْعَةُ بْنُ صَالِحٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ الْجُهَنِيِّ، وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَا: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا زَنَتْ أَمَةُ أَحَدِكُمْ فَلْيَجْلِدْهَا، فَإِنْ عَادَتْ فَلْيَجْلِدْهَا، فَإِنْ عَادَتْ فَلْيَجْلِدْهَا، فَإِنْ عَادَتِ الرَّابِعَةَ فَلْيَبِعْهَا وَلَوْ بِضَفِيرِ شَعَرٍ

حضرت ابوہریرہ اور زید بن خالد رضی اللہ عنہما دونوں فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: تم میں سے کسی کی لونڈی جب وہ زنا کرے' آپﷺ نے فرمایا: جو زنا کرے اس کو کوڑے مارے جائیں' جب تیسری یا چوتھی مرتبہ زنا کرے تو اس کو فروخت کر دو' اگرچہ بالوں کی رسّی کے بدلے ہو۔

5057 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعْدٍ، ثنا عَمِّي، ثنا أَبِي، عَنْ صَالِحِ بْنِ كَيْسَانَ، أَنَّ عُبَيْدَ اللّٰهِ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، أَخْبَرَهُ، أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ، وَزَيْدَ بْنَ خَالِدٍ الْجُهَنِيَّ، أَخْبَرَاهُ أَنَّهُمَا سَمِعَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يُسْأَلُ عَنِ الْأَمَةِ تَزْنِي وَلَمْ تُحْصَنْ؟ قَالَ: اجْلِدُوهَا إِنْ زَنَتْ، ثُمَّ إِنْ زَنَتْ فَاجْلِدُوهَا، ثُمَّ بِيعُوهَا وَلَوْ بِضَفِيرٍ فِي الثَّالِثَةِ أَوْ فِي الرَّابِعَةِ

حضرت ابوہریرہ اور زید بن خالد رضی اللہ عنہما دونوں فرماتے ہیں کہ اُنہوں نے سنا: حضورﷺ سے اس لونڈی کے متعلق پوچھا گیا کہ جب وہ زنا کرے جو شادی شدہ نہ ہو؟ آپﷺ نے فرمایا: جو زنا کرے اس کو کوڑے مارے جائیں' جب وہ دوسری مرتبہ زنا کرے تو اسے کوڑے مارے جائیں پھر اس کو فروخت کر دو' اگرچہ رسّی کے بدلے ہو (یعنی بالوں کی رسّی کے بدلے)۔ تیسری یا چوتھی میں شک ہے۔

**5058** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنُ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْمَوْصِلِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ صَالِحِ بْنِ كَيْسَانَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ الْجُهَنِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا زَنَتْ اَمَةُ اَحَدِكُمْ فَلْيَجْلِدْهَا، ثُمَّ اِنْ زَنَتْ فَلْيَجْلِدْهَا، ثُمَّ اِنْ زَنَتْ فَلْيَجْلِدْهَا، ثُمَّ اِنْ زَنَتْ فَلْيَبِعْهَا وَلَوْ بِضَفِيرٍ

زید بن خالد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے کسی ایک کی لونڈی جب زنا کرے تو اس کو کوڑے مارے جائیں' جب تیسری یا چوتھی مرتبہ زنا کرے تو اس کو فروخت کر دو' اگرچہ رسّی کے بدلے ہو (یعنی بالوں کی رسّی کے بدلے)۔

**5059** - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، اَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ صَالِحِ بْنِ كَيْسَانَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ الْجُهَنِيِّ، قَالَ: لَعَنَ رَجُلٌ دِيكًا صَاحَ عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: لَا تَلْعَنْهُ فَاِنَّهُ يَدْعُو اِلَى الصَّلَاةِ

حضرت زید بن خالد جہنی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس مرغ کو آواز نکالتے وقت لعنت کی' آپ نے فرمایا: اس پر لعنت نہ کرو کیونکہ یہ نماز کے لیے دعوت دیتا ہے۔

**5060** - حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ السَّدُوسِيُّ، ثنا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ صَالِحِ بْنِ كَيْسَانَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ الْجُهَنِيِّ، قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ سَبِّ الدِّيكِ وَقَالَ: اِنَّهُ يُؤَذِّنُ لِلصَّلَاةِ

حضرت زید بن خالد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مرغ کو گالی دینے سے منع کیا' فرمایا: یہ نماز کے لیے اطلاع دیتا ہے۔

**5061** - حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ سَيَّارٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ، اَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ الدَّرَاوَرْدِيُّ، عَنْ صَالِحِ بْنِ كَيْسَانَ، عَنْ عُبَيْدِ

حضرت زید بن خالد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: مرغ کو گالی نہ دو کیونکہ یہ نماز کے لیے جگاتا ہے۔



---

5059- أورده أحمد في مسنده جلد3صفحه115' جلد5صفحه192 رقم الحديث: 21723 .

اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ الْجُهَنِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَسُبُّوا الدِّيكَ فَإِنَّهُ يُوقِظُ لِلصَّلَاةِ

**5062** - حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ سَيَّارٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ، أنا حَفْصُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ رُفَيْعٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَسُبُّوا الدِّيكَ فَإِنَّهُ يُؤَذِّنُ بِوَقْتٍ

حضرت زید بن خالد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: مرغ کو گالی نہ دو کیونکہ یہ نماز کی اطلاع دیتا ہے۔

**5063** - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ الدِّمْيَاطِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ، أنا مَالِكٌ، عَنْ صَالِحِ بْنِ كَيْسَانَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ الْجُهَنِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَسُبُّوا الدِّيكَ

حضرت زید بن خالد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: مرغ کو گالی نہ دو۔

**5064** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَرْوَزِيُّ، ثنا إِسْحَاقُ بْنُ رَاهَوَيْهِ، أنا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ صَالِحِ بْنِ كَيْسَانَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ الْجُهَنِيِّ، قَالَ: صَلَّى بِنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْحُدَيْبِيَةِ عَلَى أَثَرِ سَمَاءٍ، فَلَمَّا فَرَغَ قَالَ: أَلَمْ تَسْمَعُوا مَا قَالَ رَبُّكُمُ اللَّيْلَةَ؟ قَالَ: مَا أَنْعَمْتُ عَلَى عِبَادِي مِنْ نِعْمَةٍ إِلَّا أَصْبَحَ فَرِيقٌ مِنْهُمْ بِهَا كَافِرُونَ، فَأَمَّا مَنْ حَمِدَنِي عَلَى سُقْيَايَ وَأَثْنَى

حضرت زید بن خالد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے ہمیں حدیبیہ کے مقام پر نماز پڑھائی' جب نماز پڑھا کر فارغ ہوئے تو آپ نے فرمایا: کیا تم سنتے ہو! تمہارے رب نے آج رات کیا کہا؟ فرمایا: اللہ فرماتا ہے کہ میں اپنے بندوں پر نعمت کرتا ہوں' ان میں کچھ لوگ صبح کے وقت انکار کر رہے ہوتے ہیں' بہرحال جس نے میری حمد کی' میرے پلانے پر اور میری ثناء کی تو وہ مجھ پر ایمان لایا اور ستاروں کا انکار کیا' جو یہ کہے: ہم پر بارش فلاں فلاں ستارے کی وجہ سے ہوئی' وہ



5064- أخرجه مسلم في صحيحه جلد1 صفحه83' رقم الحديث: 71 .

عَلِيَّ فَذَاكَ آمَنَ بِي وَكَفَرَ بِالْكَوْكَبِ، وَأَمَّا مَنْ قَالَ: مُطِرْنَا بِنَوْءِ كَذَا وَكَذَا فَذَاكَ الَّذِي آمَنَ بِالْكَوْكَبِ وَكَفَرَ بِنِعْمَتِي

ستاروں پر ایمان لایا اور میری نعمت کا انکار کیا۔

**5065** - حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ الضَّبِّيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ، أَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ صَالِحِ بْنِ كَيْسَانَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ، قَالَ: مُطِرْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْحُدَيْبِيَةِ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا أَصْبَحْنَا: أَتَدْرُونَ مَاذَا قَالَ رَبُّكُمْ؟ قُلْنَا: اللّٰهُ وَرَسُولُهُ أَعْلَمُ، قَالَهَا مَرَّتَيْنِ، ثُمَّ قَالَ: أَصْبَحَ مِنْ عِبَادِي الْيَوْمَ مُؤْمِنٌ وَكَافِرٌ، فَأَمَّا الَّذِي يَقُولُ: مُطِرْنَا بِنَوْءِ كَذَا وَكَذَا، فَذَاكَ كَافِرٌ بِي مُؤْمِنٌ بِالْكَوْكَبِ، وَأَمَّا الَّذِي يَقُولُ: هَذِهِ رَحْمَةٌ، وَهَذَا رِزْقُ اللّٰهِ فَذَاكَ مُؤْمِنٌ بِي كَافِرٌ بِالْكَوْكَبِ

حضرت زید بن خالد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہمیں حدیبیہ کے مقام پر نماز پڑھائی' جب نماز پڑھا کر فارغ ہوئے تو آپ نے فرمایا: کیا تم سنتے ہو! تمہارے رب نے آج رات کیا کہا؟ ہم نے عرض کی: اللہ اور اس کا رسول زیادہ جانتے ہیں' یہ بات دو مرتبہ کی' پھر فرمایا: اللہ فرماتا ہے کہ میں اپنے بندوں پر نعمت کرتا ہوں' ان میں کچھ لوگ صبح کے وقت اقرار و انکار کر رہے ہوتے ہیں' جو یہ کہے: ہم پر بارش فلاں فلاں ستارے کی وجہ سے ہوئی' وہ ستاروں پر ایمان لایا اور میری نعمت کا انکار کیا۔ اور جو یہ کہتا ہے: یہ رحمت ہے اور یہ اللہ کا رزق ہے' پس وہ مجھ پر ایمان لانے والا اور ستارے کا انکار کرنے والا ہے۔

**5066** - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِينِيِّ، ثنا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ صَالِحِ بْنِ كَيْسَانَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ الْجُهَنِيِّ، قَالَ: مُطِرْنَا عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا أَصْبَحَ قَالَ: هَلْ تَدْرُونَ مَاذَا قَالَ رَبُّكُمُ اللَّيْلَةَ؟ قَالَ: مَا أَنْعَمْتُ عَلَى عِبَادِي مِنْ نِعْمَةٍ إِلَّا أَصْبَحَ فَرِيقٌ مِنْهُمْ بِهَا كَافِرُونَ يَقُولُونَ: مُطِرْنَا بِنَوْءِ كَذَا وَكَذَا، وَأَمَّا مَنْ آمَنَ بِي وَحَمِدَنِي عَلَى سُقْيَايَ

حضرت زید بن خالد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانے میں بارش عطا کی گئی' ہمیں بارش عطا کی گئی' پس جب صبح ہوئی تو آپ نے فرمایا: کیا تم جانتے ہو! تمہارے رب نے آج رات کیا کہا؟ فرمایا: اللہ فرماتا ہے کہ میں اپنے بندوں پر نعمت کرتا ہوں' ان میں کچھ لوگ صبح کے وقت انکار کر رہے ہوتے ہیں' کہتے ہیں: ہمیں بارش فلاں ستارے کے وسیلے عطا ہوئی ہے' بہرحال جو مجھ پر ایمان لایا' جس نے میری حمد کی' میری بارش کے ملنے پر اور اس نے ستاروں کا انکار

فَذَاكَ الَّذِي آمَنَ بِي وَكَفَرَ بِالْكَوْكَبِ، وَأَمَّا مَنْ قَالَ: مُطِرْنَا بِنَوْءِ كَذَا وَكَذَا فَذَاكَ الَّذِي آمَنَ بِالْكَوْكَبِ وَكَفَرَ بِي

کیا' جو یہ کہے: ہم پر بارش فلاں فلاں ستارے کی وجہ سے ہوئی' وہ ستاروں پر ایمان لایا اور میری نعمت کا انکار کیا۔

حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بِلَالٍ، عَنْ صَالِحِ بْنِ كَيْسَانَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ الْجُهَنِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

حضرت زید بن خالد رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے اس کی مثل حدیث روایت کرتے ہیں۔

# سَعِيدُ بْنُ الْمُسَيِّبِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ الْجُهَنِيِّ

# حضرت سعید بن مسیّب' حضرت زید بن خالد جہنی سے روایت کرتے ہیں

**5067** - حَدَّثَنَا أَبُو زُرْعَةَ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَمْرٍو الدِّمَشْقِيُّ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ خَالِدٍ الْوَهْبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ طُعْمَةَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ الْجُهَنِيِّ، قَالَ: قَسَّمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى أَصْحَابِهِ غَنَمًا، فَأَعْطَانِي عَتُودًا جَذَعًا، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ أُضَحِّي بِهَا؟ فَإِنَّهَا جَذَعَةٌ مِنَ الْمَعْزِ، فَقَالَ: نَعَمْ فَضَحَّيْتُ بِهَا

حضرت زید بن خالد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے اپنے صحابہ کرام کے درمیان بکریاں تقسیم کیں' پس مجھے چھ یا نو ماہ کا دنبہ دیا' پس میں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! کیا میں اس کی قربانی کر سکتا ہوں' یہ تو نو ماہ کا دنبہ ہے' آپ ﷺ نے فرمایا: جی ہاں! میں نے اسی کے ساتھ قربانی کی۔

**5068** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنُ رِشْدِينَ الْمِصْرِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ

حضرت زید بن خالد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے اپنے صحابہ کرام کے درمیان قربانی کے



---

5067- أورده أبو داؤد في سننه جلد3صفحه95' رقم الحديث: 2798 .

جَدِّهِ، عَنْ يُونُسَ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ طُعْمَةَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ الْجُهَنِيِّ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَسَّمَ فِي أَصْحَابِهِ ضَحَايَا، فَأَعْطَانِي عَتُودًا، فَوَجَدْتُهُ جَذَعًا فَرَجَعْتُ إِلَيْهِ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ هُوَ جَذَعٌ، فَقَالَ: ضَحِّ بِهِ

لیے بکریاں تقسیم کیں' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے چھ ماہ کا دیا؟ میں واپس آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں آیا' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! چھ ماہ کا ہے' آپ نے فرمایا: اس کی قربانی کرو۔

**5069** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فَضَاءٍ الْجَوْهَرِيُّ الْبَصْرِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ خَلَفٍ أَبُو سَلَمَةَ الْجُوبَارِيُّ، ثنا عَبْدُ الْأَعْلَى، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ طُعْمَةَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ الْجُهَنِيِّ، قَالَ: قَسَّمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي أَصْحَابِهِ غَنَمًا لِلضَّحَايَا فَأَعْطَانِي عَتُودًا جَذَعًا، فَرَجَعْتُ إِلَيْهِ فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنَّهُ جَذَعٌ، فَقَالَ: ضَحِّ بِهِ فَضَحَّيْتُ بِهِ

حضرت زید بن خالد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے صحابہ کرام کے درمیان قربانی کے لیے بکریاں تقسیم کیں' میں نے چھ ماہ کا لیا؟ میں واپس آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں آیا' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! چھ ماہ کا ہے' آپ نے فرمایا: اس کی قربانی کرو' پس میں نے اسی کے ساتھ قربانی کی۔

**5070** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نُمَيْرٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ طُعْمَةَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ الْجُهَنِيِّ، قَالَ: قَسَّمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي أَصْحَابِهِ ضَحَايَا، فَأَعْطَانِي عَتُودًا جَذَعًا مِنَ الْمَعْزِ، فَجِئْتُ بِهِ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْتُ: إِنَّهُ جَذَعٌ قَالَ: ضَحِّ بِهِ

حضرت زید بن خالد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے صحابہ کرام کے درمیان قربانی کے لیے بکریاں تقسیم کیں' آپ نے مجھے چھ ماہ دیا بھیڑوں میں سے؟ میں واپس آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں آیا' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! چھ ماہ کا ہے' آپ نے فرمایا: اس کی قربانی کرو۔

## عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ الْجُهَنِيِّ

## حضرت عروہ بن زبیر' حضرت زید بن خالد جہنی سے روایت کرتے ہیں

5071 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا عَبْدُ الْأَعْلَى، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ الْجُهَنِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ مَسَّ فَرْجَهُ فَلْيَتَوَضَّأْ

حضرت زید بن خالد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو اپنی شرمگاہ کو ہاتھ لگائے وہ وضو کرے (یعنی ہاتھ دھو لے)۔

5072 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِينِيِّ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنُ سَعْدٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ الْجُهَنِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ مَسَّ فَرْجَهُ فَلْيَتَوَضَّأْ

حضرت زید بن خالد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو اپنی شرمگاہ کو ہاتھ لگائے وہ وضو کرے (یعنی ہاتھ دھو لے)۔

## أَبُو سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ

## حضرت ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن' حضرت زید بن خالد رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

5073 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ بْنِ نَجْدَةَ الْحَوْطِيُّ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ خَالِدٍ الْوَهْبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ بْنِ الْحَارِثِ التَّيْمِيِّ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ،

حضرت زید بن خالد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اگر مجھے اپنی اُمت کی مشقت کا خوف نہ ہوتا تو میں ہر نماز کے وقت مسواک کرنے کا حکم دیتا۔

5071- أورده أحمد في مسنده جلد5 صفحه194' رقم الحديث: 21735 .

5073- الترمذي في سننه جلد1 صفحه34 رقم الحديث: 22' جلد1 صفحه35 رقم الحديث: 23 .

عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ الْجُهَنِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَوْلَا اَنْ اَشُقَّ عَلَى اُمَّتِي لَاَمَرْتُهُمْ بِالسِّوَاكِ عِنْدَ كُلِّ صَلَاةٍ

**5074** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا يَعْلَى بْنُ عُبَيْدٍ، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ، وَيَعْلَى بْنُ عُبَيْدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِيمَ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْلَا: لَوْلَا اَنْ اَشُقَّ عَلَى اُمَّتِي لَاَمَرْتُهُمْ بِالسِّوَاكِ عِنْدَ كُلِّ صَلَاةٍ فَكَانَ زَيْدٌ يَضَعُ السِّوَاكَ مِنْهُ مَوْضِعَ الْقَلَمِ مِنْ اُذُنِ الْكَاتِبِ، كُلَّمَا قَامَ اِلَى الصَّلَاةِ اسْتَاكَ

حضرت زید بن خالد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اگر میری اُمت پر گراں نہ ہوتا تو میں ہر نماز کے وقت ان کو مسواک کرنے کا حکم دیتا‘ پس حضرت زید رضی اللہ عنہ مسواک کان پر ایسے رکھتے جس طرح کاتب قلم رکھتا ہے‘ جب نماز کے لیے اُٹھتے تو مسواک کرتے۔

بسر بن سعید عن زید بن خالد

## بُسْرُ بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ

## حضرت بسر بن سعید‘ حضرت زید بن خالد سے روایت کرتے ہیں

**5075** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْمُؤَدِّبُ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ لُوَيْنٌ، ح وَحَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْقَطْرَانِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ دُرُسْتَ، قَالَا: ثنا اَبُو اِسْمَاعِيلَ الْقَنَّادُ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ بُسْرِ بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ زَيْدِ

حضرت زید بن خالد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے جہاد کے لیے اللہ کی راہ میں سامان تیار کیا اس کو جہاد کا ثواب ملے گا‘ جو جہاد کرنے والے کے گھر والوں کے پاس رہا بھلائی کے ساتھ‘ اس کو جہاد کا ثواب ملے گا۔

---

5075- أخرجه مسلم في صحيحه جلد3 صفحه1506‘ رقم الحديث: 1895 . أخرجه البخاري في صحيحه جلد3 صفحه1045‘ رقم الحديث: 2688 .

بْنِ خَالِدٍ الْجُهَنِيِّ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ جَهَّزَ غَازِيًا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ فَقَدْ غَزَا، وَمَنْ خَلَفَ غَازِيًا فِي اَهْلِهِ بِخَيْرٍ فَقَدْ غَزَا

**5076** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ السَّرِيِّ بْنِ مِهْرَانَ الدَّقَّاقُ، ثنا عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدٍ النَّاقِدُ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، اَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ بُسْرِ بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ الْجُهَنِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ جَهَّزَ غَازِيًا فَقَدْ غَزَا، وَمَنْ خَلَفَهُ بِخَيْرٍ فَقَدْ غَزَا

حضرت زید بن خالد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے جہاد کے لیے اللہ کی راہ میں سامان تیار کیا اس کو جہاد کا ثواب ملے گا' جو جہاد کرنے والے کے گھر والوں کے پاس رہا بھلائی کے ساتھ' اس کو جہاد کا ثواب ملے گا۔

**5077** - حَدَّثَنَا فُضَيْلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَلْطِيُّ، ثنا اَبُو نُعَيْمٍ، ح وَحَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسَى، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ هِشَامٍ، وَعُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسَى، قَالُوا، ثنا شَيْبَانُ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ بُسْرِ بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ جَهَّزَ غَازِيًا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ فَقَدْ غَزَا، وَمَنْ خَلَفَ غَازِيًا فِي اَهْلِهِ فَقَدْ غَزَا

حضرت زید بن خالد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے جہاد کے لیے اللہ کی راہ میں سامان تیار کیا اس کو جہاد کا ثواب ملے گا' جو جہاد کرنے والے کے گھر والوں کے پاس رہا بھلائی کے ساتھ' اس کو جہاد کا ثواب ملے گا۔

**5078** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْمُعَلَّى الدِّمَشْقِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، قَالَا: ثنا هِشَامُ بْنُ خَالِدٍ، ثنا عُقْبَةُ بْنُ عَلْقَمَةَ، ثنا الْاَوْزَاعِيُّ، حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ اَبِي كَثِيرٍ، حَدَّثَنِي

حضرت زید بن خالد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے جہاد کے لیے اللہ کی راہ میں سامان تیار کیا اس کو جہاد کا ثواب ملے گا' جو جہاد کرنے والے کے گھر والوں کے پاس رہا بھلائی کے

مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ ثَوْبَانَ، وَاَبُو سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ بُسْرِ بْنِ سَعِيدٍ، حَدَّثَنِي زَيْدُ بْنُ خَالِدٍ الْجُهَنِيُّ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ جَهَّزَ غَازِيًا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ فَقَدْ غَزَا، وَمَنْ خَلَفَ غَازِيًا فِي اَهْلِهِ فَقَدْ غَزَا

ساتھ اس کو جہاد کا ثواب ملے گا۔

**5079** - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، ثنا حَرْبُ بْنُ شَدَّادٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ بُسْرِ بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ الْجُهَنِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ جَهَّزَ غَازِيًا فَقَدْ غَزَا، وَمَنْ خَلَفَ غَازِيًا فِي اَهْلِهِ بِخَيْرٍ فَقَدْ غَزَا

حضرت زید بن خالد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے جہاد کے لیے اللہ کی راہ میں سامان تیار کیا اس کو جہاد کا ثواب ملے گا' جو جہاد کرنے والے کے گھر والوں کے پاس رہا بھلائی کے ساتھ اس کو جہاد کا ثواب ملے گا۔

**5080** - حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ بْنِ الصَّبَّاحِ، ثنا اَبُو مَعْمَرٍ الْمُقْعَدُ، ثنا عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ سَعِيدٍ، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ سَعِيدٍ، وَيَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، كِلَاهُمَا، عَنْ حُسَيْنٍ الْمُعَلِّمِ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ بُسْرِ بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ الْجُهَنِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ جَهَّزَ غَازِيًا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ فَقَدْ غَزَا، وَمَنْ خَلَفَ غَازِيًا فِي اَهْلِهِ بِخَيْرٍ فَقَدْ غَزَا

حضرت زید بن خالد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے جہاد کے لیے اللہ کی راہ میں سامان تیار کیا اس کو جہاد کا ثواب ملے گا' جو جہاد کرنے والے کے گھر والوں کے پاس رہا بھلائی کے ساتھ اس کو جہاد کا ثواب ملے گا۔

**5081** - حَدَّثَنَا مَسْعَدَةُ بْنُ سَعْدٍ الْعَطَّارُ الْمَكِّيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ، ح وَحَدَّثَنَا اَحْمَدُ

حضرت زید بن خالد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے جہاد کے لیے

بْـنُ رَشْـدِينِ الْمِصْرِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ، قَالَا: ثـنـا ابْـنُ وَهْـبٍ، اَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، اَنَّ بُـكَيْرَ بْنَ الْاَشَجِّ، حَدَّثَهُ اَنَّ بُسْرَ بْنَ سَعِيدٍ حَدَّثَهُ، عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ جَهَّزَ غَازِيًا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ فَقَدْ غَزَا، وَمَنْ خَلَفَهُ فِي اَهْلِهِ بِخَيْرٍ فَقَدْ غَزَا

راہ میں سامان تیار کیا اس کو جہاد کا ثواب ملے گا' جو جہاد کرنے والے کے گھر والوں کے پاس رہا بھلائی کے ساتھ'اس کو جہاد کا ثواب ملے گا۔

**5082** - حَدَّثَنَا مُصْعَبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ حَمْزَةَ الزُّبَيْرِيُّ، ثنا اَبِي، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ اَبِي حَازِمٍ، ح وَحَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ النَّوْفَلِيُّ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ الْحِزَامِيُّ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ الدَّرَاوَرْدِيُّ، كِلَاهُمَا، عَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ بُكَيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْاَشَجِّ، عَنْ بُسْرِ بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ الْجُهَنِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ جَهَّزَ غَازِيًا اَوْ خَلَفَهُ فِي اَهْلِهِ فَقَدْ غَزَا

حضرت زید بن خالد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے جہاد کے لیے اللہ کی راہ میں سامان تیار کیا اس کو جہاد کا ثواب ملے گا' جو جہاد کرنے والے کے گھر والوں کے پاس رہا بھلائی کے ساتھ'اس کو جہاد کا ثواب ملے گا۔

**5083** - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، حَدَّثَنِي اَبِي، ح وَحَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنُ نَافِعٍ الطَّحَّانُ الْمِصْرِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ، قَالَا: ثنا ابْنُ اَبِي فُدَيْكٍ، اَخْبَرَنِي مُوسَى بْنُ يَعْقُوبَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سُرَاقَةَ، عَنْ بُسْرِ بْنِ سَعِيدٍ، اَنَّ زَيْدَ بْنَ خَالِدٍ الْجُهَنِيَّ، اَخْبَرَهُ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ جَهَّزَ غَازِيًا فَلَهُ مِثْلُ اَجْرِهِ، وَمَنْ خَلَفَ غَازِيًا فِي اَهْلِهِ فَلَهُ مِثْلُ اَجْرِهِ

حضرت زید بن خالد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے جہاد کے لیے اللہ کی راہ میں سامان تیار کیا اس کو جہاد کا ثواب ملے گا' جو جہاد کرنے والے کے گھر والوں کے پاس رہا بھلائی کے ساتھ'اس کو جہاد کا ثواب ملے گا۔ حضرت ابن شہاب فرماتے ہیں: پھر مجھے حضرت بُسر بن سعید نے اس کی خبر دی۔

قَالَ ابْنُ شِهَابٍ: ثُمَّ اَخْبَرَنِيهَا بُسْرُ بْنُ سَعِيدٍ

5084 - حَدَّثَنَا مَحْمُودُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، اَنَا خَالِدٌ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ بُسْرِ بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ الْجُهَنِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ جَهَّزَ غَازِيًا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ فَلَهُ مِثْلُ اَجْرِهِ، وَمَنْ خَلَفَ غَازِيًا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ فِي اَهْلِهِ بِخَيْرٍ وَاَنْفَقَ فَلَهُ مِثْلُ اَجْرِهِ

حضرت زید بن خالد رضی اللہ عنہ روایت فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے جہاد کے لیے اللہ کی راہ میں سامان تیار کیا اس کو جہاد کرنے والے کے برابر کا ثواب ملے گا' جو جہاد کرنے والے کے گھر والوں کے پاس رہا بھلائی کے ساتھ اس کو جہاد کا ثواب ملے گا اور خرچ کیا تو اس کیلئے اس کے برابر اجر ہے۔

5085 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، اَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَخْبَرَنِي الثَّوْرِيُّ، وَمَالِكٌ، عَنْ اَبِي النَّضْرِ، عَنْ بُسْرِ بْنِ سَعِيدٍ، قَالَ: اَرْسَلَنِي اَبُو جُهَيْمٍ الْاَنْصَارِيُّ اِلَى زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ الْجُهَنِيِّ، اَسْاَلُهُ مَا سَمِعْتَ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الرَّجُلِ يَمُرُّ بَيْنَ يَدَيِ الْمُصَلِّي؟ قَالَ: سَمِعْتُهُ يَقُولُ: لَاَنْ يَقُومَ فِي مَقَامِهِ اَرْبَعِينَ خَيْرٌ مِنْ اَنْ يَمُرَّ بَيْنَ يَدَيِ الْمُصَلِّي قَالَ: فَلَا اَدْرِي اَقَالَ اَرْبَعِينَ سَنَةً اَوْ اَرْبَعِينَ شَهْرًا اَوْ اَرْبَعِينَ يَوْمًا

حضرت بسر بن سعید فرماتے ہیں کہ مجھے حضرت ابوجہیم انصاری رضی اللہ عنہ نے حضرت زید بن خالد جہنی رضی اللہ عنہ کی طرف بھیجا کہ میں ان سے پوچھوں کہ آپ نے رسول اللہ ﷺ سے کیا سنا ہے اس آدمی کے متعلق جو نمازی کے آگے سے گزرتا ہے اس کا کتنا گناہ ہے؟ حضرت زید رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے آپ کو فرماتے ہوئے سنا: نمازی کے آگے سے گزرنے والا اس جگہ چالیس دن' سال و ماہ کھڑا رہے تو اس کے لیے یہ بہتر ہے' مجھے معلوم نہیں کہ چالیس سال یا ماہ یا دن۔

5086 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ح وَثَنَا اَحْمَدُ بْنُ دَاوُدَ الْمَكِّيُّ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ بَشَّارٍ الرَّمَادِيُّ، قَالَا: ثنا سُفْيَانُ، ثنا سَالِمٌ اَبُو النَّضْرِ، عَنْ بُسْرِ بْنِ سَعِيدٍ، قَالَ: اَرْسَلَنِي اَبُو الْجُهَيْمِ ابْنُ اُخْتِ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ اِلَى

حضرت بسر بن سعید فرماتے ہیں کہ مجھے حضرت ابوجہیم انصاری رضی اللہ عنہ نے حضرت زید بن خالد جہنی رضی اللہ عنہ کی طرف بھیجا کہ میں ان سے پوچھوں کہ آپ نے رسول اللہ ﷺ سے کیا سنا ہے اس آدمی کے متعلق جو نمازی کے آگے سے گزرتا ہے اس کا کتنا گناہ



5085- أورده عبد الرزاق في مصنفه جلد2 صفحه19' رقم الحديث: 2322 .

زَيْدِ بْنِ خَالِدِ الْجُهَنِيِّ، اَسْاَلُهُ مَا الَّذِى سَمِعَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِى الْمَارِّ بَيْنَ يَدَى الْمُصَلِّى؟ فَسَاَلْتُهُ، فَقَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَاَنْ يَقُومَ اَحَدُكُمْ اَرْبَعِينَ خَيْرٌ لَهُ مِنْ اَنْ يَمُرَّ بَيْنَ يَدَىِ الْمُصَلِّى لَا يَدْرِى اَرْبَعِينَ سَنَةً، اَوْ اَرْبَعِينَ شَهْرًا، اَوْ اَرْبَعِينَ يَوْمًا

ہے؟ حضرت زید رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے آپ کو فرماتے ہوئے سنا: نمازی کے آگے سے گزرنے والا اس جگہ چالس (دن، سال و ماہ) کھڑا رہے تو اس کے لیے یہ بہتر ہے، مجھے معلوم نہیں کہ چالیس سال یا ماہ یا دن۔

**5087** - حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ النَّوْفَلِيُّ الْمَدَنِيُّ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ الْحِزَامِيُّ، ثنا ابْنُ اَبِى فُدَيْكٍ، عَنِ الضَّحَّاكِ بْنِ عُثْمَانَ، عَنْ بُسْرِ بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدِ الْجُهَنِيِّ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُئِلَ عَنِ اللُّقَطَةِ؟ قَالَ: عَرِّفْهَا سَنَةً، فَاِنْ جَاءَ صَاحِبُهَا، وَاِلَّا فَاعْرِفْ عِفَاصَهَا وَوِكَاءَهَا وَعَدَدَهَا، ثُمَّ كُلْهَا، فَاِنْ جَاءَ صَاحِبُهَا فَرُدَّهَا اِلَيْهِ

حضرت زید بن خالد جہنی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ سے گم شدہ شی کے متعلق پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا: ایک سال اس کا اعلان کیا جائے، اگر اس کا مالک آجائے تو ٹھیک ہے ورنہ اس کی حفاظت کرے اور گن کر رکھے، جو کھالے اگر اس کا مالک آ جائے تو اس کو واپس کردے۔

**5088** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْاَخْرَمُ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا اَبُو حَفْصٍ عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ، ثنا اَبُو بَكْرٍ الْحَنَفِيُّ، ثنا الضَّحَّاكُ بْنُ عُثْمَانَ، حَدَّثَنِى اَبُو النَّضْرِ، عَنْ بُسْرِ بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدِ الْجُهَنِيِّ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُئِلَ عَنِ اللُّقَطَةِ؟ فَقَالَ: عَرِّفْهَا سَنَةً، فَاِنِ اعْتُرِفَتْ فَاَدِّهَا وَاِلَّا فَاعْرِفْ عِفَاصَهَا وَعَدَدَهَا، فَاِنْ جَاءَ

حضرت زید بن خالد جہنی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ سے گم شدہ شی کے متعلق پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا: ایک سال اس کا اعلان کیا جائے، اگر اس کا مالک آجائے تو ٹھیک ہے ورنہ اس کی حفاظت کرے اور گن کر رکھے، جو کھالے اگر اس کا مالک آ جائے تو اس کو واپس کردے۔



5087- أخرج نحوه البخاري في صحيحه جلد 2صفحه 855 رقم الحديث: 2295، جلد2صفحه 856 رقم الحديث: 2296 .

صَاحِبُهَا فَادِّهَا

**5089** - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ح وَحَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ عَمْرٍو الْعُكْبَرِيُّ، ثنا غَسَّانُ بْنُ الْمُفَضَّلِ الْغَلَابِيُّ، قَالَا، ثنا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عُثْمَانَ، عَنْ بُسْرِ بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تَمْنَعُوا إِمَاءَ اللَّهِ الْمَسَاجِدَ وَلْيَخْرُجْنَ تَفِلَاتٍ

حضرت زید بن خالد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ کی لونڈیوں کو مسجد میں آنے سے نہ روکو اور وہ گھروں سے اس حال میں نکلیں کہ انہوں نے خوشبو نہ لگائی ہو۔

**5090** - حَدَّثَنَا مَحْمُودُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَاسِطِيُّ، قَالَ: أَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا خَالِدٌ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ، عَنْ بُسْرِ بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَمْنَعُوا إِمَاءَ اللَّهِ الْمَسَاجِدَ وَلْيَخْرُجْنَ تَفِلَاتٍ

حضرت زید بن خالد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ کی لونڈیوں کو مسجد میں آنے سے نہ روکو اور انہیں چاہیے کہ وہ خوشبو لگائے بغیر نکلیں۔

**5091** - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، وَالْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ الْمِصْرِيَّانِ، قَالَا: ثنا أَبُو الْأَسْوَدِ النَّضْرُ بْنُ عَبْدِ الْجَبَّارِ، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ بُكَيْرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الْأَشَجِّ، عَنْ بُسْرِ بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ الْجُهَنِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ بَلَغَهُ

حضرت زید بن خالد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جس کو اپنے بھائی سے کوئی شی بغیر مانگے اور طمع کے مل جائے وہ اس کو قبول کر لے اس کو واپس نہ کرے یہ اللہ نے اس کو رزق بھیجا ہے۔

بسر بن سعيد عن زيد بن خالد

---

**5089**- الدارمی فی سننه جلد1صفحه330' رقم الحديث: 1279 .

**5091**- أورده أبو يعلى فی مسنده جلد2صفحه226' رقم الحديث: 925 .

مَعْرُوفٌ مِنْ اَخِيهِ مِنْ غَيْرِ مَسْاَلَةٍ وَلَا اِشْرَافٍ فَلْيَقْبَلْهُ وَلَا يَرُدَّهُ، فَاِنَّمَا هُوَ رِزْقٌ سَاقَهُ اللّٰهُ اِلَيْهِ

## عَطَاءُ بْنُ يَسَارٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ

## حضرت عطاء بن یسار' حضرت زید بن خالد سے روایت کرتے ہیں

**5092** - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، حَدَّثَنِي هِشَامُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ: مَنْ تَوَضَّاَ فَاَحْسَنَ وُضُوءَهُ، ثُمَّ صَلَّى رَكْعَتَيْنِ لَا يَسْهُو فِيهِمَا غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ

حضرت زید بن خالد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے وضو کیا تو اچھا وضو کیا' پھر دو رکعت نفل ادا کیے اور ان میں غلطی نہ کی' اس کے اگلے پچھلے گناہ معاف کیے جائیں گے۔

حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ، عَنْ هِشَامِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

حضرت زید بن خالد رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

**5093** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَيَّانَ الْمَازِنِيُّ، ثنا اَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اَبَانَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ الْجُهَنِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ تَوَضَّاَ فَاَحْسَنَ الْوُضُوءَ، ثُمَّ صَلَّى رَكْعَتَيْنِ لَا يَسْهُو فِيهِمَا غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ

حضرت زید بن خالد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے وضو کیا تو اچھا وضو کیا' پھر دو رکعت نفل ادا کیے اور ان میں غلطی نہ کی' اس کے اگلے پچھلے گناہ معاف کیے جائیں گے۔



---

5092- أورده أبو داؤد في سننه جلد1صفحه238' رقم الحديث: 905 . وأحمد في مسنده جلد4صفحه117 .

# عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ قَيْسِ بْنِ مَخْرَمَةَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ

5094 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، ح وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا الْقَعْنَبِيُّ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي بَكْرٍ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ قَيْسِ بْنِ مَخْرَمَةَ، أَخْبَرَهُ، عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ الْجُهَنِيِّ، أَنَّهُ قَالَ: لَأَرْمُقَنَّ صَلَاةَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اللَّيْلَةَ، فَتَوَسَّدْتُ عَتَبَتَهُ أَوْ فُسْطَاطَهُ، فَصَلَّى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَكْعَتَيْنِ خَفِيفَتَيْنِ، ثُمَّ صَلَّى رَكْعَتَيْنِ طَوِيلَتَيْنِ، ثُمَّ صَلَّى رَكْعَتَيْنِ، وَهُمَا دُونَ اللَّتَيْنِ قَبْلَهُمَا، ثُمَّ صَلَّى رَكْعَتَيْنِ دُونَ اللَّتَيْنِ قَبْلَهُمَا، ثُمَّ صَلَّى رَكْعَتَيْنِ دُونَ اللَّتَيْنِ قَبْلَهُمَا، ثُمَّ أَوْتَرَ فَذَلِكَ ثَلَاثَ عَشْرَةَ

حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ بْنِ الصَّبَّاحِ الرَّقِّيُّ، ثنا أَبُو حُذَيْفَةَ، ثنا زُهَيْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي بَكْرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

# حضرت عبداللہ بن قیس بن مخرمہ حضرت زید بن خالد سے روایت کرتے ہیں

حضرت زید بن خالد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے کہا: میں ضرور آج کی رات حضور ﷺ کی نماز دیکھوں گا' میں نے گھر کی دہلیز یا خیمہ کا تکیہ بنا لیا' حضور ﷺ نے دو مختصر رکعتیں پڑھیں' پھر دو لمبی رکعتیں پڑھیں' پھر دو رکعتیں پڑھیں' یہ دونوں پہلی والی رکعتوں سے کم تھیں' پھر دو اور رکعتیں پڑھیں' ان سے پہلی والی سے کم تھی' پھر دو رکعتیں پہلی رکعتوں سے کم پڑھیں' پھر وتر پڑھے' یہ تیرہ رکعتیں ہوئیں۔

حضرت زید بن خالد رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔



---

5094- مالك في الموطأ جلد 1 صفحه 122' رقم الحديث: 266 . وابن ماجه في سننه جلد 1 صفحه 433' رقم الحديث: 1362 .

## اَبُو صَالِحِ السَّمَّانُ، عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ

## حضرت ابوصالح السمان' حضرت زید بن خالد سے روایت کرتے ہیں

**5095** - حَدَّثَنَا مُطَّلِبُ بْنُ شُعَيْبٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ السَّمَّانَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: قُرَيْشٌ وَالْاَنْصَارُ وَاَسْلَمُ وَغِفَارُ وَمُزَيْنَةُ، وَمَنْ كَانَ مِنْ جُهَيْنَةَ وَاَشْجَعَ مَوَالِي لَيْسَ لَهُمْ دُونَ اللّٰهِ وَرَسُولِهِ مَوْلَى

حضرت زید بن خالد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: قریش اور انصار اور قبیلہ اسلم اور غفار' مزینہ اور جو قبیلہ جہینہ اور اشجع سے ہے' ان کے لیے اللہ اور اسکے رسول کے علاوہ کوئی مولیٰ نہیں ہے۔

**5096** - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْاَسْفَاطِيُّ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِي اُوَيْسٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ خَالِدٍ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ السَّمَّانِ، قَالَ يَحْيَى: لَا اَعْلَمُهُ اِلَّا عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ الْجُهَنِيِّ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: قُرَيْشٌ وَالْاَنْصَارُ وَاَسْلَمُ وَغِفَارُ وَمَنْ كَانَ مِنْ اَشْجَعَ وَجُهَيْنَةَ حُلَفَاءُ مَوَالِي لَيْسَ لَهُمْ دُونَ اللّٰهِ وَرَسُولِهِ مَوْلًى

حضرت زید بن خالد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: قریش اور انصار اور قبیلہ اسلم اور غفار' مزینہ اور جو قبیلہ جہینہ اور اشجع سے ہے' ان کے لیے اللہ اور اسکے رسول کے علاوہ کوئی مولیٰ نہیں ہے۔

## يَزِيدُ مَوْلَى الْمُنْبَعِثِ، عَنْ زَيْدٍ

## حضرت منبعث کے غلام یزید رضی اللہ عنہ' حضرت زید بن خالد سے

---

**5095**- أخرجه مسلم في صحيحه جلد4صفحه1954' رقم الحديث: 2520 . والبخاري في صحيحه جلد 3 صفحه1293' رقم الحديث: 3321 .

## بْنِ خَالِدٍ

## روایت کرتے ہیں

5097 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ رَبِيعَةِ بْنِ اَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ يَزِيدَ، مَوْلَى الْمُنْبَعِثِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ الْجُهَنِيِّ، قَالَ: جَاءَ اَعْرَابِيٌّ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَاَلَهُ عَنِ اللُّقَطَةِ، فَقَالَ: عَرِّفْهَا سَنَةً، ثُمَّ اعْرِفْ عِفَاصَهَا وَوِكَاءَهَا - اَوْ قَالَ: وِعَاءَهَا - فَاِنْ جَاءَ صَاحِبُهَا فَادْفَعْهَا اِلَيْهِ وَاِلَّا فَاسْتَنْفِقْهَا اَوِ اسْتَمْتِعْ بِهَا

حضرت زید بن خالد الجہنی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک دیہاتی حضورﷺ کے پاس آیا' آپ سے گم شدہ شی کے متعلق پوچھا گیا' آپ نے فرمایا: ایک سال تک اعلان کرو' پھر اس کی حفاظت کرو' اگر اس کا مالک آجائے تو اسے دیدو ورنہ اس سے خود فائدہ اُٹھاؤ۔

5098 - قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ ضَالَّةُ الْغَنَمِ؟ قَالَ: اِنَّمَا هِيَ لَكَ اَوْ لِاَخِيكَ اَوْ لِلذِّئْبِ

عرض کی: یارسول اللہ! گم شدہ بکری کے متعلق کیا حکم ہے؟ آپ نے فرمایا: وہ تیرے لیے ہے یا تیرے بھائی کے لیے یا بھیڑیے کے لیے ہے۔

5099 - قَالَ: فَسَاَلَهُ عَنْ ضَالَّةِ الْاِبِلِ فَتَغَيَّرَ وَجْهُهُ، فَقَالَ: مَا لَكَ وَلَهَا؟ مَعَهَا حِذَاؤُهَا وَسِقَاؤُهَا، وَتَرِدُ الْمَاءَ وَتَاْكُلُ الشَّجَرَ، دَعْهَا حَتَّى يَلْقَاهَا رَبُّهَا

آپ سے گم شدہ اونٹ کے متعلق پوچھا گیا تو آپ کا چہرہ متغیر ہوا' فرمایا: تجھے اور اس کو کیا ہے؟ اس کے ساتھ اس کے جوتے اور مشکیزہ ہے' پانی بھی پی لیتا ہے اور درخت کے پتے کھا لیتا ہے' اسکو چھوڑ دو یہاں تک کہ اس کا مالک اسے ملے۔

5100 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا الْقَعْنَبِيُّ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ رَبِيعَةَ بْنِ اَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ يَزِيدَ، مَوْلَى الْمُنْبَعِثِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ الْجُهَنِيِّ، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ

حضرت زید بن خالد الجہنی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک دیہاتی حضورﷺ کے پاس آیا' آپ سے گم شدہ شی کے متعلق پوچھا گیا' آپ نے فرمایا: ایک سال تک اعلان کرو' پھر اس کی حفاظت کرو' اگر اس

---

5097- أخرج نحوه البخاري في صحيحه جلد2صفحه855 رقم الحديث: 2295' جلد2صفحه856 رقم الحديث: 2296 .

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَالَهُ عَنِ اللُّقَطَةِ؟ فَقَالَ: اعْرِفْ عِفَاصَهَا وَوِكَاءَهَا، ثُمَّ عَرِّفْهَا سَنَةً، فَإِنْ جَاءَ صَاحِبُهَا، وَإِلَّا فَشَأْنُكَ بِهَا

کا مالک آ جائے تو اسے دیدو ورنہ اس سے خود فائدہ اُٹھاؤ۔

**5101** - قَالَ: فَضَالَةُ الْغَنَمِ؟ قَالَ: لَكَ أَوْ لِأَخِيكَ أَوْ لِلذِّئْبِ

عرض کی: یارسول اللہ! گم شدہ بکری کے متعلق کیا حکم ہے؟ آپ نے فرمایا: وہ تیرے لیے ہے یا تیرے بھائی کے لیے یا بھیڑیے کے لیے ہے۔

**5102** - قَالَ: فَضَالَةُ الْإِبِلِ؟ قَالَ: مَا لَكَ وَلَهَا؟ مَعَهَا سِقَاؤُهَا وَحِذَاؤُهَا، تَرِدُ الْمَاءَ وَتَأْكُلُ الشَّجَرَ حَتَّى يَلْقَاهَا رَبُّهَا

آپ سے گم شدہ اونٹ کے متعلق پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا: تجھے اور اس کو کیا ہے؟ اس کے ساتھ اس کے جوتے ہیں اور مشکیزہ ہے پانی بھی پی لیتا ہے اور درخت کے پتے کھالیتا ہے اس کو چھوڑ دو یہاں تک کہ اس کا مالک اسے ملے۔



**5103** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا الْحَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ح وَحَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا سَهْلُ بْنُ بَكَّارٍ، ح وَحَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ دَاوُدَ الْمَكِّيُّ، ثنا ابْنُ عَائِشَةَ، قَالُوا: ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، وَرَبِيعَةَ بْنِ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ يَزِيدَ، مَوْلَى الْمُنْبَعِثِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ الْجُهَنِيِّ، أَنَّ رَجُلًا سَأَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ ضَالَّةِ الْإِبِلِ؟ فَقَالَ: مَا لَكَ وَلَهَا؟ مَعَهَا سِقَاؤُهَا وَحِذَاؤُهَا، تَأْكُلُ الشَّجَرَ وَتَرِدُ الْمَاءَ حَتَّى يَأْتِيَهَا بَاغِيهَا

حضرت زید بن خالد الجہنی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک دیہاتی حضور ﷺ کے پاس آیا' آپ سے گم شدہ اونت کے متعلق پوچھا گیا' آپ نے فرمایا: تیرے لیے اور اس کے لیے کیا ہے؟ اس کا مشکیزہ اس کے ساتھ ہے اور اس کے جوتے ہیں' وہ درخت سے کھا سکتا ہے اور پانی پی سکتا ہے حتیٰ کہ اسے تلاش کرنے والا اس کے پاس آئے۔

**5104** - ثُمَّ سَأَلَهُ عَنْ ضَالَّةِ الْغَنَمِ؟ فَقَالَ: هِيَ لَكَ أَوْ لِأَخِيكَ أَوْ لِلذِّئْبِ

عرض کی: یارسول اللہ! گم شدہ بکری کے متعلق کیا حکم ہے؟ آپ نے فرمایا: وہ تیرے لیے ہے یا تیرے بھائی کے لیے یا بھیڑیے کے لیے ہے۔

5105 - ثُمَّ سَأَلَهُ عَنِ اللُّقَطَةِ؟ فَقَالَ: اعْرِفْ عِفَاصَهَا وَعَدَدَهَا، فَإِنْ جَاءَ صَاحِبُهَا فَعَرَفَهَا فَادْفَعْهَا إِلَيْهِ، وَإِلَّا فَهِيَ لَكَ

پھر گم شدہ چیز کے متعلق آپ ﷺ سے سوال ہوا تو فرمایا: اس کے بٹوے کی تشہیر کرا اور اسے گن کر رکھ' پس اگر اس کا مالک آ کر اسے پہچان لے تو اسے دے دے ورنہ وہ تیری ہے۔

5106 - حَدَّثَنَا مُطَّلِبُ بْنُ شُعَيْبٍ الْأَزْدِيُّ، ثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، عَنْ أَيُّوبَ بْنِ مُوسَى، عَنْ رَبِيعَةَ بْنِ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ يَزِيدَ، مَوْلَى الْمُنْبَعِثِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ الْجُهَنِيِّ، أَنَّ رَجُلًا سَأَلَ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللهِ، أَخْبِرْنِي عَنِ اللُّقَطَةِ؟ فَقَالَ: اعْرِفْ عِفَاصَهَا وَوِكَاءَهَا، ثُمَّ عَرِّفْهَا سَنَةً، فَإِنْ أَتَى بَاغِيهَا فَرُدَّهَا عَلَيْهِ، وَإِلَّا فَاسْتَنْفِقْهَا

حضرت زید بن خالد الجہنی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نے حضور ﷺ سے پوچھا' اس نے کہا: آپ سے گم شدہ شی کے متعلق بتائیں' آپ نے فرمایا: اس کے بٹوے اور تھیلے کی تشہیر کر' ایک سال تک اعلان کر' پھر اس کی حفاظت کر' اگر اس کا مالک آ جائے تو اسے دیدو ورنہ اس سے خود فائدہ اُٹھا۔

5107 - قَالَ: فَأَخْبِرْنِي عَنْ ضَالَّةِ الْغَنَمِ؟ قَالَ: خُذْهَا فَإِنَّمَا هِيَ لَكَ أَوْ لِأَخِيكَ أَوْ لِلذِّئْبِ

عرض کی: یارسول اللہ! گم شدہ بکری کے متعلق کیا حکم ہے؟ آپ نے فرمایا: وہ تیرے لیے ہے یا تیرے بھائی کے لیے یا بھیڑیے کے لیے ہے۔

5108 - قَالَ: فَأَخْبِرْنِي عَنْ ضَالَّةِ الْإِبِلِ؟ فَغَضِبَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى احْمَرَّتْ وَجْنَتَاهُ، ثُمَّ قَالَ: مَا لَكَ وَلَهَا؟ مَعَهَا حِذَاؤُهَا وَسِقَاؤُهَا، تَرِدُ الْمَاءَ وَتَأْكُلُ الشَّجَرَ، دَعْهَا حَتَّى يَلْقَاهَا صَاحِبُهَا

عرض کی: مجھے گم شدہ اونٹ کے بارے میں بتائیں؟ پس رسول کریم ﷺ کو غصہ آ گیا حتیٰ کہ آپ کے رخسار سرخ ہو گئے پھر فرمایا: اس کے ساتھ اس کے جوتے اور مشکیزہ ہے' وہ پانی پی سکتا ہے اور درخت کھا سکتا ہے' اس کو چھوڑ دے حتیٰ کہ اس کا مالک اس سے ملے۔

5109 - حَدَّثَنَا حَامِدُ بْنُ سَعْدَانَ بْنِ يَزِيدَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ رُمْحٍ، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ

عرض کی: یارسول اللہ! گم شدہ بکری کے متعلق کیا حکم ہے؟ آپ نے فرمایا: وہ تیرے لیے ہے یا تیرے

عُمَارَةَ بْنِ غَزِيَّةَ، اَنَّ رَبِيعَةَ بْنَ اَبِى عَبْدِ الرَّحْمَنِ، اَخْبَرَهُ، عَنْ يَزِيدَ، مَوْلَى الْمُنْبَعِثِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدِ الْجُهَنِيِّ، اَنَّهُ سَاَلَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ ضَالَّةِ الْغَنَمِ؟ فَقَالَ: هِىَ لَكَ اَوْ لِاَخِيكَ اَوْ لِلذِّئْبِ

بھائی کے لیے یا بھیڑیے کے لیے ہے۔

**5110** - وَسَاَلَهُ عَنْ ضَالَّةِ الْإِبِلِ؟ فَقَالَ: مَا لَكَ وَلِضَالَّةِ الْإِبِلِ؟ مَعَهَا سِقَاؤُهَا وَحِذَاؤُهَا، تَرِدُ الْمَاءَ وَتَاْكُلُ الشَّجَرَ، اتْرُكْهَا حَتَّى يَلْقَاهَا رَبُّهَا

آپ سے گم شدہ اونٹ کے متعلق پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا: تجھے اور اس کو کیا ہے؟ اس کے ساتھ اس کے جوتے ہیں اور مشکیزہ ہے پانی بھی پی لیتا ہے اور درخت کے پتے کھا لیتا ہے اسکو چھوڑ دو یہاں تک کہ اس کا مالک اس کے پاس آ جائے۔

**5111** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ الْمِصْرِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ، ثنا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِى عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، اَنَّ رَبِيعَةَ بْنَ اَبِى عَبْدِ الرَّحْمَنِ، حَدَّثَهُ، عَنْ يَزِيدَ، مَوْلَى الْمُنْبَعِثِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ الْجُهَنِيِّ، قَالَ: اَتَى رَجُلٌ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنَا مَعَهُ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اللُّقَطَةُ، فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عَرِّفْهَا سَنَةً، فَاِنْ لَمْ يَاْتِ لَهَا طَالِبٌ فَاسْتَنْفِقْهَا

حضرت زید بن خالد الجہنی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی حضور ﷺ کے پاس آیا آپ سے گم شدہ شی کے متعلق پوچھا گیا آپ نے فرمایا: ایک سال تک اعلان کرو پھر اس کی حفاظت کرو اگر اس کا مالک آ جائے تو اسے دیدو ورنہ اس سے خود فائدہ اُٹھاؤ۔

**5112** - فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَكَيْفَ تَرَى فِى ضَالَّةِ الْغَنَمِ؟ قَالَ: هِىَ لَكَ اَوْ لِاَخِيكَ اَوْ لِلذِّئْبِ

عرض کی: یارسول اللہ! گم شدہ بکری کے متعلق کیا حکم ہے؟ آپ نے فرمایا: وہ تیرے لیے ہے یا تیرے بھائی کے لیے یا بھیڑیے کے لیے ہے۔

**5113** - قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَكَيْفَ تَرَى فِى ضَالَّةِ الْإِبِلِ؟ قَالَ: فَغَضِبَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى

عرض کی: یارسول اللہ! آپ کی گم شدہ اونٹ کے متعلق کیا رائے ہے؟ حضور ﷺ اتنے غصہ ہوئے

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى احْمَرَّ وَجْهُهُ، ثُمَّ قَالَ: مَا لَكَ وَلَهَا؟ مَعَهَا حِذَاؤُهَا وَسِقَاؤُهَا، وَتَرِدُ الْمَاءَ وَتَأْكُلُ الشَّجَرَ، حَتّٰى يَلْقَاهَا رَبُّهَا

یہاں تک کہ آپ کا چہرہ سرخ ہو گیا۔ پھر فرمایا: تمہیں اس سے کیا تعلق ہے! اس کے ساتھ اس کا کھانا اور مشکیزہ ہے' پانی لیتا ہے اور درختوں کے پتے کھالیتا ہے یہاں تک کہ اس کا مالک اس کے پاس آئے۔

يزيد مولى المنبعث عن زيد

**5114** - حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ السَّدُوسِيُّ، ثنا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ جَعْفَرٍ، اَخْبَرَنِي رَبِيعَةُ بْنُ اَبِي عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ يَزِيدَ، مَوْلَى الْمُنْبَعِثِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ الْجُهَنِيِّ، اَنَّ رَجُلًا سَالَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَنِ اللُّقَطَةِ؟ فَقَالَ: عَرِّفْهَا سَنَةً، ثُمَّ اعْرِفْ وِكَاءَهَا، ثُمَّ اسْتَنْفِقْ بِهَا، فَاِنْ جَاءَ رَبُّهَا فَادِّهَا اِلَيْهِ

حضرت زید بن خالد الجہنی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی حضور ﷺ نے آپ سے گم شدہ شی کے متعلق پوچھا' آپ نے فرمایا: ایک سال تک اعلان کرو' پھر اس کی حفاظت کرو' اگر اس کا مالک آ جائے تو اسے دیدو۔

**5115** - فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَضَالَّةُ الْغَنَمِ؟ فَقَالَ: خُذْهَا فَاِنَّمَا هِيَ لَكَ اَوْ لِاَخِيكَ اَوْ لِلذِّئْبِ

عرض کی: یارسول اللہ! گم شدہ بکری کے متعلق کیا حکم ہے؟ آپ نے فرمایا: اسے پکڑ لے' وہ تیرے لیے ہے یا تیرے بھائی کے لیے یا بھیڑیے کے لیے ہے۔

**5116** - قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَضَالَّةُ الْاِبِلِ؟ فَغَضِبَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى احْمَرَّتْ وَجْنَتَاهُ اَوِ احْمَرَّ وَجْهُهُ، ثُمَّ قَالَ: مَا لَكَ وَلَهَا؟ مَعَهَا حِذَاؤُهَا وَسِقَاؤُهَا، حَتّٰى يَلْقَاهَا رَبُّهَا

عرض کی: یارسول اللہ! آپ کی گم شدہ اونٹ کے متعلق کیا رائے ہے؟ حضور ﷺ اتنے غصہ ہوئے یہاں تک کہ آپ کا چہرہ غصہ ہو گیا۔ پھر فرمایا: تمہیں اس سے کیا تعلق ہے! اس کے ساتھ اس کے جوتے اور مشکیزہ ہے' پانی لیتا ہے اور درختوں کے پتے کھالیتا ہے یہاں تک کہ اس کا مالک آئے۔

**5117** - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنّٰى، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِينِيِّ، ثنا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، وَرَبِيعَةَ بْنِ اَبِي عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا

بْنِ اَبِی الْجَعْدِ، عَنْ زِيَادِ بْنِ لَبِيدٍ، قَالَ: ذَكَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَيْئًا فَقَالَ: ذٰلِكَ عِنْدَ اَوَانِ ذَهَابِ الْعِلْمِ قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ وَكَيْفَ يَذْهَبُ الْعِلْمُ وَنَحْنُ نَقْرَاُ الْقُرْآنَ وَنُقْرِئُهُ اَبْنَاءَ نَا وَيُقْرِئُهُ اَبْنَاؤُنَا اَبْنَاءَ هُمْ اِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ؟ فَقَالَ: ثَكِلَتْكَ اُمُّكَ زِيَادُ، اِنْ كُنْتُ لَاَرَاكَ مِنْ اَفْقَهِ رَجُلٍ بِالْمَدِينَةِ اَوَ لَيْسَ هٰذِهِ الْيَهُودُ وَالنَّصَارَى يَقْرَء ُونَ التَّوْرَاةَ وَالْاِنْجِيلَ وَلَا يَعْمَلُونَ بِشَیْءٍ مِنْهَا؟

بیان کر رہے تھے آپ فرما رہے تھے: یہ علم جانے کے وقت ہوگا؟ میں نے عرض کی: میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں! یارسول اللہ! علم کیسے ختم ہوگا؟ ہم قرآن پڑھتے ہیں اور اپنے بچوں کو سکھاتے ہیں اور وہ اپنی اولاد کو سکھائیں گے قیامت قائم ہونے تک؟ آپ نے فرمایا: اے ابن لبید! تیری ماں تجھ پر روئے! میں نے تجھے دیکھا ہے کہ تو مدینہ کا بڑا فقیہ ہے کیا یہودی و عیسائی تورات وانجیل پڑھتے تھے پھر اس سے کوئی شی کا نفع نہیں اُٹھاتے تھے۔

**5155** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِیُّ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِی شَيْبَةَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، قَالَ: سَمِعْتُ سَالِمًا، يُحَدِّثُ عَنِ ابْنِ لَبِيدٍ الْاَنْصَارِیِّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هٰذَا اَوَانُ ذَهَابِ الْعِلْمِ، قُلْتُ: وَكَيْفَ وَفِينَا كِتَابُ اللّٰهِ نُعَلِّمُهُ اَبْنَاءَ نَا وَيُعَلِّمُهُ اَبْنَاؤُنَا اَبْنَاءَ هُمْ؟ قَالَ: ثَكِلَتْكَ اُمُّكَ ابْنَ لَبِيدٍ مَا كُنْتُ اَحْسِبُكَ اِلَّا مِنْ اَعْقَلِ اَهْلِ الْمَدِينَةِ، اَلَيْسَ الْيَهُودُ وَالنَّصَارَى فِيهِمْ كِتَابُ اللّٰهِ التَّوْرَاةُ وَالْاِنْجِيلُ وَلَمْ يَنْتَفِعُوا مِنْهُ بِشَیْءٍ؟

حضرت زیاد بن لبید انصاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے پاس آیا آپ اپنے صحابہ کو بیان کر رہے تھے آپ فرما رہے تھے: یہ علم جانے کا وقت ہے۔ میں نے عرض کی: میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں! یارسول اللہ! علم کیسے ختم ہوگا؟ ہم قرآن پڑھتے ہیں اور اپنے بچوں کو سکھاتے ہیں اور وہ اپنی اولاد کو سکھائیں گے قیامت قائم ہونے تک؟ آپ نے فرمایا: اے ابن لبید! تیری ماں تجھ پر روئے! یقیناً میں نے تجھے دیکھا ہے کہ تو مدینہ والوں میں سے زیادہ عقل مند ہے کیا یہودی و عیسائی تورات وانجیل پڑھتے تھے پھر اس سے کوئی شی کا نفع نہیں اُٹھاتے تھے۔

**5156** - حَدَّثَنَا مَحْمُودُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَاسِطِیُّ، ثنا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، اَنَا خَالِدٌ، عَنْ اَبِی طُوَالَةَ، عَنْ زِيَادِ بْنِ لَبِيدٍ الْاَنْصَارِیِّ، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ كَيْفَ يُقْبَضُ الْعِلْمُ وَنَحْنُ نَقْرَاُ

حضرت زیاد بن لبید انصاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں! یارسول اللہ! علم کیسے ختم ہوگا؟ ہم قرآن پڑھتے ہیں اور اپنے بچوں کو سکھاتے ہیں اور وہ اپنی

الْقُرْآنَ وَنُعَلِّمُهُ اَبْنَاءَنَا وَنِسَاءَنَا وَاَرِقَّاءَنَا؟ قَالَ: وَاللّٰهِ اِنْ كُنْتُ لَاَحْسُبُكَ يَا زِيَادُ لَمِنْ فُقَهَاءِ الْمُسْلِمِينَ، اَلَسْتَ تَعْلَمُ اَنَّ التَّوْرَاةَ وَالْاِنْجِيلَ اُنْزِلَتْ عَلَى الْيَهُودِ وَالنَّصَارَى فَمَا نَفَعَهُمْ اِذْ لَمْ يَعْمَلُوا بِهِ؟

اولاد کو سکھائیں گے، قیامت قائم ہونے تک؟ آپ نے فرمایا: اے ابن لبید! تیری ماں تجھ پر روئے! قسم بخدا! اگر میں تجھ پر یقین کروں کہ تُو مسلمانوں کے فقہاء میں سے ہے (تو درست ہوگا)، کیا تو نہیں جانتا کہ یہود و نصاریٰ پر تورات و انجیل اتریں، پس اس نے ان کو کوئی نفع نہ دیا، جب انہوں نے اس پر عمل نہیں کیا۔

## زِيَادُ اَبُو الْاَغَرِّ النَّهْشَلِيُّ كَانَ يَنْزِلُ الْبَصْرَةَ

## حضرت زیاد ابو الاغر النہشلی رضی اللہ عنہ بصرہ آئے تھے

5157 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، وَمُحَمَّدُ بْنُ نُوحِ بْنِ حَرْبٍ الْعَسْكَرِيُّ، قَالَا: ثنا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الصَّوَّافُ، ثنا اَبُو الْهَيْثَمِ الْقَصَّابُ، ثنا غَسَّانُ بْنُ الْاَغَرِّ النَّهْشَلِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّهُ قَدِمَ بِبَعِيرٍ لَهُ اِلَى الْمَدِينَةِ وَهُوَ مُحَمَّلٌ طَعَامًا، فَلَقِيَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا اَعْرَابِيُّ مَا تَحْمِلُ؟ قُلْتُ: اُجَهِّزُ قَمْحًا فَقَالَ لِي: مَا تُرِيدُ؟ قُلْتُ: اُرِيدُ بَيْعَهُ فَمَسَحَ رَاْسِي وَقَالَ: اَحْسِنُوا مُبَايَعَةَ الْاَعْرَابِيِّ

حضرت غسان بن اغر النہشلی فرماتے ہیں کہ میرے والد نے بیان کیا کہ وہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ وہ اپنے اونٹ پر مدینہ آئے، کھانے کا سامان اُٹھائے ہوئے، حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ملے، آپ نے فرمایا: اے دیہاتی! کیا اُٹھایا ہوا ہے؟ میں نے عرض کی: میں نے کھانے کے لیے سامان اُٹھا رکھا ہے، آپ نے مجھے فرمایا: تیرا کیا ارادہ ہے؟ میں نے عرض کی: میں اس کو فروخت کرنے کا ارادہ رکھتا ہوں، آپ نے میرے سر پر دست مبارک پھیرا اور فرمایا: دیہاتی سے اچھی خرید و فروخت کرو۔

## زِيَادُ بْنُ عَمْرٍو الْجُهَنِيُّ

## حضرت زیاد بن عمرو الجہنی انصار

5157- ذکره الهیثمی فی مجمع الزوائد جلد4صفحه75 وقال: وفی روایة عن غسان ابن الأغر النهشلی حدثنا عمی زیاد بن الحصین عن أبیه حصین بن قیس أنه حمل طعاما الی المدینة فذکر نحوه قلت روی النسائی بعضه رواه الطبرانی فی الکبیر وفیه اسحاق بن ابراهیم الصواف وهو ضعیف .

## حَلِيفُ الْاَنْصَارِ، ثُمَّ لِبَنِي سَاعِدَةَ بَدْرِيٌّ

5158 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْاَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي سَاعِدَةَ بْنِ كَعْبِ بْنِ الْخَزْرَجِ، زِيَادُ بْنُ عَمْرٍو الْجُهَنِيُّ حَلِيفٌ لَهُمْ

## انصار کے حلیف اور بنی ساعدہ بدری کے

حضرت ابن شہاب فرماتے ہیں کہ انصار اور بنی ساعدہ بن کعب بن خزرج سے جو بدر میں شریک ہوئے' اُن کے ناموں میں سے ایک نام زیاد بن عمرو الجہنی کا بھی ہے۔

## زِيَادُ بْنُ الْفَرْدِ

5159 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَبُو كُرَيْبٍ، ثنا فِرْدَوْسُ بْنُ الْاَشْعَرِيِّ، ثنا مَسْعُودُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ اَبِي ثَابِتٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ اَبِي الْيَسَرِ بْنِ عَمْرٍو، وَزِيَادِ بْنِ الْفَرْدِ، اَنَّهُمَا سَمِعَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لِعَمَّارٍ: تَقْتُلُكَ الْفِئَةُ الْبَاغِيَةُ

## حضرت زیاد بن فرد رضی اللہ عنہ

حضرت ابویسر بن عمرو اور زیاد بن فرد رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ دونوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو حضرت عمار رضی اللہ عنہ کے لیے فرماتے ہوئے سنا: تمہیں باغی گروہ قتل کرے گا۔

## زِيَادُ بْنُ جَهْوَرٍ اللَّخْمِيُّ كَانَ يَنْزِلُ الشَّامَ

5160 - حَدَّثَنَا حُذَافِيُّ بْنُ حُمَيْدِ بْنِ

## حضرت زیاد بن جہور لخمی رضی اللہ عنہ' آپ شام آئے تھے

حضرت زیاد بن جہور رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ



5159- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 9صفحه296 وقال: رواه الطبراني وفيه مسعود بن سليمان قال الذهبي: مجهول قلت والزهري لم يدرك أبا اليسر .

5160- الطبراني في المعجم الصغير جلد1صفحه258' رقم الحديث: 422 .

الْمُسْتَنِيرِ بْنِ الْمُسَاوِرِ بْنِ حُذَافِيِّ بْنِ عَامِرِ بْنِ عِيَاضِ بْنِ مُحْرِقِ الْعَمِّيِّ اللَّخْمِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي حُمَيْدُ بْنُ الْمُسْتَنِيرِ، عَنْ خَالِهِ أَخِي أُمِّهِ وَهُوَ خَالِدُ بْنُ مُوسَى، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ جَدِّهِ زِيَادِ بْنِ جَهْوَرٍ قَالَ: وَرَدَ عَلَيَّ كِتَابٌ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيهِ: بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ مِنْ مُحَمَّدٍ رَسُولِ اللَّهِ إِلَى زِيَادِ بْنِ جَهْوَرٍ سَلِّمْ أَنْتَ فَإِنِّي أَحْمَدُ إِلَيْكَ اللَّهَ الَّذِي لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ، أَمَا بَعْدُ فَإِنِّي أُذَكِّرُكَ اللَّهَ وَالْيَوْمَ الْآخِرَ. أَمَا بَعْدُ فَلْيُوضَعَنَّ كُلُّ دِينٍ دَانَ بِهِ النَّاسُ إِلَّا الْإِسْلَامَ فَاعْلَمْ ذَلِكَ

میرے پاس رسول اللہ ﷺ کا خط آیا' اس میں تھا: اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے! محمد رسول اللہ ﷺ کی طرف سے زیاد بن جہور کی طرف' آپ اسلام لائیں! میں اُس رب کی حمد کرتا ہوں جس کے علاوہ کوئی معبود نہیں' اس کے بعد میں آپ کو اللہ اور آخرت کے دن کے متعلق نصیحت کرتا ہوں' حمد وثناء کے بعد لوگوں کا بنایا ہوا دین سوائے اسلام کے ضرور ختم ہو جائے گا' اس پر یقین رکھو۔

## زُبَيْبُ بْنُ ثَعْلَبَةَ الْعَنْبَرِيُّ كَانَ يَنْزِلُ الْبَصْرَةَ

## حضرت زبیب بن ثعلبہ عنبری رضی اللہ عنہ' آپ بصرہ آئے تھے

5161 - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْأَسْفَاطِيُّ، ثنا مُوسَى بْنُ إِسْمَاعِيلَ، ثنا شُعَيْثُ بْنُ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ زُبَيْبِ بْنِ ثَعْلَبَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ كَانَ عَلَيْهِ رَقَبَةٌ مِنْ وَلَدِ إِسْمَاعِيلَ فَلْيَعْتِقْ مِنْ بَلْعَنْبَرِ

حضرت شعیب بن عبداللہ بن زبیب بن ثعلبہ اپنے والد سے' وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جس کے ذمہ اولادِ اسماعیل میں سے غلام آزاد کرنا ہے' وہ بلعنبر سے آزاد کرے۔

5162 - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ

حضرت عبداللہ بن زبیب بن ثعلبہ عنبری نے



---

5161- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 10 صفحه 47 وقال: رواه الطبراني وفيه عبد الله بن زبيب وبقية رجاله ثقات.

5162- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 4 صفحه 202 وقال: قلت روى له أبو داؤد حديثًا بغير هذا السياق وفيه أنهم ردوا عليه نصف الذي لهم وهنا أنهم ردوا الجميع وهناك لم يشهد سمرة وأبى أن يشهدوا هنا أنه شهد رواه

الْاَسْفَاطِیُّ، ثنا مُوسَی بْنُ اِسْمَاعِیلَ، ثنا شُعَیْثُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زُبَیْبٍ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْوَلِیدِ النَّرْسِیُّ، ثنا سَعْدُ بْنُ عَمَّارِ بْنِ شُعَیْثِ بْنِ ثَعْلَبَةَ بْنِ عُبَیْدِ اللّٰهِ بْنِ زُبَیْبِ بْنِ ثَعْلَبَةَ الْعَنْبَرِیُّ، حَدَّثَنِی اَبِی عَمَّارٌ، حَدَّثَنِی جَدِّی شُعَیْثٌ، حَدَّثَنِی عُبَیْدُ اللّٰهِ بْنُ زُبَیْبِ بْنِ ثَعْلَبَةِ الْعَنْبَرِیُّ، اَنَّ اَبَاهُ زُبَیْبَ بْنَ ثَعْلَبَةَ حَدَّثَهُ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ صَحَابَتَهُ، فَاَخَذُوا سَبْیَ بَنِی الْعَنْبَرِ وَهُمْ مُخَضْرَمُونَ، وَقَدْ اَسْلَمُوا، فَرَكِبَ زُبَیْبٌ نَاقَةً لَهُ ثُمَّ اسْتَقْدَمَ الْقَوْمَ، قَالَ: یَا رَسُولَ اللّٰهِ بِاَبِی اَنْتَ وَاُمِّی، اِنَّ صَحَابَتَكَ اَخَذُوا سَبْیَ بَنِی الْعَنْبَرِ، وَهُمْ مُخَضْرَمُونَ، وَقَدْ اَسْلَمُوا قَالَ لَهُ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: اَلَكَ بَیِّنَةٌ یَا زُبَیْبُ؟ قَالَ: نَعَمْ، فَشَهِدَ سَمُرَةُ بْنُ عَمْرٍو وَحَلَفَ زُبَیْبٌ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: رُدُّوا عَلَی بَنِی الْعَنْبَرِ كُلَّ شَیْءٍ لَهُمْ فَرَدَّ عَلَیْهِمْ غَیْرَ زِرْبِیَّةِ اُمِّی - قَالَ سَعْدٌ: وَالزِّرْبِیَّةُ الْقَطِیفَةُ- فَاَتَی زُبَیْبٌ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: یَا رَسُولَ اللّٰهِ بِاَبِی اَنْتَ وَاُمِّی قَدْ رُدَّ عَلَی بَنِی الْعَنْبَرِ كُلُّ شَیْءٍ لَهُمْ غَیْرَ زِرْبِیَّةِ اُمِّی، فَقَالَ لَهُ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: تَعْرِفُ مَنْ اَخَذَهَا؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: فَاِذَا حَضَرَ النَّاسُ الصَّلَاةَ فَاجْلِسْ عَلَی بَابِ الْمَسْجِدِ، فَاِذَا بَصُرْتَ بِصَاحِبِكَ فَالْزَمْهُ حَتّٰی یَنْصَرِفَ مِنَ

حدیث بیان کی کہ ان کے باپ زبیب بن ثعلبہ نے ان سے حدیث بیان کی کہ رسول کریم ﷺ نے اپنے صحابہ کو بھیجا۔ پس انہوں نے بنوعنبر کے قیدیوں کو گرفتار کیا' وہ مخضرم (جنہوں نے رسول کریم ﷺ کا زمانہ پایا' مسلمان ہوئے لیکن زیارت نہیں ہوئی) تھے جبکہ وہ اسلام لا چکے تھے۔ پس حضرت زبیب اپنی اونٹنی پر سوار ہو کر قوم کے آگے چلے۔ عرض کی: اے اللہ کے رسول! میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں! بے شک آپ کے صحابہ نے بنوعنبر کے قیدیوں کو گرفتار کیا ہے حالانکہ وہ مخضرم ہیں' وہ اسلام لا چکے ہیں۔ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: اے زبیب! تیرے پاس اس بات کا کوئی گواہ ہے؟ عرض کی: جی ہاں! پس حضرت سمرہ بن عمرو نے گواہی دی اور حضرت زبیب نے حلف اُٹھایا۔ پس رسول کریم ﷺ نے فرمایا: بنی عنبر کی ہر چیز واپس کر دو۔ پس آپ ﷺ نے ان کی ہر شی لوٹا دی سوائے میری والدہ کے غالیچہ کے۔ حضرت سعد کا قول ہے کہ زربیہ کا معنی قطیفہ ہے۔ پس حضرت زبیب رضی اللہ عنہ نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے' عرض کی: اے اللہ کے رسول! میرے ماں باپ آپ پر قربان! بنوعنبر کو ہر چیز سوائے میری والدہ محترمہ کے غالیچہ کے مل چکی ہے۔ پس نبی کریم ﷺ نے فرمایا: کیا آپ اُس آدمی کو پہچانتے ہیں' جس نے اسے لیا ہے؟ عرض کی: جی ہاں! فرمایا: پس جب لوگ نماز کیلئے مسجد میں حاضر

زبیب بن ثعلبة العنبری كان ینزل البصرة

الطبرانی فی الكبیر وفیه من لم أعرفه .

الصَّلَاةِ فَتُنَصِّفُ بَيْنَكَ وَبَيْنَهُ فَفَعَلَ، فَلَمَّا انْصَرَفَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الصَّلَاةِ أَقْبَلَ عَلَيْهِ فَقَالَ: يَا زُبَيْبُ يَا أَخِي بَنِي الْعَنْبَرِ مَا تُرِيدُ بِأَسِيرِكَ؟ وَاجْهَشَ زُبَيْبٌ بَاكِيًا وَخَلَّى عَنِ الرَّجُلِ، فَقَالَ: خَيْرًا نُرِيدُ اللّٰهَ وَرَسُولَهُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلرَّجُلِ: أَمَعَكَ زِرْبِيَّةُ أُمِّ زُبَيْبٍ؟ قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ خَرَجَتْ مِنْ يَدِي، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اخْلَعْ لَهُ سَيْفَكَ وَزِدْهُ آصُعًا مِنْ طَعَامٍ فَفَعَلَ وَدَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ زُبَيْبٍ، فَمَسَحَ يَدَهُ عَلَى رَأْسِهِ حَتَّى أَجْرَاهَا عَلَى صِرَّتِهِ، قَالَ زُبَيْبٌ: حَتَّى وَجَدْتُ بَرْدَ كَفِّ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى صِرَّتِي، ثُمَّ قَالَ: اللّٰهُمَّ ارْزُقْهُ الْعَفْوَ وَالْعَافِيَةَ ثُمَّ انْصَرَفَ زُبَيْبٌ بِالسَّيْفِ، فَبَاعَهُ بِبَكْرَتَيْنِ مِنْ صَدَقَةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَتَوَالَدَتَا عِنْدَ زُبَيْبٍ حَتَّى بَلَغَتَا مِائَةً وَنَيِّفًا

ہوں تو وہ مسجد کے دروازے پر بیٹھ جانا' پس جب تُو اپنے ساتھی کو دیکھے تو اس کے ساتھ ہو جانا یہاں تک کہ وہ نماز سے فارغ ہو' پس وہ تیرے اور اس کے درمیان نصف نصف ہوگا۔ پس انہوں نے ایسا ہی کیا' پس جب رسول کریم ﷺ نماز سے فارغ ہوئے تو اس کی طرف متوجہ ہو کر فرمایا: اے زبیب! اے بنی عنبر کے بھائی! تُو اپنے قیدی سے کیا سلوک کرنا چاہتا ہے؟ حضرت زبیب قریب تھا کہ رو پڑتے اور آدمی کی راہ چھوڑ دی اور عرض کی: اچھا سلوک! ہم تو اللہ اور اس کے رسول کے چاہنے والے ہیں۔ رسول کریم ﷺ نے آدمی سے فرمایا: کیا تیرے پاس ام زبیب کا غالیچہ ہے؟ عرض کی: اے اللہ کے رسول! میرے ہاتھ سے نکل گیا۔ پس نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ان کو اپنی تلوار دے اور اس پر کچھ کھانے کا اضافہ کر۔ پس اس نے ایسا ہی کیا۔ رسول کریم ﷺ نے حضرت زبیب کے قریب ہو کر اپنا ہاتھ اس کے سر پر پھیرا یہاں تک کہ اپنا ہاتھ اس کے گالوں پر چلایا۔ حضرت زبیب فرماتے ہیں: حتیٰ کہ میں نے نبی کریم ﷺ کی ہتھیلی کی ٹھنڈک کو اپنے رخساروں پر پایا (یا محسوس کیا) پھر دعا کی: اے اللہ! اس کو عفو اور عافیت عطا فرما! پھر حضرت زبیب وہ تلوار لے کر تشریف لے گئے۔ جب انہوں نے اسے بیچا تو انہیں اسکے بدلے میں دو اونٹنی کے بچے ملے' نبی کریم ﷺ کے صدقے میں' پس وہ اونٹنیاں بنیں' بچے دیئے' جن کی تعداد سو سے اوپر چلی گئی۔

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ الضَّبِّيُّ، ثنا عَمَّارُ بْنُ شُعَيْبٍ، بِاِسْنَادِهِ مِثْلَهُ

حضرت عمار بن شعیب نے اپنی سند کے ساتھ اسی کی مثل حدیث بیان کی ہے۔

## زِنْبَاعُ اَبُو رَوْحٍ الْجُذَامِيُّ كَانَ يَنْزِلُ الشَّامَ

## حضرت زنباع ابوروح جذامی رضی اللہ عنہ' ملک شام آئے تھے

**5163** - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، وَابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، اَنَّ زِنْبَاعًا اَبَا رَوْحٍ وَجَدَ غُلَامًا لَهُ مَعَ جَارِيَتِهِ، فَقَطَعَ ذَكَرَهُ وَجَدَعَ اَنْفَهُ، فَاَتَى الْعَبْدُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَذَكَرَ ذَلِكَ لَهُ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا حَمَلَكَ عَلَى مَا فَعَلْتَ؟ قَالَ: فَعَلَ كَذَا وَكَذَا، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلْعَبْدِ: اذْهَبْ فَاَنْتَ حُرٌّ

حضرت عبداللہ بن عمرو سے روایت ہے کہ حضرت ابوروح زنباع رضی اللہ عنہ نے ایک آدمی کو اپنی لونڈی کے ساتھ پایا' پس اس کا عضو تناسل بھی اور ناک بھی کاٹ دی۔ پس وہ غلام نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوا اور اس بات کا ذکر کیا۔ پس نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت ابوروح سے فرمایا: جو کام تُو نے کیا ہے' تجھے کس چیز نے اس پر اُبھارا؟ آپ نے عرض کی: اس نے یہ کام کیا۔ تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس غلام سے فرمایا: جا! تُو آزاد ہے۔

**5164** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، اَنَا اَبُو نُعَيْمٍ، ح وَحَدَّثَنَا الْحَضْرَمِيُّ، نا اِسْمَاعِيلُ بْنُ مُوسَى السُّدِّيُّ، قَالَا، ثنا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَرْبٍ، عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي فَرْوَةَ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ رَوْحِ بْنِ زِنْبَاعٍ، اَنَّ جَدَّهُ اَخَصَّ عَبْدًا لَهُ، فَقَدِمَ

حضرت سلمہ بن روح بن زنباع سے مروی ہے کہ ان کے دادا کا ایک خاص غلام تھا' پس وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کو آزاد کر دیا' اس وجہ سے کہ میرے دادا نے اس کا مثلہ کیا تھا۔



---

5163- أورد نحوه أبو داؤد فی سننه جلد 4 صفحه 176' رقم الحديث: 4519 . وابن ماجه فی سننه جلد 2 صفحه 894 رقم الحديث: 2680 .

5164- أورده ابن ماجه فی سننه جلد 2 صفحه 894' رقم الحديث: 2679 .

عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاعْتَقَهُ لِلْمُثْلَةِ

## مَنِ اسْمُهُ زُهَيْرٌ

## زُهَيْرُ بْنُ صُرَدٍ الْجُشَمِيُّ كَانَ يَنْزِلُ الشَّامَ

**5165** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ رَمَاحِيِّ الْجُشَمِيُّ، ثنا اَبُو عَمْرٍو زِيَادُ بْنُ طَارِقٍ، - وَكَانَ قَدْ لَبِثَ عَلَيْهِ عِشْرُونَ وَمِائَةُ سَنَةٍ - قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا جَرْوَلٍ زُهَيْرَ بْنَ صُرَدٍ الْجُشَمِيَّ، يَقُولُ: لَمَّا اَسَرَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ حُنَيْنٍ يَوْمَ هَوَازِنَ، وَذَهَبَ يُفَرِّقُ الشُّبَّانَ وَالسَّبْيَ اَنْشَدْتُهُ هَذَا الشِّعْرَ:

(البحر البسيط)

اُمْنُنْ عَلَيْنَا رَسُولَ اللّٰهِ فِي كَرَمٍ ... فَاِنَّكَ الْمَرْءُ نَرْجُوهُ وَنَنْتَظِرُ

اُمْنُنْ عَلَى بَيْضَةٍ قَدْ عَاقَهَا قَدَرٌ ... مُفَرَّقًا شَمْلُهَا فِي دَهْرِهَا غِيَرُ

اَبْقَتْ لَنَا الدَّهْرَ هَتَّافًا عَلَى حُزْنٍ ... عَلَى قُلُوبِهِمُ الْغَمَّاءُ وَالْغَمَرُ

اِنْ لَمْ تَدَارَكْهُمْ نَعْمَاءُ تَنْشُرُهَا ... يَا اَرْجَحَ النَّاسِ حِلْمًا حِينَ يُخْتَبَرُ

اُمْنُنْ عَلَى نِسْوَةٍ قَدْ كُنْتَ تَرْضَعُهَا ... وَاِذْ

## جس کا نام زہیر ہے

## حضرت زہیر بن صرد الجشمی رضی اللہ عنہ آپ ملک شام آئے تھے

ہمیں حضرت عبداللہ بن رماحی جشمی نے حدیث سنائی، ہمیں حضرت ابوعمرو زیاد بن طارق نے حدیث سنائی اور وہ اس پر ایک سو بیس سال رہے تھے، وہ فرماتے ہیں: میں نے ابوجرول زہیر بن صرد جشمی کو کہتے ہوئے سنا: جب رسول کریم ﷺ نے ہمیں قیدی بنایا، حنین و ہوازن کے دن اور آپ ﷺ جوانوں اور قیدیوں کو تقسیم کرنے لگے تو میں نے یہ شعر کہے:

"یارسول اللہ! اپنے کرم اور مہربانی سے ہم پر احسان فرمائیے، بلاشبہ آپ ایسے شخص ہیں جس سے ہم مہربانی اور کرم کے امیدوار اور منتظر ہیں،

اس قبیلہ پر احسان فرمائیے کہ جس کی حاجتوں کو قضاء وقدر نے روک دیا ہے، تغیراتِ زمانہ سے اس کا شیرازہ پراگندہ ہوگیا ہے،

اس قبیلہ نے ہمارے زمانے کو غم پر نعرہ لگانے والا بنا دیا ہے، ان کے دلوں پر غم اور سختیاں ہیں،

اگر آپ کا انعام واحسان ان کی خبرگیری نہ کرے تو وہ ہلاک ہوجائیں گے، اے وہ ذات کہ جس کا حلم اور



5165- الطبراني في الأوسط جلد5صفحه45، رقم الحديث: 4630 .

يَزِينُكَ مَا تَأْتِي وَمَا تَذَرُ

لَا تَجْعَلَنَّا كَمَنْ شَالَتْ نَعَامَتُهُ... فَاسْتَبْقِ مِنَّا فَإِنَّا مَعْشَرٌ زُهَرُ

إِنَّا لَنَشْكُرُ لِلنَّعْمَاءِ إِذْ كُفِرَتْ ... وَعِنْدَنَا بَعْدَ هَذَا الْيَوْمِ مُدَّخَرُ

فَالْبِسِ الْعَفْوَ مَنْ قَدْ كُنْتَ تَرْضَعُهُ... مِنْ أُمَّهَاتِكَ إِنَّ الْعَفْوَ مُشْتَهَرُ

يَا خَيْرَ مَنْ مَرَحَتْ كُمْتُ الْجِيَادِ بِهِ... عِنْدَ الْهَيَّاجِ إِذَا مَا اسْتَوْقَدَ الشَّرَرُ

إِنَّا نُؤَمِّلُ عَفْوًا مِنْكَ نَلْبَسُهُ... هَادِي الْبَرِيَّةِ إِذْ تَعْفُو وَتَنْتَصِرُ

فَاعْفُ عَفَا اللّٰهُ عَمَّا أَنْتَ رَاهِبُهُ ... يَوْمَ الْقِيَامَةِ إِذْ يُهْدَى لَكَ الظَّفَرُ

فَلَمَّا سَمِعَ هَذَا الشِّعْرَ قَالَ: مَا كَانَ لِي وَلِبَنِي عَبْدِ الْمُطَّلِبِ فَهُوَ لَكُمْ وَقَالَتْ قُرَيْشٌ: مَا كَانَ لَنَا فَهُوَ لِلّٰهِ وَلِرَسُولِهِ، وَقَالَتِ الْأَنْصَارُ: مَا كَانَ لَنَا فَهُوَ لِلّٰهِ وَلِرَسُولِهِ



بردباری میں سب سے پلہ بھاری ہے اور امتحان اور آزمائش کے وقت اس کا علم نمایاں اور ظاہر ہو جاتا ہے'
ہم پر احسان فرما'

ان عورتوں پر احسان فرمایئے جن کا آپ دودھ پیتے تھے اور ان کے خالص اور بہتے ہوئے دودھ سے آپ اپنے منہ کو بھرتے تھے'

ہم کو ان لوگوں کے مانند مت کیجئے کہ جن کے قدم اکھڑ گئے ہوں اور اپنے جودوکرم کے شکر و امتنان کو ہمیشہ کے لیے ہم میں باقی چھوڑیے' ہم شریف گروہ کسی کے احسان کو فراموش نہیں کرتے'

تحقیق ہم انعام و احسان کے بہت زیادہ مشکور ہوتے ہیں جبکہ لوگ اس کی ناشکری کریں'

بس آپ ان ماؤں کو جن کا آپ نے دودھ پیا ہے اپنے دامن عفو میں چھپا لیں' تحقیق آپ کا عفو تو مشہور ہے'

اے وہ ذات کہ جس کی سواری سے کست گھوڑے نشاط اور طرب میں آ جاتے ہیں جبکہ لڑائی کی آگ بھڑک جائے'

ہم آپ سے ایسے عفو کی اُمید لگائے ہوئے ہیں جو ان سب کو اپنے اندر چھپا لے'

ہمیں معاف فرما دیجئے' اللہ آپ کو معاف فرمائے اس چیز کو جس سے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ڈرانے والے ہیں قیامت کے دن جب کامیابی آپ کے لیے راہنمائی کرے گی''۔

پس جب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ شعر سماعت فرمائے تو فرمایا: جو میرے اور بنوعبدالمطلب کے پاس ہیں وہ تیرے ہوئے۔ قریشیوں نے عرض کی: جو ہمارے پاس ہیں وہ اللہ اور اس کے رسول کیلئے' اور انصار نے کہا: جو ہمارے پاس ہے وہ بھی اللہ اور اس کے رسول کے ہوئے۔



**5166** - حَدَّثَنَا اَبُو شُعَيْبٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحَسَنِ الْحَرَّانِيُّ، ثنا اَبُو جَعْفَرٍ النُّفَيْلِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، اَنَّ وَفْدَ هَوَازِنَ لَمَّا اَتَوْا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْجِعْرَانَةِ، وَقَدْ اَسْلَمُوا، قَالُوا: اِنَّا اَصْلٌ وَعَشِيرَةٌ وَقَدْ اَصَابَنَا مِنَ الْبَلَاءِ مَا لَا يَخْفَى عَلَيْكَ، فَامْنُنْ عَلَيْنَا مَنَّ اللّٰهُ عَلَيْكَ، وَقَامَ رَجُلٌ مِنْ هَوَازِنَ، ثُمَّ اَحَدُ بَنِي سَعْدِ بْنِ بَكْرٍ يُقَالُ لَهُ زُهَيْرٌ يُكْنَى بِاَبِي صُرَدٍ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ نِسَاؤُنَا عَمَّاتُكَ وَخَالَاتُكَ وَحَوَاضِنُكَ اللَّاتِي كَفَلْنَكَ، وَلَوْ اَنَّا لَحِقْنَا الْحَارِثَ بْنَ اَبِي شِمْرٍ وَالنُّعْمَانَ بْنَ الْمُنْذِرِ، ثُمَّ نَزَلَ بِنَا مِنْهُ الَّذِي اَنْزَلْتَ بِنَا لَرَجَوْنَا عَطْفَهُ وَعَائِدَتَهُ عَلَيْنَا، وَاَنْتَ خَيْرُ الْمَكْفُولِينَ، ثُمَّ اَنْشَدَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شِعْرًا قَالَهُ وَذَكَرَ فِيهِ قَرَابَتَهُمْ وَمَا كَفَلُوا مِنْهُ فَقَالَ:

(البحر البسيط)

حضرت عمرو بن شعیب اپنے والد گرامی سے' وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ جب قبیلہ ہوازن کا وفد رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں آیا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جعرانہ کے مقام پر تھے جبکہ وہ اسلام قبول کر چکے تھے' اُنہوں نے عرض کی: بے شک ہم اصل ہیں اور ایک خاندان ہیں' ہم مصیبت کا شکار ہوئے ہیں جو آپ پر مخفی نہیں ہے' پس ہم پر احسان کیجئے' اللہ آپ پر احسان فرمائے اور ہوازن قبیلہ سے ایک آدمی کھڑا ہوا' پھر بنوسعد بن بکر کا ایک آدمی جس کا نام زہیر اور کنیت ابوصرد تھی' اس نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! ہماری عورتوں میں سے بعض آپ کی پھوپھیاں (رضاعی) بعض ماسیاں اور بعض آپ کو گود میں لینے والی وہ ہیں جنہوں نے آپ کی کفالت کی' اگر ہم حارث بن ابوشمر اور نعمان بن منذر (دوسرے بادشاہوں کے نام) سے ملے ہوئے ہوتے (یعنی ان کو دودھ پلایا ہوتا) پھر ہم پر مصیبت ٹوٹی ہوتی جو مصیبت ٹوٹی ہے تو ہم ان کی مہربانی کے اُمیدوار ہوتے اور ان کی طرف لوٹ کر

---

5166- أورد نحوه في مسنده جلد2صفحه218' رقم الحديث: 7037 .

امْنُنْ عَلَيْنَا رَسُولَ اللّٰهِ فِي كَرَمٍ ... فَإِنَّكَ الْمَرْءُ نَرْجُوهُ وَنَدَّخِرُ

امْنُنْ عَلَى بَيْضَةٍ قَدْ عَاقَهَا قَدَرٌ ... مُفَرَّقٌ شَمْلُهَا فِي دَهْرِهَا غِيَرُ

أَبْقَتْ لَنَا الْحَرْبُ هَتَّافًا عَلَى حَزَنٍ ... عَلَى قُلُوبِهِمُ الْغَمَّاءُ وَالْغُمَرُ

إِنْ لَمْ تَدَارَكْهُمْ نَعْمَاءُ تَنْشُرُهَا ... يَا أَعْظَمَ النَّاسِ حِلْمًا حِينَ يُخْتَبَرُ

امْنُنْ عَلَى نِسْوَةٍ مَنْ كُنْتَ تَرْضِعُهَا ... إِذْ فُوكَ يَمْلَاهُ مِنْ مَحْضِهَا دُرَرُ

إِذْ كُنْتَ طِفْلًا صَغِيرًا كُنْتَ تَرْصُفُهَا ... وَإِذْ يَزِينُكَ مَا تَأْتِي وَمَا تَذَرُ

لَا تَجْعَلَنَّا كَمَنْ شَالَتْ نَعَامَتُهُ ... وَاسْتَبْقِ مِنْهُ فَإِنَّا مَعْشَرٌ زُهُرُ

فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَبْنَاؤُكُمْ وَنِسَاؤُكُمْ أَحَبُّ إِلَيْكُمْ أَوْ أَمْوَالُكُمْ؟ قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ خَيَّرْتَنَا بَيْنَ أَمْوَالِنَا وَنِسَائِنَا، بَلْ تَرُدُّ عَلَيْنَا أَمْوَالَنَا وَنِسَاءَنَا. فَقَالَ: أَمَّا مَا كَانَ لِي وَلِبَنِي عَبْدِ الْمُطَّلِبِ فَهُوَ لَكُمْ فَإِذَا صَلَّيْتُ الظُّهْرَ بِالنَّاسِ فَقُومُوا فَقُولُوا إِنَّا نَسْتَشْفِعُ بِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى الْمُسْلِمِينَ وَبِالْمُسْلِمِينَ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي أَبْنَائِنَا وَنِسَائِنَا فَسَأُعْطِيكُمْ عِنْدَ ذٰلِكَ وَأَسْأَلُ لَكُمْ فَلَمَّا صَلَّى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

جاتے۔ آپ ایسے سب لوگوں سے زیادہ بہتر ہیں جن کی کفالت کی جاتی ہے پھر اس نے رسول کریم ﷺ کو شعر سنائے جو اس نے خود پڑھے اور ان میں اپنی رشتہ داریوں (رضاعی) کا تذکرہ کیا اور ذکر کیا جو انہوں نے کفالت کی تھی پس اس نے کہا:

''یارسول اللہ! اپنے کرم اور مہربانی سے ہم پر احسان بلایئے' بلاشبہ آپ ایسے شخص ہیں جس سے ہم مہربانی اور کرم کے اُمیدوار اور منتظر ہیں'

اس قبیلہ پر مہربانی فرمایئے جس کی حاجتوں کو قضاء وقدر نے روک دیا ہے' تغیراتِ زمانہ سے اس کا شیرازہ پراگندہ ہوگیا ہے'

اگر آپ کا انعام واحسان ان کی خبر گیری نہ کرے گا تو ہلاک ہو جائیں گے' اے وہ ذات کہ جس کا حلم اور بردباری میں پلہ بھاری ہے اور امتحان اور آزمائش کے وقت اس کا علم نمایاں اور ظاہر ہو جاتا ہے ہم پر احسان فرما'

ان عورتوں پر احسان فرمایئے جن کا آپ دودھ پیتے تھے اور ان کے خالص اور بہتے ہوئے دودھ سے آپ اپنے منہ کو بھرتے تھے'

جب تم چھوٹے بچے تھے' تم اسی کے مناسب تھے اور جب آپ کو زینت عطا کرتی تھی تو آنے والی اور چھوٹ جانے والی چیز'

ہم کو ان لوگوں کی مانند مت کیجئے جن کے قدم اکھڑ گئے ہوں اور اپنے جودوکرم کے شکر و امتنان کو

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالنَّاسِ الظُّهْرَ، قَامُوا فَكَلَّمُوهُ بِمَا اَمَرَهُمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَمَّا مَا كَانَ لِي وَلِبَنِي عَبْدِ الْمُطَّلِبِ فَهُوَ لَكُمْ وَقَالَ الْمُهَاجِرُونَ: مَا كَانَ لَنَا فَهُوَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَقَالَتِ الْاَنْصَارُ مِثْلَ ذٰلِكَ، وَقَالَ الْاَقْرَعُ بْنُ حَابِسٍ: اَمَّا اَنَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ وَبَنُو تَمِيمٍ فَلَا، وَقَالَ عُيَيْنَةُ مِثْلَ ذٰلِكَ، فَقَالَ عَبَّاسُ بْنُ مِرْدَاسٍ: اَمَّا اَنَا وَبَنُو سُلَيْمٍ فَلَا، وَقَالَتْ بَنُو سُلَيْمٍ: اَمَّا مَا كَانَ لَنَا فَهُوَ لِرَسُولِ اللّٰهِ، قَالَ: يَقُولُ الْعَبَّاسُ لِبَنِي سُلَيْمٍ: وَهَنْتُمُونِي، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَمَّا مَنْ تَمَسَّكَ مِنْكُمْ بِحَقِّهِ مِنْ هٰذَا السَّبْيِ فَلَهُ سِتُّ قَلَائِصَ مِنْ اَوَّلِ فَيْءٍ نُصِيبُهُ فَرَدُّوا اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَبْنَاءَهُمْ وَنِسَاءَهُمْ

ہمارے لیے ہم میں باقی چھوڑیئے' ہم شریف گروہ کسی کے احسان کو فراموش نہیں کرتے''۔

پس رسول کریم ﷺ نے فرمایا: کیا تمہارے بیٹے اور تمہاری عورتیں تمہیں زیادہ پیارے ہیں یا تمہارے مال؟ اُنہوں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! آپ نے ہمیں ہمارے مالوں اور عورتوں کے درمیان اختیار دیا ہے بلکہ آپ ہمیں ہمارے مال اور ہماری عورتیں سب لوٹا دیں۔ پس نبی کریم ﷺ نے فرمایا: جو میرے اور بنوعبدالمطلب کے پاس ہے' وہ تمہارا ہوا۔ پس جب میں ظہر کی نماز پڑھ لوں تو تم کھڑے ہو کر کہنا: ہم مسلمانوں کے پاس اللہ کے رسول کی اور اللہ کے رسول کی بارگاہ میں مسلمانوں کی سفارش پیش کرتے ہیں۔ اپنے بیٹوں اور اپنی عورتوں کے حق میں۔ پس اس وقت میں تمہیں دوں گا اور تمہارے لیے (دوسروں سے) مانگوں گا' پس جب رسول کریم ﷺ نے لوگوں کو ظہر کی نماز پڑھا لی تو وہ کھڑے ہوئے۔ انہوں نے آپ ﷺ سے وہی کلام کیا' جس کا آپ ﷺ نے حکم دیا تھا۔ پس رسول کریم ﷺ نے فرمایا: لیکن جو میرے اور بنوعبدالمطلب کے قبضے میں ہیں' وہ تمہارے ہوئے۔ مہاجرین نے کہا: جو ان کا مال ہمارے قبضے میں ہے' وہ اللہ کے رسول کا ہوا۔ (انصار بھی پیچھے نہ رہے) کہا: اسی کی مثل (جو مہاجرین نے کہا تھا)۔ اقرع بن حابس نے کہا: بہرحال اے اللہ کے رسول! میں اور بنوتمیم تو ایسا

کرنے کو تیار نہیں ہیں اور عیینہ نے بھی اسی کی مثل کہا۔ پس عباس بن مرداس نے کہا: بہرحال میں اور بنوسلیم بھی یہ کام نہ کریں گے لیکن بنوسلیم بولے: جو ہمارے قبضے میں ہے وہ اللہ کے رسول کا ہے۔ راوی کا بیان ہے: عباس نے بنوسلیم سے کہا: تم نے مجھے کمزور ثابت کیا ہے تو رسول کریم ﷺ نے فرمایا: لیکن جو بھی تم ان قیدیوں میں سے اپنے حق کے بدلے کوئی چیز لینا چاہے تو اس کیلئے چھ اونٹنیاں پہلی مالِ غنیمت سے جو (اب) ہم پائیں گے پس ان سب نے رسول کریم ﷺ کی طرف ان کے بیٹے اوران کی عورتیں سب کچھ لوٹا دیا۔

## زُهَيْرُ بْنُ عَمْرٍو الْهِلَالِيُّ كَانَ يَنْزِلُ الْبَصْرَةَ

5167 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ح وَحَدَّثَنَا يُوسُفُ الْقَاضِي، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمِنْهَالِ، قَالَا: ثنا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، ثنا سُلَيْمَانُ التَّيْمِيُّ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ، عَنْ قَبِيصَةَ بْنِ مُخَارِقٍ الْهِلَالِيِّ، وَزُهَيْرِ بْنِ عَمْرٍو، قَالَا: لَمَّا نَزَلَتْ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَذِهِ الْآيَةُ (وَأَنْذِرْ عَشِيرَتَكَ الْأَقْرَبِينَ) (الشعراء: 214) انْطَلَقَ نَبِيُّ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى رَضْمَةٍ مِنْ جَبَلٍ، فَعَلَا أَعْلَاهَا حَجَرًا ثُمَّ قَالَ: يَا بَنِي عَبْدِ مَنَافٍ إِنِّي نَذِيرٌ لَكُمْ، إِنَّمَا مَثَلِي وَمَثَلُكُمْ كَمَثَلِ

## حضرت زہیر بن عمرو الہلالی رضی اللہ عنہ آپ بصرہ آئے تھے

حضرت قبیصہ بن مخارق الہلالی اور زہیر بن عمرو رضی اللہ عنہما دونوں فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ پر یہ آیت: ''آپ اپنے قریبی رشتہ داروں کو ڈرائیں'' نازل ہوئی تو حضور ﷺ پہاڑ کی طرف گئے اس کے اونچے پتھر کے اوپر چڑھے پھر فرمایا: اے بنی عبد مناف! میں تم کو ڈرانے والا ہوں میری اور تمہاری مثال اس آدمی کی طرح ہے جس نے دشمن کو دیکھا وہ گیا اور اپنے گھر والوں کو روکا اس ڈر سے کہ وہ اس کے گھر والوں کی طرف نہ جائے وہ آوازیں دینے لگا اے صبح! اے صبح! تم آئے تم آئے۔



---

5167- أخرجه مسلم في صحيحه جلد1صفحه193' رقم الحديث: 207 .

رَجُلٍ رَاَى الْعَدُوَّ فَانْطَلَقَ يَصُدُّ اَهْلَهُ، فَخَشِيَ اَنْ يَسْبِقُوهُ اِلَى اَهْلِهِ، فَجَعَلَ يَهْتِفُ يَا صَبَاحَاهُ يَا صَبَاحَاهُ اُتِيتُمْ اُتِيتُمْ

## زُهَيْرُ بْنُ عُثْمَانَ الثَّقَفِيُّ

**5168** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ بْنِ عَبْدِ الْوَارِثِ، ثنا اَبِي، ثنا هَمَّامُ بْنُ يَحْيَى، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُثْمَانَ الثَّقَفِيِّ، عَنْ رَجُلٍ اَعْوَرَ مِنْ ثَقِيفٍ - قَالَ قَتَادَةُ: وَكَانَ يُقَالُ لَهُ مَعْرُوفٌ اِنْ لَمْ يَكُنِ اسْمُهُ زُهَيْرُ بْنُ عُثْمَانَ، فَلَا اَدْرِي مَا اسْمُهُ - اِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْوَلِيمَةُ اَوَّلَ يَوْمٍ حَقٌّ، وَالثَّانِي مَعْرُوفٌ، وَالثَّالِثُ سُمْعَةٌ وَرِيَاءٌ

## حضرت زید بن عثمان ثقفی رضی اللہ عنہ

حضرت عبداللہ بن عثمان الثقفی رضی اللہ عنہ قبیلہ ثقیف کے ایک کانے آدمی سے روایت کرتے ہیں' حضرت قتادہ فرماتے ہیں: اس کا نام معروف تھا' اگر اس کا نام زہیر بن عثمان نہیں ہے' مجھے اس کا نام معلوم نہیں! حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ولیمہ پہلے دن حق ہے' دوسرے دن نیکی اور تیسرے دن ریاکاری اور دکھاوا ہے۔

## زُهَيْرُ بْنُ عَلْقَمَةَ الثَّقَفِيُّ كَانَ يَنْزِلُ الْكُوفَةَ وَيُقَالُ الْبَجَلِيُّ

**5169** - حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ السَّدُوسِيُّ، ثنا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ الْمَكِّيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ، ح

## حضرت زہیر بن علقمہ الثقفی البجلی رضی اللہ عنہ' آپ کوفہ آئے تھے

حضرت زہیر بن علقمہ فرماتے ہیں کہ انصار کی ایک عورت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں آئی اپنے اس بیٹے کے لیے جو فوت ہوا تھا' لوگ اس کو یا ڈانٹ چکے



5168- اورده الدارمي في سننه جلد2صفحه143' رقم الحديث: 2065 .

5169- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد3صفحه8 وقال: رواه البزار ورجاله ثقات .

وَحَدَّثَنَا الْحَضْرَمِيُّ، ثنا جَعْفَرُ بْنُ حُمَيْدٍ، قَالُوا: ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ إِيَادِ بْنِ لَقِيطٍ، ثنا إِيَادٌ، عَنْ زُهَيْرِ بْنِ عَلْقَمَةَ، قَالَ: جَاءَتِ امْرَأَةٌ مِنَ الْأَنْصَارِ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي ابْنٍ لَهَا مَاتَ، فَكَأَنَّ الْقَوْمَ عَنَّفُوهَا، فَقَالَتْ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَدْ مَاتَ لِي اثْنَانِ مُذْ دَخَلْتُ الْإِسْلَامَ سِوَى هٰذَا، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَاللّٰهِ لَقَدِ احْتَظَرْتِ مِنَ النَّارِ احْتِظَارًا شَدِيدًا

اس نے عرض کی: یارسول اللہ! جب سے میں اسلام لائی ہوں' میرے اس کے علاوہ دو بیٹے اور بھی فوت ہوئے ہوئے تھے' حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ کی قسم! تیرے لیے جہنم سے سخت رکاوٹ بن گئے ہیں۔

## زُهَيْرُ بْنُ أَبِي عَلْقَمَةَ الضُّبَعِيُّ كَانَ يَنْزِلُ الْكُوفَةَ

## حضرت زہیر بن ابوعلقمہ ضبعی رضی اللہ عنہ' آپ بصرہ آئے تھے

**5170** - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا خَلَّادُ بْنُ يَحْيَى، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ أَسْلَمَ الْمِنْقَرِيِّ، عَنْ زُهَيْرِ بْنِ أَبِي عَلْقَمَةَ الضُّبَعِيِّ، قَالَ: أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلٌ سَيِّءُ الْهَيْئَةِ، فَقَالَ: أَلَكَ مَالٌ؟ قَالَ: نَعَمْ مِنْ كُلِّ أَنْوَاعِ الْمَالِ، قَالَ: فَلْيُرَ عَلَيْكَ، فَإِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ يُحِبُّ أَنْ يَرَى أَثَرَهُ عَلَى عَبْدِهِ حَسَنًا وَلَا يُحِبُّ الْبُؤْسَ وَالتَّبَاؤُسَ

حضرت زہیر بن ابوعلقمہ ضبعی فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کے پاس ایک آدمی آیا' اس کی حالت انتہائی خستہ تھی' آپ نے فرمایا: تمہارے پاس مال نہیں ہے؟ اس نے عرض کی: ہر قسم کا مال ہے' آپ نے فرمایا: اس کا اثر تم پر دکھائی دینا چاہیے' اللہ عزوجل پسند کرتا ہے کہ اپنی نعمتیں اپنے بندے پر دیکھے' اچھے طریقے سے اللہ عزوجل خستہ حالت میں رہنے کو پسند نہیں کرتا ہے۔

زُهَيْرُ بْنُ مُعَاوِيَةَ الْجُشَمِيُّ لَمْ يُخَرِّجْ

زہیر بن معاویہ نے اس کو روایت نہیں کیا۔

## زُهَيْرُ بْنُ أُمَيَّةَ

## حضرت زہیر بن امیہ

---

5170- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد5صفحه132 وقال: رواه الطبراني وترجم لزهير ورجاله ثقات .

# الْهَاشِمِيُّ

**5171** - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيلٍ الْعَنَزِيُّ، وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، قَالَا: ثنا أَبُو كُرَيْبٍ، ثنا مُصْعَبُ بْنُ الْمِقْدَامِ، حَدَّثَنِي إِسْرَائِيلُ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ مُهَاجِرٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ السَّائِبِ، قَالَ: جَاءَ عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَزُهَيْرُ بْنُ أُمَيَّةَ، فَاسْتَأْذَنَا عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَتْنَيَا عَلَيَّ عِنْدَهُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَنَا أَعْلَمُ بِهِ مِنْكُمَا، كَانَ شَرِيكِي فِي الْجَاهِلِيَّةِ

# الہاشمی رضی اللہ عنہ

حضرت سائب فرماتے ہیں کہ حضرت عثمان بن عفان اور زہیر بن امیہ رضی اللہ عنہما دونوں نے حضور ﷺ سے اجازت مانگی' دونوں نے آپ کے پاس تعریف کی' حضور ﷺ نے فرمایا: میں تم دونوں کو جانتا ہوں' تم زمانۂ جاہلیت میں میرے شریک تھے۔

# مَنِ اسْمُهُ زَاهِرٌ

## زَاهِرُ بْنُ حَرَامٍ الْأَشْجَعِيُّ كَانَ يَنْزِلُ الْكُوفَةَ

**5172** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا شَاذُّ بْنُ الْفَيَّاضِ، ثنا رَافِعُ بْنُ سَلَمَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبِي يُحَدِّثُ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ رَجُلٍ مِنْ أَشْجَعَ، يُقَالُ لَهُ زَاهِرُ بْنُ حَرَامٍ الْأَشْجَعِيُّ، قَالَ: وَكَانَ رَجُلًا بَدَوِيًّا لَا يَأْتِي النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَتَاهُ إِلَّا بِطُرْفَةٍ أَوْ هَدِيَّةٍ يُهْدِيهَا، فَرَآهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالسُّوقِ يَبِيعُ سِلْعَةً

# جس کا نام زاہر ہے

## حضرت زاہر بن حرام الاشجعی رضی اللہ عنہ' آپ کوفہ آئے تھے

بنو اشجع کے ایک آدمی جنہیں زاہر بن حرام اشجعی کہا جاتا تھا (وہ دیہاتی آدمی تھے)' نے کہا: وہ جب نبی کریم ﷺ کی بارگاہ میں آتے تو تحفے کے بغیر نہ آتے' جو آپ ﷺ کی خدمت میں پیش کرتے' پس (ایک دن) رسول کریم ﷺ نے انہیں بازار میں سامان بیچتے ہوئے دیکھ لیا۔ آپ ﷺ کم ہی کبھی اس کے پاس آئے تھے' آپ اپنی ہتھیلیوں کے ساتھ اس کو پیچھے سے



5171- الآحاد والمثاني جلد1صفحه358' رقم الحديث: 480 .

5172- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد9صفحه369 وقال: رواه البزار والطبراني ورجاله موثقون .

وَلَمْ يَكُنْ اَتَاهُ فَاحْتَضَنَهُ مِنْ وَرَائِهِ بِكَفَّيْهِ، فَالْتَفَتَ وَاَبْصَرَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَبَّلَ كَفَّيْهِ فَقَالَ: مَنْ يَشْتَرِي الْعَبْدَ؟ قَالَ: اِذَنْ تَجِدُنِي يَا رَسُولَ اللّٰهِ كَاسِدًا، قَالَ: وَلٰكِنَّكَ عِنْدَ اللّٰهِ رَبِيحٌ

اپنے کلاوے میں لے گیا' پس اس نے متوجہ ہو کر رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا تو آپ کی ہتھیلیوں کو بوسہ دیا' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اس غلام کو کون خریدے گا؟ اس نے عرض کی: آپ دیکھ رہے ہیں کہ میں کھوٹا ہوں (اے اللہ کے رسول! مجھے کون خریدے گا؟) آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: لیکن اللہ کے نزدیک تو نفع والا سودا ہے۔

# زَاهِرُ بْنُ الْاَسْوَدِ اَبُو مَجْزَاةَ الْاَسْلَمِيُّ كَانَ يَنْزِلُ الْكُوفَةَ

# حضرت زاہر بن الاسود ابو مجزاہ اسلمی رضی اللہ عنہ آپ کوفہ آئے تھے

5173 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ اِسْرَائِيلَ، عَنْ مَجْزَاةَ بْنِ زَاهِرٍ، عَنْ اَبِيهِ، وَكَانَ اَبُوهُ مِمَّنْ شَهِدَ الشَّجَرَةَ قَالَ: اِنِّي لَاُوقِدُ تَحْتَ الْقُدُورِ - اَوْ قَالَ: عَنِ الْقُدُورِ - بِلُحُومِ الْحُمُرِ اِذْ نَادَى مُنَادِي رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اللّٰهَ يَنْهَاكُمْ عَنْ لُحُومِ الْحُمُرِ

حضرت مجزاہ بن زاہر اپنے والد سے' ان کے والد صلح حدیبیہ کے موقع پر موجود تھے' یہ فرماتے ہیں: میں نے ہنڈیا کے نیچے آگ لگائی تھی' یا فرمایا: ہنڈیا کے اندر گوشت اُبل رہا تھا' اچانک ایک اعلان کرنے والے نے اعلان کیا کہ بے شک اللہ عزوجل پالتو گدھوں کے گوشت سے منع کرتا ہے۔

5174 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْقَاسِمِ بْنِ مُسَاوِرَ الْجَوْهَرِيُّ، ثنا عِصْمَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْخَزَّازُ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، قَالَا: ثنا شَرِيكٌ،

حضرت مجزاہ بن زاہر اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عاشوراء کے روزے رکھنے کا حکم دیا' آپ نے فرمایا: جو روزے کی حالت میں ہو وہ مکمل کرے اور جس نے روزہ نہیں رکھا وہ بقیہ

5173- أخرجه البخاري في صحيحه جلد4صفحه1530' رقم الحديث: 3940 .

5174- أخرج نحوه مسلم في صحيحه جلد2صفحه798' رقم الحديث: 1136 .

عَنْ مَجْزَاةَ بْنِ زَاهِرٍ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَ بِصِيَامِ عَاشُورَاءَ فَقَالَ: مَنْ كَانَ صَائِمًا فَلْيُتِمَّ صَوْمَهُ، وَمَنْ لَمْ يَكُنْ صَائِمًا فَلْيُتِمَّ بَقِيَّةَ يَوْمِهِ

دن کا ہی روزہ رکھے۔

## زَارِعُ الْعَبْدِيُّ كَانَ يَنْزِلُ الْبَصْرَةَ

**5175** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ خُلَيْدٍ الْحَلَبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى الطَّبَّاعُ، ثنا مَطَرُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْاَعْنَقُ، عَنْ اُمِّ اَبَانَ بِنْتِ الْوَازِعِ بْنِ زَارِعٍ، عَنْ جَدِّهَا الزَّارِعِ، وَكَانَ فِي وَفْدِ عَبْدِ الْقَيْسِ قَالَ: لَمَّا قَدِمْنَا الْمَدِينَةَ جَعَلْنَا نَتَحَادَرُ مِنْ رَوَاحِلِنَا، فَنُقَبِّلُ يَدَيِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَرِجْلَيْهِ، وَانْتَظَرَ الْمُنْذِرُ الْاَشَجُّ حَتَّى اَتَى عَيْبَتَهُ فَلَبِسَ ثَوْبَهُ، ثُمَّ اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ فِيكَ لَخَلَّتَيْنِ يُحِبُّهُمَا اللّٰهُ الْحِلْمُ وَالْاَنَاةُ قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اَنَا اَتَخَلَّقُ بِهِمَا اَمِ اللّٰهُ جَبَلَنِي عَلَيْهِمَا؟ فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بَلِ اللّٰهُ جَبَلَكَ عَلَيْهِمَا فَقَالَ الْمُنْذِرُ: الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي جَبَلَنِي عَلَى خَلَّتَيْنِ يُحِبُّهُمَا اللّٰهُ وَرَسُولُهُ وَيُقَالُ اسْمُ الْاَشَجِّ عَائِذُ بْنُ عَمْرٍو، ذَكَرَهُ اَبُو دَاوُدَ الطَّيَالِسِيُّ، عَنْ مَطَرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، بِهَذَا

## حضرت زراع العبدی رضی اللہ عنہ آپ بصرہ آئے تھے

حضرت ام زبان بنت وازع بن زارع اپنے دادا زارع سے روایت کرتی ہیں' وہ عبدالقیس قبیلہ کے وفد میں شامل تھے۔ فرماتے ہیں: جب ہم مدینہ آئے تو ہم نے اپنی سواریوں سے اترنا شروع کر دیا۔ پس ہم نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہاتھوں اور پاؤں کو بوسے دے رہے تھے لیکن منذر اشج انتظار میں رہا حتیٰ کہ وہ تھیلی کے پاس آیا' اس نے (سفر والے کپڑے اتار کر دوسرے) کپڑے پہنے' پھر وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوا تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس سے فرمایا: تیرے اندر دو صفتیں ایسی ہیں جو اللہ کو پسند ہیں: (۱) حلم (بردباری' برداشت) (۲) اناۃ (وقار' انتظار' مہلت)۔ عرض کی: اے اللہ کے رسول! کیا یہ میری بناوٹی ہیں یا اللہ نے پیدائشی میری فطرت میں رکھی ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: بلکہ اللہ نے یہ دونوں تیری فطرت میں رکھی ہیں' تو حضرت منذر بولے: شکر ہے اللہ کا جس نے مجھے فطرۃً ایسی دو خصلتوں پر پیدا فرمایا جو اللہ اور اس کے



---

5175- أورده أبو داؤد في سننه جلد4صفحه357' رقم الحديث: 5225 .

الْإِسْنَادِ حَدَّثَنَا الْحَضْرَمِيُّ، عَنْ مَحْمُودِ بْنِ عَبْدَةَ، عَنْ أَبِي دَاوُدَ

رسول ﷺ کو پسند ہیں۔ حضرت اشج کا اصل نام عائذ بن عمرو کہا جاتا ہے' اس کو حضرت ابوداؤد طیالسی سے ذکر کیا' حضرت مطر بن عبدالرحمٰن سے اس سند کے ساتھ ہمیں حدیث بیان کی حضرمی نے' انہوں نے محمود بن عبدہ سے اور انہوں نے ابوداؤد سے روایت کی ہے۔

زارع العبدي كان ينزل البصرة

**5176** - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْأَسْفَاطِيُّ، ثنا مُوسَى بْنُ إِسْمَاعِيلَ، ثنا مَطَرُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْأَعْنَقُ، حَدَّثَتْنِي أُمُّ أَبَانَ بِنْتُ الْوَازِعِ، عَنْ أَبِيهَا، أَنَّ جَدَّهَا الزَّارِعَ، انْطَلَقَ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَانْطَلَقَ مَعَهُ بِابْنٍ لَهُ مَجْنُونٍ أَوِ ابْنِ أُخْتٍ لَهُ، قَالَ جَدِّي: فَلَمَّا قَدِمْنَا عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِينَةَ قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنَّ مَعِي ابْنًا لِي أَوِ ابْنَ أُخْتٍ لِي مَجْنُونٌ أَتَيْتُكَ بِهِ تَدْعُو اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ لَهُ، فَقَالَ: ائْتِنِي بِهِ فَانْطَلَقْتُ بِهِ إِلَيْهِ، وَهُوَ فِي الرِّكَابِ، فَأَطْلَقْتُ عَنْهُ وَأَلْقَيْتُ عَنْهُ ثِيَابَ السَّفَرِ وَأَلْبَسْتُهُ ثَوْبَيْنِ حَسَنَيْنِ، وَأَخَذْتُ بِيَدِهِ حَتَّى انْتَهَيْتُ بِهِ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: ادْنُهُ مِنِّي اجْعَلْ ظَهْرَهُ مِمَّا يَلِينِي قَالَ: فَأَخَذَ بِمَجَامِعِ ثَوْبِهِ مِنْ أَعْلَاهُ وَأَسْفَلِهِ، فَجَعَلَ يَضْرِبُ ظَهْرَهُ حَتَّى رَأَيْتُ بَيَاضَ إِبْطَيْهِ وَهُوَ يَقُولُ: اخْرُجْ عَدُوَّ اللّٰهِ اخْرُجْ عَدُوَّ اللّٰهِ فَأَقْبَلَ يَنْظُرُ نَظَرَ الصَّحِيحِ لَيْسَ بِنَظَرِهِ الْأَوَّلِ، ثُمَّ

حضرت ام ابان بنت وازع نے اپنے والد سے روایت کر کے حدیث بیان کی کہ ان کے دادا زارع' رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں آئے' ان کے ساتھ ان کا پاگل بیٹا یا بھانجا بھی آیا۔ میرے دادا کہتے ہیں: پس جب ہم رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں مدینے آئے تو مین نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! میرے ساتھ میرا بیٹا (یا ان کا بھانجا) بھی ہے جو کہ پاگل ہے۔ میں آپ ﷺ کے پاس دعا کیلئے حاضر ہوا ہوں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اسے میرے پاس لاؤ' میں اُسے لانے کیلئے گیا جبکہ اسے بیڑیاں ڈالی ہوئی تھیں۔ میں نے اس کی بیڑیاں کھولیں' سفر کا لباس اتار کر میں نے دو خوبصورت کپڑے اسے پہنائے' میں نے اس کا ہاتھ پکڑا یہاں تک کہ رسول کریم ﷺ تک پہنچ گئے۔ آپ نے فرمایا: اسے میرے قریب کرو' اس کی پیٹھ میری طرف کر دو۔ راوی کا بیان ہے: آپ ﷺ نے اس کے کپڑوں کو اوپر نیچے سے پکڑا اور اس کی پیٹھ پر مارنے لگے یہاں تک کہ میں نے آپ کی بغلوں کی سفیدی دیکھ لی۔ آپ ﷺ فرما رہے تھے: اے اللہ کے دشمن!

---

5176- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد9صفحه2 وقال: رواه الطبراني وأم أبان لم يرو مطر .

اَقْعَدَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ يَدَيْهِ، فَدَعَا لَهُ بِمَاءٍ، فَمَسَحَ وَجْهَهُ وَدَعَا لَهُ، فَلَمْ يَكُنْ فِي الْوَفْدِ اَحَدٌ بَعْدَ دَعْوَةِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَفْضُلُ عَلَيْهِ

نکل' اے اللہ کے دشمن! نکل۔ (اس کے ساتھ ہی) وہ تندرست آدمی کی طرح دیکھنے لگا' اس طرح پہلے نہیں دیکھتا تھا۔ پھر رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اسے اپنے سامنے بٹھالیا' پانی منگوایا۔ پس اس کے چہرے پر ہاتھ پھیرا اور اس کے لیے دعا کی۔ پس رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دعا کے بعد پورے وفد میں کوئی آدمی ایسا نہ تھا جو اس پر فضیلت والا ہو۔

☆☆☆☆☆